حسبنا الله ونعم الوكيل

تعليم المتعلّم طريق التعلّم

للفاضل الاجل صاحب العلم والفضل العلامة الفهامة
الشيخ برهان الدّين الزرنوجي تلميذ صاحب الهداية رحمهما الله تعالى

مع ترجمہ اردو ومختصر شرح وتحقيق الالفاظ (عربي)

از احقر الورٰی عبد الله المعروف بمحمّد يوسف غفرله
ولوالديه ولمن له حق عليه، الاسلام آبادى، ابن العلامة
المجدد حامی السنة ماحی البدعة شيخ الاسلام مولٰنا عبد الحميد قدس سره

مکتبہ رحمانیہ
اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ
اُردو بازار۔ لاہور

Designed by: M.A.Hafiz

طلب العلم فريضة على كل مسلم و مسلمة

الحمد لله الذى وفقنا لطبع هذا الكتاب الاكرم

المسمّٰى به

تعليم المتعلّم طريق التعلّم

للفاضل الاجل صاحب العلم والفضل العلامة الفهامة

الشيخ برهان الدّين الزرنوجي تلميذ صاحب الهداية رحمهما الله تعالىٰ

مع ترجمه اردو و مختصر شرح و تحقيق الالفاظ (عربي)

ازاحقر الورىٰ عبدُ الله المعروف بمحمّد يوسف غفرله
ولوالديه ولمن له حق عليه، الاسلام آبادى، ابن العلامة
المجدد حامى السنة ماحى البدعة شيخ الاسلام مولانا عبد الحميد قدس سره

مكتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

عرضِ حال

سُبحَانَ اللہ العلی العظیم والصّلوٰۃ والسّلام علیٰ رسُولہ الکریم الّذی بالمؤمنین رؤوفٌ رحیم وعلیٰ آلہ الذین قیل فی حقہم ھُم کل مؤمن تقی کریم۔ امّابعدُ!

بندۂ ہیچمدان علم وعمل سے بے بہرہ اور قلیل البضاعۃ رقمطراز ہے کہ اس زمانہ کے بندہ جیسے ناقص وکوتاہ فہم، علم وفقہ سے عاری اور محروم طلبہ اور ہمارے اسلاف کرام واکابر عظام کی شفقت ورحمت کو دیکھتے ہوئے حیرانی اور تعجب کی کوئی انتہا نہیں رہتی ہے کہ طلبہ بوجہ طریق تعلّم کو ہاتھ سے چھوڑ بیٹھنے کے جب علم وفقہ سے محروم وبے نصیب ہوتے رہے ہیں تو اسلاف اس کی انسداد کیلئے کتابوں کے دفتر کے دفتر لکھڈالے تاکہ طلبہ اس کو مطالعہ کرکے طریق تعلم کو سیکھ جائیں اور اس کی پابندی کرکے علوم میں سبقت کرتے رہیں۔ بلکہ اس کے ذریعہ طریق تعلیم بھی سیکھ جائیں تب اُن کو پھر معلم ٹریننگ اور تعلیم المدرسین کی حاجت نہ رہے لیکن افسوس کہ وہ اس سے بیحد غفلت وبے پرواہی برتتے گئے اور ان کتابوں کو اٹھاکر دیکھنے کی کلفت بھی گوارا نہ کئے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ بہانہ کریں کہ تعلیم المتعلم طریق التعلّم نامی کتاب مصنفہ شیخ برہان الدین زرنوجیؒ تلمیذ رشید صاحب ہدایہ رحمہما اللہ تعالیٰ جو اگرچہ اس بارے میں جامع اور بہت مفید کتاب ہے مگر سخت عربی زبان میں ہونیکی وجہ سے وہ اس کے سمجھنے سے قاصر اور عاجز ہیں یا کہ اُردو خواں طلبہ اس سے فائدہ حاصل نہیں کرسکتے اور اگرچہ بعض اہل علم نے اس کی طرف توجہ کرکے اس کا بیحد مختصر ایک ترجمہ تحریر فرمادی لیکن اس ناکارہ کم فہم جیسے طلبہ کا اس مختصر ترجمہ سے خاطر خواہ استفادہ کرنا بہت مشکل ہے۔

اس لئے سخت ضرورت تھی کہ اس کا ایک ایسا عام فہم ترجمہ مختصر فوائد وشرح پر مشتمل تیار کیا جائے جو کتاب کو کم فہموں کے لئے اچھی طرح حل کردے۔ تاکہ ان کو حیلہ وبہانہ

کرنے کی ہمت نہ ہوسکے۔ بندۂ ناکارہ و نافہم، ناقص العلم والعرفان تالیف و تصنیف کے کام سے یکسر نابلد اور ناواقف ہے مگر چونکہ اکابر حضرات اپنی کم فرصتی وغیرہ کی بنا پر اس طرف توجہ نہیں فرماتے تو بسا اوقات نا اہل اور ناتجربہ کار کو بھی کسی مہم میں ہاتھ ڈالنا پڑتا ہے ؎

گاہ باشد کہ کودکِ ناداں ؛ بغلط بر ہدف زند تیرے

لیکن تصنیف و تالیف کا کام بہت دشوار گزار و پُرخار راستہ ہے۔ اس لئے کہا جاتا ہے

مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَهْدَفَ ؎

بقسمت کبھی جو مُصنّف ہوا ؛ ہدف وہ ملامت کا یکسر بنا

تاہم طلبہ کے حالِ زار کو دیکھتے ہوئے اپنی ٹوٹی پھوٹی عبارت میں جو کچھ سمجھ میں آیا وہ اہل علم کی خدمت میں پیش کردینا مناسب سمجھا۔ حضرات اہل علم سے التجا ہے کہ بندہ کی بے بضاعتی کو دیکھتے ہوئے کوتاہیوں پر چشم پوشی کرکے خطا و لغزشات کی اصلاح فرمائیں اور اگر توفیق خداوندی شامل حال ہوئی تو دوبارہ طباعت کے وقت کی درستی و اصلاح کیلئے بندہ کو اطلاع بخشیں۔

بندہ کا خیال ہے کہ تکثیر فائدہ و تتمیم سہولت کیلئے اس کے اوپر کے حصّۂ حوض میں اصل عربی عبارت (متن) مع تحقیق الفاظ و عبارات عربی) بالکلیہ قاشیہ یا درنیچے کے حصّۂ حوض میں ترجمہ و مختصر شرح مع حاشیۂ ترجمہ درج کرنا زیادہ مفید ہوگا۔ بنابریں اسی طرح پر طباعت کا ارادہ ہے۔

وباللہ التوفیق ومنہ الاستعانۃ وعلیہ توکلت ومنہ الاستجابۃ

یہ بھی مخفی نہ رہے کہ اصل کتاب میں جتنے عربی یا فارسی کے اشعار تھے بندہ ان کو سرسری طور پر بلا مزید غور و فکر کے موزون عبارت میں اُردو کردیا ہے۔ تاکہ طلبہ کو حفظ کرنے میں آسانی پیدا ہو۔ ورنہ بندہ شعر و شاعری کی حقیقت اور اصول و قواعد شعر سے نہ واقف، نہ اس کی مزید فرصت اور نہ اس کا زیادہ شوق و رغبت رکھتا ہے۔ بلکہ اس سے کوسوں دور اور ایک حیثیت سے کامل نفور ہے۔ اس لئے قواعد شعریہ کی رو سے تمام خطا و لغزشات میں بندہ معذور ہے۔ اور اہل علم حسب ضرورت اصلاح سے بے انتہا نوازنے پر بڑا امیدوار بے حد مسرور ہے۔ (طبع ثانی کے وقت احباب کے اصرار پر ان فارسی و عربی اشعار کا اُردو نثر میں آسان ترجمہ بھی کردیا ہے)

واضح رہے کہ بندہ نے ترجمہ میں اصل خلاصہ مطلب و مراد کا خیال رکھا ہے۔ بالخصوص اشعار کے معنی میں۔ نیز عربی تحقیق و شرح اکثر و بیشتر شرح تعلیم المتعلم مولفہ شیخ ابراہیم بن اسمٰعیل سے ماخوذ و مستفاد ہے۔ اور شرح سے مراد وہی کتاب ہے۔ اور بعض حاشیہ مصریہ عبدالعزیز صقر شاہین سے ماخوذ ہے اور حاشیہ سے مراد بھی یہی ہے۔

تتمیم فائدہ کے لئے آخر میں وصیت امام اعظم بجانب امام ابو یوسفؒ بعض واقعات عبرت علمائے سلف بعض مفید امور اور پند و نصائح منتخب از کتاب العلم والعلماء کو اس کے ساتھ ملحق کر دیا ہے۔ اصل متن کے نسخوں میں بعض الفاظ کا اختلاف ہے۔ بندہ اپنے خیال میں صواب اور بیشتر شرح کا اتباع کیا ہے (عہ اب طبع ثانی میں یہ فوائد نافعہ کا مجموعہ حذف کر دیا گیا ہے)

اس کے بعد یہ بندہ ناخواندہ، مملو از ذنوب و عصیان، غیر محفوظ از لغزشات اور خطا و نسیان حضرات اہل علم و عرفان اور مستفیدین و متعلمین زمان سے دعائے خیر و نجات آخرت اور صلاح و فلاح دنیا و دین کی پرزور درخواست کرتا ہے۔ فقط والسلام وعلیہ سک الختام

رَبَّنَا تقبّل مِنّا انّک انت السّمیع العلیم
وتُب علینا انّک انت التوّاب الرّحیم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی فضل بنی ادم بالعلم والعمل علی جمیع العالم، والصلوٰۃ علی محمد سید العرب والعجم، وعلی الہ واصحابہ ینابیع العلوم والحکم۔

ترجمہ وتشریح:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم، نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ سب تعریفیں اللہ پاک و برتر کیلئے ہیں جس نے بنی آدم کو علم وعمل کے ساتھ تمام مخلوقاتِ عالم پر فضیلت دی۔ اور بیشمار درود سردارِ عرب وعجم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے آل واصحاب پر (جو سارے علوم اور حکمتوں کے چشمے ہیں) نازل ہو۔

تحقیق الالفاظ:۔ الحمد للہ۔ الحمد ہو الوصف بالجمیل الاختیاری علی جہۃ التعظیم والتبجیل، وہو باللسان وحدہٗ والشکر یکون باللسان والجنان والارکان لکن فی مقابلۃ النعمۃ خاصۃ فعلی ہذا یکون بینہما عموم وخصوص من وجہ وبقید الاختیاری خرج المدح فانہ لا یختص بالاختیاری کما یقال مدحت زیدا علی حسنہ ورشاقۃ قدہ فہما متناسبان معنًی من جہۃ الاشتقاق الکبیر من غیر ترادف۔ وارتفاعہ بالابتداء وخبرہ الظرف واصلہ عمرًا بالنصب کما ہو شان للمصادر المنصوبۃ بافعالہا المضمرۃ التی لا تستعمل معہا نحو شکرًا وعجبًا وایثار الرفع علی النصب للایذان بان ثبوت الحمد للہ تعالیٰ لذاتہ لا لاثبات مثبت ان ذلک امر دائم لا حادث متجدد کما یفیدہ للنصب۔ واللہ علمٌ للذات الواجب الوجود المستجمع لجمیع الصفات الالٰہیۃ وہو وجہ الاختیار علی سائرہا وہو عند الخلیل وابن کیسان وابی حنیفۃ غیر مشتق وہو الاصح۔ فضل من التفضیل وصفۃ لقولہ تعالیٰ وفضلناہم علی کثیر ممن خلقنا تفضیلا۔ ادم اسم اعجمی والاقرب ان وزنہ فاعل کصالح لا افعل ہو التعدی کالاشتقاق من الادمۃ بالفتح بمعنی السواد ومن ادیم الارض بناء علی ما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالیٰ قبض قبضۃ من جمیع الارض سہلہا وحزنہا فخلق منہا آدم ولذلک اختلفت الوان ذریتہ او من الادم والادمۃ بمعنی الالفۃ تعسف کاشتقاق ادریس من الدرس ویعقوب من العقب وابلیس من الابلاس۔ العالم قیل العالم اسم لذوی العلم من الملائکۃ والثقلین وقال المتکلمون العالم اسم لکل موجود یعلم بہ الخالق سواء کان من ذوی العلم۔

وبعد فلما رأيت كثيرًا من طلاب العلم فی زماننا يجدون الی العلم ولا يصلون او من منافعه وثمراته يحرمون۔ لما انهم اخطئوا طرائقه وتركوا شرائطه۔ وكل من اخطأ الطريق ضل ولا ينال المقصود قل او جل اردت واحببت ان ابين لهم طريق التعلم۔

ترجمہ وتشریح :- بعد اس کے جب میں نے ہمارے زمانے کے بہت سے طالب علموں کو دیکھا کہ وہ علم کیطرف پہنچنے میں اور اس کی طلب میں کوشش تو کرتے ہیں (مگر مقصود میں پہنچتے نہیں ہیں) یا منافع و ثمرات علم سے (جو کہ اس علم کے مطابق عمل کرنا اور اسکی نشر و اشاعت کرنا ہے) بالکل محروم رہتے ہیں کیونکہ انہوں نے تحصیل علم کے طریقے اختیار کرنے میں خطا کیا اور شرائط علم کو یکسر ترک کر چکا۔ اور (یہ ظاہر بات ہے کہ) جو کوئی راستہ پکڑنے میں خطا کریگا ضرور گمراہ اور بے راہ ہو جائیگا۔ اور مقصود کو خواہ وہ تھوڑا ہو یا بہت نہیں پا سکے گا (اس لئے) میں نے ارادہ کیا اور یہ محبوب و دل پسند سمجھا کہ ان کیلئے وہ طریق تحصیل علم بیان کر دوں۔

تحقیق الالفاظ :- (بقیہ صفحہ گذشتہ) اولا كالطابع لما يطبع به والخاتم لما يختم به يقال عالم الملك و عالم الانس والجن وكذا عالم الافلاك وعالم النبات وعالم الحيوان وليس اسما لمجموع ما سوى الله تعالى بحيث لا يكون له افراد بل اجزاء فيمتنع جمعه الا ان يراد به انواعه فيقال عوالم وعالمون سمى به لكونه علامة على وجود الصانع وهو فی الاصل) علم زيد الالف للاشباع روی عن وهب بن منبه انه قال ان الله تعالى خلق ثمانية عشر الف عالم والدنيا عالم منها الصلوٰة وهی من الله الرحمة والمغفرة ومن عباده دعاؤه ومن ملائكته استغفار لكل بما يليق شانه فللنبی صلعم كما يليق لشانه صلعم وهو وان كان معصوما لكن حسنات الابرار سيئات المقربين ودرجات القرب لا تنتهى فكل درجة سافلة سيئة عنده بعد حصول الدرجة العالية فالمراد منه انه تعالى يرحمه ويغفر له والعباد يدعون له وان الملائكة يستغفرون له كما فی الشرح وهكذا اطبق سائر المفسرين عليه بل ينقل الاجماع عليهم او استغفار منهم للمصلی كما قال بعض المفسرين والله اعلم بالصواب۔ محمد معناه المحمود المشكور مرة بعد اخرى العرب والعجم بالفتح والضم اسم جنس والمراد من العجم غير العرب كائنا من كان والدليل على انه سيدهما. قوله انا سيد ولد آدم ولا فخر۔ الآل۔ فی الاصل الاهل وكذا قيل فی تصغيره اهيل خص لا شراف به فلا يقال آل حائك وقيل آل فرعون لتصوره بصورة الاشراف واما اول (بقیہ اگلے صفحہ پر)

علی ما رأیت فی الکتب وسمعت من اساتیذی اولی العلم والحکم رجاء الدعاء لی من الراغبین فیہ المخلصین، بالفوز والخلاص فی یوم الدین بعد ما استخرت اللہ تعالیٰ فیہ وسمّیتہ "تعلیم المتعلم طریق التعلم" وجعلتہ فصولاً۔ (فصل) فی ماھیۃ العلم والفقہ وفضلہ (فصل) فی النیۃ فی حال التعلم۔

ترجمہ و تشریح :۔ جو میں نے کتابوں میں دیکھا اور میرے صاحب علم وحکم استادوں سے سنا۔ اس سے امید ہے کہ اس علم میں رغبت کرنیوالے (طلبہ مخلصین (خود فائدہ حاصل کرتے ہوئے) میرے لئے یوم الجزاء (قیامت) کے وقت کامیابی (جنت و درجات آخرت) اور خلاصی کی دعا کرتے رہیں گے اس بارے میں اللہ تعالیٰ سے استخارہ کے بعد (اس کو بیان کرنیکا عزم کیا ہے) اور اس (کتاب) کا نام "تعلیم المتعلم طریق التعلم" رکھا (جس کا مختصر نام تعلیم المتعلم بھی کہا جاسکتا ہے اور ملقّب بہ محمود المتکلم کیا جاسکتا ہے۔ اور اس کو حسب ذیل ترتیب[۱۲] فصلوں میں (ترتیب دیکر) بیان کیا۔ فصل (۱) علم اور فقہ کی حقیقت اور اس کی فضیلت کے بیان میں۔ فصل (۲) حالتِ تحصیلِ علم نیت کے بارے میں۔

تحقیق الالفاظ :۔ (بقیہ صفحہ گذشتہ) تصغیرہ اُوَیلٌ وآلہ من جہۃ النسب اولاد علی وجعفر وعقیل ابناء ابی طالب بن عبد المطلب اولاد عباس وحارث ابنی عبد المطلب ومن جہۃ السبب وھو الدین کل مؤمن وکل مؤمن تقی علی اختلاف الروایتین والظاہر انہ ارادبہ من جہۃ الدین لان آل الانبیاء متبعوھم اصحاب جمع صاحب وھو کل من صحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وشرف لشرف رؤیۃ جمالہ ومات علیہ ینابیع جمع ینبوع وھو عین الماء العلوم فھذا من قبیل اضافۃ المشبہ الی المشبہ بہ کلجین الماء الحکم جمع حکمۃ وھی العلم بالاشیاء علی ماھی علیہ ۱۲۔ (متعلقہ صـ٦ـ) طلاب بالضم جمع طالب یجدّون بکسر الجیم من الجد وھو السعی یقال جَدّ فی الامر واجدّ فیہ ای سعی فیہ والجملۃ مفعول ثان لرأیت ولا یصلون من الوصول والی العلم متعلق بہ منافعہ وثمراتہ الضمیران یرجعان الی العلم وھی العمل بہ والنشر ای نشر مسائل العلم بالتعلیم، یحرمون من الحرمان تتعلق بہ من منافعہ۔ عن من الظروف الزمانیۃ المنقطعۃ عن الاضافۃ المنویۃ المبنیۃ علی الضم والفاء الواقعۃ بعدہ لجواب الشرط بامّا وعند عدمہا (کما ھہنا) فللجزاء ایضًا التضمن بعد معنی الشرط کما ... یفاضل

(فصل) فی اختیار العلم والاستاذ والشریک والثبات (فصل) فی تعظیم العلم واھلہ (فصل) فی الجد والمواظبۃ والھمّۃ (فصل) فی بدایۃ السبق وقدرہٖ وترتیبہ (فصل) فی التوکل (فصل) فی وقت التحصیل (فصل) فی الشفقۃ والنصیحۃ (فصل) فی الاستفادۃ (فصل) فی الورع حال التعلم (فصل) فیما یورث الحفظ والنسیان (فصل) فیما یجلب الرزق وما یمنع وما یزید فی العمر وما ینقص وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب۔

ترجمہ و تشریح :۔ فصل (۲) اختیار علم اور استاد و شریک اور ثابت قدمی میں فصل (۴) تعظیم علم و اہل علم میں فصل (۵) کوشش و ہمیشگی اور ہمت کے بیان میں فصل (۶) ابتدائے سبق و مقدار اور ترتیب میں فصل (۷) توکل کے بیان میں فصل (۸) وقت تحصیل علم میں فصل (۹) شفقت اور نصیحت کے بیان میں فصل (۱۰) استفادہ علم کے بیان میں فصل (۱۱) تحصیل علم کے وقت پرہیزگاری کے بیان میں فصل (۱۲) حافظہ پیدا کرنیوالی چیزوں اور نسیان پیدا کرنیوالے اشیا کے بیان میں فصل (۱۳) رزق اور عمر کو بڑھانے اور گھٹانیوالی چیزوں کے بیان میں۔ اللہ تعالےٰ ہی سے فقط توفیق کی درخواست کرتا ہوں اور اسی پر بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْم۔

تحقیق الالفاظ :۔ (بقیہ صـ۶) اخطئوا من الاخطاء خطا کردن۔ طرائقہا ای فی طرائق طلب العلم جمع طریقۃ۔ شرائطہ ای التی تذکر فی ہذا الکتاب جمع شریطۃ بمعنی شرط ضلّوا ای یصیروا واقعًا فی الضلالۃ ۔ ، قلّ اوجلّ ۔ ای صغر ذلک المطلوب او عظم لاینال ۔ لایدرک اردت جواب لمّا رأیت ۔ لہم ای للطلاب (متعلقہ صـ۷) وسمعت معطوف علی رأیت اساتیذ جمع استاذ بمعنی استاد اوتی جمع ذی علی غیر لفظ ۔ رجاءً حال من فاعل ان ابین بمعنی راجیًا ۔ الدعاء فی مفعول رجاء من الراغبین متعلق بقولہ رجاء او بمحذوف علی انہ حال من الدعاء ای کائنًا من الراغبین الراغب فاعل من الرغبۃ فیہ ای فی العلم المخلصین بفتح اللام مفعول من الاخلاص بالفوز ۔ بالظفر علی المراد ۔ یوم الدین ۔ یوم القیامۃ ۔ الاستخارۃ ۔ طلب الخیرۃ من اللہ تعالیٰ وسمیتہ من التسمیۃ معطوف علی اردت والضمیر راجع الی الکتاب المذکور حکمًا ۔ المتعلم مفعول اوّل للتعلیم ومفعولہ الثانی طریق التعلم ۔ (باقی صفحہ ۹ پر)

فَصْلٌ فِی مَاهِیَةِ الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ وَفَضْلِهٖ

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَةٍ۔

ترجمہ وتشریح:۔ فصل (۱) علم وفقہ کی حقیقت اور اُس کی فضیلت کے بیان میں۔
حدیث:۔ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علم طلب کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔

تحقیق الالفاظ:۔ (بقیہ مقدمہ) وجعلتہ فصولاً۔ ای ثلاثة عشر فصولاً۔ فصول جمع فصل ۱۲ (متعلقہ صلے) فی بدایة السبق السبق بفتح الباء ای الدرس لانہ یسبق علی غیرہ۔ وقدرہ۔ ای مقدارہ۔ وترتیبہ ای ترتیب قرأتہ بالتقدم والتأخر۔ انیب من الانابة بمعنی الرجوع والتوفیق قیل اسباب العمل الخیر مہیاة۔ والتوکل الاتکال والاعتماد فی کل امر قول او عمل علی اللہ تعالیٰ ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) فصل معنی الفصل فی اللغة ظاہر ای جدا کردن وفی الاصطلاح طائفة من المسائل تغیرت احکامہا بالنسبة الی ماقبلہا غیر مترجم بالباب والکتاب فان وصل الی مابعدہ بغیر اضافة نون والا فلا کذا فی الاکمیة فارتفاعہ علی انہ خبر مبتدأ محذوف او مبتدأ علی تقدیر الوصف ای فصل من الفصول۔ فی ماہیة العلم ای فی حقیقتہ وفضلہ۔ ای وفضل کل منہما۔ فالمصنفؒ قدم فی التفصیل فضلہا تحریضاً علی طلبہا للطالبین ثم بین ماہیتہا لئلا یلزم طلب المجہول فقدم ماہو المقصود بالذات وابتدأ بالحدیث الشریف تبرکاً وتیمنا یعنی طلب العلم فرض عین علی کل مسلم ومسلمة مکلفة کالعلم المکمل لبیان معرفة تعالیٰ بالوحدانیة ومعرفة صفاتہ وصدق الرسول اذ لایجوز التقلید فیہ وکعلم الصلوٰة والطہارة والصوم علی کل مسلم عاقل بالغ فقیرا کان اوغنیا وکعلم الزکوٰة والحج ان وجبا علیہ واما بلوغ رتبة الاجتہاد والفتویٰ ففرض کفایة اذا قام بہ واحد من اہل بلد کفی وسقط عن الباقین وعلیہم التقلید فیما یخطرہم من الحوادث وان تقاعدوا کلہم عصوا جمیعاً ۱۲

عہ اس مضمون پر مختلف احادیث ثابت میں انمیں سے کچھ یہ ہیں مثلاً: طلب العلم واجب علی کل مسلم (بیہقی عن انس) طلب العلم فریضة علی کل مسلم (الدیلمی عن علی) طلب الفقہ حتم واجب علی کل مسلم (حاکم فی تاریخہ عن انس) تینوں حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ہر مسلمان پر علم اور فقہ کا طلب کرنا فرض اور واجب ہے تعلموا العلم وعلموہ الناس (دارقطنی عن ابی سعید وبیہقی عن ابی بکر) یعنی علم کو تم خود سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ تعلموا العلم قبل ان یرفع (الدیلمی عن ابن مسعود وابی ہریرة. یعنی علم کو تم اٹھا لینے سے قبل سیکھ لو۔ یاایہا الناس علیکم بالعلم قبل ان یقبض (طبرانی والخطیب)

(باقی اگلے صفحہ پر)

اِعلم بانہ لایفترض علی کل مسلمٍ ومسلمۃ طلب کل علمٍ وانما یفترض علیہ طلب علم الحال کما یقالُ افضل العلم علم الحال وافضل العمل حفظ الحال۔ ویفترض علی المسلم طلب علم ما یقع لہ فی حالہٖ فی ای حال کان۔

ترجمہ وتشریح:۔ جاننا چاہیئے کہ ہر مسلمان مرد اور عورت پر تمام علوم کا طلب اور حاصل کرنا فرض نہیں ہے بلکہ علم حال کا طلب کرنا اس پر فرض ہے (ف۔ یعنی جس حالت اور واقعہ میں انسان مبتلی ہے اسی کے متعلقات کے احکام کا علم جاننا اور طلب کرنا اس پر فرض عین ہے۔ ہر فرد بشر اس کے لئے ماخوذ ہوگا۔ اور اس کے حاصل نہ کرنے پر عذاب ہوگا جیسا کہ دوسرے فرض کے ادا نکرنے پر عذاب ہوگا خواہ دوسرا کوئی شخص اس علم کو سیکھے یا نہ سیکھے۔ اور وہ اصول دین ومذہب اور مسائل شریعت ہیں مثلاً کفر وایمان اور نماز وروزہ وزکوٰۃ وحج ونکاح وطلاق وبیع وشرا و اجارہ ووقف وصیت وہبہ ومیراث وغیرہا میں سے جو حالت اس کو فی الحال پیش آئے اس کے متعلقہ احکام کا علم طلب کرنا اس پر فرض عین ہے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ورنہ وہ گنہگار اور مجرم قرار پائے گا۔ ۱۲ ش) ـــــ جیسا کہ کہا جاتا ہے افضل علم علم حال ہے اور افضل عمل حفاظت حال ہے (اس کے فساد اور بربادی سے) پس مسلمان پر ان (مفسدات ومصلحات) کا علم طلب کرنا فرض ہے جو اس کو اپنی حالت (مثلاً نماز) میں واقع ہو۔ خواہ وہ جس کیفیت (صحت ومرض اور سفر وحضر وغیرہ) میں واقع کیوں نہ ہو؟۔

تحقیق الالفاظ:۔ (بقیہ صفحہ گذشتہ) یاایہا الناس خذوا من العلم قبل ان یقبض العلم (احمد والدارمی وطب وابو الشیخ فی تفسیرہ وابن مردویہ عن ابی امامۃ) ان دو حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ اے لوگو! تم علم کو حاصل کرلو اس سے پہلے کہ وہ اٹھا لیا جائے۔ ویل لمن لایعلم (حل عن حذیفۃ) یعنی جو شخص علم نہ سیکھے اس کیلئے ویل دوزخ یا خرابی ہے کذا فی کنز العمال۔ وغیر ذلک من النصوص العامۃ للرجل والمرأۃ۔ بحوالہ ضمیمہ بہشتی زیور مدلل ۱۲ منہ

(متعلقہ صفحہ ہذا) اعلم بانہ الضمیر للشان علم الحال وہو علم اصول الدین وعلم الفقہ والمراد من الحال ہٰہنا الامر العارض للانسان من الکفر والایمان والصلوٰۃ والزکوٰۃ والصوم وغیرہا من الاحوال لا المقابل للمستقبل حفظ الحال۔ والمراد بالحال ہٰہنا ایضاً المذکور سابقًا لا الحال المقابل للمستقبل ای حفظہ من الضیاع والفساد۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

فانه لابد له من الصلوٰة فيفترض عليه علم ما يقع له فى صلوٰته بقدر ما يؤدى به فرض الصلوٰة ويجب عليه علم ما يقع له بقدر ما يؤدى به الواجب لان ما يتوسل به الى اقامة الفرض يكون فرضًا وما يتوسل به الى اقامة الواجب يكون واجبًا. وكذالك فى الصوم والزكاة ان كان له مال. والحج ان وجب عليه وكذالك فى البيوع ان كان يتجر

ترجمہ و تشریح :- اسلئے کہ (مثلاً) جب اس کو نماز پڑھنا ضروری ہے تو جو (شرائط و ارکان) اس کو اپنی نماز میں واقع ہوان سب کا طلب علم اس پر اس مقدار پر فرض ہوگا جس سے نماز کا فرض ادا کر سکے۔
فائدہ :- مثلاً ایک لمبی آیت یا تین چھوٹی آیت کا پڑھنا نماز میں فرض ہے۔ تو اس مقدار قرأت کو سیکھنا اس کے لئے فرض ہوگا۔ اسی طرح باقی شرائط و ارکان کا جاننا فرض ہوگا۔
اور جو واجبات اس کو اپنی نماز میں مثلاً پیش آئے ان سب کا طلب علم اس پر اس مقدار تک واجب ہوگا جس سے نماز کا واجب ادا ہو سکے۔ ف :- مثلاً سورہ فاتحہ کا پڑھنا اور ایک سورہ اس کے ساتھ ملانا یہ دونوں واجب ہیں تو ان دنوں کا سیکھنا بھی واجب ہوگا۔
کیونکہ جو فرض ادا کرنے کی طرف وسیلہ اور ذریعہ بنے وہ فرض ہوتا ہے اور جو واجب ادا کرنے کی طرف وسیلہ بنے وہ واجب ہوتا ہے۔ اسی طرح روزہ میں۔ اور اگر اس کے پاس مال نصاب ہو تو زکوٰۃ میں اور حج میں اگر واجب ہو اس پر (یعنی زاد راہ وغیرہ بھی ہو) اور ایسا ہی اگر وہ تجارت کرتا ہے تو بیع و شراء میں۔ (ان کے متعلقہ احکام کا جاننا اور سیکھنا ضروری ہوگا)۔

تحقیق الالفاظ :- (بقیہ صفحہ گذشتہ) ما یقع لہ ای المسلم فی حالہ ای فی صلوٰتہ مثلاً من المفسدات والمصلحات۔ فی ای حال کان ای فی الصحۃ والمرض والسفر والحضر۔ ۱۲
(متعلقہ صفحہ ھذا) علم ما یقع فی صلوٰتہ من الشرائط والارکان فرض الصلوٰۃ مثلاً القرأۃ فرض فی الصلوٰۃ فعلم فرضیۃ مقدار ما یؤدی بہ الصلوٰۃ یعنی آیۃ طویلۃ او ثلاث آیات قصار فرض۔ ۱ ویجب علیہ۔ ای علی المسلم علم ما یقع لہ فی صلوٰتہ۔ الواجب مثلاً ضم السورۃ واجب فی الصلوٰۃ وعلمہ ایضاً واجب۔ یکون فرضاً۔ کالوضوء، فانہ وسیلۃ لہا فیکون فرضاً واجباً فالعلم بالفرض والواجبات سبب لاقامتہما فیکون فرضاً و واجباً مثلہما۔ یتجر۔ من التجارۃ یعنی یفترض علی کل مسلم علم ما یقع فی مبایعاتہ الشرعیۃ لیحترز بہ فیہا عن الربا والشبہات والخلل والفساد۔ ۱۲

قِيْلَ لمحمد بن الحسن رحمه الله تعالىٰ - أَلَّا تصنف كتابا في الزهد؟ قال صنفت كتابًا في البيوع - يعني الزاهد من يتحرز عن الشبهات والمكروهات في التجارات وكذلك في سائر المعاملات والحِرَف وكل من اشتغل بشيءٍ منها يفترض عليه علم التحرّز عن الحرام فيه وكذلك يفترض عليه علم احوال القلب من التوكل والانابة والخشية والرضا، فانه واقع في جميع الاحوال:

ترجمہ وتشریح :- حضرت امام محمد بن الحسن رحمۃ اللہ تعالیٰ سے لوگوں نے دریافت کی کہ آپ زہد کے بارے میں کوئی کتاب کیوں تصنیف نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا کہ میں نے بیع وشراء کے بارے میں ایک کتاب تصنیف کی یعنی امام محمد صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ کا مطلب یہ ہے کہ زاہد وہ ہے جو شبہات ومکروہات تجارت سے پرہیز کرتا رہے (غرض کہ جس کے معاملات درست ہوں وہی حقیقت میں زاہد ہے) اسی طرح تمام معاملات اور صنعت وحرفت کے شبہات ومکروہات سے بچنا فرض ہے۔ اور ہر وہ شخص جو کہ اس میں سے کسی ایک میں مشغول اور مبتلیٰ ہو اس پر اس کے حرام اور شبہات سے بچنے کا طلب علم فرض ہے۔ ایسا ہی اس پر توکل (خدا تعالیٰ پر اعتماد اور بھروسہ کرنا) وانابت (اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع اور توبہ کرنا) وخشیت (اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا) اور رضا (اللہ تعالیٰ کے حکم وقضا پر راضی رہنا) وغیرہ احوال قلب کا علم طلب کرنا فرض ہوگا۔ کیونکہ یہ احوال تمام صورتوں میں واقع ہوتے ہیں (کسی خاص حالت اور صورت کے ساتھ مختص نہیں اس لئے اس کے علم کو حاصل کرنا بھی ہر حال میں ضروری ہوگا۔)

تحقیق الالفاظ

الَّا تصنف - اَلَّا بالتشديد كلمة تحضيض فمعناه اذا دخلت على الماضي التوبيخ واللوم على ترك الفعل ومعناه في المضارع الحث على الفعل والطلب فهي في المضارع بمعنى الامر يعني خاطب بعض تلاميذ محمد بن الحسن بقولهم الا تصنف كتابا في الزهد الذي عبارة عن ترك الزينة والهوى في الدنيا - وفي بعض النسخ لِمَ لا تصنف كتابا - من يتحرز - اى يحفظ نفسه - عن المشتبهات - جمع شبهة اى عن تناول الاشياء التي في حلها شبهة - المكروهات - اى من الاشياء التي يجوز فعلها مع الكراهة في التجارات ظرف لقوله يتحرز فالزهد الذي هو ترك هوى نفسه كان موجودا في التحرز عن الشبهات فكان كتاب الزهد كتاب البيوع لا محالة وكذلك يجب التحرز عن الشبهات والحرف اى الصنائع جمع حرفة منها اى من هذه المذكورات،! عن الحرام فيه - اى في ذلك الشئ - التوكل - وهو اظهار العجز والاعتماد على الغير يقال توكل على الله اى اسلم امره اليه والانابة اى الرجوع الى الله تعالىٰ والخشية وهي الخوف من الله تعالىٰ والرضا بحكم الله وقضائه - فانه تعليل الافتراض اى العلم باحوال القلب في جميع الاحوال - اى غير مختص بحال دون حال بل يفترض في كل حال بخلاف المفروض التي تفترض بحال دون حال

وشرف العلم لا یخفی علی احد اذ ھو مختص بالانسانیۃ لان جمیع الخصال سوی العلم یشترک فیہا الانسان وسائر الحیوانات کالشجاعۃ والجرأۃ والقوۃ والجود والشفقۃ وغیرہا سوی العلم وبہ اظہر اللہ تعالیٰ فضل اٰدم علیہ الصلوٰۃ والسلام علی الملائکۃ وامرہم بالسجود لہ

ترجمہ وتشریح :- اور شرافت وبزرگی علم کی کسی شخص پر مخفی نہیں ہے کیونکہ وہ صفت انسانیت کے ساتھ خاص ہے اس لئے کہ علم کے علاوہ تمام خصلتوں میں انسان اور باقی حیوانات باہم شریک ہیں جیسا کہ شجاعت، جرأت، قوت، سخاوت وشفقت وغیرہ سوائے صفت علم کے (یعنی یہ تمام خصلتیں ان سب حیوانات وانسان میں موجود ہوتی ہیں لیکن صفت علم انسان کے علاوہ اور کسی حیوان میں پائی نہیں جاتی کیونکہ علم سے مراد علم نبوی ہے نہ کہ مطلق کسی چیز کا جاننا) اور اسی علم ہی کی بدولت اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی فضیلت فرشتوں عہ پر ظاہر کی۔ اور فرشتوں کو حکم کیا کہ ان کی طرف سجدۂ تعظیمی ادا کریں (جو اس وقت بطور قبلہ وتعظیم بمنزلہ سلام جائز تھا۔ اور اب امت محمدیہ علی صاحبہا الوف الصلوات والسلام میں قرآن وحدیث کے ذریعہ منسوخ ہو گیا ہے)

تحقیق الالفاظ :- اذ ھو ای العلم۔ بالانسانیۃ ای بصفۃ الانسانیۃ۔ الخصال جمع خصلۃ کالشجاعۃ تمثیل للخصال والجرأۃ۔ وہی الشجاعۃ التی ہی شدۃ القلب عند البأس فہما لفظان مترادفان کما فی الصحاح والقاموس الشفقۃ بفتح الفاء سوی العلم۔ ہذا مستغنی عنہ لذکرہ انفاً الا انہ اراد مزیداً لتاکید وبہ ای بالعلم، الملائکۃ جمع ملک باعتبار اصلہ الذی ہو ملاک علی ان الہمزۃ مزیدۃ کالشمائل فی جمع شمائل والتاء لتاکید تانیث الجماعۃ واشتقاقہ من ملک لما فیہ من معنی الشدۃ والقوۃ وقیل علی انہ مقلوب من مالک من الالوکۃ وہی الرسالۃ ای موضع الرسالۃ او مرسل علی انہ مصدر بمعنی المفعول فانہم وسائط بین اللہ تعالیٰ وبین الناس فہم رسلہ او بمنزلۃ رسلہ علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ السجود۔ فی اللغۃ الخضوع وفی الشرع وضع الجبہۃ علی الارض علی قصد العبادۃ فقیل اُمروا بالسجود الیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام علی وجہ التحیۃ والتکرمۃ تعظیماً لہ وقیل اُمروا بالسجود لہ وانما کان آدم قبلۃ لسجودہم تفخیماً لشانہ فعلیٰ ہذا تکون اللام فی قولہ اسجدوا لاٰدم بمعنی الیٰ او للتوقیت ای اسجدوا للہ وقت خلقہ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام والقول الاول اظہر۔

عہ فرشتے کے متعلق اس میں تو سب کا اتفاق ہے کہ وہ ذات موجود قائم بنفسہ ہے لیکن اس کی حقیقت کے متعلق اختلاف ہے۔ پس اکثر متکلمین کا مذہب یہ ہے کہ وہ اجسام (نورانی) لطیفہ ہیں اشکال مختلفہ کے اختیار کرنے پر قدرت رکھتے ہیں اور حکماء کا مسلک یہ ہے کہ وہ جوہر مجرد حقیقت میں نفس ناطقہ کے مخالف ہیں لیکن وہ نفس ناطقہ سے علم میں زیادہ کامل اور زیادہ قوی ہیں انکے دو قسم ہیں ایک قسم معرفت حق میں مستغرق ہیں قسم دوم بحکم خدائے تعالیٰ مدبر امور ہیں کشس ۱۲ منہ۔

وانما شرف العلم لكونه وسيلة الى التقوىٰ الذى يستحق به المرء الكرامة عند الله تعالىٰ والسعادة الابدية كما قيل لمحمد بن الحسن بن عبد الله رحمة الله عليه۔ (شعر)

تعلّم فان العلم زين لاهله — وفضلٌ وعنوان لكل المحامد
وكن مستفيدا كل يوم زيادةً — من العلم واسبح فى بحور الفوائد
تفقّه فان الفقه افضل قائد — الى البر والتقوىٰ واعدل قاصد
هو العلم الهادى الى سنن الهدىٰ — هو الحصن ينجى من جميع الشدائد
فان فقيها واحدا متورّعًا — اشد على الشيطان من الف عابد

ترجمہ وتشریح :۔ اور علم کی شرافت وبزرگی اس وجہ سے ہے کہ وہ وسیلہ ہے اُس تقویٰ (پرہیزگاری) کا جس سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک کرامت (بزرگی ومرتبہ بلند) اور ابدی سعادت (ہمیشہ کی نیک بختی) کا مستحق ہو سکے (کیونکہ خداوند تعالیٰ فرماتے ہیں اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت اور بزرگی والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے) جیسا کہ امام محمد بن الحسن بن عبد اللہ (بن طاؤس بن ہرمز بن نوشیروان) رحمۃ اللہ علیہ سے کہا گیا تھا۔ شعر

جس کا ترجمہ یہ ہے :۔ یعنی علم حاصل کر کیونکہ علم اہل علم کے لئے زینت ہے اور فضیلت ہے نیز ستائش اور تعریفوں کی نشانی اور دلیل ہے اُس کے لئے اور فائدہ حاصل کر تو ہر روز زیادہ سے زیادہ علم کا اور فائدہ کے دریاؤں میں تیرتے رہو فقہ حاصل کر تو پس کیونکہ فقہ افضل قائد اور چلانے والا ہے۔ نیکی اور تقویٰ کی طرف اور زیادہ اعدل قاصد ہے وہ فقہ ہدایت کے راستہ کیطرف ہدایت کرے

تحقیق الالفاظ :۔ التقوىٰ اسم لاتقاء من الوقاية وهى فرط العياتة وفى الشرع عبارة عن كمال التوقى عما يضره فى الآخرة كما قيل اى خوطب محمد هو تلميذ ابى يوسفؒ تعلّم امر حاضر من التعلّم زينٌ اى زينة فضلٌ اى فضيلة ما عنوان اى العلامة والمحامد جمع المحمدة وهى مصدر بمعنى المفعول اى الخصال المحمودة المقبولة عند الله واسبح من السبح وهو الذهاب على وجه الماء بحور الفوائد من قبيل لجين الماء اى فى فوائد كالبحار تفقه امر حاضر من التفقه اى تحصيل علم الفقه افضل قائد اى افضل دليل اعدل قاصد القصد العدل اى اعدل جنس لعادل التعلم العلامة سنن بالفتح الطريق والهدى بمعنى الهداية وهى الدلالة تلطف الى ما يوصل الى المطلوب ينجى طالبه ومتعلمه الشدائد جمع شديدة من جملتها الجهل باوامر الله تعالىٰ ونواهيه فان الجهل بها من اعظم الشدائد متورعا اى متجنبا عن الحرام كل كمال التجنب عابد اى غير فقيه يعنى بقاء فقيه واحد وحياته اشد والبغض على الشيطان من بقاء الف عابد وحياتهم

والا علم اور نشانی ہے اور وہ فقہ قلعہ ہے جو نجات دے تمام سختیوں سے کیونکہ ایک فقیہ جو پرہیزگار ہے سخت اور بھاری ہے شیطان پر ایک ہزار عابد یعنی عبادت گذار غیر فقیہ سے۔

ف:۔ تفسیر میں ہے کہ بعد علم توحید کے سب سے زیادہ اولیٰ یہ ہے کہ علم فقہ سیکھے اور علم عربی کلی ہر علوم میں سے ہے کیونکہ سب اصول و فروع علوم کے حقیقت میں اس کے (علم عربی کے) محتاج ہیں اسلئے اس کو بھی سیکھے اور علم کلام و علم مناظرہ کا قدر حاجت سے زیادہ سیکھنا مکروہ ہے۔ اس وجہ سے کہ روایت کیگئی ہے کہ تحقیق حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے صاحبزادہ حمادؒ کو اس سے منع فرماتے تھے۔ پس حمادؒ نے کہا ابا جان! میں تو آپ کو اس چیز میں مشغول دیکھتا ہوں جس سے آپ مجھکو منع فرماتے ہیں۔ تب حضرت امام اعظمؒ نے فرمایا کہ اے پیارے بیٹا! ہم اس حالت میں علم کلام و علم مناظرہ سے شغل رکھتے ہیں گویا کہ ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں یعنی بالکل ہلتے جلتے اور زیادہ حرج و حرکت نہیں کرتے مطلب یہ ہے کہ قواعد و اصول شرع اور قدر ضرورت سے زائد کچھ کلی نہیں کرتے بسبب اس خوف کے کہ مقابل شخص کہیں حق بات سے پاؤں پھسلکر بے راہ نہ ہو جائے۔ اور تم شغل کرتے ہو اس حالت میں کہ ہر ایک تم میں سے یہ چاہتا ہے کہ اپنے مقابل شخص کو راستہ سے پھسلا دیوے اور وہ اس بات کے مانند ہے کہ اپنے مقابل شخص کی تکفیر کرے۔ پس جس نے یہ ارادہ کیا وہ خود کافر ہو جائے گا پہلے اس سے کہ وہ اپنے مقابل کی تکفیر کرے یعنی بسبب ارادۂ تکفیر مقابل کے اسی طرح علم منطق و فلسفہ اور اس جیسے دوسرے علوم کے ساتھ شغل رکھنے کا حکم ہے یعنی قدر ضرورت اور حاجت دینیہ سے زیادہ مکروہ ہے۔

جیسا کہ کسی نے کہا۔ شعر

قل للحکیم الفیلسوف المنطقی	علم حرام درسہ لا تنطق
احفظ عنانك عن مناہج درسہ	ان البلاء موکل بالمنطق

ترجمہ:۔ کہدے حکیم یعنی حکمت دان فلسفی منطقی کو فلسفہ ایسا علم ہے جس کا درس حرام ہے پس اس کو نطق اور کلام مت کر و تمہارے لگام یعنی توجہ کو محفوظ رکھو اس فلسفہ کے درس کے راستوں سے کیونکہ بلا و مصیبت منطق یا بولنے کے ساتھ مفوض اور متوکل ہے۔

علم کتابت و رسم خط امور جائزہ اور علوم معتبرہ سے ہے لیکن عورتوں کو (اگر فتنہ و فساد کا اندیشہ

ہو اور ضرورت دینیہ مقتضی نہ ہو اور نہ سخت حاجت موجب ہو، اس کا سیکھنا مکروہ تحریمی ہے کیونکہ رسول اللہ صلعم فرماتے ہیں لا تعلموا النساء الخط۔ یعنی تم عورتوں کو خط وکتابت کی تعلیم مت دو۔ غالباً شیخ بو علی سینا کا یہ مقولہ ہے المراۃ حیۃ یزداد سمہا بالخط۔ یعنی عورت سانپ ہے اس کا زہر خط وکتابت سے زیادہ ہو جائیگا۔ بعض علماء فرماتے ہیں جان تو کہ عمدہ خط وکتابت علم وادب کا نقش ونگار یعنی زینت ہے اور کہا بعضوں نے کہ کتابت نصف علم ہے اور کہا فضیل بن سہیل نے کہ سعادت مرد کی یہ ہے کہ وہ حسن الخط اور فصیح العبارت ہو۔
کسی شاعر نے کہا۔

تعلم قوام الخط یا ذا التأدب | وما الخط الا زینۃ المتأدب
فان کنت ذا مال فخطک زینۃ | وان کنت محتاجاً فافضل مکسب

یعنی درست خط کو سیکھ لے ادب اور علم حاصل کرنے والا اور خط علم حاصل کرنے والے کی زینت ہے پس اگر تو مال والا یعنی تو انگر ہے تب تمہارا خط زینت ہے اور اگر تو محتاج ہے تو خط افضل آلہ ہے کسب کا۔
یعنی اگر پختگی اور درستگی خط کو سیکھ لیا تو اہل علم کے لئے یہ زینت کی چیز ہو جائے گی۔ اور اگر وہ صاحب مال ہے تو یہ حسن خط اس کیلئے کم سے کم زینت تو ہے اور اگر وہ محتاج اور فقیر ہو تو یہ عمدہ کسب معاش کا آلہ اور حرفہ ہے کہ اس سے بہت سے روپیہ وپیسہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ہاں! البتہ حسن خط کے ساتھ صحت املا وتحقیق الفاظ ضروری اور لابدی ہے کیونکہ یہ چیز علم کے کمال ونقص پر دال ہے اس کی خرابی اہل علم کیلئے سخت عیب کی بات ہے کیونکہ قلم آدمی کی زبان ساکت وصامت ہے۔ اور شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں۔

تا مرد سخن نگفتہ باشد ؎ عیب وہنرش نہفتہ باشد
یعنی جب تک کوئی مرد بات نہ کہا ہوا ہو عیب اور ہنر اس کا پوشیدہ ہوتا ہے۔

(ملتقط من شرح الشیخ ابراہیم بن اسمٰعیل مع زیادۃ وتغیر)۔

وکذالك فی سائر الاخلاق نحو الجود والبخل والجبن والجرأۃ والتکبر والتواضع والعفۃ والاسراف والتقتیر وغیرھا فان الکبر والبخل والجبن والاسراف حرامٌ ولایمکن التحرز عنھا الا بعلمھا وعلم مایضادھا فیفترض علٰی کل انسان علمھا وقد صنّف السیّد الامام الاجلّ الشھید ناصر الدین ابو القاسم کتاباً فی الاخلاق ونعم ماصنّف فیجب علٰی کل مسلم حفظھا۔

ترجمہ وتشریح:۔ اور اسی طرح احوال باطنی میں سے تمام اخلاق کے امور کا طلب علم فرض ہے مثل سخاوت وبخیلی، بزدلی وبہادری، بڑائی وفروتنی اور پاکدامنی وپرہیزگاری فضول خرچی وکم خرچی وغیرہ، کیونکہ بڑائی، بخیلی، بزدلی وفضول خرچی حرام ہیں اور ان بڑے اخلاق سے بچنا بغیر ان کے اور ان کے اضداد کے علم حاصل کئے ناممکن ہے اس لئے انسان پر ان کا علم سیکھنا فرض ہے اور سید امام اجل ناصر الدین ابو القاسم شہیدؒ نے علم الاخلاق میں ایک کتاب تصنیف کی جو بہت ہی عمدہ ہے پس ہر شخص مسلم پر اس کا یاد کرلینا واجب ہے۔

ف: زمانۂ حال میں حضرت حکیم الامت مجدد الملۃ مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصانیف تعلیم الدین التکشف عن مہمات التصوف، وتربیۃ السالک نیز ان کے مواعظ کے رسائل اور جناب مولانا ابو القاسم حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاردی مدظلہ العالی کی تصنیف اخلاق وفلسفۂ اخلاق مطبوعہ ندوۃ المصنفین دہلی وغیرہ بہت زیادہ قابل حفظ ہیں

تحقیق الالفاظ الاخلاق۔ جمع خُلق بالضم ای الخصلۃ۔ والجبن بضم الجیم ای الخوف والجرأۃ۔ کالجرعۃ وہی الشجاعۃ وتجوز الجراءۃ کالکراہۃ۔ والعفۃ ای التحرز عن الحرام والتقتیر وہو التضییق فی النفقۃ۔ عنھا ای عن المذکورات۔ مایضادھا ای مایکون ضدًّا لھا علٰی کل انسان علمھا لانہ موقوف علیہ التحرز عن الحرام الذی ہو فرض والموقوف علیہ الفرض فرض فکان علمھا مطلوبا لا لاجل ذاتہ۔ بل للاحتراز عنہ فی الاخلاق۔ ای فی علم الاخلاق۔ ونعم ماصنّف۔ نعم من افعال المدح وما ہو موقوفۃ بمعنی شئ وصنّف صفتہ والمخصوص بالمدح محذوف للعلم بہ ای نعم الشئ الذی صنفہ کتاب الاخلاق۔ ۱۲

وأمّا حفظ ما يقع في بعض الأحايين ففرض على سبيل الكفاية إذا قام به البعض في بلدة سقط عن الباقين فإن لم يكن في البلدة من يقوم به اشتركوا جميعاً في المأثم فيجب على الإمام أن يأمرهم بذلك ويجبر أهل البلدة على ذلك. فقيل بأن علم ما يقع على نفسه في جميع الأحوال بمنزلة الطعام لا بد لكل واحد من ذلك وعلم ما يقع في بعض الأحايين بمنزلة الدواء يحتاج إليه في بعض الأوقات وعلم النجوم بمنزلة المرض فتعلمه حرام لأنه يضر ولا ينفع والهرب من قضاء الله تعالى وقدره غير ممكن۔

ترجمہ وتشریح:۔ اور جو حال بعض اوقات میں واقع ہوتا ہے یعنی کبھی کبھی اس کی ضرورت پڑتی ہے اس کا یاد کرنا اور جاننا فرض کفایہ ہے (یعنی) جبکہ کسی آبادی کے بعض افراد اس کو حفظ اور یاد کرلیگا وہ فرض دوسروں کے ذمہ سے بھی ساقط ہو جائیگا۔ اور اگر اس علاقہ میں سے کوئی فرد بھی اس کو نہ سیکھیگا تو اس علاقے کے تمام لوگ اس فرض کے ترک کرنے کی وجہ سے گناہ میں برابر کا شریک ہوگا۔ پس امام یعنی حاکم شرعی اور سردار قوم پر واجب ہے کہ ان لوگوں کو اس کے سیکھنے کیلئے حکم کرے۔ اور اس آبادی کے باشندوں کو اس پر مجبور کردے۔ اسی وجہ سے بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اپنے نفس پر جو چیز تمام حالتوں میں گذرے اور واقع ہو اس کا علم مانند طعام کے ہے (یعنی جیسا کہ ہر انسان کو کھانے کی ضرورت پڑتی ہے) اس لئے ہر شخص کو اس کا ادا کرنا ضروری ہے اور جو بعض اوقات میں واقع ہو اس کا علم دوا کے مانند ہے کہ کبھی کبھی (یعنی مرض کے وقت) اس کی حاجت ہوتی ہے۔ (اس لئے کسی ایک کا اس کو جان لینا کافی ہوگا) اور علم نجوم (یعنی ستارہ وغیرہ دیکھکر آئندہ حالات کا اندازہ لگانے کا علم جو کاہن اور نجومی لوگ کرتے ہیں) وہ علم تو مرض کے مانند ہے پس اس کا سیکھنا حرام ہے کیونکہ وہ نقصان پہنچاتا ہے اور کوئی فائدہ نہیں کرتا ہے سو جگہ کہ بھاگنا اللہ کے قضا و قدر سے ممکن نہیں ہے۔

تحقیق الالفاظ:۔ الاحایین۔ جمع حین۔ اذا قام بہ۔ الباء للتعدیۃ ای اذا اقامہ۔ فان لم یکن۔ ای ان لم یوجد۔ المأثم۔ مصدر میمی بمعنی الاثم۔ علی الامام۔ ای الخلیفۃ۔ بذلک۔ ای بالقیام بہ۔ علی ذلک۔ ای القیام بعلم الکفایۃ۔ فقیل۔ ای حکم لان القول اذا استعمل بالباء یکون بمعنی الحکم۔ بکل واحد من افراد الانسان کالطعام الذی لا بد لکل فرد اکلہ۔ والہرب۔ ای والحال ان الفرار غیر ممکن فیتعلمہ علی قصد ان ینجو ویتخلص من قضاء اللہ وقدرہ لغو محض م

م وعبث بحث غایتہ تعطیل الاوقات وتضییع العمر وہذا مرض مض ۱۲۔

فینبغی لکل مسلم ان یشتغل فی جمیع اوقاتہ بذکر اللہ تعالیٰ والدعاء والتضرع وقراءۃ القرآن والصدقات الدافعۃ للبلاء ویسأل اللہ تعالیٰ العفو والعافیۃ فی الدنیا والاٰخرۃ لیصونہ اللہ تعالیٰ عن البلاء والاٰفات فان من رزق الدعاء لم یحرم الاجابۃ فان کان البلاء مقدرًا یصیبہ لامحالۃ ولکن ییسرہ اللہ تعالیٰ علیہ ویرزقہ الصبر ببرکۃ الدعاء اللّٰھم الا اذا تعلم من النجوم قدر ما یعرف بہ القبلۃ واوقات الصلوٰۃ فیجوز ذٰلک واما تعلم علم الطب فیجوز لانہ سبب من الاسباب فیجوز تعلمہ کسائر الاسباب فقد تداوی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ترجمہ وتشریح:۔ (اس لئے علم نجوم کو سیکھکر کیا فائدہ ہوگا؟ بلکہ پریشانی اٹھائیگا۔ اور بیجا تدبیر وغیرہ میں وقت بیکار اور عمر ضائع کرنے کی الگ نقصانی اٹھائیگا۔ بلکہ آئندہ آفات وبلیات سے بچنے کیلئے بہتر تدبیر یہ ہے کہ) ہر مسلمان تمام اوقات میں ذکر اللہ تعالیٰ و دعا وگریہ اور زاری وقرأتِ قرآن اور صدقہ دینے میں جو کہ دافع بلا ہے مشغول رہے۔

(ف):۔ کیونکہ حدیث شریف میں ہے الصدقۃ ترد البلاء وتزید فی العمر، یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ صدقہ بلا کو دور کرتا ہے اور عمر کو بڑھاتا ہے ۱۲ (ش)

اور اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی اور دنیا وآخرت میں راحت وآرام کی دعا کرتا رہے تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رکھے۔ اور یہ بات یقینی ہے کہ جس کو دعا کی توفیق نصیب ہوئی وہ قبولیتِ دعا کے درجہ سے محروم نہ رہیگا۔ (کیونکہ خداوند تعالیٰ فرماتے ہیں ادعونی استجب لکم یعنی تم مجھ سے دعا کرو میں قبول کرلوں گا)

تحقیق الالفاظ:۔ الدافعۃ للبلاء یقتضی الحدیث المذکور فی الشرح الہندی العفو ای التجاوز عن السیئات والعافیۃ ای الصحۃ عن البلایا والاسقام من رزق الدعاء ای بالدعاء۔ الاجابۃ ای من الاجابۃ فتوجہ السؤال علی ہذا القول بان البلاء اذا کان مقدرًا وقوعہ یصیبہ لامحالۃ فکیف تحصل الاجابۃ فاجاب بقولہ فان کان البلاء مقدرًا یصیبہ لامحالۃ ولکن ییسرہ اللہ تعالیٰ علیہ ویرزقہ الصبر ببرکۃ الدعاء لامحالۃ۔ مصدر میمی بمعنی التحول ای لاتحول ولا انتقال علیہ ای یجعلہ یسیرًا علی ذٰلک العبد الداعی اللّٰھم الا اذا تعلم۔ ہذا استثناء من قولہ فتعلم حرام اللّٰھم لتمکین الجواب فی نفس السامع کقولک اللّٰھم نعم لمن قال لک ازید قائم لکنہ کثر الاستعمال ای ضعف الجواب م

ص او عدم الاتکد والوجوب فیجوز ذٰلک۔ جواب اذا ای یجوز التعلم من علم النجوم مقدار ما یعرف بہ احوال القبلۃ واوقات الصلوٰۃ المفروضۃ لکونہ وسیلۃ الی معرفۃ الاحوال الدینیۃ لا لانہ مقبول فی نفسہ ۱۲۔

وقد حکی عن الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ انہ قال العلم علمان علم الفقہ للادیان وعلم الطب للابدان وما وراء ذٰلک بلغۃ مجلس۔

ترجمہ وتشریح:۔ (بقیہ گذشتہ) پس اگر بلاء اس کے مقدر میں ہے تو وہ ضرور اس کو پہنچکر رہے گی لیکن دعا کی برکت سے اس بلاء کو اللہ تعالیٰ اس پر آسان کر دیگا اور اس کو صبر عطا کریگا ہاں! اگر علم نجوم اتنا سیکھے جس سے احوالِ قبلہ اور اوقات نماز معلوم کر سکے تو یہ جائز ہو سکتا ہے۔ (یعنی محض اسی غرض سے جائز ہو سکتا ہے کیونکہ معرفت احوال دینیہ کیطرف وسیلہ ہے نہ اس وجہ سے کہ خود اس علم کا سیکھنا فی نفسہ جائز اور عند الشرع مقبول ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے تعلموا من انسابکم ما تصلون بہ ارحامکم ثم انتھوا وتعلموا من العربیۃ ما تعربون بہ کتاب اللہ ثم انتھوا وتعلموا من النجوم ما تھتدون فی ظلمات البر والبحر ثم انتھوا۔ یعنی تمہارے انساب کو تم اتنا سیکھو جس سے تم رشتہ داروں کو پہچان کر ان سے صلہ رحمی یعنی دوستی ومحبت اور ادائے حقوق کر سکو اس سے آگے مت پڑھو اور علوم عربیہ کو تم اس مقدار تک سیکھو جس سے تم کتاب اللہ تعالیٰ یعنی قرآن مجید کے اعراب ولغات معلوم کر سکو اس سے آگے رک جاؤ اور نجوم سے تم اس حد تک سیکھو جس سے تم خشکی ودریا کی اندھیریوں میں جہت وقبلہ اوقات معلوم کر سکو اس سے آگے باز رہو ۱۲ ح)۔ اور علم طب کا سیکھنا پس جائز ہوگا کیونکہ یہ بھی دوسرے اسباب ضروریہ کی طرح ایک سبب ہے پس اس کا سیکھنا دوسرے اسباب کی طرح جائز ہوگا۔ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی علاج ومعالجہ کرنا ثابت ہے (جیسا کہ کتب حدیث اور کتاب طبّ نبوی سے ظاہر ہوتا ہے)

(ترجمہ متعلقہ صفحۂ ھٰذا)۔ اور حضرت محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا (سیکھنے کے قابل) علم صرف دو ہی قسم کے ہیں۔ ایک علم الفقہ احکام وامور دینیہ کی پہچان کیلئے اور دوسرا علم الطب حالات بدن انسانی کی پہچان اور علاج ومعالجہ کیلئے۔ اور اس کے علاوہ جو دوسرے علوم ہیں وہ محض رونق محفل اور مجلس کی زینت ہیں (یعنی نہ مذہب سے کچھ تعلق اور صحت بدن سے کسی قسم کا لگاؤ رکھتا ہے اس وجہ سے قابل اخذ اور لائق تحصیل نہیں ہے۔)

تحقیق الالفاظ:۔ الطب الذی یحصل بمعرفۃ احوال الابدان من الصحۃ والسقم سمی بہ لان الطب فی اللغۃ علاج الجسم۔ الادیان جمع دین ای لمعرفتھا۔ الابدان جمع بدن ای لمعرفۃ احوال ابدان الانسان۔ وما وراء ذٰلک ای المذکور بلغۃ مجلس البلغۃ بالضم ما یتبلغ بہ من العیش ای ما یکتفی بہ فجردت عنہا المعنی الکفایۃ ای وراء ذینک العلمین کفایۃ مجلس لیس لہ نفع سوی کونہ رونق المجلس۔

وأما تفسير العلم فهو صفة يتجلى بها لمن قامت هي به المذكور
والفقه معرفة دقائق العلم قال ابو حنيفة رحمة الله تعالى
الفقه معرفة النفس ما لها وما عليها وقال ما العلم الا للعمل به

علم و فقہ کی تعریف اور غرض و غایت

علم کی تعریف یہ ہے کہ وہ ایسی ایک صفت اور حالت ہے جس کے ذریعہ سے اس شخص کیلئے معلوم و مذکور اور متعلقاتِ علم (یعنی جس کو وہ سیکھنا اور جاننا چاہتا ہے) روشن اور ظاہر ہو جائے جس شخص کے ساتھ یہ صفت پائی جائے۔ اور علم کے دقائق (باریک بینیوں) کو معلوم کرنے کا نام فقہ ہے۔

حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ نفس کا اپنے نفع اور نقصان کی چیزوں کو پہچان لینے کا نام فقہ ہے۔ اور آپؒ نے یہ بھی فرمایا کہ عمل کرنے کے علاوہ اور کسی غرض کیلئے علم نہیں ہے۔

ف: یعنی علم کیلئے ضروری اور لازم ہے کہ اس کے مطابق عمل بھی کرے ورنہ وہ حقیقت میں علم نہیں بلکہ جہلِ مرکب اور وبالِ جان و ایمان ہے۔ جیسا کہ دونوں کے حروف ایک ہیں یعنی ع، ل، م، اسی طرح دونوں ایک دوسرے کو لازم ہے کہ ایک دوسرے کے بغیر نہیں پایا جا سکتا ہے۔

عن سفيان ان عمر بن الخطابؓ قال لكعب من ارباب العلم؟ قال الذين يعملون بما يعلمون قال فما اخرج العلم عن قلوب العلماء قال الطمع۔ (مشکوٰۃ)

یعنی سفیان ثوریؒ سے روایت ہے عمر بن الخطابؓ نے کعب احبارؓ سے سوال کیا کہ اصحابِ علم کون لوگ ہیں

تحقیق الالفاظ:۔ اما تفسير العلم۔ هذا شروع في بيان ماهية العلم والقياس تقديمه على بيان كون طلبه فرضًا او غيره لانه عارض من عوارضه والمعروض مقدم على العارض الا انه قدم للاهتمام بشانه والاشعار بان البحث عنه امر مهم لتنبيه الطالب وليشتغل على طلبه۔ صفة يتجلى۔ اى يتضح وينكشف بالانكشاف التام۔ بها۔ اى بتلك الصفة۔ لمن۔ متعلق بيتجلى۔ قامت هي به۔ الضمير في به راجع الى الموصول اى من۔ المذكور۔ فاعل يتجلى اى ما يصح ان يذكر ويمكن ان يعبر عنه وعدل عن الشئ الى المذكور ليعم الموجود والمعدوم وقد يتوهم ان المراد بالمعلوم لان في ذكر العلم ذكر المعلوم وعدل عنه الى المذكور فرارًا عن الدور۔ والفقه خصه من انواع العلم بالبيان لشرفه اذ به يحصل سعادة الدنيا والآخرة۔ قال ابو حنيفة۔ هذا معنى آخر۔ ما لها اى ما حصل لها من الخير۔ وما عليها۔ اى ما حصل لها من الشر وهذا المعنى اعم من الفقه الذي يعرف به احوال المكلفين۔ وقال ابو حنيفة ايضًا۔ ما العلم۔ ما نافية الا للعمل به۔ اى لا لغيره من الاغراض والوجوه ۱۲

کعب احبارؓ نے جواب دیا جو لوگ اپنے علم کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ پھر سوال فرمایا تو علماء کے دلوں سے علم کو کس چیز نے نکال دی؟ انہوں نے کہا طمع نے یعنی حقیر دنیا کی لالچ اور طمع نے۔ (مشکوٰۃ شریف ۳۷ رواہ الدارمی)

(۲) وعن ابی الدرداءؓ قال ان اشر الناس عند اللہ منزلۃ یوم القیامۃ عالم لاینتفع بعلمہ۔ رواہ الدارمی۔ یعنی ابوالدرداء سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے دن مرتبہ کے اعتبار سے سب سے زیادہ بدتر وہ عالم ہے جس کے علم سے وہ خود یا دوسرے لوگ نفع نہ اٹھائے یعنی خود عمل نہ کرے اور دوسروں کو تعلیم و تبلیغ نہ کرے (مشکوٰۃ شریف ۳۷)

(۳) وعن علیؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم الرجل الفقیہ فی الدین ان احتیج الیہ نفع وان استغنی عنہ اغنی نفسہ۔ رواہ رزین۔ یعنی علیؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہت اچھا فقیہ آدمی دین کے بارے میں وہ ہے جس کے علم کی طرف دوسرے لوگ یا خود محتاج ہوں تو ان کو یا اپنے کو اس کا علم فائدہ اور نفع پہنچائے۔ اور اگر اس سے لوگ بے نیاز ہو جائیں تو وہ اپنے کو لوگوں سے بے نیاز کر لے لوگوں کی طرف خواہ مخواہ مائل نہ ہوں۔ (مشکوٰۃ شریف ۳۶)

(۴) وعن ابی حنیفۃؒ قال جواباً لسائلہ اعلم ان العمل تبع للعلم کما ان الاعضاء تبع للبصر والعلم مع العمل الیسیر انفع من الجھل مع العمل الکثیر ومثل ذلک الزاد القلیل الذی لابد منہ فی المفازۃ مع الھدایۃ بھا انفع من الجھالۃ مع الزاد الکثیر وکذلک قال اللہ تعالیٰ قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لایعلمون انما یتذکر اولوا الالباب۔ ج اوّل ص ۹۷۔ مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃؒ للموفق بن احمد المکی خطیب خوارزم۔ یعنی امام اعظم ابوحنیفہؒ سے مروی ہے کہ آپ نے ایک سائل کے جواب میں فرمایا جانو کہ عمل علم کا تابع ہے جیسا کہ سارے اعضاء آنکھ کے تابع ہیں اور علم تھوڑے عمل کے ساتھ زیادہ نفع دینے والا ہے عمل کثیر کے ساتھ جہل سے اور اس کی مثال یہ ہے کہ جنگل میدان میں ضروری تھوڑے توشہ کے ساتھ راہ یافتہ ہونا زیادہ فائدہ مند ہے اس بات سے کہ بہت زیادہ توشہ اور سامان کے ساتھ بے راہ اور گمراہ ہو، خداوند تعالیٰ فرماتے ہیں کہ کہہ دیجئے اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا جو لوگ علم رکھتے ہیں ان کا وہ لوگ برابر ہو سکتے ہیں جو علم نہیں رکھتے؟ البتہ عقلمند ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

فارسی اشعار

والعمل بہ ترك العاجل للآجل فینبغی للانسان ان لا یغفل عن نفسہ وما ینفعها وما یضرها فی اولاها واخراها فیستجلب ما ینفعها ویجتنب ما یضرها کیلا یکون عقلہ وعملہ حجۃ علیہ فیزداد عقوبۃ نعوذ باللہ من سخطہ وعقابہ۔ وقد ورد فی مناقب العلم وفضائلہ آیات واخبار صحیحۃ مشہورۃ لم نشتغل بذکرها کیلا یطول الکتاب۔

علم را در دل زنی یارے بود	علم را بر تن زنی مارے بود	خواجہ پندارد کہ او را حاصلیست	حاصل خواجہ بجز پندار نیست
ہر کس کہ نداند و بداند کہ بداند	در جہل مرکب ابد الدہر بماند		

اردو ترجمہ: (۱) علم کو اگر دل میں جگہ دوگے یعنی اس کے مطابق عمل کروگے اور اس پر یقین کروگے وہ علم تمہارا دوست ثابت ہوگا۔ علم کو اگر بدن پر یعنی محض زبان پر رکھوگے اس پر عمل نہ کروگے تب وہ تمہارے لئے سانپ بنے گا یعنی وبال جان ہوگا (۲) کسی علم والے صاحب کو گمان اور فخر ہے کہ اس کو کچھ حاصل ہوگیا ہے تب جان لو کہ اس کو محض اس گمان کے اور کچھ حاصل نہیں ہے۔ (۳) جو شخص کہ کچھ نہیں جانتا ہے لیکن خود گمان کرتا ہے کہ وہ بہت کچھ جانتا ہے تب وہ اس کا جہل اور نادانی مرکب یعنی ڈبل ہے اس میں ہمیشہ رہیگا اس سے کبھی چھٹکارا نہ پاسکے گا۔ پہلے شعر کا مصداق یہ حدیث ہے عن الحسن البصریؒ قال العلم علمان فعلم فی القلب فذاک العلم النافع (فی ما بین السطور عن المرقاۃ ای الذی یظہر السنۃ ویبطل البدعۃ) وعلم علی اللسان فذاک حجۃ اللہ عز وجل علی ابن آدم (فی ما بین السطور عن المرقاۃ لقولہ تعالٰی لم تقولون ما لا تفعلون) رواہ الدارمی۔ یعنی حسن بصریؒ نے فرمایا کہ علم دو قسم کے ہیں۔ ایک علم تو وہ جو دل کے اندر ہوا کرتا ہے پس یہ علم نافع ہے (بین السطور میں مرقات سے مروی ہے یعنی جو کہ سنت کو ظاہر کرے اور بدعت کو باطل کردے) اور دوسرا علم وہ جو محض زبان پر ہو کہ اس سے باتیں بنایا کرتے ہیں اور لوگوں پر اپنی فوقیت ظاہر کرتے پھرتے ہیں مگر دل کے اندر کچھ بھی اس نے اثر نہیں کیا جس سے خود بے عمل ٹھہرا) پس یہ بنی آدم پر اللہ تعالٰی کی حجت اور مخالف دلیل ہے (جو لینے کے دینے پڑ کر) وبال جان وایمان بنے گا۔ بین السطور میں مرقات سے بیان ہے اس لئے کہ اللہ تعالٰی ان سے پوچھتے ہیں کیوں ایسی بات کرتے ہو جس کو تم خود نہیں کرتے ہو) اس حدیث کو دارمی نے روایت کی مشکوٰۃ

(متعلقہ صفحۂ ھٰذا) تحقیق الالفاظ:۔ العاجل ای الدنیا والاشتغال بامورہا فلا آجل ای التحصیل الآخرۃ ای الجنۃ وما فیہا من الدرجات اذ لا یمکن تحصیلہا معًا لانہما ضدان والآخرۃ ابدیۃ باقیۃ فیلزم ترک الفانی لاجل الباقی فینبغی ہٰذا کلام المصنف یعنی اذا تقرر ما قالہ ابو حنیفہؒ فینبغی عن نفسہ۔ ای معرفۃ نفسہ بالعجز والفقر والفقدان۔

اور انجام و آخرت کی بہتری کیلئے نقد اور حالیہ فائدے کو ترک کرنیکا نام عمل ہے۔ پس انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے نفس سے اور دنیا و آخرت میں اس کے نفع و نقصان کی چیزوں سے کسی وقت غافل اور بے خبر نہ ہو جائے اس لئے اس کے نفع کی چیزیں حاصل کرے اور اس کے ضرر کی چیزوں سے پرہیز کرے تاکہ اس کی عقل اور اس کا علم اس کے لئے مخالف دلیل یا ور شاہد و حجت اور وبالِ جان و ایمان نہ بنے جس سے اسکے عذاب میں زیادتی ہونے لگے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے ان کی ناراضی و عذاب ہی سے پناہ مانگتے ہیں۔

(اس کے بعد مصنفؒ فرماتے ہیں) اور علم کے مناقب و فضائل میں بہت سی آیات قرآنیہ اور اخبار صحیحہ مشہورہ وارد ہوئے ہیں۔ ہم اس کے ذکر کرتے میں اس وجہ سے مشغول نہیں ہوتے تاکہ کتاب دراز نہ ہو جائے۔

ف :۔ حاشیہ میں ہے کہ ان آیات و احادیث میں سے بعض صریح الدلالۃ یہ ہیں۔ انہیں سے ایک آیت سورہ زمر کی آیت ۹ بھی مذکور ہوئی جو مع ترجمہ اس سے قبل امام اعظمؒ کے قول میں ہم نقل کر چکے ہیں۔ دوسری آیت یرفع اللّٰہ الذین اٰمنوا منکم والذین اوتوا العلم درجات (سورۃ المجادلۃ ۱۱) یعنی اللہ تعالیٰ مومنوں کا (تم میں سے) مرتبہ بلند فرمائے اور خاص کر صاحب علم لوگوں کے بہت سے مرتبے (بلند فرمائے)

تیسری آیت یؤتی الحکمۃ من یشاء ومن یؤت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا وما یذکر الا اولوا الالباب (سورۃ البقرۃ آیۃ ۲۶۹) یعنی خداوند تعالیٰ دانائی و علم کی باتیں جس کو چاہتے ہیں عطا فرماتے ہیں۔ اور جس کو حکمت اور دانائی کی باتیں دی گئیں اس کو بہت سی بھلائی دی گئیں۔ بیشک عقلمند ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ اس کے حاشیہ میں ہے کہ جاء فی البخاری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین خیر الدنیا والآخرۃ مع العلم وشر الدنیا والآخرۃ مع الجہل یعنی بخاری شریف میں روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کو دین کی سمجھ اور علم عطا کرتے ہیں

تحقیق الالفاظ:۔ (بقیہ گذشتہ) وقال الشارح وانما فسر بہذا لانہ عجز العقلاء عن معرفۃ حقیقۃ النفس قالوا معرفۃ النفس معرفۃ صفاتہ وحقق ہذا البحث فی قولہ علیہ السلام من عرف نفسہ فقد عرف ربہ وما ینفعہا من العبادات والطاعات وما یضرہا من الفواحش والمنکرات فی اولاہا ای الدنیا۔ ما ینفعہا من الثواب والحسنات ما یضرہا من الآثام والسیئات حجۃ علیہ ای شاہدا ودلیلا الشہید علی ما یضرہ فی مناقب العلم ای فی بیان مفاخرہ وفضائلہ؎

؎ ہذا شروع فی بیان فضل العلم۔

یعنی اس کو عالم اور فقیہ کرتے ہیں۔ دنیا اور آخرت کی بھلائی علم کے ساتھ متعلق ہے یعنی علم ہی کے ذریعہ وہ حاصل ہو سکتی ہے اور دنیا و آخرت کی برائی جہل کے ساتھ مربوط ہے۔ مشکوٰۃ شریف صفحہ۳۲ میں بھی یہ روایت متفق علیہ کی بروایت معاویہ مروی ہے مگر وہ یفقہہ فی الدین تک ہے اس کے بعد اس میں ہے وانما انا قاسم واللہ یعطی۔ یعنی اور میں علم بانٹنے والا ہوں اور اللہ تعالیٰ علم کی سمجھ عطا فرماتے ہیں۔ اور شرح میں ہے ویکفی فی فضیلتہ ما روی عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ (فی المشکوٰۃ عن کثیر بن قیس) قال کنت جالساً مع ابی الدرداء رضی فی مسجد دمشق فجاءہ رجل فقال یا ابا الدرداء انی جئتک من مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم لحدیث بلغنی انک تحدثہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما جئت لحاجۃ قال فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من سلک طریقاً یطلب فیہ علماً سلک اللہ بہ طریقاً من طرق الجنۃ وان الملائکۃ لتضع اجنحتہا رضاً لطالب العلم وان العالم لیستغفر لہ من فی السموات ومن فی الارض والحیتان فی جوف الماء وان فضل العالم علی العابد کفضل القمر لیلۃ البدر علی سائر الکواکب وان العلماء ورثۃ الانبیاء وان الانبیاء لم یورثوا دیناراً ولا درہماً وانما ورثوا العلم فمن اخذہ اخذ بحظ وافر (رواہ احمد والترمذی وابو داؤد وابن ماجۃ والدارمی وسماہ ای الراوی الترمذی قیس بن کثیر) کذا ذکر فی کتاب المصابیح۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

یعنی علم کی فضیلت میں وہ حدیث کافی ہوگی جو حضرت ابو الدرداءؓ سے روایت ہے (مشکوٰۃ شریف صفحہ۳۲ وصفحہ۳۴ میں ہے کثیر بن قیس اور بروایت ترمذی قیس بن کثیر سے مروی ہے کہ میں دمشق ملک شام کی مسجد میں (غالباً جامع اموی میں) حضرت ابو الدرداءؓ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا پس ان کے پاس ایک شخص آیا تب اس شخص نے کہا اے ابو الدرداءؓ میں آپ کے پاس مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم (یعنی مدینہ منورہ) سے یہاں آپ سے ایک حدیث سننے کیلئے آیا جو مجھکو خبر پہنچی کہ آپ اس حدیث کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بیان فرماتے ہیں۔ (شاید انہوں نے اس حدیث کو اجمالی طور پر سن لیا تھا اب تفصیل معلوم کرنا چاہتا ہے۔ یا پہلے پوری حدیث سن لی اور اب بلا واسطہ سننا چاہتا ہے۔ بغرض افادہ علم یا زیادت یقین یا علو اسناد کے لئے کیونکہ یہ دینی امر ہے ۱۲ حاشیہ من المرقاۃ۔

میں (مدینہ منورہ سے اتنی دور و دراز مسافت کا سفر طے کرکے دمشق ملک شام تک ہو لئے اس حدیث کے سننے کے دوسری اور) کسی حاجت و ضرورت کیلئے نہیں آیا۔ (اس کے بعد حضرت ابوالدرداء رضؓ جو حدیث بیان فرمائی وہ یا تو اس شخص کا بعینہ مطلوب ہے یا اس کا بیان ہے کہ اس کا طلب حدیث کیلئے یہ سفر اور سعی عند اللہ مشکور و مقبول ہے اور یہاں اس شخص کے بعینہ مطلوب کا ذکر نہیں کیا گیا محشی فرماتے ہیں عن المرقاۃ والاوّل اغرب والثانی اقرب) حضرت ابوالدرداء رضؓ نے کہا سنا میں نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے) جو شخص کسی راستہ پر چلے گا یا اس میں داخل ہوگا کہ اس راستہ میں وہ علم کو طلب کرتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ جنت کے راستوں میں سے کسی راستہ پر چلنے کی توفیق عطا کریگا یا بسبب علم کے اس راستہ کو اس کے لئے آسان و سہل کر دیگا اور بیشک فرشتے طالب علم کو راضی و خوش کرنیکے ارادے سے (تواضع کرتے ہوئے یا اس کی مدد کرا اور سعی کو آسان کرنیکے لئے مجازاً یا حقیقۃً علم و ذکر سننے کیلئے) اپنے پروں کو پست کر لیتے ہیں (یعنی طیران سے پروں کو روک کر سمیٹ لیتے ہیں اور اترتے ہیں اگرچہ مشاہدہ نہ ہوسکے بوجہ لطافت طبع ملائکہ کے) اور تحقیق عالم کے لئے گناہ کی معافی چاہتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور مچھلیاں (دریائی تمام جانور) بھی پانی کے اندر رہکر (ان کیلئے گناہ کی معافی چاہتی ہیں) اور ضرور عالم کی فضیلت عابد (یعنی غیر عالم) پر مانند چودھویں رات کے چاند کی فضیلت کے ہے تمام ستاروں پر۔ اور بیشک علماء حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے وارث و نائب ہیں۔ اور تحقیق انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام دنیا میں نہ دینار یعنی سونے کا سکہ[1] میراث میں چھوڑ گئے ہیں اور نہ درہم یعنی چاندی کا سکہ۔ بلکہ فقط علم ہی میراث میں چھوڑ گئے ہیں۔ پس جس نے اس (علم نبوی) کو حاصل کر لیا اس نے پورا حصہ اور بڑا مرتبہ حاصل کر لیا۔ ایسا ہی مصابیح میں ذکر کیا گیا ہے۔

وعن ابن عباسؓ قال تدارس العلم ساعۃ من اللیل خیر من احیائہا۔ رواہ الدارمی (مشکوٰۃ صـ۳۶) یعنی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رات کا کچھ حصہ (یعنی ایک گھڑی) علم کا تدارس (یعنی آپس میں پڑھنا پڑھانا) اس تمام رات کو عبادت کرکے زندہ رکھنے سے زیادہ بہتر ہے۔ اور مجمع البحار ج ۲ صـ۲۱۴ میں ہے، تعلیم و تعلم کی فضیلت پر جو احادیث دلالت کرتی ہیں ان میں سے بعض یہ بھی ہیں: وفضل عالم یصلی المکتوبۃ ثم یجلس فیعلم الناس

---

[1] دینار سونے کا سکہ بمقدار ساڑھے چار ماشہ یعنی چھ تنے وزن کا بھی، وہ چاندی کا سکہ بھی ہوا کرتا ہے مگر اس کو مثقال کہا جاتا ہے اسی مقدار پر۔ اور درہم شرعی چاندی کا سکہ بمقدار تین ماشہ ایک رتی اور پانچواں حصہ رتی برابر ۱۲ منہ

سہ پر بچھا دینے کا معنی وضع اجنحہ سے سمجھنا بندہ کی سمجھ سے باہر ہے، واللہ اعلم ۱۲

الخیر علی العابد الذی یصوم النہار ویقوم اللّیل کفضلی علی ادناکم، یعنی ایسے عالم کی فضیلت جو فرض نماز کو ادا کرنیکے بعد لوگوں کو خیر و نیکی اور علم پڑھانے کے واسطے بیٹھ جاتا ہے۔ اس عابد پر جو دن بھر روزہ رکھتا ہے اور ساری رات عبادت کرتاہے ایسی ہے جیسی میری فضیلت تم (صحابہؓ) میں ادنیٰ صحابی پر (یعنی جو بُعد مرتبہ وتفاوت یہاں ہے عالم (معلّم ناس) اور اُس عابد کے درمیان میں بھی ہے) اس حدیث کا ایک ٹکڑا یعنی فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم، ابو اُمامہ باہلیؓ کی روایت سے ترمذی و دارمی سے بھی مروی ہے جو مشکوٰۃ شریف صـ۳۴ میں مذکور ہے بلکہ بعینہ یہ حدیث اُس حدیث کا ایک ٹکڑا ہے جو مشکوٰۃ صـ۳۶ میں حسن بصری سے مرسلاً مروی ہے اس میں دو شخص کے متعلق سوال ہوا تھا جو بنی اسرائیل میں سے تھے ایک عالم دوسرا عابد کہ دونوں میں سے کون افضل ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم کی فضیلت بتلاتے ہوئے ارشاد فرمایا فضل ھٰذا العالم الذی یصلّی المکتوبۃ الیٰ آخر الحدیث بعینہ۔ رواہ الدارمی۔ اور اسی مجمع البحار میں مروی ہے۔ لان تغدو فتتعلم آیۃ من کتاب اللہ خیر لک من ان تصلّی مائۃ رکعۃ، یعنی ایک صبح کے وقت تمہارا، قرآن مجید کی ایک آیت سیکھ لینا ایک سَو رکعت نفل نماز پڑھنے سے زیادہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ اور مصنف مجمع البحار اپنے شیخ واستاد قطب الزمان شیخ علی المتقی صاحب کنز العُمّال سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا بیشک میں نے بعض ایسے جُہلاء اور تصوّف ومعرفت کی ڈھونگ رچانے والے کو دیکھا جو سلوک طریق اللہ یعنی معرفت وحقیقت کا دعویٰ تو بہت کرتے ہیں لیکن حقیقت میں ان کو اس کی ہوا بھی نہیں لگی کہ وہ تعلیم وتعلّم کا انکار کرتے ہیں۔ اور اس سے اپنے لوگوں کو روکتے ہیں گویا کہ یہ لوگ علم وعلماء کے دشمن ہیں۔ اور وہ نہیں جانتے کہ یہ اُن کے ایمان میں ضرور نقصان ڈالنے والا ہے۔ اور اس کیلئے وہ دلیل یہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود اُمّی (یعنی ان پڑھ) تھے۔ اور وہ لوگ یہ خیال نہیں کرتے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم (باوجود اُمّی ہونیکے) صاحب علم اور علم کا معدن ومخزن بلکہ چشمہ تھے۔ بسا اوقات اس قسم کے جاہل لوگوں کو کسی ذکر یا اسم کے وِرد کرنیکی وجہ سے ایک طرح کی کچھ صفائی قلب حاصل ہو جاتی ہے۔ تو اس سے وہ مغرور اور متکبّر ہو جاتے ہیں، اور وہ یہ نہیں سمجھتے کہ یہ صفائی قلب بغیر علم کے اس کیلئے آفتوں کا پیش خیمہ اور فتنہ ہے۔ مثلاً حلول یعنی ذات

خداوندی ان کے اندر سرایت کرنے اور اتحاد یعنی وجود خداوندی ان کے وجود کے ساتھ ملکر ایک ہوجانے وغیرہ باطل عقیدے کی لاف زنی اور ہرزہ سرائی کرتے ہیں جو سراسر انکی جہالت اور نادانی پر مبنی ہے۔

اور بعض جاہل لوگ صوفیاء و مشائخ رح کے اس قول کو اپنے لئے دلیل اور حجت قرار دیتے ہیں جو کہ انہوں نے فرمایا کہ العلم حجاب الاکبر یعنی علم اکبر واللہ کا حجاب اور پردہ ہے۔ لیکن وہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ وہ اُن کیلئے حجت اور دلیل نہیں ہے۔ اس قول کو آڑ بنا کر اُن کے علم ترک کرنے کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص کسی کا عاشق ہو تو اس شخص کو کوئی یہ بتائے کہ تمہاری معشوق اس دیوار کے پیچھے ہے پس وہ شخص یہ کہے کہ دیوار تو حجاب اور آڑ ہے اور یہ کہکر اس کو چھوڑ دے پس کیا اس سے زیادہ احمق و جاہل اور کوئی ہوسکتا ہے؟ اس پر تو واجب یہ تھا کہ دیوار کو پھاند کر محبوب کے ساتھ ملے نہ یہ کہ وہاں سے واپس ہوجائے اور محبوب کو چھوڑ دے (اسی طرح سمجھو کہ علم اللہ کا حجاب اور آڑ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ علم کی دیوار اور حجاب کے پیچھے مستور ہیں یعنی بواسطۂ علم اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرسکتے ہیں نہ کہ جہل کے ساتھ۔ علم کی دیوار پھاند کر اور اس کو پار کرکے اللہ تعالیٰ کی معرفت تک پہنچ سکتے ہیں جیسا کہ ارشادِ ربانی بھی اس طرف مشیر ہے چنانچہ کہا گیا، انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء یعنی اللہ تعالیٰ کو اُن کے بندوں میں سے فقط علماء ہی ڈرتے ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ بغیر علم و معرفتِ خداوندی کے ان کی خشیت نہیں پیدا ہوسکتی ہے۔ حضرت رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان واجب الاذعان ہے من عرف نفسہ فقد عرف ربہ یعنی جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا کہ وہ حقیر و عاجز، ناقص و باعیب، فانی و زائل، مخلوق و مملوک اور عبد وغیرہ ہے، تب اپنے پروردگار کو پہچان لیا کہ قادر و کامل، پاک و بے عیب، باقی و دائم اوّل و آخر، ازلی و ابدی، خالق و مالک اور معبود ہیں۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ بذریعہ علم کے خدا تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوسکتی ہے۔ ع کہ بے علم نتواں خدارا شناخت، کیونکہ بغیر علم حقیقی کے خدا کو نہیں پہچان سکتا ہے۔ اسی وجہ سے معرفت رب کیلئے علم حجاب ور واسطہ ہے اور مشائخ رح علم کو "حجاب اکبر" اس وجہ سے فرمائے کہ علم حاصل کرنے میں اس کے موانع و مشکلات پر قابو پانے کیلئے بے انتہا مشقت اور بیحد تکلیف اٹھانے کی ضرورت ہوتی ہے،

جیسا کہ بایزید بسطامیؒ نے فرمایا کہ میں مجاہدہ میں تیس سال تک عمل کیا مگر میں علم اور متعلقات علم سے زیادہ سخت اور مشکل کسی چیز کو نہیں پایا۔ اور اگر اختلاف علماء نہوتا تو میں تو بالکل ہلاک ہو جاتا۔ اور علم حاصل نہوتا ان کے اختلاف سے مجھ پر یہ رحمت ہوئی کہ مجھکو بعد مشقت بسیار کچھ علم حاصل ہوا۔ دوسرا یہ کہ علم اس شخص کیلئے "حجاب اکبر" اور پردہ بنے گا، جو اس کو تفاخر (باہم فخر کرنے) اور حطام دنیا (دنیا کی حقیر چیز) جمع کرنے کیلئے ہے طلب کرے۔ تیسرے یہ کہ جو شخص مسائل دین اور علم شریعت کو ترک کرے اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ ایک شخص کسی ایسے غائب شخص کی محبت کا دعویٰ کرے جس کی طرف پہنچنے کا راستہ اس کو معلوم نہو۔ پس اس کا محبوب اس کے پاس خط بھیجے جس میں اس کی طرف پہنچنے کا راستہ بتا دیا گیا ہو۔ مگر وہ کتاب کو پھینکدیتا ہے۔ اور اس کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھتا اور یہ گمان کرتا ہے کہ وہ کتاب محبوب کی طرف پہنچنے میں پردہ اور آڑ ہے۔ پس بلا شبہ وہ تمام عقلمندوں کے نزدیک احمق (بیوقوف) اور کاذب (جھوٹا) ٹھہریگا۔ تو قرآن مجید و احادیث اور علوم دینیہ بھی اسیطرح محبوب حقیقی اللہ تعالیٰ کی طرف پہنچنے کا راستہ بتانیوالے ہیں۔ اور شیخ مولیٰ اعظم معین الدین اجمیری قدس اللہ سرہٗ کی طرف سے حکایت کیگئی ہے کہ ان سے اس مقولہ العلم حجابُ الاکبر کے متعلق جب سوال کیا گیا تو انہوں نے بیان کیا کہ وہ لفظ حجاب بکسر حا نہیں ہے بلکہ اصل میں وہ "حُجَّابُ اللہ الاکبر" بضم حا و تشدید جیم ہے یعنی علم اللہ تعالیٰ کی دربار کے دربان سب ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ اس کے بعد جاننا چاہیئے کہ علم دو قسم کے ہیں ظاہری اور باطنی اور علم ظاہری کیلئے کچھ مقدمات ہیں جیسا کہ علوم و فنون عربیہ اور کچھ مقاصد ہیں جیسا کہ علم تفسیر و فقہ اور حدیث اور علم الباطن علم الاخلاق ہی کا نام ہے جیسا کہ اخلاص و توکل و تواضع و تفویض و قصر امل و زہد بدنیا و نصیحت و قناعت و رضا و صبر و ذکر و احسان وغیرہ اور ان کی اضداد جیسے کبر وغیرہ اور ان میں سے بعض فرض عین ہے اور بعض فرض کفایہ ہے اور یہ تمام اُن کی متعلقہ کتب سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ وباللہ التوفیق، انتہیٰ۔

اور مناقب امام ابی حنیفہؒ للموفق بن احمد المکی ج اول ص۲۵ میں ہے۔ عن امام الائمۃ فقیہ الامۃ ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ قال لقیتُ سبعۃً من اصحاب رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسمعت من کلّ واحد منھم خبرًا لقیتُ

عبد اللہ بن الحارث بن جزء الزبیدیؓ صاحب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقلت ارید ان اسمع منہ فحملنی ابی علی عاتقہ وذھب بی الیہ فقال ما ترید؟ فقلت ارید ان تحدثنی حدیثاً سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول اغاثۃ الملھوف فرض علی کل مسلم، من تفقہ فی دین اللہ کفاہ اللہ ھمہ ورزقہ من حیث لا یحتسب الخ یعنی امام اعظم ابوحنیفہؒ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے سات صحابی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی (جس کی تفصیل مفصّل حدیث میں مذکور ہے) اور ہر ایک سے میں نے حدیث سنی (یہ حدیث مختلف اٹھارہ طُرق سے اس کتاب میں مروی ہے اور یہ طریق بھی مفصلاً آخر تک اس کتاب میں ساتوں صحابیوں کے نام اور روایات مسموعہ ومرویہ کے ساتھ مندرج ہے) پس میں نے عبداللہ بن حارث بن جزء زبیدیؓ صحابی رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملاقات کی اسوقت میں نے کہا کہ میں ان سے حدیث سننا چاہتا ہوں تب میرے والد محترم نے (بوجہ زیادہ ازدحام اور بھیڑ کے) مجھکو کندھوں پر اُٹھا کر ان کے پاس لیگئے اس وقت آپ نے کہا تم کیا چاہتے ہو؟ میں نے کہا آپ سے میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ وہ حدیث مجھکو بیان فرمائیں جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا۔ اس پر انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ نے فرمایا کہ مظلوم کی مدد اور فریاد رسی سب مسلمانوں پر فرض ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کے دین کا علم خاص ان کی خوشنودی اور رضاء کیلئے (نہ کسی دوسری دنیوی غرض کیلئے) حاصل کیا تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام اندیشے و فکروں اور سارے ہموم وغموم کو دور کر دیگا۔ نیز اس کو ایسے وسیلے سے رزق عطا فرمائیگا جہاں سے اس کو رزق پہنچنے کا وہم وگمان بھی نہ ہو (سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر)

ان آیات واحادیث اور مندرجہ بالا بیانات سے یہ بخوبی واضح ہوگیا ہے کہ حدیث شریف کا لفظ طلبُ العلمِ فریضۃ سے علم دین وشریعت مراد ہے نہ کہ دوسرے علوم، کیونکہ العلم میں لام عہدی ہے۔ (اس لئے کہ جنسی استغراقی کو مستلزم ہے) اور استغراقی مراد لینا کسی طرح ٹھیک نہیں ہوسکتا ہے۔ بدیں وجہ کہ تمام علوم دنیا ودین کا حاصل کرنا طاقت بشریہ

خارج نہیں تو متعذر و دشوار ضرور ہے، لا یکلف اللہ نفساً الا وسعہا۔ نیز اگر جنس علم سے بغیر تعیین کسی ایک فردِ علم کا سیکھنا ہی مراد ہو تو فرضیت میں ترجیح بلا مرجح کو لازم ہے۔ بلکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علم شریعت ہی کیلئے مبعوث ہوئے جو بُعثتُ معلّماً سے مستفاد ہے، نیز علماء کو ورثۃ الانبیاء اور علم کو میراث نبوی قرار دیا گیا ہے اس سے صاف عیاں ہو گیا کہ علم سے علم نبوی شرعی مراد ہے، اور علم معہود شرعی وہ علم ہے جو آیات و احادیث میں مذکور اور معروف و مشہور ہے اس لئے دیگر علوم کے عالم کو اصطلاح شرع میں نہ عالم کہا جا سکتا ہے نہ ان علوم کو علوم معتمد علیہا عند الشرع بتلایا جا سکتا ہے۔ (ھٰذا ما فھمت واللہ اعلم بالصدق والصواب والیہ المرجع والمآب)۔

فصل (۲) فی النیۃ فی حال التعلم

ثم لابد لہ من النیۃ فی زمان تعلم العلم اذ النیۃ ھی الاصل فی جمیع الاحوال لقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام انما الاعمال بالنیات حدیث صحیح وعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کم من عمل یتصور بصورۃ اعمال الدنیا ویصیر بحسن النیۃ من اعمال الاٰخرۃ۔

فصل (۲) طلب علم کی حالت میں نیت اور قصد کرنے کے بیان میں

پھر طالب علم کو طلب علم کے زمانے میں نیت اور قصدِ علم کا ہونا ضروری ہے کیونکہ نیت تمام احوال میں اصل اور ضروری ہے جیسا کہ حدیث صحیح میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا بیشک اعمال کا ثواب و عقاب اور جزا و سزا یا اس کی خیر و برکت نیتوں پر فقط دار و مدار رکھتی ہے اور آپ ہی سے روایت ہے کہ بہت سے اعمال بظاہر اعمال دنیوی کی صورت میں نظر آتے ہیں لیکن حسنِ نیت کی بدولت اعمال آخرت میں سے ہو جاتے ہیں۔

تحقیق الالفاظ:۔ اذ النیۃ، ای التی حصلت، ہی الاصل خاصۃ۔ فی جمیع الاحوال مقصودۃ بالذات او غیر مقصودۃ الا انہا جعلت فرضا فی العبادات المقصودۃ وسنۃ فی غیرہا۔ بالنیات ای حکم الاعمال من الثواب والجزاء بالنیات حدیث۔ ای ہذا حدیث کم من عمل، کم ہہنا خبریۃ ای الکثیر من الاعمال یتصور علی بناء الفاعل ای یصیر ذا صورۃ اعمال الدنیا التی لا ثواب لہا من اعمال الاٰخرۃ، کالاکل والشرب والنوم فان صورتہا صورۃ اعمال الدنیا ویصیر کل منہا بمقارنۃ حسن النیۃ من اعمال ۱۲
م الاٰخرۃ مثلا اذا قصد بالاکل التقوی یا العبادۃ یصیر من اعمال الاٰخرۃ وکذا الشرب والنوم وغیرہما ۱۲

وكم من عمل يتصوّر بصورة اعمال الآخرة ثم يصير من اعمال الدنيا بسوء
النية وينبغي ان ينوي المتعلم بطلب العلم رضا الله تعالى والدار الآخرة
وازالة الجهل عن نفسه وعن سائر الجهال واحياء الدين وابقاء الاسلام
فان بقاء الاسلام بالعلم ولا يصح الزهد والتقوى مع الجهل وانشد
الشيخ الامام الاجل برهان الدين صاحب الهداية شعرا لبعضهم

فسادٌ كبيرٌ عالمٌ متهتّكٌ ❊ واكبر منه جاهلٌ متنسّكٌ
هما فتنة في العٰلمين عظيمة ❊ لمن بهما في دينه يتمسّك

ترجمہ وتشریح:- اور بہت سے اعمال بظاہر اعمالِ آخرت کی صورت میں نظر آتے ہیں لیکن بُری نیت کی وجہ سے وہ اعمال دنیوی میں شمار ہوتے ہیں (مگر قطعی حرام و معصیت میں اچھی نیت کسی قسم کا فائدہ نہیں دیتی ہے (مظاہر حق) پس طالب علم کو لازم اور ضروری ہے کہ اپنے طلب علم کیساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی، دارِ آخرت کی درستی، اپنے نفس نیز دوسرے جاہلوں کے جہل کو دور کرنے، دین و شریعت کو زندہ کرنے اور اسلام کو باقی رکھنے کی نیت کرے۔ کیونکہ بقاءِ اسلام (فقط) علم ہی کے طفیل سے ہے اور زُہد و تقویٰ بھی جہل کے ساتھ غیر صحیح اور بیکار رہتا ہے ہمارے استاذ شیخ الاسلام امام اجل برہان الدین علی بن ابی بکر مرغینانی صاحب ہدایہ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے بعض علماء کا شعر پڑھا۔
جس کا ترجمہ یہ ہے: ایک بڑا فساد ہے کہ عالم خلافِ شرع چلنے والا ہو اور حدود شرع کی پروا نہ کرنے والا ہو اور اس سے بڑا فساد ہے کہ جاہل علم شریعت سے عبادت گذار یعنی عابد اور درویش ہو کہ دونوں جہان میں لوگوں کیلئے بڑے فتنہ اور امتحان کے باعث ہیں۔ اُن لوگوں کیلئے جو دین کے بارے میں ان دونوں کی اقتدا کریں۔

تحقیق الالفاظ:- بسوء النية، كالاعمال التي فعلت على وجه الرياء. ان ينوي، هذا شروع البيان كيفية النية بطلب العلم متعلق بينوي رضا الله تعالى مفعول ينوي اي يقصد بتعلم العلم تحصيل رضا الله تعالى والدار الآخرة، اي دخول الجنة عن نفسه، بالتعلم وعن سائر الجهال بتعليمهم العلم، واحياء الدين معطوف على ازالة الجهل وانشد، الانشاد قراءة الشعر لبعضهم اي لبعض العلماء۔ متهتك الذي لا يبالي ان يتهتك ويمزق ستره والعالم المتهتك هو الذي يفعل خلاف الشرع من الافعال الرديّة ولا يبالي ان يفتضح وفساد مثل ذلك العالم كبير لانه يراه الجهال فيغترون بفعله ويفعلون متنسك اي متعبد والجاهل المتنسك هو المقصد في عقيدة الجاهل في افعاله واقواله لا يعرف صحتها وفسادها كالصوفية في زماننا دائما كان اكبر من العالم المتهتك في الفساد لان فساده قد يكون في الاعتقاد والعمل جميعا فكان اكبر فسادا من العالم لان اعتقاده صحيح يتمسك اي يتمسك بالعالم والجاهل المذكورين

وینوی بہ الشکر علی نعمۃ العقل وصحۃ البدن ولا ینوی بہ اقبال الناس ولا استجلاب حطام الدنیا والکرامۃ عند السلطان وغیرہ۔

ترجمہ وتشریح: اور اس طلب علم کے ساتھ نعمت عقل اور صحت بدن کے شکر یہ ادا کرنے کی نیت کرے لیکن اس کے ساتھ نہ لوگوں کا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہونے کی نیت کرے اور نہ دنیا کے مال ومتاع حاصل کرنے اور نہ بادشاہ وامراء وغیرہ کے پاس عزت پانے وغیرہ امور دنیوی کی نیت کرے، (۱) عن ابن عباس قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اناسا من امتی سیتفقھون فی الدین ویقرؤون القرآن یقولون نأتی الامراء فنصیب من دنیاہم ونعتزلہم بدیننا ولا یکون ذلک کما لا یجتنی من القتاد الا الشوک کذلک لا یجتنی من قربہم الا قال محمد بن صباح کانہ یعنی الخطایا، مشکوٰۃ ص۳۷ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک میری امت میں سے کچھ لوگ عنقریب دین کا علم اور فقہ حاصل کرینگے اور قرآن پڑھینگے وہ لوگ کہینگے ہم امیروں کے پاس جاتے ہیں پس ان سے ہم دنیا (مال ودولت) حاصل کرتے ہیں اور اپنا دین ان سے بچائے رکھتے ہیں حالیکہ ایسا نہیں ہوسکیگا، جیساکہ قتاد (یعنی کانٹا دار درخت) سے بجز کانٹے کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا ایسا ہی امیروں کے قرب ونزدیکی سے نہیں حاصل ہوگا مگر راوی محمد بن صباح فرماتے ہیں شاید کہ آپ نے اس سے گناہوں کو مراد لیا۔ یعنی بغیر گناہوں کے اور کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

(۲) وعنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من سکن البادیۃ جفا ومن اتبع الصید غفل ومن اتی السلطان افتتن، رواہ احمد والترمذی والنسائی وفی روایۃ ابی داؤد ومن لزم السلطان افتتن وما ازداد عبد من السلطان

تحقیق الالفاظ:۔ بہ ای بطلب العلم، الشکر، وھو مقابلۃ النعمۃ بالثناء وآداب الجوارح وعقد القلب علی وصف المنعم بنعت الکمال کما قیل ؎ افادتکم النعماء منی ثلاثۃ ؛ یدی ولسانی والضمیر المحجبا۔ علی نعمۃ العقل اضافۃ بیانیۃ ای نعمۃ من العقل وصحۃ البدن معطوف علی العقل ای نعمۃ صحۃ البدن۔ اقبال الناس، ای توجہہم الیہ۔ استجلاب حطام الدنیا ای اخذہ متاع الدنیا من ایدی الناس۔ والکرامۃ ای الشکر والتعزز والتقرب عند السلطان وغیرہ، بالجر معطوف علی السلطان ای وعند غیر السلطان ویجوز ان یکون بالنصب ای لا ینوی غیرہ المذکور من الامور التی لا یکون فیہا رضا اللہ ورسولہ ۱۲

دنوا الا ازداد من اللہ بعدًا ، یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص گاؤں میں سکونت اختیار کیا وہ اُجڈ اور گنوار بنا۔ (اور اس درس و تدریس کی نعمت سے بھی محروم ہوگیا) اور جو شکار کے پیچھے پڑا غافل ہوا اور جو بادشاہ کے پاس آمد و رفت کیا فتنہ اور آزمائش میں مبتلا ہوا۔ ابو داؤد کی روایت میں ہے جو بادشاہ کے قرب و نزدیکی کو لازم کر لیا (وہ فتنہ اور آزمائش میں مبتلا ہوا) اور کوئی بندہ بادشاہ کے قرب میں نہیں بڑھ جاتا مگر وہ اللہ تعالیٰ سے دوری میں بڑھ جاتا ہے۔ احمد و ترمذی و نسائی اور ابو داؤد نے روایت کی۔

(۳) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عائشۃ ان اردت اللحوق بی فیکفیک من الزاد کزاد الراکب وایاک و مجالسۃ الاغنیاء ولا تستخلقی ثوبا حتی ترقعیہ۔ مشکوٰۃ۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ رض اگر تم مجھ سے ملنا چاہتی ہو تو تم کو اتنا سامان اور اسباب کافی ہونا چاہیئے جتنا کسی جانور پر سوار مسافر کیلئے ہو۔ اور بچو تم اغنیاء کے ساتھ مجلس اور اختلاط کرنے سے اور کسی کپڑے کو اس وقت تک پرانا سمجھکر استعمال ترک نہ کرو جبتک اُس میں رقعہ یعنی پٹی نہ لگالو، (یعنی بغیر رقعہ کپڑے کے استعمال کو ترک نہ کرو)۔

(۴) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تواضع لغنی لغناہ فقد ذھب ثلثا دینہ طریقہ محمدیہ و مکتوبات امام ربانی وغیرہ۔ وفی شرح الفقہ الاکبر لملا علی قاری رح حاصل ذلک من تواضع لغنی لاجل غناہ ذھب ثلثا دینہ لان آلۃ العبادۃ قلب ولسان وجوارح وفی تعظیم الغنی من استعمال اللسان والجوارح کذا قیل واقول لا یتصور التعظیم الا من القلب فکان القائل بہ اراد ان ھذا اذا کان تعظیمہ باللسان والارکان ظاھرًا ولا یکون بالجنان باطنا والا فذھب دینہ کلہ، والحدیث رواہ البیھقی وغیرہ باسانید ضعیفۃ وفی روایۃ الدیلمی لعن اللہ فقیرًا تواضع لغنی من اجل مالہ من فعل ذلک منھم فقد ذھب ثلثا دینہ۔ یعنی طریقہ محمدیہ و مکتوبات امام ربانی وغیرہ میں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کسی غنی کو بوجہ اسکے غنا کے (تعظیماً) تواضع و فروتنی کی تو اس کا دو تہائی دین برباد اور ختم ہوگیا۔ شرح فقہ اکبر ملا علی قاری رح میں ہے خلاصہ اور حاصل اس کا یہ ہے کہ چونکہ عبادت کا آلہ قلب، زبان اور جوارح (یعنی اعضاء) ہے، پس جس نے صرف ظاہری طور پر زبان اور جوارح سے غنی کی تعظیم کی اور باطنی طور پر دل سے تعظیم نہیں کی

تو اس کا دو تہائی دین چلا گیا اور اگر باطنی طور پر دل سے بھی تعظیم کی تو اس کا پورا دین چلا گیا۔ ورنہ دل کے بغیر فقط زبان و اعضاء سے تعظیم کس طرح متصور ہو سکتی ہے؟ جس کی وجہ سے دو تہائی دین برباد ہو جائے کیونکہ بغیر دل کے تعظیم نہیں ہو سکتی ہے۔ اس حدیث کو بیہقی وغیرہ نے اسانید ضعیفہ کے ساتھ روایت کی نیز دیلمی کی روایت میں ہے، لعنت کرے اللہ تعالیٰ اس فقیر پر جس نے غنی کے لئے فقط اس کے مال کی وجہ سے تواضع اور فروتنی کی جس نے ایسا کیا اس کا دو تہائی دین چلا گیا۔ احیاء العلوم میں ہے من اکرم فاسقاً فقد اعان علی ہدم الاسلام، من تواضع لغنی لیس بظالم لاجل غناہ لالمعنی آخر اقتضی التواضع نقص ثلثا دینہ فکیف اذا تواضع لظالم؟ یعنی جس نے فاسق کی عزت و تعظیم کی پس اس نے اسلام کی بنیاد کو ڈھا دینے پر مدد کی جس نے ایسے غنی کیلئے جو ظالم نہیں فقط اس کی تونگری اور مال کی وجہ سے نہ دوسرے کسی مقتضی تواضع کی وجہ سے تواضع اور فروتنی کی پس اس کا دو تہائی دین کم ہو گیا سب کیا کچھ ہو گا اگر ظالم کیلئے تواضع اور فروتنی کی؟ (خوب سمجھ لو)

(۵) عن عبد اللہ بن مسعود رضی قال ولو ان اهل العلم صانوا العلم ووضعوه عند اهله لسادوا به اهل زمانهم ولكنهم بذلوه لاهل الدنيا لينالوا به من دنياهم فهانوا عليهم۔ مشکوٰۃ ص۳۷ یعنی عبد اللہ بن مسعود رضی نے فرمایا کہ اگر اہل علم اپنے علم کی حفاظت کرتے اور مستحق علم کو علم بتلاتے اور ان کیلئے خرچ کرتے تو ان کے زمانہ کے تمام لوگوں پر اپنے علم کی بدولت سرداری کرتے لیکن انہوں نے دنیا داروں کے لئے اپنا علم خرچ کیا تاکہ ان کی دنیا (یعنی مال و دولت) سے ان کو کچھ حصہ ملے اس وجہ سے دنیا داروں کے پاس اہل علم ذلیل و خوار ہو گئے۔

(۶) عن الاعمش قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم آفة العلم النسيان و اضاعته ان تحدث به غير اهله، مشکوٰۃ ص۳۷ یعنی اعمش سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم کی آفت اور مصیبت اس کو بھول جانا ہے۔ اور اس کو برباد کرنا یہ کہ غیر مستحق اور غیر اہل کو تو وہ علم بتلا دے،

(۷) عن انس رضی قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم واضع العلم عند غير اهله كمقلد الخنازير الجوهر واللؤلؤ والذهب۔ مشکوٰۃ ص۳۴ في الحاشية قوله غير اهله بان لا يفهمه اولا يعمل به من ارباب الدنيا۔ وفي موضع آخر منها او من يريد منه عرضاً

دنیویًا اولا یتعلّمہ للہ۔ یعنی انسؓ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غیر اہل اور غیر مستحق کو علم بتلانے والا ایسا ہے جیسا کہ سوروں کے گلے میں جوہر، موتی اور سونے کا ہار پہنانیوالا۔ حاشیہ میں ہے غیر اہل کو علم بتلانے کا مطلب یہ کہ ایسے آدمی کو بتلا دے جو اس کو نہ سمجھ سکے یا اس پر عمل نہ کرے دنیا داروں میں سے (کسی آدمی کو بتلا دے) دوسری جگہ میں ہے یا کہ ایسے آدمی کو بتلا دے جو اس سے کوئی دنیوی غرض کا ارادہ کرے، یا خالص لوجہ اللہ وہ آدمی تعلیم نہ حاصل کرتا ہو۔ احیاء العلوم للامام الغزالیؒ میں ہے، (۸) ما من شئ ابغض الی اللہ یزور عاملاً۔ (۹) قال عبادۃ بن الصامتؓ حب القاریٔ الناسك الامراء نفاق وحب الاغنیاء ریاء۔ (۱۰) وقال عبد اللہ بن مسعودؓ ان الرجل لیدخل علی السلطان ومعہ دینہ فیخرج ولا دین لہ قیل لہ ولِمَ؟ قال لانہ یرضیہ بسخط اللہ۔ (۱۱) وقال الفضیل ما ازداد رجل من ذی سلطان قربا الا ازداد من اللہ بُعدًا۔ (۱۲) وقال وھیب ھؤلاء الذین یدخلون علی الملوك لھم اضر علی الامۃ من المقامرین۔ (۱۳) وقال محمد بن مسلمۃ الذباب علی العذرۃ احسن من قاریٔ علی باب ھؤلاء۔ من علم فسادا فی موضع وعلم انہ لا یقدر علی ازالتہ فلا یجوز ان یحضر لیجری ذلك بین یدیہ وھو یشاھدہ ویسکت بل ینبغی ان یحترز عن مشاھدتہ۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک عامل و حاکم کی زیارت کرنے سے زیادہ بغض اور ناپسندیدگی کی چیز اور کوئی نہیں ہے۔ عبادہ بن الصامتؓ نے فرمایا کہ قاری یعنی عالم اور عابد کا امیروں سے محبت کرنا منافقی ہے اور ان کا اغنیا سے محبت رکھنا ریا ہے۔ اور عبد اللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ بیشک آدمی بادشاہ کے پاس اس حال میں جاتا ہے کہ اس کے ساتھ اس کا دین رہتا ہے، اس کے بعد وہاں سے اس طرح نکل آتا ہے کہ اس کے پاس اپنا دین نہیں رہتا۔ (یعنی وہاں اپنا دین و ایمان ضائع اور برباد کرکے نکل آتا ہے) آپ سے پوچھا گیا کہ اس کی کیا وجہ؟ آپ نے فرمایا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کو ناراض کرکے (یعنی ان کی نافرمانی کے کام میں) بادشاہ کو خوش کرتا ہے، اور کہا فضیلؒ نے نہیں بڑھتا ہے کوئی شخص بادشاہ کے قرب و نزدیکی میں، مگر وہ اللہ تعالیٰ سے دوری میں بڑھتا رہتا ہے، (یعنی جتنا بادشاہ سے قریب ہوگا اتنا اللہ تعالیٰ سے بعید ہوتا جائیگا) اور وہیبؒ نے کہا یہ جو لوگ بادشاہوں کے یہاں جاتے ہیں۔

وہ جوا کھیلنے والوں سے بہت زیادہ ان کیلئے امت پر ضرر پہنچانیوالے ہیں۔ اور محمد بن سلمہؓ نے کہا کہ قاری اور عالم کا ان بادشاہوں کے دروازہ پر جانے سے بہت اچھا اور عمدہ یہ ہے کہ مکھی پاخانہ پر ہو، جس نے کسی جگہ پر کوئی فساد ہونے کو جانا اور یہ بھی جانا کہ وہ اس کے دفع اور ازالہ پر قدرت نہیں پائے گا۔ تو اس کیلئے وہاں حاضر ہونا جائز نہیں ہوگا کیونکہ اگر وہ وہاں حاضر ہوگا تو اس کے سامنے وہ فساد عمل میں لایا جائے گا اور وہ مشاہدہ کرتا رہے گا اور چپ رہیگا بلکہ ضروری ہے کہ اس کے مشاہدہ کرنے سے پرہیز کرے،

(۱۴) اور اسی قبیل میں سے ہے جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نعم الامیر علی باب الفقیر وبئس الفقیر علی باب الامیر، یعنی کیا ہی اچھا امیر ہے وہ جو فقیر کے دروازہ پر خود حاضر ہو جائے اور کیا ہی برا فقیر ہے وہ جو امیر کے دروازہ پر حاضری دے۔

(۱۵) وعن کعب بن مالکؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من طلب العلم لیجاری بہ العلماء اولیماری بہ السفہاء اویصرف بہ وجوہ الناس الیہ ادخلہ اللہ النار، رواہ الترمذی ورواہ ابن ماجۃ عن ابن عمر، مشکوٰۃ ص۳۴ یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اس نیت سے علم طلب کیا تاکہ علماء سے مقابلہ کرے اور جاہلوں سے جھگڑے یا کہ لوگوں کو یعنی عوام و طلبہ کو اپنی طرف مائل کرے (تاکہ اس کی تعظیم کرے یا اس کو مال و دولت دے مطلب یہ کہ لوگوں میں شہرت حاصل کرنیکے لئے علم طلب کرنیکی نیت کرے) اس کو اللہ تعالیٰ دوزخ میں داخل کرے گا۔

(۱۶) وعن ابی ھریرۃؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تعلم علماً مما یبتغی بہ وجہ اللہ لایتعلمہ الالیصیب بہ عرضاً من الدنیا لم یجد عرف الجنۃ یوم القیامۃ یعنی ریحہا۔ رواہ احمد وابوداؤد وابن ماجۃ، (فی الحاشیۃ وظاھر العبارۃ یفید تحریم الجنۃ علیہ فیکون المراد عدم دخولہ مع السابقین الناجین ۱۲ مرقات) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے ایسا ایک علم حاصل کیا جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی طلب کی جا سکتی ہے (یعنی علم دین) وہ اس علم کو اور کسی غرض کیلئے نہیں حاصل کرتا ہے سوائے اس بات کے تاکہ اس کی بدولت دنیا کے مال و دولت میں سے کچھ حاصل کر سکے تب وہ قیامت کے دن جنت کی ہوا کو بھی نہیں پاسکے گا۔ (حاشیہ میں ہے

ظاہر عبارت سے اس پر جنت حرام ہونا معلوم ہوتا ہے لیکن اس سے مراد یہ ہے کہ وہ سابقین ناجین کے ساتھ دخول اولی سے محروم رہے گا (مشکوٰۃ ص۲۷)

(۱۷) حدیث مذکورہ ۵ کے آخر کا ایک حصہ یہ بھی ہے۔ سمعت نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم یقول من جعل الھموم ھماً واحداً ھم آخرتہ کفاہ اللہ ھم دنیاہ ومن تشعبت بہ الھموم احوال الدنیا لم یبال اللہ فی ای اودیتھا ھلک، رواہ ابن ماجۃ ورواہ البیھقی فی شعب الایمان عن ابن عمر من قولہ من جعل الھموم الی الخبرۃ مشکوٰۃ ص۲۷ یعنی عبداللہ بن مسعود رضی نے فرمایا کہ (اے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنے والے مخاطبو!) تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے یہ سنا ہے کہ آپ نے فرمایا جس نے تمام ہموم وغموم کو ایک ہم و فکر اور دھندہ اور اندیشہ میں تبدیل کر لیا (یعنی تمام ہموم و اندیشوں کو چھوڑ کر فقط) آخرت کی فکر و اندیشہ کے پیچھے پڑا تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیوی ہموم و اندیشوں کو بھی پورا اور بس کر دیگا اور جس کو احوال دنیا کے مختلف و متعدد ہموم وغموم اور اندیشوں اور دھندوں نے گھیر لی۔ (کہ کبھی اس فکر میں اور کبھی اس فکر میں ہے) تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر شفقت ورحمت سے نہیں دیکھیں گے۔ (اور نہ تائید اور مدد کرینگے) خواہ وہ ان ہموم یا احوال دنیا کی جس وادی (یعنی فکر و اندیشہ کے عمیق غار) میں پڑھکر ہلاک ہو جائے (نہ دنیا کی فکر پوری ہوگی اور نہ آخرت کی فکر)

(۱۸) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا ان شر الشر شرار العلماء وان خیر الخیر خیار العلماء۔ رواہ الدارمی مشکوٰۃ ص۳۷ فی الحاشیۃ قال الطیبی انما کانوا شر الشر و خیر الخیر لانھم سبب لصلاح العالم وفسادہ والیھم ینتھی امور الدین والدنیا وبھم الحل والعقد ۱۲ مرقات، یعنی حضور پر نور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار ہو جاؤ کہ بیشک بروں میں بدترین آدمی بدتر علماء ہیں اور بھلوں میں سب سے زیادہ بہترین آدمی بہتر علماء سب ہیں۔ حاشیہ میں ہے علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ علماء بدترین سے بدتر اور بہترین سے بہتر ہوئے اس لئے کہ وہ لوگ صلاح و فساد عالم کے سبب ہیں۔ (اگر وہ صالح ہیں تو دنیا صالح اور اگر وہ فاسد ہوئے تو جہان بھی فاسد ہو گیا) اور انھیں کی طرف امور دین و دنیا منتہی ہوتے ہیں۔ اور ان ہی کے ذریعہ حل و عقد قائم ہوتا ہے ۱۲ مرقات۔ اور حدیث مذکورہ بالا ۱۵ و ۱۶ سے بخوبی ان کا فاسد ہونا اور انکی نیت کا خراب ہونا معلوم ہو چکا ہے بنا بریں یہ بدترین مخلوق کہلائے۔

قال محمد بن الحسن رحمہ اللہ تعالیٰ لو کان الناس کلہم عبیدی لاعتقتہم وتبرأت عن ولائہم ومن وجد لذۃ العلم والعمل بہ قلما یرغب فیما عند الناس

(بقیہ گذشتہ) ۱۹۔ قال اُناس لابن عمر انا ندخل علی سلطاننا فنقول لہم بخلاف ما نتکلم اذا خرجنا من عندہم قال نعد ھذا نفاقاً۔ یعنی کچھ لوگ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے عرض کیا کہ ہم بادشاہ کے پاس جاتے ہیں تو وہاں اس قسم کی باتیں کرتے ہیں جو حضرت ابن عمر رضی نے فرمایا ہم اسکو منافقی میں شمار کرتے ہیں، ج ۲ ص ۱۰۶۴ بخاری شریف۔

۲۰۔ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال سیکون بعدی امراء فمن دخل علیہم فصدقہم بکذبہم واعانہم علی ظلمہم فلیس منی ولست منہ ولیس بوارد علی الحوض ومن لم یدخل علیہم ولم یصدقہم بکذبہم ولم یعنہم علی ظلمہم فہو منی وانا منہ وھو وارد علی الحوض۔ یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب میرے بعد کچھ امراء ہونگے پس جو شخص ان کے پاس جائے تو ان کی جھوٹی باتوں کی تصدیق کرے اور ان کے ظلموں پر ان کی مدد کرے پس وہ میری امت میں سے نہیں ہے اور نہ میں اس کا (سفارش اور مدد کرنے والا) ہونگا اور وہ حوض کوثر پر بھی میرے پاس نہیں پہنچ سکے گا۔ اور جو شخص ان کے پاس نہیں گیا اور انکی جھوٹی باتوں کی تصدیق نہیں کی اور نہ ان کے ظلموں پر مدد کی پس وہ میری امت میں سے ہے اور میں اس کا سفارش اور مدد کرنیوالا ہونگا اور وہ حوض کوثر پر بھی میرے پاس پہنچ سکے گا۔

ترجمہ مع تشریح: حضرت امام محمد بن الحسن رحمۃ اللہ نے فرمایا اگر تمام لوگ میرے غلام ہوں تو میں سب کو آزاد کردوں اور ان سے حق ولاء کے ذریعہ مال میراث وغیرہ حاصل کرنے سے بھی اپنے نفس کو بری اور دست بردار کرلوں۔ اس لئے کہ جس نے علم اور اس پر عمل کرنے کی لذت کو پالیا وہ لوگوں کی چیزا ور دنیوی اشیاء کی طرف رغبت نہیں رکھتا (کیونکہ لذت علم کے مقابلہ میں دنیوی تمام لذتیں ہیچ ہیں)

تحقیق الالفاظ:۔ قال محمد، ہذا تائید لما سبق من انہ لا ینبغی للطالب ان یطلب اقبال الناس۔ عبید جمع عبد لاعتقتہم جواب لو، وتبرأت عن ولائہم، علی صیغۃ المتکلم معطوف علی الجواب ای لجعلت نفسی بریئۃ عن ولائہم بفتح الواو ای عن ان اکون عصبتہم، ووارثہم وحاصلہ متارکتہم بالکلیۃ وعدم النظر الی ما فی ایدیہم، قلما یرغب ای نفس رغبۃ فیما عند الناس قلیلۃ ویمکن ان یراد بالقلۃ العدم ای لا یرغب لانہ لو وجد لذۃ العلم لکان العلم اعز الاشیاء والذ ما عندہ فلا یطلب شیأ آخر

انشدنا الشیخ الامام الاجلّ الاستاذ قوام الدین حمّاد بن ابراهیم بن اسمٰعیل الصفّار الانصاری املاءً لابی حنیفة رحمہ اللہ تعالیٰ شعرًا

من طلب العلم للمعاد ؛ فاز بفضل من الرشاد
فیا لخسران طالبیہ ؛ لنیل فضل من العباد

اللّٰھم الا اذا طلب الجاہ للامر بالمعروف والنھی عن المنکر وتنفیذ الحق واعزاز الدین لا لنفسہ وھواہ فیجوز ذٰلک بقدر ما یقیم بہ الامر بالمعروف والنھی عن المنکر

ترجمہ موتشریح :۔ شیخ امام اجل قوام الدین حمّاد بن ابراہیم بن اسمٰعیل صفّار انصاریؒ کا (اپنے تلمیذ ارشد) حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کیلئے لکھا ہوا شعر ہمکو سنایا۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) جس نے آخرت کے فائدہ کیلئے علم طلب کیا وہ کامیاب ہوا ہدایت کی مہربانی اور فضل کے ساتھ پس خسران اور نقصان ہو اُس طالب علم کیلئے ہے جو بندوں سے فضل اور شرف حاصل کرنے کی نیت سے علم حاصل کرے ! ہاں ! جبکہ امر بالمعروف (نیک کام کے حکم) ونہی عن المنکر (برائی سے منع) اور حق کو جاری کرنے اور دین کو غالب اور معزز کرنے کے لئے جاہ ومرتبہ حاصل کرتا ہو اور اپنے نفس اور خواہش نفسانی کے لئے نہ طلب کرتا ہو تو البتہ یہ اُس حد تک جائز ہو سکتا ہے جس مقدار سے امر بالمعروف ونہی عن المنکر وغیرہ امور کو ادا کر سکے ، **ف** :۔ یعنی اسی سے زیادہ جائز نہیں اور وہ بھی بشرطیکہ ان امور کو آڑ بنا کر اور حیلے وبہانے سے در پردہ اپنی مقصد براری یا نفس کے لئے نہ طلب کرتا ہو تو جائز ہو سکتا ہے بیشک اللہ تعالیٰ عالم الغیب والشہادۃ (غیب وحاضر کو جاننے والا) ظاہر وباطن کی خبر رکھنے والا ہے کوئی لاکھ چھپائے اُس سے کوئی بات چھپی نہیں سکتی۔

تحقیق الالفاظ :۔ قوام الدین ای ما یقوم بالدین، حمّاد، عطف بیان۔ الاملاء الکتابۃ وھو ھھنا بمعنی المکتوب ای قرأ علینا الشعر المکتوب لابی حنیفۃؒ للمعاد ای للآخرۃ یعنی لتحصیل ثواب الآخرۃ فاز من الفوز ای الظفر والرشاد، ھو السداد علی الدین القویم۔ فیا جواب شرط محذوف ویا حرف نداء والمنادی محذوف والخسران متعلق بفعل محذوف یعنی اذا کان طلب العلم للمعاد سببا لتحصیل الفوز بالرشاد فیا قوم انظروا الخسران طلبۃ العلم للنیل ای ولان ینال بفضل وشرف من جہۃ العباد من اتیانھم واعطاھم شیئا من حطام الدنیا فانی یعادل ھذا بذلک اللّٰھم الا ھذا استثناء من قولہ والکرامۃ عند اللہ وغیرہ الجاہ ای المنصب الامر بالمعروف الخ الذی لا یمکن الا بان یکون الآمر والناھی واعز وجاہ۔ (باقی آگے)

وینبغی لطالب العلم ان یتفکّر فی ذلک فانہ یتعلّم العلم بجہد کثیر فلا یصرفہ الی الدنیا الحقیرۃ القلیلۃ الفانیۃ ۔

ھی الدنیا اقلّ من القلیل　　وعاشقہا اذلّ من الذلیل
تصم بسحرہا قوما وتعمی　　فہم متحیّرون بلا دلیل

وینبغی لاہل العلم ان لا یذلّ نفسہ بالطمع فی غیر مطمع ویتحرز عمّا فیہ مذلّۃ العلم واہلہ ۔

ترجمہ وتشریح :۔ اور طالب علم کو چاہئے کہ اس بارے میں خوب سوچ وچار سے کام لے کیونکہ بہت مشقت اور محنت جھیل کر وہ اس علم کو حاصل کرتا ہے، اس لئے حقیر قلیل اور فانی (فنا ہو جانیوالی) دنیا کے کاموں میں اس علم کو نہ لگانا چاہئے۔ شعر: یہ دنیا سب سے کمتر اور حقیر چیز ہے اور اس کا عاشق سب سے زیادہ ذلیل اور بے عزت ہے، یہ دنیا اس کی جادو اثر سے قوم کو اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے یعنی نفع وخیر کو نہیں سننے دیتی اور نہ دیکھنے دیتی ہے پس وہ حیران اور سرگردان ہیں بغیر کسی ہادی اور بتلانے والے کے،

اور اہل علم کیلئے ضروری ہے کہ غیر موقع دینی میں لالچ کر کے خود کو ذلیل نہ کرے اور جس کام میں علم واہل علم کی ذلت اور بے عزتی ہو اس سے پرہیز کرتا رہے۔

تحقیق الالفاظ: (بقیہ گذشتہ) وتنفیذ الحق، ای جعل الحق نافذاً واعزاز الدین، ای جعل الدین عزیزاً غالباً لا لنفسہ وہواہ، ای لاجل تحصیل مراد النفس، فیجوز ذلک، ای طلب الجاہ بالعلم بقدر ما یقیم بہ، ای یجوز طلب المقدار الذی یقدر ان یقیم بہ الامر بالمعروف والنہی عن المنکر فان ہذا الطلب وان کان فی الظاہر لاجل الجاہ لکنہ فی الحقیقۃ لاجل تحصیل المعاد، بسبب اقامۃ الامر بالمعروف والنہی عن المنکر الذین ہما من اشرف العبادات لالنہ من مواقع التہم۔ وفی الحدیث اتقوا مواضع التہم او کما قال ومن مواضع رغبۃ النفس وطمعہا ایضا فلیحترز منہ حسب ما امکن حذراً من ان یقع فی المفاسدات التی مرت سابقاً۔ ۱۲

(متعلقہ صفحہ ہذا) فی ذلک ای فی طلب العلم فانہ ای مشقۃ اکتسبہ بای جہد حصلہ، بجہد الجہد بالفتح المشقۃ وبالضم والفتح ایضاً الطاقۃ المراد ہہنا الاول فلا یصرفہ، ای العلم الی الدنیا تانیث الادنی وہو من الدنو (لدنوہا بالنسبۃ الی الآخرۃ) او من الدناءۃ لدناءتہا۔ ہی ضمیر القصۃ مبتدأ والدنیا مبتدأ ثان اقلّ من القلیل، ہذا کنایۃ عن غایۃ القلۃ اذل من الذلیل، ہذا ایضاً کنایۃ عن تمام الذلۃ تصم ای تجعل ذا صمم بسحرہا ای زخارفہا وشہواتہا التی تشبہ بالسحر فی استجلاب القلوب قوما ای الذین یتبعونہا و یمیلون الی زخارفہا ولذائذہا ای تجعلہم معرضین عن سماع الحق وقبولہ وتعمی ای تجعلہم عمیانا غیر مبصرین الحق فہم ای اذا کانوا صما وعمیا بلا دلیل یہدیہم ای لا یہتدون الی طریق الحق والرشاد بل یتیہون فی تیہ الحیرۃ والعناد ۔ (باقی صـ۴۲ـ پر)

ویکون متواضعاً والتواضع بین التکبر والمذلة والعفة کذلک یعرف ذلک فی کتاب الاخلاق۔ انشد الشیخ الامام الاجل الاستاذ رکن الاسلام المعروف بالادیب المختار رحمہ اللہ شعراً لنفسہ۔

ان التواضع من خصال المتقی، وبہ التقی الی المعالی یرتقی
ومن العجائب عُجب من ھو جاھل، فی حالہ اھو السعید ام الشقی

ترجمہ وتشریح: اور چاہئے کہ تواضع وفروتنی کرنیوالا ہو، تواضع تکبر وذلت نفس کے درمیانی طریقہ کا نام ہے، ف:۔ کیونکہ تکبر صفات محرمہ میں سے ہے اس لئے کہ یہ صفت ذات باری تعالیٰ کیلئے مختص ہے چنانچہ خود خداوند تعالیٰ ایک حدیث قدسی میں بیان فرماتے ہیں العظمة ازاری والکبریاء ردائی ای صفتان مختصتان لذاتی لاتلیقان لغیری یعنی بزرگی میری ازار ہے اور بڑائی میری چادر، مراد یہ کہ یہ دونوں صفت خداوند تعالیٰ کی ذات کے ساتھ مختص ہیں دوسرے کی شان کے ہرگز لائق نہیں ہے، اور ذلت نفس بھی صفات محرمہ میں سے ہے اس وجہ سے کہ بلاوجہ دینی نفس کو ذلیل کرنا حرام ہے اور جو صفت دونوں کے درمیان میں مقبول اور معتبر ہے وہ تواضع ہے اسلئے کہ خیر الامور اوساطہا یعنی درمیانی چیز تمام اموروں میں بہتر ہے ۱۲ ش) اور عفت (یعنی پاکدامنی اور حرام کام سے بچتے رہنا) بھی تواضع کے مانند تکبر وذلت کے درمیان ہے، ف:۔ کیونکہ ایک مرد ضعیف جو کہ طلب حلال سے تکبر نہیں کرتا اور طلب حرام کے ساتھ نفس کو ذلیل نہیں کرتا ہے۔ وہ بیشک عفیف اور پاکدامن ہے یا یہ کہ عفت بھی تواضع کے مانند اہل علم کیلئے صفت لازمہ ہے کہ ہر وقت اس کی پابندی ضروری ہے ۱۲ ش یہ سارے امور کتاب الاخلاق (مذکور) میں اچھی طرح معلوم کئے جا سکتے ہیں۔

شیخ امام اجل استاذ رکن الاسلام معروف بادیب مختار رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نفس کیلئے یہ اشعار بیان فرمائے تھے، (جس کا ترجمہ یہ ہے) تواضع اور فروتنی متقی اور پرہیزگار کی خصلتوں سے ہے اور اسی تواضع سے متقی بلندیوں کی طرف ترقی کرتا ہے اور عجیب باتوں سے ہے خود پسندی اور عجب اس شخص کا جو کہ جاہل ہے اس سے کہ وہ سعید یعنی نیک بخت ہے یا شقی یعنی بدبخت ہے،

تحقیق الالفاظ:۔ (بقیہ گذشتہ) کالرجل الذی اعمی حقیقی وصم حقیقی کیف یتحیر فی ذہابہ ومجیئہ فلا یدری این یذہب فی این یجیئ فیتحیر ان لایذل من الاذلال نفسہ مفعول یذل ای لایجعل نفسہ ذلیلة فی تطمع ای غیر محل الطمع وہذا احتراز عن الطمع فی محل الطمع کالطمع الی العلم تحصیلہ فان اذلال النفس بہذا الطمع جائز لاضرر فیہ بل ہو عین العزة فی الحقیقة۔ (باقی آگے)

امر کیف یختم عمرہ او روحہ　　یوم النوی متسفّل او مرتقی

والکبریاء لربنا صفۃ بہ　　مخصوصۃ فتجنبہا واتقی

قال ابو حنیفۃ رحمہ اللہ لاصحابہ عظموا عمائمکم ووسّعوا اکمامکم وانما قال ذلک لئلا یستخفّ بالعلم واھلہ وینبغی لطالب العلم ان یحصل کتاب الوصیۃ التی کتبہا ابو حنیفۃ لیوسف بن خالد السمتیؒ عند الرجوع الی اھلہ

ترجمہ وتشریح:- یا کس طرح ختم ہوگی اُس کی عمر یا کہ اس کی روح وفات اور ہلاکی کے دن تجلین میں نیچے جائے گی یا اوپر علیین میں چڑھے گی اور کبریا تو ہمارے پروردگار کی مخصوص صفت ہے پس تو اس سے پرہیز کر اور بچے رہ یعنی بڑائی اور رفعت کر، حضرت امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اصحاب کو (نصیحت کے طور پر) فرماتے تھے کہ تمہارے دستاروں کو بڑا کرو اور آستینوں کو کشادہ کرو، اور یہ اس وجہ سے فرماتے تھے کہ علم واہل علم کو لوگ حقیر اور ذلیل نہ سمجھیں طالب علم کیلئے لازم ہے کہ اُس کتاب الوصیۃ کو پڑھے اور مطالعہ کرتے رہے، جو امام اعظم ابو حنیفہؒ نے (اپنے شاگرد رشید) سمت کے باشندہ (محدث جلیل) یوسف بن خالد کو اس وقت لکھدئے تھے جبکہ آپکی صحبت سے اپنے اہل وعیال کی طرف رجوع کر رہے تھے،

تحقیق الالفاظ:- (بقیہ گذشتہ) ویتحرز منصوب معطوف علی ان لایذل ای بان لایضع نفسہ فی موضع الابتذال والرزالۃ فان التحرز عن مثل ہذا الصنع لازم لئلا یلزم تحقیر العلم واہلہ ۔۱۲ (متعلقہ صفحہ ۴۲) ویکون ای اہل العلم والعم ای التحرز عن الحرام کذلک ای مثل التواضع فی انہا بین التکبر والذلۃ لان الرجل الضعیف لا یتکبر من کسب الحلال ولا یذل نفسہ بطلب الحرام ویجوز ان یکون العفۃ ای مثل التواضع فی انہا من الصفات اللازمۃ لاہل العلم، شعر النفس ای شعرا کان النفس للتقی ای لخشیۃ تعالی بہ ای بالتواضع متعلق بیرتقی قدم علیہ اہتماما محافظۃ للوزن التقی فعیل بمعنی الفاعل مبتدأ وخبرہ یرتقی الی المعالی ای الی المقامات العالیۃ یرتقی، ای یصعد ویصل الیہا ویتعلق بالی المعالی ایضا قدم علیہ لما مر قال علیہ الصلوٰۃ والسلام من تواضع للہ رفعہ اللہ ومن تکبر وضعہ اللہ او کما قال ومن العجائب، خبر مقدم جمع عجیبۃ عجب بالضم مبتدأ مؤخر مضاف الی فاعلہ اہو الہمزۃ للاستفہام وہو مبتدأ ۔ السعید خبرہ ام الشقی عطف علی السعید یعنی من العجائب حال الشخص الذی کان جاہلا بحالہ فلا یدری اہو سعید من السعداء ام ہو الشقی من الاشقیاء ومع ہذا کان مغرورا ومعجبا بحالہ فمن کان حالہ ہکذا فالائق ان یکون متفکرا فی حالہ ویخاف من سوء الخاتمۃ ویکون بین الخوف والرجاء ۔۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) یختم عمرہ، ای لا یدری کیف یختم عمرہ یختم علی الایمان ام یختم علی الکفر نعوذ باللہ تعالیٰ ۔ (باقی بر ص ۴۴)

يجده من يطلبه وكان استاذنا الشيخ الامام برهان الائمة علي بن ابي بكر قدس الله روحه العزيز امرني بكتابته عند الرجوع الى بلدي وكتبته ولابد للمدرس والمفتي في معاملات الناس منه

ترجمہ وتشریح :- یہ کتاب اس کو ضرور ملے گی جو طلب اور تلاش کریگا۔ (مشہور ہے مَنْ جَدَّ وَجَدَ۔ یعنی جس نے کوشش کی اس نے پالیا۔ اس کے اکثر مضامین شرح فقہ اکبر ملا علی قاریؒ میں بھی نقل کئے گئے ہیں لیکن وہ عقائد کے متعلق ہیں ہاں یہ کتاب الوصیۃ بتمامہ مناقب الامام الاعظم للکردی البزازی باسفل الصحیفۃ من مناقب الامام الاعظم للامام ابی المؤید الموفق بن احمد المکی خطیب خوارزم، مطبوعہ حیدرآباد دکن جلد دوم ص۹۲ میں مکمل موجود ہے جس کا جی چاہے دیکھ سکتا ہے) ہمارے استاذ شیخ الاسلام برہان الائمۃ علی بن ابی بکر (مرغینانی صاحب ہدایہ) قدس اللہ روحہ العزیز مجھے اپنے شہر کی طرف لوٹتے وقت اس کتاب وصیت کو لکھ لینے کا حکم فرمائے تھے؛ اور میں نے (ان کی امتثال امر کر کے) اس کو لکھ لیا تھا۔ مدرس اور معاملات ناس میں فتویٰ دینے والے کے لئے اس کتاب کی بہت ضرورت ہے۔

ف :- شارح شیخ ابراہیم بن اسمٰعیلؒ فرماتے ہیں کہ حقیقت میں وہ کتاب بہت عمدہ اور فوائد خمسہ کو جامع ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال)۔

تحقیق الالفاظ :- (بقیہ گذشتہ) یوم التوی ای یوم الہلاک وہو یوم الوفاۃ۔ متسفل ای الروح متسفل ای نازل فی اسفل سافلین، اومرتقی ای صاعد الی اعلی علیین۔ مخصوصۃ ای صفۃ مخصوصۃ بذات الباری عزشانہ فجنبہا امر حاضر مؤکد النون المخففۃ ای متبعدنہا وانقطعنہا ای عن تلک الصفۃ واتقی امر حاضر ایضا وحرف العلۃ ای الیاء لم تحذف للضرورۃ القافیۃ ای اتق عن الاتصاف بتلک الصفۃ لانہا مخصوصۃ بذاتہ تعالی لایشرک فیہا غیرہ لماہو من الحدیث فی الشرح الہندی، قال ابوحنیفۃ" ای عالمہم یدل علیہ استعمالہ باللام عمامکم جمع عمامۃ،۔ اکمامکم جمع کم بضم الکاف وتشدید المیم وہو بالفارسیۃ آستین، ذلک ای ہذا الکلام لئلا یستخف ای لئلا یجعل العلم واہلہ مہانا ومستحقرا لان نظر الناس الی اللباس ان تحصل من التحصیل السمتی ای المنسوب الی السمت وہو من علما الحدیث، عند الرجوع ای من صحبۃ ابی حنیفۃ" الی اہلہ ای دیلہ ۱۲

(متعلقہ صفحہ ہذا) یجدہ استیناف کانہ قیل این یوجد فقال یجدہ من یطلبہ للخبر المشہور وہو من طلب شیئا وجد وجد وکتبتہ ای امتثالا لامرہ فی معاملات الناس متعلق بالمفتی منہ متعلق بقولہ لابد ای من کتاب الوصیۃ المذکور سابقا وکان فی نفسہ کتابا لطیفا جامعا لفوائد خمسۃ۔ کما فی الشرح ۱۲

فصل (۳) فی اختیار العلم والاستاذ والشریک والثبات علیہ

ینبغی لطالب العلم ان یختار من کل علم احسنہ وما یحتاج الیہ فی امر دینہ فی الحال ثم ما یحتاج الیہ فی المآل ویقدم علم التوحید ویعرف اللہ تعالیٰ بالدلیل فان ایمان المقلد وان کان صحیحاً عندنا لکن یکون آثما بترک الاستدلال ویختار العتیق دون المحدثات قالوا علیکم بالعتیق وایاکم والمحدثات

فصل (۳) علم واستاد اور ہم سبق کو اختیار کرنے اور علم پر ثابت قدم رہنے کے بیان میں

طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ وہ تمام علوم میں سے عمدہ قسم اور ایسے علم کو اختیار کرے، جس کا دین کے کاموں میں اس کو فی الحال یعنی بروقت حاجت پڑے، پھر اس کو اختیار کرے جس کی فی المآل یعنی انجام اور آخرت اور بعد کے زمانے میں ضرورت پڑے، پس مقدم کرے علم توحید اور علم ذات

تحقیق الالفاظ :- والثبات علیہ ای علی العلم احسنہ مفعول یختار والی تفسیر الاحسن اشار بقولہ وما یحتاج الیہ الخ فی الحال ای العلم بالفروض التی تفترض علیہ فی الحال بل فی جمیع الاحوال مثل الصلوٰۃ، فی المآل ای فی الزمان الآتی من العلم بالفروض التی ما فرضت علیہ فی الحال لفقدان شروطہا مثل الحج والزکوٰۃ لمن لم یقدر علیہما حالاً ویقدم معطوف علی یختار ای لینبغی لطالب العلم ان یقدم علم التوحید الذی ہو اساس سائر العلوم علیہا بالدلیل ای وینبغی ایضاً ان یعرف اللہ تعالیٰ جل وعلا بالدلیل ای بالاستدلال من الاثر الی المؤثر، ولا یقلد للمقلد ای الرجل الذی لا یکون مستدلاً بل یکون مقلداً آبائہ فی الایمان عندنا ای خلافاً للمعتزلۃ فان عندہم لا یصح ایمان المقلد ودلائل الفریقین مذکورۃ فی موضعہ، آثما۔ لان اللہ تعالیٰ اعطیٰ نعمۃ العقل للانسان لیستدل بہ علی وجودہ ووحدتہ وامہات اوصافہ فلما لم یستدل بہ ما کان مودیا الی شکر نعمۃ العقل فبسبب کفران النعمۃ کان آثما۔ ویختار ای وینبغی للطالب ان یختار، العتیق ای القدیم وہو علم النبی صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ والتابعین وتبع التابعین، دون المحدثات ای العلوم التی لم توجد فی زمانہم بل احدثت بعدہم من العصور کعلم المنطق والحکمۃ وعلم الخلاف قالوا ای العلماء علیکم ای الزموا بالعتیق ای العلم القدیم، وایاکم والمحدثات ہذا من باب التحذیر ای بعدوا انفسکم من المحدثات والمحدثات من انفسکم ۱۲

وصفات کو، اور خدا تعالیٰ کو دلیل کیساتھ پہچانے (اوران پر ایمان لائے) کیونکہ محض تقلید کرکے، بلا دلیل ایمان لانا اگرچہ ہمارے (یعنی اہل السنۃ والجماعۃ کے) نزدیک صحیح و جائز ہے۔ (برخلاف معتزلہ کے) لیکن دلیل معلوم کرنیکو ترک کرنے سے وہ خطاوار اور مجرم ٹھہریگا۔

ف: کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو نعمتِ عقل بخشی تاکہ اس سے اللہ تعالیٰ کے وجود و وحدانیت اوران کی اہم صفات کی دلیل معلوم کرسکے، پس جبکہ اس کے ذریعہ دلیل معلوم نہیں کیا جس سے شکر نعمتِ عقل کا ادا ہوسکے تو بسبب کفرانِ نعمت کے گنہگار ہوگا، اور تمام دلیلوں میں افضل دلیل وہ ہے جو فطری ہو جیساکہ ایک اعرابی نے اپنے قوی اور صریح لہجہ میں کہا تھا۔ البعرۃ تدل علی البعیر وآثار الاقدام تدل علی المسیر فارض ذات فجاج وسماء ذات ابراج کیف لاتدل علی الخالق السمیع البصیر القدیر، یعنی مینگنی مینگنی دینیولے اونٹ پر دلالت کرتی ہے اور نقش قدم چلنے والے پر تو یہ چشمے، نہریں اور دریا والی زمین اور برج والا آسمان کیسے اس کے پیدا کرنیوالے دیکھنے سننے والے اور قدرت والے خدا تعالیٰ پر دلالت نہیں کریگا؟ ضرور دلالت کریگا حضرت ابوالعتاہیہؒ نے کیا ہی خوب فرمایا؟ شعر: وفی کل شیٔ لہ شاھدٌ ؛ یدل علی انہ الواحد

ترجمہ: ؎ ہر چیز میں اُن کیلئے دلیل ہے ؛ کہ وہ خدا واحد ولاشریک ہے، مرگیاہے کہ از زمین روید وحدہٗ لاشریک لہٗ گوید، جو سبزہ زمین سے ہو پیدا اُبھر کر ؛ کہ شاہد ہوا وہ خدا کا یقین کر، اور علوم قدیم و مسلک عتیق (پُرانے) کو اختیار کرے نہ کہ محدثات (یعنی نئی پیدا کی ہوئی چیزوں) کو کیونکہ علماء نے کہا ہے کہ تم علم قدیم کو لازم کرلو اور محدثات سے بچو،

ف: یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وصحابہؓ اجمعین اور تابعین وتبع تابعینؒ کے علوم عتیق وقدیم ہیں پس اس کو اختیار کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خیر امتی قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم الخ مشکوٰۃ ص۵۵۳ یعنی میری امت میں سب سے بہتر میرا زمانہ ہے (آپ کا زمانہ اور آپکے خلفائے راشدین کے زمانہ میں کوئی فرق نہیں ہے اس لئے قرنی کہہ کر اس طرف اشارہ فرمایا کیونکہ ق سے مراد ابوبکر صدیق رض ر سے عمر فاروق رض ن سے عثمان غنی رض ی سے مراد علی مرتضیٰ رض یعنی ہر نام کے آخری حرف، اسی طرح النبی الامی کے امی لفظ سے بھی یہ بات مع ترتیب خلافت ثابت ہوتی ہے یعنی پہلا خلیفہ ابوبکر رض جس کا پہلا حرف الف ہے دوسرا خلیفہ عمر رض جس کا دوسرا حرف میم ہے تیسرا خلیفہ عثمان رض جس کا تیسرا حرف میم ہے چوتھا خلیفہ علی رض جس کا چوتھا حرف ی ہے

وایاک ان تشتغل بھٰذا الجدل الذی ظھر بعد انقراض الاکابر من العلماء فانہ یبعد الطالب عن الفقہ ویضیع العمر ویورث الوحشۃ والعداوۃ

(بقیۂ گذشتہ) اس کے بعد تابعین کا زمانہ اس کے بعد تبع تابعین کا زمانہ رحمہم اللہ تعالیٰ اور اسی کو قرون مشہود لہم بالخیر، یا خیر القرون کہا جاتا ہے، حضرت امیر المومنین عمرؓ کی روایت میں ہے اکرموا اصحابی فانہم خیارکم ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم یظہر الکذب (ای یفشو، کما فی روایۃ کذلک) مشکوٰۃ ص۵۵۴ یعنی میرے اصحاب کی تعظیم کرو کیونکہ وہ لوگ تم سب سے بہتر اُمّت ہیں پھر تابعین پھر تبع تابعینؒ اس کے بعد جھوٹ ظاہر ہو جائیگا ایک روایت کے مطابق یعنی جھوٹ پھیل جائیگا، اور فرمایا: من یعش منکم بعدی فسیریٰ اختلافاً کثیراً فعلیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین الخ یعنی جو شخص تم میں سے میرے بعد زندگانی کریگا تب وہ بہت کچھ اختلاف کو دیکھ پائیگا پس اس وقت لازم کرلو تم میری سنت کو اور خلفاء راشدین کی سنت کو، مشکوٰۃ ص۲۹، اور فرمایا: اصحابی کالنجوم فبایہم اقتدیتم اھتدیتم، رواہ رزین. یعنی میرے اصحاب ستارے کے مانند ہیں پس جن کی تم اقتدا کرو گے ہدایت پاؤگے، مشکوٰۃ ص۵۵۴، اور علوم محدثات وہ علوم ہیں جو قرون ثلٰثہ مذکورۂ بالا میں نہیں پائے گئے بلکہ بعد کے زمانے میں حادث اور پیدا ہوئے ہیں جیسا کہ علم منطق و حکمت و علم خلافیات یعنی علم کلام ومناظرہ، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثۃ بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ یعنی تم محدثات سے بچتے رہو کیونکہ ہر محدث بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے مشکوٰۃ ص۳۰، اور فرمایا: مَنْ اَحْدَثَ فِی اَمْرِنَا ھٰذَا مالیس منہ فھو رد۔ یعنی جو شخص ہماری اس شریعت میں عبادت و ثواب حاصل کرنے کیلئے ایسا جدید طریقہ اور نیا کام نکالے جو اس شریعت سے ثابت نہیں ہے بیشک وہ مردود اور غیر قابل عمل ہے۔ ش ۱۲

(متعلقۂ صفحۂ ھٰذا) اور تو اس علم جدل واختلاف یعنی علم کلام ومناظرہ کے ساتھ مشغول ہونے سے بچ جو اکابر علماء (یعنی اصحاب قرون ثلٰثہ مذکورہ) کے ختم ہو جانے کے بعد ظاہر ہو چکا ہے (باقی بر ص۴۸)

تحقیق الالفاظ: وایاک ای اتق ہذا کلام المصنف لا مقول قالوا، بھذا الجدل ای بعلم الجدل والخلاف، بعد انقراض الاکابر، ای بعد انقطاعہم من العلماء، ای الکائنین من العلماء، فانہ تعلیل للتحذیر عن الفقہ ای الذی ہو اشرف العلوم ویضیع العمر لصرفہ الی ما لا یہمہ ویورث ای یعطی الوحشۃ الخ ای بسبب الجدل بالمباحثین وکل ذلک امر غیر مقبول فمورثہ ایضاً غیر مقبول ۱۲۔

وھو من اشراط الساعۃ وارتفاع العلم والفقہ۔ کذا ورد فی الحدیث۔
واما اختیار الاستاذ فینبغی ان یختار الاعلم والاورع والاسن کما
اختار ابو حنیفۃ حینئذ حمادؒ بن ابی سلیمان بعد التامل والتفکر

(بقیۂ ترجمۂ گذشتہ) کیونکہ وہ طالب علم کو فقہ سے (جو اشرف علوم ہے) دور رکھتا ہے
اور (غیر اہم کام میں اوقات صرف کرکے) عمر کو ضائع کرتا ہے اور (جدل و مباحثہ کرنے سے دل میں)
وہ (جدل و مباحثہ) وحشت اور عداوت پیدا کر دیتا ہے،

ترجمہ و تشریح: اور اس قسم کے علم کے ساتھ مشغول ہونا قیامت قائم ہونے اور علم و فقہ
دنیا سے اُٹھ جانے کی علامات میں سے ہے جیسا کہ یہ حدیث شریف میں وارد ہے، ف: یعنی یہ
اُس حدیث شریف کی طرف اشارہ ہے جو دیلمی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
روایت کی ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تعلموا العلم قبل ان یرفع فان
احدکم لا یدری متی یفتقر الی ما عندہ وعلیکم بالعلم وایاکم والتنطع والتبدع
والتعمق وعلیکم بالعتیق ۔ یعنی علم کو اُٹھا لئے جانے سے پہلے تم سیکھ لو کیونکہ تم نہیں جان سکتے
کب تمہارے پاس موجود علم کی طرف محتاج بنو؟ تم پر علم کو لازم کر لو، لیکن تنطع (کسی کام میں غلو کرنے)
وتبدع (بدعت اختیار کرنے) وتعمق (مبالغہ و تکلف کرنے) سے بچتے رہو اور قدیم علم کو اختیار کر لو ۱۲ش

اُستاد کو اختیار کرنا، استاد کو اختیار کرنے میں طالب علم کو چاہئے کہ بڑا عالم، زیادہ
پرہیزگار اور بہت بڑی عمر والا استاد اختیار کرے جیسا کہ حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ نے اپنے
زمانے میں بہت سوچ و بچار کے بعد حضرت حماد بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ کو اپنا استاد اختیار فرمایا تھا

تحقیق الالفاظ: وھو ای والحال ان الاشتغال بالجدل من اشراط الساعۃ الاشراط جمع شرط بالتحریک ہو العلامۃ
والساعۃ ہی القیامۃ والطلاق الساعۃ علی القیامۃ اما لوقوع القیامۃ بغتۃ اولسرعۃ حسابہا اولانہا علی طولہا عند اللہ تعالیٰ کساعۃ
فہی من الاسماء الغالبۃ وارتفاع العلم مجرور معطوف علی الساعۃ ای ومن اشراط ارتفاع العلم، کذا ورد فی الحدیث، فی
الحاشیۃ للمصریۃ ان ہذہ اشارۃ الی الحدیث الذی رواہ الدیلمی عن عبداللہ بن مسعودؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم تعلموا العلم قبل ان یرفع فان احدکم لا یدری متی یفتقر الی ما عندہ وعلیکم بالعلم وایاکم والتنطع والتبدع والتعمق و
علیکم بالعتیق فینبغی ای فمقول فی حقہ ینبغی ان یختار ای طالب العلم الاعلم ای الاستاذ الذی لہ زیادۃ علم والاورع
ای الذی لہ زیادۃ ورع ای تحرز عن الحرام والاسن ای الذی لہ زیادۃ سن وکبر کما اختار ابو حنیفۃ، ای اختیار مثل
اختیار ابی حنیفۃؒ والتفکر ای فی اختیارہ استاذا ہو اعلم علماء زمانہ واورعہم واسنہم ۱۲

وقال ابو حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ وجدتہ شیخا وقورا حلیما صبورا وقال ثبت عند حماد بن ابی سلیمان فنبتُّ۔ وقالؒ سمعت حکیما من حکماء سمرقند قال ان واحدا من طلبۃ العلم شاورنی فی طلب العلم وکان عزم علی الذھاب الی بخاریٰ لطلب العلم وھکذا ینبغی ان یشاور فی کل امر فان اللہ تعالیٰ امر رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالمشاورۃ فی الامور ولم یکن احد افطن منہ ومع ذلک اُمِرَ بالمشاورۃ وکان یشاور اصحابہ فی جمیع الامور حتی حوائجُ البیت قال علیؓ ما ھلک امرؤٌ عن مشورۃ۔

ترجمہ وتشریح: اور امام اعظمؒ نے فرمایا کہ میں اپنا استاد کو بڑے صاحب وقار بردبار اور بہت زیادہ صابر شیخ پایا اور فرمایا کہ میں اپنے استاد حماد بن ابی سلیمانؒ کے پاس ثابت قدم رہا پس وہاں پڑھتے پڑھتے اس مرتبہ (یعنی درجہ اجتہاد) کو پہنچا۔ ثابت قدمی ومشورہ: اور امام اعظم ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ میں حکماء سمرقند کے ایک دانا عالم سے سنا انہوں نے کہا کہ ایک طالب علم جس وقت طلب علم کے لئے بخارا جانیکا قصد کیا تھا تو اس بارے میں مجھ سے مشورہ طلب کیا۔ (اس قول کو نقل کرنے کے بعد مصنفؒ کہتے ہیں کہ) اسی طرح ضروری ہے کہ ہر کام میں لوگوں سے مشورہ کیا کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول (محمد مصطفیٰ) صلی اللہ علیہ وسلم کو کاموں میں مشورہ کرنے کا حکم فرمائے

ف: یعنی اس آیت میں وشاورھم فی الامر یعنی صحابہؓ سے کاموں میں مشورہ کر لیا کرو، اور مسلمانوں کی حالت بیان کیگئی ہے کہ امرھم شوریٰ بینھم، یعنی صحابہؓ آپس میں مشورہ کرکے اپنے کاموں کو انجام دیتے ہیں) باوجودیکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھکر سمجھدار وعقلمند اور صاحب رائے کوئی نہ تھا (یعنی پھر بھی آپ کو مشورہ کا حکم کیا گیا ہے) اور آپ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ساتھ تمام امور میں مشورہ کرتے تھے، یہاں تک کہ اپنے گھر کی حاجتوں کے بارے میں بھی ان سے مشورہ فرماتے تھے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ کوئی آدمی مشورہ کرنیکے بعد ہلاک اور نقصان اٹھانیوالا نہیں ہوا۔

تحقیق الالفاظ: وجدتہ ای حماد بن ابی سلیمان وقورا، ای رزینا ثبتُ علی صیغۃ المتکلم فنبتُّ علی صیغۃ المتکلم ایضا ای کنت ثابتا عند استاذی حماد بن ابی سلیمان وما ترکت صحبتہ ابدا فصرتُ نابتا ونامیا کما ینمو النبات حینا فحینا حتی بلغت الی ہذہ المرتبۃ وہی مرتبۃ الاجتہاد، وقال ای ابو حنیفۃ، سمعت حکیما ای سمعت قول عاقل لان السمع لا یتعلق بالذات (باقی صفحہ ۵۰ پر

قیل رجل ونصف رجل ولاشئ فالرجل من لہ رأی صائب ویشاور ونصف الرجل من لہ رأی صائب ولکن لایشاور اویشاور ولکن لارأی لہ ولاشئ من لارأی لہ ولایشاور، قال جعفر الصادق رح لسفیان الثوری رحمہ اللہ شاور فی امرک مع الذین یخشون اللہ تعالیٰ وطلب العلم من اعلی الامور واصعبہا فکان المشاورۃ فیہا اھم

واجب

ترجمہ وتشریح: کسی نے (کیا ہی اچھا) کہا کہ (لوگ سب تین قسم کے ہیں) پورا مرد۔ آدھا مرد۔ لاشئ یعنی محض بیکار وناچیز مرد ہیں۔ پورا مرد وہ ہے جس کو درست رائے حاصل ہو اور مشورہ بھی کرتا ہے، اور آدھا مرد وہ ہے جس کو درست رائے تو حاصل ہے لیکن مشورہ نہیں کرتا یا مشورہ تو کرتا ہے لیکن اس کو درست رائے حاصل نہیں ہے اور لاشئ وہ مرد ہے جس کو نہ درست رائے حاصل ہے اور نہ ہی وہ مشورہ کرتا ہے، حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ کو فرمایا کہ تم اپنے کاموں میں ان لوگوں سے مشورہ لیا کرو جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہتے ہیں یعنی علماء سے۔ اور طلب علم سب کاموں میں۔۔ زیادہ بلند مرتبہ اور بہت مشکل امر ہے پس اس بارے میں مشورہ کرنا بھی نہایت اہم اور زیادہ واجب ہے ۱۲

تحقیق الالفاظ: نیم ای یتعلق بالمسموع۔ وکان ای قد کان عزم ای قصد، وھکذا ینبغی، ہذا الکلام الی قولہ قال الحکیم کلام المصنف لامقول قال اتی بہ فی اثناء الحکایۃ لبیان وجوب المشاورۃ فی جمیع الامور، بالمشاورۃ فی الامور، حیث قال اللہ تعالیٰ وشاورہم فی الامر استظہارا برائہم وتطییبا لنفوسہم وتمہید السنۃ المشاورۃ للامۃ ہذا فی تقدیر ان یفسر الامر بما یصح ان یشاور فیہ الی الاطلاق اما علی تقدیر ان یفسر بالحرب فلا یصح بالاستدلال فی سنۃ المشاورۃ فی جمیع الامور ولم یکن احد افطن منہ ای والحال انہ لم یکن احد من العقلاء اذکی واعقل منہ فی جمیع الامور ای عادۃ ہکذا لحاجۃ مجرور علی انہ معطوف علی جمیع الامور جمیع حاجۃ ما یملک مرا اما نفیۃ وامر فاعل ہلک عن مشورۃ ای بعد مشورۃ ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) قیل رجل خبر مبتدأ محذوف ای افراد الانسان رجل تام رأی الصائب ای فکر ذو صواب مطابق للحق ویشاور مع العقلاء اقتداء بسنۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم واتہما ثانی امرہ ولکن لارأی لہ، ای لارأی صائبا لہ بقرینۃ السیاق فتمامیۃ الرجل باعتبار اجتماع الامرین الرأی الصائب و المشاورۃ وتنصیف الامرین یتصف الرجل ولایشاور لانتفاء الامرین معا الذین ہما مدار رجولیۃ الانسان فبانتفاء السبب انتفی المسبب شاور امر من المشاورۃ یخشون ای العلماء، لقولہ تعالیٰ انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء، فانہم اذا استشیروا ینطقون بالخیر ویرشدون الی السداد والصلاح بموجب علمہم، وطلب العلم ہذا من کلام المصنف مربوط بقولہ وہکذا ینبغی فی کل امر ای ہم

ہم والحال ان طلب العلم اصعبہا من الصعب، اوجب ای من سائر الامور ۱۲

قال الحکیم اذا ذھبت الی بخاری لا تعجل فی الاختلاف الی الائمۃ وامکث شھرین حتی تتامل وتختار استاذا فانک ان ذھبت الی عالم وبدأت بالسبق عندہ ربما یعجبک درسیتہ فتترکہ وتذھب الی اٰخر۔ فلا یبارک لک فی التعلم فتامل فی شھرین فی اختیار الاستاذ وشاور حتی لا تحتاج الی ترکہ والاعراض عنہ فتثبت عندہ حتی یکون تعلمک مبارکا وتنتفع بعلمک کثیرًا۔ واعلم بانّ الصّبر والثبات اصل کبیر فی جمیع الامور ولکنہ عزیز کما قیل، شعر

لکل الی شأو العلی حرکاتٌ ٭ ولکن عزیز فی الرّجال ثبات

ترجمہ وتشریح: (اسکے بعد اس طالب علم کو) حکیم (سمرقندیؒ) نے کہا کہ جب تم بخارا کی طرف جاؤ (تو تمتہ خیر[ع] کے مرض میں مبتلا طالب علم کی طرح) تم اماموں یعنی استادوں (کی مجلس) کی طرف تردد کرنے اور گھومتے رہنے میں جلدی نہ کرنا، (یعنی کبھی اس استاد کے پاس کبھی اس کے پاس پھرتے رہو ایسا نہ کرنا ۱۲ ش) بلکہ دو ماہ تک (یعنی کچھ مدت تک) صبر کرو تاکہ تم سوچو اور اس کے بعد ایک استاد کو اختیار کرو کیونکہ تم جب جلدی ہی ایک عالم کی طرف پہنچ جاؤ اور بغیر سوچے ان کے پاس سبق شروع کر دو تو بسا اوقات ایسا ہو سکتا ہے کہ تم کو انکا علم وفضل یا درس پسند نہ آئے اس لئے ان کو چھوڑ دو اور دوسرے کی طرف چلے جاؤ تم۔ تب یہ تمھارے طلب علم میں مبارک اور اچھا نہ ہوگا۔ (کیونکہ پہلے استاد کو چھوڑ دینے سے انکو تکلیف دی بس ان کی تکلیف سے یہ مبارک نہ ہوگا) اس وجہ سے دو ماہ (یعنی کچھ مدت) تک استاد اختیار کرنے میں سوچو اور لوگوں سے (کسی استاد کو اختیار کرنے میں) مشورہ کرتے رہو تاکہ اس کو ترک کرنے اور اس سے اعراض کرنے کی طرف تمکو حاجت نہ پڑے، پھر اس کے بعد اسی استاد کے پاس تم ثابت قدمی سے رہو تاکہ تمہارا طلب علم مبارک ہو اور تم اپنے علم میں بےحد نفع اٹھا سکو۔ اور جان لو کہ صبر اور ثابت قدمی تمام کاموں کا بہت بڑا۔ (باقی ۵۲ پر)

تحقیق الالفاظ۔ قال الحکیم ہذا رجوع الی الحکایۃ التی حکاہا ابو حنیفۃ رحمۃ الحکیم السمرقندیؒ اذا ذہبت علی صیغۃ المخاطب لا تعجل نہی حاضر من العجلۃ فی الاختلاف ای فی التردد الی الائمۃ ای الی العلماء الذین کانوا مقتدی الناس وافضلہم یعنی التردد علی السبیل الاخذ العلم عنہم وامکث شہرین ای واصبر شہرین ولیس المراد من ذکر الشہرین تعیینہا بل المراد انہ لا بد من المکث وتختار استاذا سواء کان حصول ذلک التامل والاختیار فی الشہرین او فی الاقل او فی الاکثر فانک تعلیل لوجوب المکث۔ (باقی آگے)

ع تمتہ خیر یعنی اس جگہ بہتر ہے مراد یہ کہ طالب علم کہا کرتے ہیں۔ کہ یہاں سے وہاں بہتر ہوگا۔ اور جلدی جلدی درس و مدرسہ اور مدارس

قیل الشجاعة صبر ساعة فینبغی لطالب العلم ان یثبت ویصبر علی استاذ وعلی کتاب حتی لا یترکه ابتر وعلی فن حتی لا یشتغل بفن آخر قبل ان یُتقن الاول وعلی بلد حتی لا ینتقل الی بلد آخر من غیر ضرورة فان ذلک کله یفرق الامور ویشغل القلب ویضیع الاوقات ویؤذی المعلم

ترجمہ وتشریح: (بقیہ گذشتہ) اصل اور جڑ ہے، لیکن یہ بہت مشکل اور نادر بھی ہے۔ جیسا کہ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔ شعر: بلندی عـــہ کی حرکت تو ہوتی ہے سیکو، ولیکن کٹھن ہے ثبات سے صبر تو (متعلقہ صفحہ ہذا:۔) مثل مشہور ہے کہ بہادری ایک لمحہ صبر کرنیکا نام ہے، پس طالب علم کو چاہیئے کہ ایک استاد اور ایک کتاب پر ثابت قدم اور صابر رہے تاکہ اس کتاب کو ناقص نہ چھوڑے اور ایک فن پر ثابت قدم اور صابر رہے یہانتک کہ پہلے فن میں مضبوطی اور مہارت پیدا کر لینے سے پہلے دوسرے فن کے ساتھ مشغول نہ ہو جائے۔ اور ایک شہر یعنی ایک مقام پر ثابت قدم وصابر رہے یہانتک کہ بلا ضرورت دوسرے مقام کیطرف منتقل نہو۔ کیونکہ یہ تمام بے ثباتی وبے صبری سب کاموں کو درہم برہم، دل کو پراگندہ اور وقتوں کو ضائع کر دیتی ہیں نیز استاد کو ایذا پہنچاتی ہیں

تحقیق الالفاظ:۔ (بقیہ گذشتہ) الی عالم تتعلم منہ، لا تعجبک من الاعجاب، درسیتہ بفتح الدال وکسر الراء وبکسرہا ای علمہ وفضلہ وفی بعض النسخ درسہ ÷ فی التعلم لانک بترکک ایاہ قد آذیتہ فبتاذیہ لا یبارک لک فی التعلم الی ترکا ای الاستاذ تعلمک کثیرا ای انتفاعا کثیرا اصل کبیر یبنی علیہ فی جمیع الامور ای جمیع الامور تبنیٰ وترتب علیہ عزیز ای قلیل ومشکل، شاؤ الشاؤ السبق ای لکل واحد حرکات قلبیۃ الی سبق العلیٰ واقدامہا یعنی یمیل قلب کل واحد ان یسبق الی المراتب العالیۃ فالجار والمجرور متعلق بحرکات ولکنہ قدم علیہا للاہتمام ولکن کلمۃ لکن مخففۃ وملغاۃ عن العمل مابعدہا مبتدأ وخبر ای لکن العزیز ای القلیل فی طائفۃ الرجال الثبات فی مبادی الوصول الی العلیٰ ووسائلہ فلذلک لا یصل اکثرہم الی العلیٰ الذی یبنی علی الصبر والثبات وہذا المعنی قیل من ثبت نبت ۱۲

(متعلقہ صفحہ ہذا) قیل فی فضیلۃ الصبر الشجاعۃ الخ ای الشجاعۃ لیست بقوۃ البدن ولکنہا صبر ساعۃ علی المشاق والآلام علی استاذ بالثبات عندہ وعدم الاعراض عنہ وعلی کتاب ای الی ان یتمہ ابتر حال من ضمیر المفعول ای ناقصا وعلی فن ای من فنون العلم ان یتقن الاول، من الاتقان ای قبل ان یحکم الفن الاول وعلی بلد شرع فی تحصیل العلم فیہ من غیر ضرورۃ توجب الانتقال فان کانت فلا بأس بالانتقال کلہ بالنصب تاکید ذلک یعنی عدم اتمام الکتاب وعدم اتمام الفن والاشتغال بفن آخر والانتقال من غیر ضرورۃ۔

عـــہ یعنی ترقی ۱۲۔ ســـہ ثابت قدمی ۱۲ منہ

وینبغی ان یصبر عمّا ترید نفسہ وھواہ قال الشاعر۔

ان الھویٰ لھو الھوان بعینہ ؛ وصریع کل ھویً صریع ھوان

ویصبر علی المحن والبلیّات قیل خزائن المنیٰ علیٰ قناطیر المحن، وانشدتُ

وقیل انہ لعلی بن ابی طالب کرّم اللہ وجھہ۔

الا لاتنال العلم الابستۃ ؛ سأنبئک عن مجموعھا ببیان

ذکاء وحرص واصطبار وبلغۃ ؛ وارشاد استاذ و طول زمان

ترجمہ وتشریح: اور ضروری ہے کہ اس چیز سے صبر کرکے رکے رہے جس کا اس کے نفس خواہش اور ارادہ کرتا ہے، شاعر نے کہا: (جس کا ترجمہ یہ ہے) بیشک خواہش البتہ وہ ذلّت اور بے عزّتی ہے اور جو شخص خواہش کا پچھاڑا ہوا ہے یعنی مغلوب ہے وہ ذلّت میں مبتلا اور مغلوب ہے۔
اور تکلیفوں اور آفتوں پر صبر کرے۔ (جو اس کو طریق علم میں پیش آئیں) جیسا کہ کہا گیا ہے کہ آرزوؤں اور مقاصد (یا کہ بخشش واحسانوں) کے خزینے بہت محنت وتکلیفوں پر (یا کہ محنت وتکلیفوں کے پلوں پر) قائم کئے گئے اور یہ اشعار میں نے سنا جن کے متعلق بعضوں نے کہا کہ وہ حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے ہیں۔ ترجمہ: خبردار ہو جاؤ نہیں پا سکتا ہے تو علم کو مگر چھ چیز کے ساتھ، عنقریب میں تجھکو ان کے مجموعہ سے خبر دیتا ہوں ایک بیان کے ساتھ، (۱) ذہن کی تیزی (۲) حاصل کرنے کی لالچ (۳) محنت وآفت پر صبر کرنا (۴) حاجت کی کفایت (۵) استاد کی ہدایت (۶) طویل مدت کی تعلیم۔[ع]

تحقیق الالفاظ۔ نفسہ وھواہ، من اللذائذ النفسانیۃ والشھوانیۃ۔ ان الھویٰ الخ یعنی ان الھویٰ والعشق لھو الحقارۃ والمذلّۃ بعینھا الھوان بمعنی الحقارۃ والمذلّۃ یعنی ان ھویٰ النفس یوقع صاحبہ فی المذلّۃ بارتکاب مرادات النفس التی تقتضی لمذلّۃ والحقارۃ وصریع الخ ای مصروع کل ھویٰ ومغلوبہ مصروع عمل الھوان والحقارۃ یعنی ان من غلب علیہ الھویٰ وصرعہ یغلب علیہ الھوان والمذلّۃ المحن جمع محنۃ البلیّات جمع بلیّۃ ای التی ظھرت علیہ فی طریق العلم المنی جمع منیۃ وھی المقصود والقناطیر جمع قنطار بکسر القاف وھو المال الکثیر اذا لق واذا اضیف الیٰ شیٔ فالکثیر منہ یعنی ان خزائن المقاصد مشتملۃ علی المحن الکثیرۃ فمن اراد ان یحصل للمقاصد لابد لہ ان یصبر علی المحن الکثیرۃ۔ انشدت ای قرأت علی ہذہ الابیات التی تأتی فیما بعد الا حرف تنبیہ ای تنبّہ واعلم انک لاتنال العلم ولا تصل الیہ الابستۃ اشیاء سأنبئک ای ساخبرک ذکاء وھو سرعۃ الفطنۃ مجرور علی انہ بدل من ستۃ ویجوز الرفع والنصب ایضاً وحرص ای علی تحصیلہ واصطبار ای علی محنۃ وبلیاتہ وبلغۃ بضم الباء وسکون اللام ای کفایۃ من العیش بحیث لایحتاج فی امر الرزق الی الغیر فان الاحتیاج یشوش القلب فلا یمکن تحصیل العلم، وارشاد استاذ ای دلالۃ استاذ علی وجہ الصواب وطول زمان ای لابد من طول زمان حتی یحصل العلم لان مقدماتہ ومبادیہ کثیرۃ لاتحصل فی ادنی الزمان۔ ۱۲

[ع] جیسا کہ فارسی میں کہا گیا ہے ؎ علم را ہرگز نیابی تا نداری شش خصال، ذہن کامل، حرص کوتاہ، فہم کامل، جمع خاطر کل حال۔ خدمت استاد باید ہم سبق خوانی دراز مدت ... ۱۲

واما اختيار الشريك فينبغي ان يختار المجدّ والورع وصاحب الطبع المستقيم
والمتفهم ويفرّ من الكسلان والمعطل والمكثار والمفسد والفتّان

عن المرء لا تسئل وابصر قرينه ؛ فان القرين بالمقارن يقتدي
فان كان ذا شر فجنبه سرعة ؛ وان كان ذا خير فقارنه تهتدي

وانشدت ۔

لا تصحب الكسلان في حالاته ؛ كم صالح بفساد آخر يفسد
عدوى البليد الى الجليد سريعة ؛ كالجمر يوضع في الرماد فيخمد

ترجمہ و تشریح: ہم سبق کو اختیار کرنا۔ شریک یعنی ہم سبق وہم جماعت کو اختیار کرنے میں دیکھنا چاہئے کہ وہ جدّ وجہد کرنیوالا (محنتی) اور پرہیزگار اور طبع مستقیم (یعنی درست طبیعت والا) وسمجھدار ہو، اور سستی کرنیوالے، بیکار، بسیار گو، مفسد و فتنہ باز سے دور بھاگے، کسی شاعر نے کہا، ترجمہ: مرد کے متعلق مت پوچھ اور اُس کے ساتھی کو دیکھ تو بس کیونکہ ساتھی ساتھی کی اقتدا کرتا رہتا ہے، اگر اُس کا ساتھی بُرا ہے پس اُس سے پرہیز کر اور اگر اچھا ہے تب اُس سے مل اور دوستی پیدا کر ہدایت پائیگا تو، اور لوگوں کو میں یہ اشعار پڑھتے سُنا: ترجمہ، مت ساتھی بن سستی کرنیوالے کا اس کے اوقات اور حالات میں، بہت صالح اور نیکوکار دوسرے کے فساد سے فاسد ہوجاتے ہیں، بیوقوف کی تاثیر عقلمند اور تیز فہم میں سرایت کرجاتی ہے جیسے کہ آگ کا انگارا خاکستر کے اندر رکھدیا جائے تب وہ بُجھ جاتا ہے

تحقیق الالفاظ: المجد اسم فاعل من اجد يجد اي المقدم الساعي والورع بفتح الواو وكسر الراء صفة مشبهة اي المتعفف عن الحرام ويفر من الفرار الكسلان صفة مشبهة من التكاسل المعطل اسم مفعول بالفارسية بے کار والمكثار صيغة مبالغة الفاعل من الكثرة اي كثير الكلام والمفسد اي اهل الفساد والفتان اي اهل الفتنة. وابصر قرينه اي لا تسأل عن حال المرء بانه صالح او طالح وانظر قرينه ومصاحبه حتى تعلم ان حاله ماذا يقتدي اي يتبع بالمقارن في احواله وافعاله ويتعلق بالمقارن قدم عليه لرعاية القافية سرعة منصوب بنزع الخافض اي فتبعده عن نفسك بسرعة قبل ان يؤثر شره فيك فذالك فتعل بعجلة وفي بعض النسخ فجانب اي باعد بسرعة فقارنه امر حاضر وتهتد جوابه دائما في بابياء والقياس ان يسقط ياؤه علامة للجزم رعاية للقافية يعني اذا كان القرين ذا خير فصاحبه لكي تهتدي لان الصحبة مؤثرة فتؤثر فيك ثمارها ومنافعها وفي بعض النسخ فقاربه والمعنى ظاهر وانشدت على صيغة المتكلم المجهول من الافعال اي قرئ هذا الشعر عندي لا تصحب الخ اي لا تقارن الكاسل في حالاته واوقاته كم صالح الخ للتكثير اي صالح كثير يفسد بفساد آخر اي بفساد شخص آخر ويتعلق بقوله يفسد لان الفساد يؤثر في وجوده بالصحبة فيفسده العدوى بفتح العين وسكون الدال السراية والبليد الاحمق والجليد قوي الفهم يعني سراية بلادة البليد الى العاقل سريعة كالجمر الخ اي كسراية الجمر الذي يوضع في الرماد فيطفأ في عقبه فكما ان الجمر اذا وضع في الرماد فصار رمادا كذلك الجليد اذا اقترن بالبليد يصير بليدا بسرعة بسبب الصحبة المؤثرة ۱۲۔

وقال النبیّ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کل مولود یولد علی فطرۃ الاسلام الاان ابواہ یُہوّدانہ ویُنصّرانہ ویُمجّسانہ، الحدیث یقال فی الحکمۃ بالفارسیۃ، **شعر**

یار بد بدتر بود از مار بد | حقِّ ذات پاک اللّٰہ الصمد
یار بد آرد ترا سوئے جحیم | یار نیکو گیر تا یابی نعیم

وقیل: اِن کنت تبغی العلم من اھلہ ٭ اوشاھد ایخبر عن غائب
فاعتبر الارض باسمائہا ٭ واعتبر الصّاحب بالصاحب

ترجمہ وتشریح: اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت ٹھیک فرمایا کہ ہر مولود بچہ فطرتِ اسلام پر پیدا ہوتا ہے لیکن اس کے والدین اس کو (اپنی بُری صحبت سے) یہودی و نصرانی اور مجوسی بنالیتے ہیں (یعنی جیسے والدین ہوتے ہیں ویسے بنالیتے ہیں۔ نعوذ باللہ تعالیٰ منہ) حکمت میں فارسی عبارت سے یہ اشعار کہے جاتے ہیں، ترجمہ: بُرا دوست سانپ سے بھی زیادہ بُرا ہوگا یعنی تیرے لئے، ذاتِ پاک اللہ الصمد کی قسم سے یہ بات کہتا ہوں، بُرا دوست تجھکو جہنم کی طرف لائے گا (راستہ دکھائیگا) نیکوکار اور اچھا دوست پکڑ تاکہ تو جنۃ النعیم یا نعمت حاصل کرے تو۔

اور کسی شاعر نے بہت ہی عمدہ کہا، ترجمہ: اگر تو علم کو اہلِ علم سے طلب کریگا یا کسی گواہ سے خبر حاصل کرے کہ وہ کسی غائب کے متعلق خبر دے، پس قیاس کرے تو زمین کو زمین کے ناموں سے کہ قابلِ زراعت یا بنجر ہے مثلاً اور قیاس کر ساتھی کو اُس کے ساتھی پر۔

تحقیق الالفاظ: الفطرۃ الخلقۃ ان ابواہ منصوب علی انہ اسم ان علی لغۃ من یجعل اعراب تثنیۃ فی حال النصب بالالف کما فی حالۃ الرفع، یہوّدانہ ای یجعلانہ یہودیا وینصّرانہ ای یجعلانہ نصرانیا ویمجّسانہ ای یجعلانہ مجوسیا الحدیث علی ثلثۃ اوجہ مرفوع ومنصوب ومجرور فثبت بہذا الحدیث ان الصحبۃ موثرۃ والا فالخلقۃ التی خلق اللہ الناس علیہا سالمۃ عن الفساد والشقاوۃ۔ یار بد الخ یعنی ان الصاحب السوء اسوأ من الحیۃ السوء واکثر منہا ضررا حق ذات ای بحق ذات کما ہو فی بعض النسخ وہہنا بحذف حرف القسم ای بحق ذاتہ تعالیٰ وتقدس آرد ترا الخ ای الصاحب السوء یاتی بک الی جانب الجحیم، یار نیکو الخ ای اتخذ الصاحب الصالح تجد بسببہ جنات النعیم وقیل فی ہذا المعنی تبغی ای تطلب غائب ای عما غاب من علمک باسمائہا ای الارض اذا کانت ذات زرع فاسمہا الضیعۃ وان کانت ذات اشجار فاسمہا الجنینۃ وان کانت ذات بقول وبطیخ فاسمہا البستان وان کانت خالیۃ ذات شوک فہی الارض السبخۃ فاذا قال الرجل ان لی ضیعۃ یعرف ان لہ ارضا ذات زرع وکذا فی کل اسمہا فاعتبار الارضین التی کانت غائبۃ عن العیون ومعرفتہا باسمائہا التی کانت بمنزلۃ الارض الحاضرۃ وہی شاہدۃ علیہا بالصاحب یعنی کما ان اعتبار الارض ومعرفتہا باسمائہا کذلک یعتبر الصاحب ویعرف حالہ بمعرفۃ حال مصاحبہ ان عالما فعالم وان جاہلا فجاہل

فصل (۴) في تعظيم العلم واهله

اعلم بان طالب العلم لاينال العلم ولاينتفع به الا بتعظيم العلم واهله وتعظيم الاستاذ وتوقيره قيل ما وصل من وصل الا بالحرمة وما سقط من سقط الا بترك الحرمة والتعظيم وقيل الحرمة خير من الطاعة الاترى ان الانسان لايكفر بالمعصية وانما يكفر بترك الحرمة ومن تعظيم العلم تعظيم المعلم قال علي كرم الله وجهه انا عبد من علمني حرفا واحدا ان شاء باع وان شاء اعتق وان شاء استرق وقد انشدت في ذلك شعرًا

فصل (۴) علم اور اہل علم کی تعظیم کے بیان میں: جان تو کہ طالب علم نہ علم کو پا سکتا ہے اور نہ اس کے ساتھ (اگرچہ کچھ حاصل ہو بھی گیا تو) نفع اٹھا سکتا ہے جب تک علم و اہل علم کی تعظیم اور استاد کی توقیر اور عزت نہ کرے، کہا گیا ہے کہ جو کچھ پہنچا (حاصل ہوا) جسکو پہنچا فقط عزت کرنے ہی کی وجہ سے پہنچا۔ اور (بلند مرتبہ سے) جو شخص کہ گر گیا ہے تو صرف ترک عزت اور عظمت ہی کی وجہ سے گر گیا ہے، کہا بعضوں نے کہ عزت و عظمت بہتر ہے عبادت اور تابعداری سے، کیا نہیں دیکھتے ہو کہ انسان معصیت کی وجہ سے کافر نہیں قرار دیا جاتا ہے بلکہ ترک عزت و حرمت ہی کی وجہ سے کافر قرار دیا جاتا ہے۔
ف: کیونکہ اوامر و نواہی خداوندی کا ترک حرمت و عزت و استہانت اور استخفاف ہے اور استخفاف و استہانت کفر محض ہے نہ کہ معصیت ۱۲ ش تعظیم معلم (۱) اور تعظیم علم میں سے تعظیم معلم ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ مجھکو جس نے ایک حرف کی تعلیم دی میں اس کا غلام ہوں چاہے وہ مجھکو بیچ ڈالے اور چاہے آزاد کر دے اور چاہے تو (خدمت کیلئے) غلام بنا کر رکھ چھوڑے۔ (باقی ص۵۸ پر)

تحقیق الالفاظ: وتوقیره عطف تفسیر للتعظیم، ما وصل الخ ای ما وصل الواصل مطلوبا ای مطلوب کان ففی العبارة ما نافیة ومن فاعل وصل والمفعول محذوف للتعمیم بالحرمة ای باحترام الاستاذ والعلم وغیرهما مماله مدخل فی تحصیل المطلوب وما سقط الخ ما نافیة ایضا ای ما سقط الساقط عن المراتب العالیة بترک الحرمة بان ترک حرمة امر الله ونهیه بان استخفه واستهان به والاستخفاف والاستهانة کفر محض قال علی تائید ما سبق من تعظیم المعلم استرق ای جعلنی رقیقا واسیراه خدمه فی بابه وهذا کمال التعظیم وقد قال النبی صلی الله علیه وسلم من علم عبدا آیة من کتاب الله فهو مولاه وقد انشدت علی صیغة المتکلم المجهول والمنشد امیر المؤمنین علی کرم الله وجهه فی ذلک ای فی تعظیم المعلم ۔ ۲

رأیتُ احقَّ الحقِّ حقَّ المعلّمِ ... واوجبَہ حفظاً علیٰ کلِّ مسلمِ
لقد حقَّ ان یُھدیٰ الیہ کرامۃً ... لتعلیمِ حرفٍ واحدٍ الفُ درھمِ
فانّ من علّمک حرفاً ممّا تحتاج الیہ فی الدین فھو ابوک فی الدین

ترجمہ وتشریح : (بقیۂ گذشتہ) فائدہ : یہ کمالِ تعظیم ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مَنْ عَلَّمَ عَبْدًا اٰیَۃً من کتابِ اللہِ فَھُوَ مَوْلَاہُ یعنی جس نے کسی بندے کو کتاب اللہ کی کوئی ایک آیت تعلیم دی پس وہ اُس بندے کا مولیٰ اور سید ہے ۱۲ ش۔ اور مجھکو (حضرت امیر المؤمنین، علی کرم اللہ وجہہ کے اس بارے میں) یہ اشعار سننے کا اتفاق ہوا ہے ،
(متعلقہ صفحہ ھٰذا) ترجمہ: معلّم کے حق کو سب سے بڑا حق دیکھا اور جانا میں نے اور ہر مسلم پر اُس حق کا حفاظت کرنا زیادہ واجب ہے البتہ حق ثابت ہوا ہے کہ اُس معلّم کی طرف عزت کرکے ہدیہ دیا جائے ایک حرف کی تعلیم پر ایک ہزار درہم ، کیونکہ جس نے تمکو دین کی باتوں میں سے ایک حرف سکھلایا جس کی طرف تم محتاج ہو پس وہ تمہارا دینی باپ ہے۔ ف : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ خیر الآباء من علّمک یعنی سب سے بہتر باپ تمہارا وہ ہے جس نے تمکو تعلیم دی۔ بیان کیا گیا ہے کہ اسکندر ذو القرنین سے کہا گیا تھا کہ تم اپنے باپ سے زیادہ استاد کی تعظیم کیوں کرتے ہو؟ تو اس نے بہت ہی عمدہ جواب دیا کیونکہ میرے باپ نے مجھکو آسمان سے زمین کی طرف اُتارا، اور میرے استاد زمین سے مجھکو آسمان کی طرف اٹھاتا ہے۔ اس کے اس قول کا منشأ یہ ہے کہ ماں کی رحم میں روح کا بدن کے ساتھ متعلق ہونا گویا روح کا عالمِ ملکوت سے عالمِ کون وفساد کی طرف اُترآنا ہے، اور حدوثِ بدن کا سبب والدین ہیں لیکن استاد کا معارف ربانی کے ذریعہ اس روح کی تکمیل کرنا گویا روح انسانی کیلئے عالمِ فنا سے عالمِ بقا کی طرف عروج وصعود کا سبب ہے، اور یہ استاد کے ذریعے حاصل ہوتا ہے ۱۲ ش

تحقیق الالفاظ : احقّ الحقّ، الظاہر ان احقّ مفعول ثان لرأیت لانہ صفۃ لحق المعلّم لکن قُدّم علی المفعول الاوّل ای علمت ان حق المعلّم اشد حقیقۃ من سائر الحقوق واوجبہ بالنصب معطوف علیٰ احقّ الحقّ حفظاً الخ ای وعلمت ان حق المعلّم اشد وجوباً بالحفظ علیٰ کل مسلم لقد حقّ اللام موطئۃ للقسم ای ثبت ووجب یہدیٰ علی صیغۃ المجہول من الاہداء کرامۃً تمیز ای من جہۃ الکرامۃ والتعظیم الفُ درھمٍ مرفوع علی انہ مفعول مالم یسم فاعلہ لیہدیٰ فانّ تعلیل لمضمون البیت تحتاج ای انت فی الدین ای فی امر الدین فھو ابوک الخ فانہ روی عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ قال خیر الآباء من علّمک، وجواب الاسکندر ذی القرنین من سوال الناس عن تعظیم المعلّم الذی ذکر بتمامہ فی الشرح قد ذکرتہ فی شرح الہندی مفصلاً۔ ۱۲ ۔ اسے دونوں بلفظاً اعنی اوپر کی طرف چڑھنا۔

وکان استاذنا الشیخ الامام سدید الدین الشیرازی یقول قال مشائخنا من اراد ان یکون ابنہ عالما فینبغی ان یراعی الغرباء من الفقہاء ویکرمہم ویعظمہم ویعطیہم شیئا فان لم یکن ابنہ عالما یکون حافدہ عالما۔

ومن توقیر المعلم ان لا یمشی امامہ ولا یجلس مکانہ ولا یبتدئ الکلام عندہ الا باذنہ ولا یکثر الکلام عندہ، ولا یسأل شیئا عند ملالتہ ویراعی الوقت ولا یدق الباب بل یصبر حتی یخرج۔

ترجمہ وتشریح: اور ہمارے استاد امام سدید الدین شیرازی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے کہ ہمارے مشائخ نے کہا کہ جس کی یہ خواہش ہو کہ اس کا بیٹا عالم ہو جائے پس چاہئے کہ غریب (یعنی بے یار و مددگار و حاجتمند) عالم و فقیہ لوگوں کا خیال رکھے اور ان کی عزت و تعظیم کرے اور ان کو کچھ دے اور کچھ ان کو کھلائے پس اس کی برکت سے (کسی وجہ سے اس کا بیٹا عالم نہ ہو سکا تو اس کا پوتا عالم ہوگا۔ **تعظیم معلم** (۲) **طریق تعظیم**، اور معلم کی عزت میں سے یہ بھی ہے کہ (۱) راستہ میں چلتے وقت) ان کے آگے آگے نہ چلے۔ (۲) اور ان کی جگہ پر نہ بیٹھے، (۳) اور ان کے پاس ان کی اجازت کے بغیر خود پہلے کلام شروع نہ کرے۔ (۴) اور نہ ان کے پاس زیادہ لمبی چوڑی بات کرے، (۵) اور ان کے ملال و پریشانی کے وقت کوئی چیز دریافت نہ کرے۔ (۶) اور (اُس) وقت کا خیال رکھے (جس کو درس اور سبق کیلئے انہوں نے معین کر دیا) (۷) اور نہ (ان کا) دروازہ ٹھوکتا اور دستک دیتا رہے۔ بلکہ صبر کرے یہاں تک کہ وہ (خود حسب معمول) باہر نکل آئیں۔

تحقیق الالفاظ: یقول خبر کان ای یقول دائما قال مشائخنا مقول یقول ان یراعی علی صیغۃ المعلوم من المراعاۃ الغرباء جمع غریب من الفقہاء صفۃ الغرباء ای الکائنین من الفقہاء ویکرمہم بالنصب معطوف علی ان یراعی من اکرام ویعظمہم من التعظیم ویعطیہم شیئا ای یتصدق علیہم بشیئ من مالہ ولو کان قلیلا کما یفیدہ التنوین فی شیئ یکون حافدہ ای ولد ولدہ وفی بعض النسخ کان حفیدہ والمعنی واحد فظہر من ہذا ان التعظیم والاکرام للعلماء امر مقبول ومفید لشل ہذہ الفائدۃ۔ امامہ ای قدامہ عندہ ای عند المعلم الا باذنہ ای لا یبتدئ بالکلام عندہ فلیسأل الشیئ من الاشیاء الا مسلبا باذنہ ویراعی ای یحفظ الوقت الذی عینہ للدرس حتی یخرج ای الاستاذ فان ہذہ الاشیاء تخل بالتعظیم، ۲

فالحاصل انہ یطلب رضاہ ویجتنب سخطہ ویمتثل امرہ فی غیر معصیۃ اللہ تعالیٰ ولاطاعۃ للمخلوق فی معصیۃ الخالق۔
ومن توقیرہ توقیر اولادہ ومن یتعلق بہ وکان استاذنا شیخ الاسلام برھان الدین صاحب الھدایۃ رح یحکی ان واحدا من کبار ائمۃ بخاریٰ کان یجلس مجلس الدرس وکان یقوم فی خلال الدرس احیانًا

ترجمہ وتشریح: بس حاصل یہ ہے کہ استاد کی خوشنودی ورضا کو طلب کرے اوران کی ناراضی سے بچتا رہے۔ اور غیر معصیت خداوندی میں ان کی امتثالِ امر (حکم کی پیروی) کرتا رہے (اس لئے کہ) خالق باری تعالیٰ کی معصیت کی صورت میں مخلوق کی فرمانبرداری جائز نہیں ہے۔ ف: جیساکہ بعینہٖ یہی مضمون حدیث سے ثابت ہے نیز رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہت زیادہ بُرا آدمی وہ شخص ہے جو غیر کی دُنیا سنوارنے کیلئے یعنی اس کی اطاعت میں اپنا دین برباد کردے ۱۲ حاشیہ
تعظیم معلم (۳) تعظیم اولاد ومتعلقین معلم: اور معلم کی اُسی عزت وتوقیر میں سے اس کی اولاد اور متعلقین کی عزت وتعظیم ہے۔ اور ہمارے استاد شیخ الاسلام برہان الدین صاحبِ ہدایہ، رحمہ اللہ تعالیٰ حکایت بیان کرتے تھے کہ بخارا کے اماموں میں سے ایک بڑا امام اور استاد مجلس درس میں بیٹھتے تو کبھی کبھی درمیانِ درس میں کھڑے ہوجاتے تھے۔

تحقیق الالفاظ: رضاہ ای رضا الاستاذ سخطہ ای من سخط الاستاذ ولاطاعۃ الخ ای ولا طاعۃ جائزۃ للمخلوق۔ فی معصیۃ الخالق ای فی عبادۃ یلزم ان اطاع للمخلوق ان یعصی الخالق وہذہ الجملۃ بمنزلۃ التعلیل لما سبق وہی بعینہا ثابتۃ من حدیث الرسول صلی اللہ علیہ وسلم، وفی بعض الحواشی بل فی بعض نسخ المتن ایضًا کما قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم ان شرالناس من یذہب دینہ لدنیا غیرہ۔ ومن یتعلق بہ کائنا من کان سواء کان تعلقہ بالنسب او بالسبب یحکی خبر کان کان یجلس ای عادتہ کذا فی خلال الدرس ای فی اواسطہ، احیانًا ای اوقاتا۔ ۱۲

فسالوه عن ذلك فقال ان ابن أستاذی يلعب مع الصبيان في السكة فاذا
رأيته اقوم له تعظيما لاستاذی۔ والقاضی الامام فخر الدين الارسابندی
كان رئيس الائمة بمرو وكان السلطان يحترمه غاية الاحترام وكان
يقول انما وجدت هذا المنصب بحرمة الاستاذ فانی كنت اخدم استاذی
القاضی ابا يزيد الدبوسی وكنت اخدمه واطبخ طعامه ولا اكل منه
والشيخ الامام الاجل شمس الائمة الحلوانیؒ قد كان خرج من بخاریٰ وسكن
فی بعض القریٰ ايامًا لحادثة وقعت له وقد زارته تلاميذه غير الشيخ

الامام القاضی ابی بكر الزرنجیؒ

ترجمہ وتشریح:۔ اس وقت لوگوں نے ان سے اس بارے میں سوال کرنے پر انہوں نے بتلایا کہ میرے استاد کا بیٹا لڑکوں کے ساتھ گلی میں کھیلتا ہے۔ (اور کبھی کبھی کھیلتا ہوا مسجد کے دروازہ کیطرف آجاتا ہے) پس جب میں اس کو دیکھ پاتا ہوں تو میرے استاد کی تعظیم کیلئے کھڑا ہو جاتا ہوں اور قاضی امام فخر الدین ارسابندیؒ مرو (شہر) میں اماموں (استادوں) کے رئیس اور سردار تھے اور اس زمانہ کے بادشاہ بھی ان کا بیحد احترام وعزت کرتے تھے۔ ان کا حال یہ تھا کہ وہ خود فرماتے تھے کہ میں اس رتبہ اور عہدہ کو جو پایا ہے تو فقط استاد کی خدمت اور احترام سے پایا ہے کیونکہ میں اپنے استاد قاضی ابو یزید دبوسیؒ کی خدمت کرتا تھا اور ایسی خدمت کرتا تھا کہ ان کے لئے کھانا پکا دیا کرتا تھا اور خود میں اس کھانے میں شریک نہ ہوتا تھا (کیونکہ میرا کھانے میں شریک ہونا گویا اپنے کھانے کیلئے پکانا شمار ہوتا اور یہ اپنا کام ہوتا نہ کہ استاد کی خدمت)۔

اور شیخ امام اجل شمس الائمہ حلوانی رحمہ اللہ تعالیٰ کو جو ایک حادثہ پیش آیا اس سے مجبور ہو کر بخارا سے نکل گئے اور بعض دیہات میں جا کر کچھ دنوں تک سکونت اختیار فرمائے۔ اس دوران سکونت دیہات میں شیخ امام قاضی ابو بکر زرنجی رحمہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ ان کے باقی تمام تلامذہ (شاگردان) ان کی زیارت اور ملاقات کیلئے حاضر ہوئے (اور آپ حاضر نہ ہوئے)۔

تحقیق الالفاظ: فسالوه الخ فی بعض النسخ وسالوا عنه ويقول فی السكة ای فی الطريق وفی الشرح بعد ذلك بل فی بعض نسخ المتن هكذا ای ويجیٔ احيانا الی باب المسجد رأيته ای ابن استاذی السلطان ای سلطان زمانه وكان ای القاضی بحرمة الاستاذ ای باحترامه بالخدمة وغيرها وفی بعض النسخ بخدمة الاستاذ القاضی الامام منصوب علی انه صفة استاذی ابا يزيد كنية الدبوسی بفتح الدال وضم الباء الموحدة المنسوب الی الدبوس منصوب علی انه صفة نسبية لاستاذی اعنی بخدمتی هذه وجدت هذا المنصب (باقی صفحہ ۶۱)

فقال لہ حین لقیہ لماذا لم تزرنی؟ فقال کنت مشغولاً بخدمۃ الوالدۃ
قال ترزق العمر ولا ترزق رونق الدرس وکان کذلک فانہ کان یسکن
فی اکثر اوقاتہ فی القری ولم ینتظم لہ الدرس فمن تاذی منہ استاذہ
یحرم برکۃ العلم ولا ینتفع بہ الا قلیلاً۔

ان المعلم والطبیب کلاھما ؛ لا ینصحان اذا ھما لم یکرما
فاصبر لدائک ان جفوت طبیبھا ؛ واقنع بجھلک ان جفوت معلما

ترجمہ و تشریح: (اس کے بعد جب کسی موقع پر) آپ شیخ زرنجی رحمہ اللہ تعالیٰ سے ملے تو بطور شکایت فرمائے کہ تم میری زیارت (ملاقات) کیوں نہیں کی؟ انہوں نے کہا کہ میں اپنی والدہ کی خدمت میں مشغول تھا اس وقت شمس الائمہ حلوانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم کو عمر دراز تو نصیب ہو گی لیکن رونق درس حاصل نہیں ہوگا۔ اور حقیقت میں ہوا بھی ایسا کہ وہ اکثر اوقات دیہات میں بسر اوقات کرتے تھے اور ان کیلئے درس کا انتظام نہ ہوتا تھا پس جس شخص کے ذریعہ استاد کو ایذا پہنچیگی وہ برکت علم سے محروم رہے گا۔ اور اس علم سے وہ نفع نہیں اٹھائیگا مگر بہت تھوڑا۔ (جیسا کہ کسی شخص نے کہا، ترجمہ بیشک معلم اور طبیب دونوں خیر خواہی نہیں کرتے ہیں جبکہ ان دونوں کی تعظیم اور عزت نہ کی جائے پس تمہاری بیماری کے باقی رہنے پر صبر کرتے رہو جبکہ تو نے طبیب پر ظلم کیا۔ اور تو اپنی جہالت پر قناعت کر کے بیٹھا رہ جبکہ تو نے معلم پر ظلم کیا یعنی اس کا حق ادا نہ کیا۔

تحقیق الالفاظ: (بقیہ گذشتہ) ولا اکل منہ یعنی ان خدمتی وصحبتی لمعاملیس لاجل الاکل والانتفاع بل لمجرد التعظیم والتوقیر الحلوانی بضم الحاء المہملۃ وسکون اللام وآخرہ نون بعد الف اسم لبلد ونسبۃ شمس الائمۃ الیہا ویقال بہمزۃ بدل النون المنسوب الی بیع الحلواء لان اباہ کان بائع الحلواء بحادثۃ ای بسبب حادثۃ وقعت لہ ای واوجبت خروجہ من البلدۃ الی القری تلامیذہ جمع تلمیذ فاعل زارت غیر الشیخ لفظ غیر منصوب علی الاستثناء الزرنجی بفتح الزاء المعجمۃ وفتح الراء المہملۃ و نون ساکن بعدہا اسم موضع ینسب الیہ ابوبکر۔ ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) فقال ای شمس الائمۃ لہ ای للقاضی ابی بکر لماذا لم تزرنی ای لای شیٔ و وجہ لم تزرنی؟ فقال ای القاضی ابوبکر بخدمۃ الوالدۃ وفی بعض النسخ بخدمتی الوالدۃ ای فشغلنی بخدمۃ الوالدۃ منعنی عن زیارتک قال ای شمس الائمۃ ترزق العمر علی صیغۃ المبنی للمفعول والعمر منصوب بنزع الخافض ای تجعل مرزوقا بالعمر ولا ترزق الخ ای ولا تجعل مرزوقا برونق الدرس وزینتہ فانہ کان یسکن وفی بعض النسخ فانہ کان کذلک، ولم ینتظم لہ الدرس لان الطالبین کثیرا ما یوجدون فی البلدان دون القری برکۃ العلم ای من برکۃ الا قلیلا ای انتفاعا قلیلا فانتصابہ علی المصدریۃ ان المعلم الخ ای ان المعلم والطبیب لا یریدان الخیر للمتعلم والمریض اذا لم یکونا مکرمین لانہما اذا لم یکرما لم یستعطفا علی المریض والمتعلم فلا یکونان ناصحین لہما ان جفوت علی صیغۃ الخطاب طبیبہا الضمیر (باقی اگلے صفحہ پر)

وحکی ان الخلیفۃ ھٰرون الرشید بعث ابنہ الی الاصمعیؒ لیعلمہ العلم والادب فرآہ یومًا یتوضأ و یغسل رجلہ وابن الخلیفۃ یصب الماء علی رجلہ فعاتب الخلیفۃ الاصمعی فی ذٰلک فقال انما بعثتہ الیک لتعلمہ وتؤدبہ فلماذا لم تامرہ بان یصب الماء باحدی یدیہ ویغسل بالاخری رجلک۔ ومن تعظیم العلم تعظیم الکتاب فینبغی لطالب العلم ان لا یأخذ الکتاب الا بطہارۃ وحکی عن الشیخ الامام شمس الائمۃ الحلوانیؒ انہ قال انما نلت ھٰذا العلم بالتعظیم فانی ما اخذت الکاغذ الا بالطہارۃ۔

ترجمہ وتشریح: حکایت بیان کی گئی ہے کہ خلیفہ ہارون رشید اپنے بیٹے کو شیخ العربیہ و امام اللغۃ اصمعیؒ کے پاس علم وادب کی تعلیم کیلئے بھیجا تھا پس (اتفاقًا) ایک دن خلیفہ نے اصمعیؒ کو کہ وہ وضو کر رہے ہیں اور اپنے پیر کو (خود اپنے ہاتھ سے) دھو رہے ہیں اور خلیفہ کا بیٹا اصمعیؒ کے پیر پر پانی ڈال رہا ہے پس اس وقت خلیفہ نے اس بارے میں اصمعیؒ کو سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ اس کو میں نے تمہارے پاس اس لئے بھیجا کہ تم اس کو علم وادب سکھلاؤ گے پس کیوں اس کو حکم نہیں کرتے ہو کہ ایک ہاتھ سے پانی ڈالے اور دوسرے ہاتھ سے تمہارے پیر کو دھو دیوے؟

تعظیم کتاب۔ اور تعظیم علم میں سے تعظیم کتاب بھی ہے۔ پس طالب علم کو چاہئے کہ طہارت (یعنی وضو) کے بغیر کتاب کو نہ پکڑے، اور بیان کیا گیا ہے کہ شمس الائمہ حلوائیؒ نے کہا کہ میں اس علم کو فقط تعظیم ہی سے پایا ہے، کیونکہ میں نے کبھی طہارت (یعنی وضو) کے بغیر کاغذ کو نہیں پکڑا۔

: الخلیفۃ ای خلیفۃ بغداد الاصمعی وہو شیخ من مشائخ العربیۃ وامام من ائمۃ اللغۃ فرآہ۔ ای الخلیفۃ الاصمعیؒ وابن الخلیفۃ الواو للحال علی رجلہ ای رجل الاصمعی ای ابن الخلیفۃ یصب الماء فقط ولا یغسل بیدہ رجل الاصمعی فیؤدی حق التعظیم للعلم۔ فی ذلک ای فی عمل ابنہ ہکذا فقال تفصیل العتاب فلماذا ای لای شئی لم تامرہ ای ابنی بان یصب الماء ای ابنی بالاخری ای بالید الاخری ای شیئی مثلاً رجلک ای رجل الاصمعی فثبت بہذا ان تعظیم الاستاذ لازم وان کان التلمیذ ذا جاہ او صاحب مال تعظیم الکتاب الذی یطالعہ ویقرأ منہ فینبغی ہذا شروع لبیان کیفیۃ تعظیم الکتاب الا بالطہارۃ ای بالوضوء وحکی ہذا تائید لذلک المعنی الکامل بعینہ الخلیل القرطاس ۱۲

بقیہ موثر شدہ یسد راجع الی الداء المذکور حکمًا باعتبار الطبیبۃ وانعار فتہ یعنی ان جفوت طبیبہ مرضک فاصبر علیہ ولا تضطرب منہ وفی بعض النسخ طبیبہا یرجع الی الداء باعتبار المرض حکمًا لانک ان جفوت معلمک لا ینتہم فی التعلیم فلا ینفعک تعلیمہ فتبقی جاہلاً ۱۲

وان الشیخ الامام شمس الائمۃ السرخسیؒ کان مبطونا وکان یکرر فی لیلۃ فتوضأ فی تلک اللیلۃ سبع عشر مرۃ لانہ کان لا یکرر الا بالطہارۃ ہذا لان العلم نور والوضوء نور فیزداد نور العلم بہ ومن التعظیم الواجب ان لا یمد الرجل الی الکتاب ویضع کتب التفسیر فوق سائر الکتب تعظیما ولا یضع علی الکتاب شیئا آخر۔ وکان استاذنا برہان الدینؒ یحکی عن شیخ من المشائخ ان فقیہا کان وضع المحبرۃ علی الکتاب فقال لہ بالفارسیۃ۔ بر نیابی وکان استاذنا القاضی الاجل فخر الاسلام المعروف بقاضیخانؒ یقول ان لم یرد بذلک الاستخفاف فلا بأس بذلک والاولیٰ ان یحترز عنہ

ترجمہ وتشریح: اور شیخ شمس الائمہ سرخسیؒ ایک دفعہ مبطون (یعنی پیٹ کی بیماری خروج ریح یا دست میں مبتلا) تھے اور آپ رات کو (کتابوں کے اسباق کا) تکرار و بحث کرتے تھے، پس آپنے اس رات میں سترہ بار وضو کی کیونکہ آپ بغیر طہارت (یعنی وضو) کے تکرار نہیں کرتے تھے۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ علم نور ہے، اور وضو بھی نور ہے پس وضو کے نور کے ساتھ علم کا نور بڑھتا رہیگا (ورنہ حدث کی ظلمت کے سبب نور علم اندھیرا و دھندلا سا رہنے کا اندیشہ ہے اُس وقت نور علم ظاہر نہ ہوگا تو استفادہ بھی نہ ہوسکے گا۔ اور تعظیم واجب میں سے یہ ہے کہ کتاب کی طرف پیر نہ پھیلائے۔ اور کتب تفسیر کو تعظیم کرکے ساری کتابوں کے اوپر رکھے، اور کتاب کے اوپر (دوات وغیرہ) کوئی چیز نہ رکھے، اور ہمارے استاذ شیخ الاسلام برہان الدینؒ مشائخ میں سے کسی شیخ کی حکایت بیان کرتے تھے کہ ایک فقیہ نے کتاب پر دوات رکھدی تھی اس وقت شیخ نے فارسی میں فرمایا کہ "بر نیابی" (یعنی تم اپنے علم سے نفع نہیں حاصل کروگے) اور ہمارے استاذ قاضی اجل فخر الاسلام معروف بقاضیخانؒ فرماتے تھے کہ دوات کو کتاب پر رکھنے سے اس کا مراد اگر علم کا استخفاف واستحقار نہیں ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ (یعنی جائز تو ہے مگر) اولیٰ یہ ہے کہ اس سے پرہیز کرے (ورنہ بر نیابی کے مصداق بننے کا اندیشہ ضرور رہے گا۔ کیونکہ اس میں اگرچہ استخفاف نہیں ہے مگر ایہام استخفاف ضرور ہے)۔

تحقیق الالفاظ: کان مبطونا ای مبتلی بمرض البطن من انفلات الریح او استطلاق البطن۔ وکان یکرر ای درسہ الذی یطالعہ حذف للعلم بقرینۃ المقام فی لیلۃ من اللیالی بہ ای بالوضوء لان النور اذا انضم الی النور یضاعف النور فیثبت بہ انہ اذا لم یتطہر یظلم نور العلم بسبب ظلمۃ الحدث فلا یستفاد بہ الی الکتاب لان فیہ نوع استحقار ویضع منصوب بالعطف علی ان لا یمد تعظیما ای الکتب للتفسیر شیئا آخر ای ما ہو من محبرۃ وغیرہا لان فیہ استحقارا المحبرۃ ای الدواۃ والمراد فقال ای الشیخ لہ ای للفقیہ بر نیابی لفظ بر ہنا بمعنی الفائدۃ والمراد التفعیل و نیابی ای لا تجد ما تعلمت ای لا تجد النفع من علمک ان لم یرد بذلک ای لو وضع المحبرۃ علی الکتاب الاستخفاف ای عدہ خفیفا حقیرا فلا بأس بذلک ای بوضعہا ان یحترز عنہ لان فیہ ایہام الاستخفاف فالاولی الاحتراز عن مثلہ ۱۲

ومن التعظيم ان يجود كتابة الكتاب ولا يقرمط ويترك الحاشية التي يقرمط فيها الا عند الضرورة۔ ورأى ابو حنيفةؒ كاتبا يقرمط في الكتابة فقال لا تقرمط خطك لانك ان عشت تندم وان مت تشتم يعني اذا شخت وضعف بصرك ندمت على ذلك الفعل وحكي عن الشيخ الامام محمد مجد الدين الصرخكي رحمه الله تعالىٰ انه قال ما قرمطنا ندمنا وما انتخبنا ندمنا وما لم نقابل الا ندمنا۔

ترجمہ وتشریح اور تعظیم واجب میں سے یہ بھی ہے کہ کتاب کی تحریر کو خوب عمدہ اور خوشخط بنائے اور باریک قلم سے نہ لکھے (بلکہ موٹے قلم سے لکھے) اور اس میں حاشیہ چھوڑے جس تحریر میں باریک قلم سے لکھا گیا ہو غالباً۔ مگر ضرورت کے وقت (کہ اطراف کتاب میں لکھنے کو مقتضی ہو) اس وقت حاشیہ نہ چھوڑ کر اطراف کتاب میں لکھے) امام اعظم ابو حنیفہؒ نے ایک کاتب کو دیکھا کہ بہت باریک قلم سے لکھ رہا ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ (تمہاری کتاب کو) بہت باریک قلم سے مت لکھو کیونکہ تم اگر زندہ رہو گے تو شرمندہ ہو گے اور اگر مر جاؤ گے تو (دوسرے کی طرف سے بوجہ تمہاری تحریر کو نہ پڑھ سکنے کے) گالی کھاؤ گے، امام اعظمؒ کے قول کا مراد یہ ہے کہ اگر تم (زندہ رہو گے اور) بوڑھا ہو جاؤ گے اور تمہاری آنکھ ضعیف ہو جائے گی اس وقت تمہارے اس فعل پر (بوجہ خود نہ پڑھ سکنے کے) شرمندہ ہو گے۔ اور شیخ امام محمد مجد الدین صرخکی رحمۃ اللہ تعالیٰ سے بیان کیا گیا ہے انہوں نے فرمایا کہ جب کبھی ہم نے باریک خط سے لکھا تو شرمندہ ہوا اور جب کبھی ہم نے مضمون کو انتخاب کر کے تھوڑا حصہ نقل کیا تو شرمندہ ہوا اور جب کبھی ہم نے ہماری تحریر کو اصل کتاب کے ساتھ مقابلہ نہیں کیا تو شرمندہ ہوا۔

تحقیق الالفاظ ان يجود الخ اي ان يجعله جيدا غير ردي ولا يقرمط القرموط رقة الكتابة اي لا يجعل الكتابة رقيقة غير جلية فيها غالباً الا عند الضرورة التي اقتضت ان يكتب اطراف الكتاب فحينئذ يكتبها فقال اي ابو حنيفة رحمه الله تعالى عشت بصيغة الخطاب من العيش تندم مجزوم او مرفوع لكون شرطه ماضيا وان مت بضم الميم على صيغة الخطاب من الموت تشتم على صيغة المبني للمفعول يعني يشتمك من يقرأ منه يعني هذا التفسير من المصنف اذا شخت بكسر الشين وسكون الخاء على صيغة الخطاب اي صرت شيخا على ذلك الفعل لانك تتألم من قرأته وتقتنه ما قرمطنا ندمنا ما موصولة في المواضع الثلثة والعائد محذوف اي الذي قرمطناه ورققنا كتابته ندمناه او مصدرية اي مدة دوام قرمطنا في الكتابة ندمنا بان نقول لما ذا فعلنا هكذا وما انتخبنا الخ اي الذي انتخبناه ندمناه او ان مدة دوام انتخابنا واختصارنا ندمنا لان كثيرا ما نحتاج الى التفصيل وما لم نقابل اي الكتاب الذي لم نقابله مع كتاب آخر صحيح۔ ندمنا لان هذه الاشياء مضرة لمطالعتنا۔ (بورق دیگر)

وينبغي ان يكون تقطيع الكتاب مربعا فانه تقطيع ابي حنيفة رحمه الله تعالى وهو ايسر الى الرفع والوضع والمطالعة وينبغي الا يكون في الكتاب شئ من الحمرة فانها صنيع الفلاسفة لا صنيع السلف ومن مشائخنا من كره استعمال المركب الاحمر۔ **ومن تعظيم العلم** تعظيم الشركاء ومن يتعلم منه والتملق مذموم الا في طلب العلم فانه ينبغي ان يتملق لاستاذه وشركائه ليستفيد منهم وينبغي لطالب العلم ان يستمع العلم والحكمة بالتعظيم والحرمة وان سمع مسئلة واحدة وكلمة واحدة الف مرة قيل من لم يكن تعظيمه بعد الف مرة كتعظيمه في اول مرة فليس باهل العلم۔

ترجمہ وتشریح اور چاہیے کہ تقطیع (یعنی سائز) کتاب کی مربع (چہار گوشہ یعنی چاروں طرف قریب قریب برابر ہی) ہو۔ کیونکہ یہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ تقطیع ہے اور یہ تقطیع اٹھانے، رکھنے اور مطالعہ میں زیادہ آسان ہے اور چاہیئے کہ کتاب کی تحریر میں کسی قسم کا سرخ رنگ نہ ہو کیونکہ یہ فلاسفہ کا فعل ہے۔ سلف کا عمل نہیں ہے۔ اور ہمارے مشائخ میں سے بعض سرخ روشنائی کے استعمال کو مکروہ جانتے ہیں۔ طریق تعظیم (۴) تعظیم شرکاء تعلیم۔ اور تعظیم علم میں سے شرکاء اور جس سے تعلیم حاصل کی جاتی ہے (یعنی استاد) اس کی تعظیم و توقیر کرنا ہے۔ اور چاپلوسی و تملق مذموم ہے مگر طلب علم میں تملق جائز و محمود ہے۔ پس چاہیئے کہ اپنے استاد اور شرکاء کے ساتھ چاپلوسی و خوشامدی کرے تا کہ ان سے فائدہ حاصل کر سکے۔ اور طالب علم کو چاہیئے کہ علم اور حکمت (یعنی دانائی کی بات) کو تعظیم و احترام کے ساتھ سنے اگرچہ ایک مسئلہ اور ایک کلمہ ہزار بار سنے کہا گیا ہے کہ جس کی تعظیم ہزار بار سننے کے بعد بھی ایک بار سننے کی تعظیم کی طرح نہ ہو پس وہ اہل علم میں سے نہیں ہے (یعنی ہزار بار بھی اگر ایک بات کو سنے تو ہر دفعہ عزت و احترام کے ساتھ سنے ورنہ وہ اہل علم اور علم پانے کے لائق آدمیوں میں سے نہیں ہے)۔

تحقیق الالفاظ (بقیہ گذشتہ) ومخلۃ یتفہم مقصودنا فی آلی شیۂ ما انتخبنا لحفظنا ای ماترکنا شیئا الا احتجنا الی ماترکناہ وددنا لو کان ماعنا مفصلا متوسعا فیہ ومالم نقابل ای مافرطنا فی المراجعۃ ومقابلۃ النسخۃ المکتوبۃ حدثنا علی الاخری المصححۃ۔ الا ندمنا لعثورنا علی الخطاء والاغلاط فی النسخۃ الحدیثۃ ۱۲ (باقی اگلے صفحہ پر)

وینبغی لطالب العلم الا یختار نوع علم بنفسه بل یفوض امره الی الاستاذ فان الاستاذ قد حصل له التجارب فی ذلک. وعرف ماینبغی لکل احد ومایلیق بطبیعته. وکان الشیخ الامام الاجل الاستاذ شیخ الاسلام برھان الحق والدین رحمه الله تعالی یقول کان طلبة العلم فی الزمان الاول یفوضون امورھم فی التعلم الی استاذھم وکانوا یصلون الی مقصودھم ومراھم

ترجمہ وتشریح

تجویز علم:۔ اور طالب علم کو چاہئے کہ خاص قسم کے علم وفن کو خود (اپنی رائے سے) نہ اختیار کرلے۔ بلکہ یہ کام اپنے استاد کے سپرد کردے (یعنی وہ جو تجویز کردیں اسی کو اختیار کرے) کیونکہ اس کے استاد کو اس بارے میں تجربے بہت حاصل ہو چکے ہیں اور ہر ایک کے لئے کیا مناسب ہے اور اس کی طبیعت کے لئے کیا لائق ہے اس کو پہچان چکا ہے (اس لئے اس کی تجویز پر عمل کرے) اور شیخ امام اجل استاد شیخ الاسلام برہان الحق والدین (صاحب ہدایہ) رحمہ اللہ فرماتے تھے۔ کہ پہلے زمانے میں طالب علم ان کی تعلیم وتعلم کے امور کو ان کے استاد کی طرف سپرد کردیتے تھے اور اس سے اپنے مراد اور مقصود کو پہنچ جاتے تھے۔

تحقیق الالفاظ

(بقیہ گذشتہ) تقطیع الکتاب ای قطعہ مربعا لامدورا ای ولامطولا تقطیع ابی حنیفۃ ای التقطیع الذی اختارہ ہو۔ ہو الیسار ای والحال انہ الیسار الی آخر رفع من محلہ والوضع ای فیہ صبغ اللون ای مصنوعہم بحیث عہم المرکب لاحمر المداد الاحمر ولعلہ انما کرہہ للعلۃ السابقۃ اذ کراہتہ لونہ۔ الشرکاء ای الذین شارکہم فی طلب العلم والدرس ومن یتعلم منہ یعنی الاستاذ التملق ای التودد والتلطف مذموم ای فی جمیع الافعال والاحوال فانہ ای فان طالب العلم لیستفید منہم ای من الاستاذ والشرکاء واعلم ان التملق المذموم ہو التکلف والتصنع لاستجلاء الفائدۃ ما ذبہ لانہ حینئذ یدل علی الضعف والمہانۃ والصغار (مستفاد من الحاشیۃ) والحکمۃ قال مجاہد الحکمۃ ہی القرآن والعلم والفقہ وعن قیل انہا تفسر فی القرآن با ربعۃ اوجہ قتادۃ بمواعظ القرآن واخری بما فیہ من عجائب الاسرار ومرۃ بالعلم والفہم واخری بالنبوۃ وان سمع ان للوصل منسلخۃ عن معنی الشرط فلیس باہل کا علم لان العلم معظم ومشرف فی جمیع الاحوال والاوقات لاتفاوت بین وقت ووقت فمن قصر فی تعظیمہ فی بعض الاحیان ولم یعظمہ غایۃ التعظیم فہو لیس باہل العلم لان من وجد لذۃ العلم وعلم قدرہ ورتبتہ لایستطیع ان لایعظمہ۔ (متعلقہ ص٦٦) بنفسہ ای بذاتہ من غیر ان یشاور استاذہ فان الاستاذ، فی الشرح اعاد ذکرہ تلذذا وتبرکا التجارب جمع تجربۃ فی ذلک ای فی اختیار نوع العلم۔ وعرف ماینبغی من انواع العلم لکل احد من افراد الطالبین ومایلیق الطبیعۃ۔ لان الطبائع مختلفۃ فمن الطبائع مایلیق بالفقہ ومن الطبائع مایلیق بالعلوم العربیۃ الی غیر ذلک فلابد من استاذ یعلم طبیعۃ للتعلم ویعلم من انواع العلوم مایلیق بطبیعتہ۔ یقول خبر کان یفوضون ھو جعل الامر فی عہدۃ الغیر من فوض الیہ الامر تفویضا ای ردہ الیہ وجعلہ فی عہدتہ م

م الی استاذہم متعلق بیفوضون الآن ظرف منصوب علی انہ مفعول فیہ لیختارون وقدم علیہ اہتماما۔ ۱۲

والآن مختارون بانفسهم فلا يحصل مقصودهم من العلم والفقه
وكان يحكى ان محمد بن اسمٰعيل البخاري رحمه الله تعالیٰ كان بدأ
بكتاب الصلوٰة على محمد بن الحسن فقال له اذهب وتعلم علم
الحديث لما راى ان ذلك العلم اليق بطبعه وطلب علم الحديث
فصار فيه مقدمًا على جميع ائمة الحديث۔ وينبغى لطالب العلم
الا يجلس قريبًا من الاستاذ عند السبق بغير ضرورة بل ينبغى
ان يكون بينه وبين الاستاذ قدرُ القوس فانه اقرب الى التعظيم

ترجمہ وتشریح

اور اب خود (اپنی رائے سے خاص علم وفن اور طریقے کو) اختیار کر لیتے ہیں (اس لئے) علم وفقہ سے اپنا (معتد بہ اور اصلی) مقصد حاصل نہیں ہوتا ہے۔ اور بیان کیا جاتا ہے۔ کہ امام محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت امام محمد بن الحسن رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں کتاب الصلوٰۃ (فقہ) کو شروع کیا تھا تو امام محمد بن الحسن صاحبؒ نے (ان کی طبیعت معلوم کر کے) ان کو فرمایا کہ "جاؤ تم علم حدیث کو حاصل کرو" کیونکہ انہوں نے دیکھا کہ یہ علم امام بخاریؒ کی طبیعت کے زیادہ مناسب اور لائق ہے۔ اور انہوں نے جا کر علم حدیث کو جو حاصل کیا تو تمام ائمۂ حدیث پر علم حدیث میں مقدم ہو گئے۔ اور چاہیئے کہ طالب علم سبق کے وقت بلا ضرورت استاد کے بالکل قریب نہ بیٹھے بلکہ چاہیئے کہ اس کے اور اس کے استاد کے درمیان مقدار ایک کمان (یعنی ایک ڈیڑھ گز) کا فاصلہ رہے۔ کیونکہ یہ تعظیم کی طرف زیادہ قریب ہے۔

تحقیق الالفاظ

بانفسہم ای من غیر انفہام رای الاستاذ۔ لا یحصل مقصودہم۔ کائنًا من العلم والفقہ لانہم لا یدرون ای العلم انفع بہم وای علم یلیق بطبیعتہم فلا یہتدون الی المطلوب، علی محمد ای بدأ بکتاب الصلوٰۃ قارئًا علی محمد بن الحسن المشتہر بالامام الربانی من الائمۃ الحنفیۃ فقال ای محمد بن الحسن لہ ای لمحمد بن اسمٰعیل ذلک العلم ای علم الحدیث الیق بطبعہ ای بطبع محمد بن اسمٰعیل البخاری وطلب علم الحدیث۔ عطف علی مقدر ای فذہب وطلب فیہ ای فی علم الحدیث مقدمًا ای صار مقتداہم ومقلدہم فجمع کتابًا معتبرًا بین الناس بعد کتاب اللہ تعالیٰ المسمی بصحیح البخاری۔ قریبًا من الاستاذ۔ ای الیہ۔ (بورق دیگر)

وینبغی لطالب العلم ان یحترز عن الاخلاق الذمیمة فانها کلاب معنویة وقد قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا تدخل الملائکة بیتاً فیہ صورة او کلب۔ وانما یتعلم الانسان بواسطة الملك والاخلاق الذمیمة تعرف فی کتاب الاخلاق وکتابنا ھذا لا یحتمل بیانها خصوصاً عن التکبر۔ قیل

العلم حرب للمتعالی   کالسیل حرب للمکان العالی

ترجمہ وتشریح اور چاہیئے کہ طالب علم اخلاق ذمیمہ سے پرہیز کرتا رہے۔ کیونکہ یہ سب معنوی کلاب (یعنی کتے) ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماگئے ہیں کہ (رحمت کے) فرشتے سب اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں جاندار کی تصویر اور کتا ہے۔ (اگرچہ عذاب اور جان قبض وغیرہ کسی ضروری کام میں مامور فرشتہ بضرورت اس گھر میں داخل ہوتا ہے) اور انسان جو علم حاصل کرتا ہے وہ فرشتہ کے واسطے سے ہے (پس فرشتہ جب اخلاق ذمیمہ جیسے معنوی کتوں کے گھر یعنی قلب انسانی میں داخل نہیں ہونگے۔ تو علم کس طرح حاصل ہوسکیگا؟ اسی طرح اہل علم وطلبہ کو ہمیشہ صاف وستھرا رہنا چاہیئے میلا کچیلا اور بغیر مسواک کے نہ رہے اور سگریٹ وبیڑی اور تمباکو پی کر مُنھ کو بدبودار نہ کرے جس سے فرشتہ کو تکلیف ہوتی ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں من اکل من ھٰذہ الشجرة المنتنة فلا یقربن مسجدنا وفی روایة مساجدنا فان الملائکة۔ (باقی آگے)

تحقیق الالفاظ (بقیہ ص۶۷) لان من اذا استعمل بالقرب یکون بمعنی الی عند السبق ای عند تعلم السبق والسبق اسم للدرس وکانہ اخذہ من قولہ تعالیٰ فی سورة النازعات فالسابقات سبقاً علی رأی من فسرہ بان الملائکة والجن کانوا یتسابقون الی استماع الوحی بغیر مزودة تقتضیہ قدر القوس ای مقدار طول القوس فانہ ای فان کون ما بین المعلم والمتعلم مقدار القوس اقرب الی التعظیم مما دون القوس۔ ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھٰذا) عن الاخلاق الذمیمة ای عن الاخلاق التی تعتبر فی الشرع مذمومة فانها ای تلك الاخلاق کلاب معنویة ای مشبھة بحسب المعنی بالکلاب الصوریة فکما ان الکلاب تؤذی من تقاربہ کذلك ھذہ الاخلاق تؤذی صاحبها ومن یقاربها فیہ صورة او کلب ای فمن اتصف بتلك الاخلاق الذمیمة التی ھی کلاب معنویة تتأذی وتنفر منہ الملائکة ولا یدخلون فی بیتہ۔ وانما یتعلم ای والحال انما یتعلم الانسان بواسطة القاء الملائکة فظہر ان من کان صاحب الاخلاق الردیة والدنیة لا یملك نفائس العلوم لا یحتمل بیانها لان المقصود من تدوین ھذا الکتاب۔ (بورق دیگر)

وقیل: بجدٍ لابجدٍّ کل مجدٍ	فہل جدٌّ بلا جِدٍّ بمجدٍ
فکم عبدٍ یقوم مقام حرٍ	وکم حرٍّ یقوم مقام عبدٍ

ترجمہ و تشریح (بقیہ ص۶۸) تنا ذی مما ینا ذی بہ الناس یعنی جس نے اس بدبودار درخت (یعنی پیاز و لہسن) سے کچھ کھایا پس وہ ہم مسلمانوں کی مسجدوں کے قریب بھی نہ آئے کیونکہ فرشتے اس چیز سے تکلیف اٹھاتے ہیں جس سے آدمی تکلیف اٹھاتے ہیں پس تمباکو، سگریٹ و بیڑی کی حالت کیا ہوگی؟ خوب سمجھ لو۔ اس لئے فرشتوں کی تکلیف کا باعث نہ بنے جن کے ذریعہ سے وہ علم حاصل کرتا ہے) اور اخلاق ذمیمہ کتاب الاخلاق (مذکور) سے معلوم کئے جاسکتے ہیں۔ اور ہماری یہ (مختصر) کتاب اس کے بیان کو متحمل نہیں ہوسکتی ہے۔ بالخصوص تکبر سے بہت زیادہ احتراز کرے جیسا کہ کہا گیا ہے۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) علم تکبر کرنے والے کا دشمن ہے جیسے سیلاب بلند مکان کا مخالف اور دشمن ہے۔

اور بعضوں نے کہا (جس کا ترجمہ یہ ہے) شعر:

بخت جو بے سعی سے نہ ہو شرف (بزرگی)	بخت سے ہے سعی سے ہے اک طرف
عبد ہوتا ہے مقام حُر کبھی	حُر (آزاد) مقام عبد (غلام) ہوتا ہے کبھی

(بقیہ آگے)

تحقیق الالفاظ (بقیہ گذشتہ) بیان طریق التعلیم والتعلم وبحث الاخلاق خارج عن ہذا المقصود وایضا ہذا کتاب وجیز خصوصًا نصب علی المصدریۃ ای اخص خصوصًا عن التکبر متعلق بقولہ ان یحترز عن الاخلاق الذمیمۃ خصوصًا عن التکبر، ومع التکبر لا یحصل الخ لان العلم یستدعی التواضع لمن تعلم منہ والتکبر ینافیہ کالماء یجری الی الارض المنخفضۃ قال الرومی رح ؎ ہر کجا پستی ست آب آنجا رود ؎ ہر کجا درد ے شفا آنجا رود۔ الحرب بمعنی العدو وقال صاحب القاموس رجل حرب عدو محارب وان لم یکن محاربًا اھ والمعنی ان العلم عدو للمتکبر المختال لا یجتمع معہ بل اذا صادفہ یزیلہ ویقلعہ۔ ۱۲۔ (متعلقہ صفحہ ھذا) وقیل بجد الخ۔ الجد الاول فی المصراع الاول بفتح الجیم بمعنی البخت والدولۃ والثانی بکسر الجیم بمعنی الجہد والسعی وفی المصراع الثانی علی ہذا الترتیب ایضا یعنی کل المجد والعظمۃ بفضل اللّٰہ وتقدیرہ لا بالجد والسعی ولکن لا بد من اقتران الطلب والسعی حتی یظہر فضل اللّٰہ تعالیٰ علی اجری عادۃ اللّٰہ تعالیٰ کما ینبئ عنہ قولہ فہل جد بلا جد، استفہام انکاری یعنی لا یکون الجد ای البخت بلا اقتران الجہد والسعی مجدیا ای نافعا فکم عبد الخ یعنی کثیر من العبید یقومون مقام حر فی الرتبۃ والشرف بفضل اللّٰہ تعالیٰ المقارن بالجہد والسعی وکم حر یقوم مقام عبد۔ ای فی الدنارۃ والرذالۃ لعدم جدہ وسعیہ المستتبع لفضل اللّٰہ تعالیٰ۔ فی الحاشیۃ بجدی بکسر الجیم ای بلغت العلا باجتہادی وتشاغلی کا ناعصالی۔ لا بجد کل مجد۔ ای لم اصل بالی غرمتی بسعی غیری واجتہاد سوائی فکست عظاما۔ فہل جد بفتح الجیم حظ وبخت۔ ای ان الحظ والبخت لا یفید شیئا م

ما اذا لم یکن ہناک جد واجتہاد وفرض السعادۃ والمجد تستتبع لکل الناس او لاکثرہم ولکن قل منہم من ینتہز بہا فہی کالطائر یحلق فوق الرؤس فالیقظ النشیط یثب الیہ ویمسکہ والکسول البلید یقف امامہ جامدا۔ ۱۲

فصل (۵) فی الجدّ والمواظبۃ والھمّۃ

ثم لابد من الجد والمواظبۃ والملازمۃ لطالب العلم والیہ الاشارۃ فی القراٰن قولہ تعالیٰ وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا وقولہ تعالیٰ یٰیَحْیٰی خُذِ الْکِتٰبَ بِقُوَّۃٍ۔

ترجمہ وتشریح (بقیہ صفحہ ۶۹) یعنی ہر مجد و شرف یعنی ہر بزرگی و مرتبہ اللہ تعالیٰ کی فضل و تقدیر سے ہے۔ نہ محض سعی اور کوشش سے۔ لیکن طلب و سعی کی بھی ضرورت ہے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ کی فضل واحسان ان کی عادت مستمرّہ کے مطابق ظاہر ہو۔ تو معلوم ہوا کہ محض بخت پر بغیر اقتران (ملنے) جہد و سعی (کوشش) کے اعتماد اور بھروسہ کرتے رہنا نافع اور مجدی (فائدہ دینے والا) نہیں ہے۔ اور بہت عبد (یعنی غلام) بوجہ محنت اور کوشش کے اللہ تعالیٰ کی فضل واحسان سے حُروں (آزادوں اور شریفوں) کے مقام میں مرتبۂ مجد و شرف پر فائز ہوتے ہیں۔ اور بہت سے حر (آزاد) اللہ تعالیٰ کی فضل واحسان اور اپنی سعی و کوشش باہم مقترن (ملنے والی) ہونیکی وجہ سے مقام عبد میں یعنی مرتبۂ دنارت (کمینگی) ورذالت (ذلت) پر پائے جاتے ہیں ۱۲ (ش) (متعلقہ صفحہ ھٰذا)

فصل (۵) کوشش وہمیشگی اور قصد وہمّت کے بیان میں۔ پھر طالب علم کیلئے کوشش وہمیشگی اور التزام کی ضرورت ہے۔ اور اسی کی طرف قرآن مجید میں اشارہ ہے۔ خداوند تعالیٰ اپنے کلام میں ارشاد فرماتے ہیں "اور جو لوگ ہمارے راستے میں کوشش کرتے ہیں تو ہم اس کو ہمارے راستے کی طرف ہدایت کرتے ہیں (حضرت فضیل بن عیاضؒ اس کا یہ معنی بیان فرماتے ہیں والذین جاھدوا فی طلب العلم لنھدینھم سبل العلم یعنی اور جو لوگ طلب علم میں جد و جہد کرتے ہیں ہم اس کو بسبب اس چیز کے علم کے راستوں کیطرف ہدایت کرتے ہیں) اور یہ بھی خدا تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اے یحییٰؑ! کتاب خوب قوت اور محنت کے ساتھ پکڑو (یعنی حاصل کرو (اس آیت میں بھی کوشش اور محنت کی طرف اشارہ ہے)

تحقیق الالفاظ الجد بکسر الجیم الجھد والسعی۔ والمواظبۃ المداومۃ والیہ ای الی لزوم ھذہ المعانی لطالب العلم الاشارۃ بمعنی مشیر او ذو اشارۃ فی القرآن مبتدا۔ قولہ تعالیٰ خبرہ والذین جاھدوا معناہ علی قول الفضیل والذین جاھدوا فی طلب العلم لنھدینھم سبل العلم بہ۔ وقولہ تعالیٰ ھٰکذا فی بعض النسخ الی لفظ بقوۃ۔ ۱۲

وقیل من طلب شیئاً وجدّ وجَدَ ومن قرع الباب ولجّ وَلَجَ وقیل
بقدر ما تتعنیٰ تنال ما تمنیٰ قیل یحتاج فی التعلم والتفقہ
الی جِدِّ الثلاثۃ المتعلم والاستاذ والاب ان کان فی الاحیاء۔
انشدنی الشیخ الامام الاجل الاستاذ سدید الدین الشیرازیؒ
للشافعیؒ۔ الجد یدنی کل امر شاسع ٭ والجد یفتح کل باب مغلق
واحق خلق اللہ بالہم امرؤ ٭ ذو ہمۃ یبلیٰ بعیش ضیق

ترجمہ وتشریح اور کہا بعضوں نے کہ جس نے کسی چیز کو طلب کیا اور جدّ وجہد اور کوشش کی وہ اس کو حاصل کر لیگا۔ اور جس نے دروازہ کھٹکھٹایا (یعنی اس کی کنڈی اور زنجیر ہلایا) اور اس میں اقدام کیا (یعنی آگے قدم بڑھایا) وہ اس میں داخل ہو گا۔ اور کہا گیا ہے کہ جتنا تم محنت ومشقت کروگے اتنا ہی اپنے مراد ومقصود کو پہنچوگے۔ کہا بعض علماء نے کہ طلب علم وفقہ میں تین شخص کی جدّ وجہد اور کوشش کی حاجت پڑتی ہے۔ اولؔ طالب علم کی محنت ومشقت۔ دوسرے استاد کی شفقت ومحبت۔ تیسرے باپ اگر زندہ ہے تو اس کی رغبت علم واُلفت۔ شیخ امام اجل اُستاد سدید الدین شیرازیؒ نے مجھ کو امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے اشعار پڑھ کر سنائے (جس کا ترجمہ یہ ہے) کوشش اور سعی قریب کر دیتی ہے ہر امر بعید اور مشکل کو۔ اور سعی ہر بند دروازہ کو کھولدیتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے مخلوق میں سے وہ مرد غم وفکر کا زیادہ حقدار ہے جو ہمت یعنی قصد اور کوشش والا ہے مگر تنگی معیشت میں مبتلا ہے۔ شعر

سعی سے ہے دور نزدیک بے شبہ ٭ سعی سے کھل جائے مغلق بے شبہ
مرد جو تنگی معیشت میں خراب ٭ غم سے مرنا اس کو حق ہے بے شبہ...

تحقیق الالفاظ وقیل ای فی ہٰذا المعنی۔ جدّ ای اجتہد وسعی سعیاً جمیلاً۔ وَجَدَ ای وجدہ ومادفہ۔ قرع الباب ای باب المقصود۔ ولجّ ای اقدم فیہ۔ وَلَجَ ای دخل فیہ ووصل مقصودہ۔ ما تتعنیٰ من العناء وما مصدریۃ ای بقدر ما یتنک العناء۔ تنال ما تمنیٰ ای تصل ما تمناہ وتبتغیہ المتعلم بالجر علیٰ انہ بدل من الثلاثۃ ویجوز الرفع ایضاً ای ہم المتعلم الخ ویجوز النصب ای اعنی المتعلم والاب ان کان ای الاب فی الاحیاء جمع حی یعنی اذا کان الاب حیاً لابد من جدہ وسعیہ فی تحصیل ابنہ العلم۔ انشدنی ای قرأ علیّ شعراً للشافعی یعنی شعراً قالہ الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ الجد السعی والجہد۔ یدنی ای یقرب کل امرٍ منصوب علیٰ انہ مفعول یدنی شاسع ای بعید والجد یفتح الخ ای الاجتہاد یفتح ابواب المرادات التی اغلقت وصعب فتحہا احق خلق اللہ الخ ای الیق مخلوق اللہ تعالیٰ بالہم ای بان یہم ویحزن لہ علیٰ م

ومن الدلیل علی القضاء وحکمہ | بؤس اللبیب وطیب عیش الاحمق
لکن من رزق الحجی حرم الغنٰی | ضدان یفترقان ای تفرق

وانشدت لغیرہ :-

تمنیت ان تمسی فقیہا مناظرا | بغیر عناء والجنون فنون
ولیس اکتساب المال دون مشقۃ | تحملہا فالعلم کیف یکون؟

قال ابو الطیب :-

ولم ار فی عیوب الناس عیباً | کنقص القادرین علی التمام

ترجمہ وتشریح اللہ تعالیٰ کی قضا اور ان کے حکم پر یہ دلیل اور علامت ہے کہ عقلمند کی پریشانی اور سختی۔ اور اچھی زندگانی بیوقوف کی۔ لیکن مقدر یہ ہے کہ جس شخص کو عقل ملی وہ غنا اور تونگری سے محروم ہوگئے۔ دونوں آپس میں ضد اور مخالفت میں کامل طور پر مخالف ہوتا ہے شعر

بوس دانا طیب عیش احمقاں ؏ ہے نشاں قدر و قضا کا بے شبہ
لیک جو عاقل ہوئے غنی کہاں ؏ ہر دو باہم ضد ہیں بے شک وشبہ

اور دوسرے شخص کے اشعار مجھ کو پڑھکر سنائے (جس کا ترجمہ یہ ہے) تم نے آرزو کی ہے کہ فقیہ اور مناظر ہو جاؤ بغیر مشقت اور محنت کے تب یہ جنون ہے۔ اور جنون مختلف قسم کے ہے اور مال کا حاصل کرنا بغیر مشقت کے ممکن نہیں جو تو اٹھائے پس علم کیسے اس کے بغیر حاصل ہوگا؟

شعر آرزو ہے تم مناظر ہو فقیہ ؏ بے مشقت ہے جنوں یہ ای سفیہ
اکتساب مال بے محنت نہ ہو ؏ علم بے محنت ہوئے کیوں؟ ای سفیہ

اور ابو الطیب (متنبی) نے کہا (جس کا ترجمہ یہ ہے)

نقص اس کا عیب بڑھ کر ہو جسے ؏ ختم پر گر استطاعت ہو اُسے۔

(یعنی اس شخص کا ناقص رہنا اور کمال حاصل نہ کرنا سب سے بڑھ کر عیب ہے جس کا کام ختم کرنے اور پورا کمال حاصل کرنے پر استطاعت اور طاقت ہو)۔

تحقیق الالفاظ ومن الدلیل خبر مقدم علی القضاء ای قضاء اللہ تعالیٰ۔ بؤس بضم الباء وسکون الہمزۃ الشدۃ وہو مرفوع علی انہ مبتدأ مؤخر۔ وطیب عیش الاحمق لانہ لو لم یکن بقضاء اللہ وحکمہ بل بالنظر الی العلم والجہل فکان الامر بالعکس ولیس کذلک فظہر انہ من قضاء اللہ والمبنی علی الحکمۃ اللائقۃ الفائقۃ۔ الحجا ای العقل حرم ای لکن من رزق بالعقل باقی برصہ

حل لغات عہ عقلمند کی سختی وتنگی حالت ۱۲ منہ عہ خوش عیشی وفراغت احمقوں کی ۱۲ منہ عہ عاقل یعنی عقلمند اور غنا یعنی تونگری ۱۲ منہ للعہ بحث ومناظرہ کرنے والا ۱۲ منہ عہ عالم اور فقہ جاننے والا ۱۲ منہ عہ دیوانگی ۱۲ منہ سعہ بیوقوف ۱۲ منہ مہ مال حاصل کرنا ۱۲ منہ

ولابد لطالب العلم من سہر اللیالی کما قال الشاعر:-

بقدر الکد تکتسب المعالی ؎ فمن طلب العلا سہر اللیالی

ترجمہ وتشریح | **شب بیداری:-** اور طالب علم کیلئے رات کی بیداری بہت ضروری ہے جیسا کہ شاعر نے کہا (جس کا ترجمہ یہ ہے) مشقت اور محنت کے اندازہ پر تو مقامات عالیہ کو حاصل کریگا۔ یعنی جتنی مشقت اتنا حاصل ہوگا۔ پس جس نے بلند مرتبہ کو طلب کیا وہ رات کو بیدار رہا۔ شعر

مشقت کے قدر[عہ] پائے معالی[عہ] ؎ عُلا[سہ] کی جو طلب جاگو لیالی[للعہ]

تحقیق الالفاظ | (بقیہ صفحہ گذشتہ) حُرم من الغنیٰ وہذا الحکم اکثری لاکلی لوجود الاغنیاء فی الصحابۃ والتابعین وغیرہم من العلماء ای تفرق ای ہما ضدان یفترقان تفرقا ای تفرق ای تفرقا کاملاً فلفظ ای تفرق منصوب علی المصدریۃ باعتبار دلالتہ علی معنی الکمال مثل مررت برجل ای کامل فی الرجولیۃ وانشدت علی صیغۃ المبنی للمفعول للمتکلم وحدہٗ ای قرئ علی الشعر لغیرہ ای لغیر الشافعی تمنیت علی صیغۃ الخطاب مناظرا ای مباحثا وتمسی بلہا بمعنی تصیر لا بمعنی اقتران مضمون الجملۃ بالمساء لانہ لیس بمراد بل المراد صیرورتہ فقیہا فی ای وقت کان بغیر عناء متعلق بتمسی والعناء بفتح العین المشقۃ والتعب ای تمنیت ان تصیر فقیہا مباحثا بغیر مشقۃ وتعب فہذا نوع من الجنون والجنون فنون ای انواع وانما کان ہذا جنونا لان علم الفقہ من المطالب العالیۃ والمطلوب اذا اشتد علوہ اشتد عناءہ فمن اراد تحصیلہ بغیر عناء فہو مجنون ومغبون دون مشقۃ ای متجاوزا عن مشقۃ تحملہا فعل مضارع من باب التفعل حذف احدی التائین ای تتحملہا والجملۃ صفۃ المشقۃ وفی بعض النسخ تحملتہا علی صیغۃ المخاطب من فعل ماض فالعلم کیف یکون یعنی اکتساب المال مع کونہ رذیلا خسیسا لایمکن بدون المشقۃ فکیف یحصل العلم بلا مشقۃ مع کونہ اعلی الامور واشرفہا۔ قال ابو الطیب ای شعرا ولم ار الخ ای ما عرفت فی عیوب الناس عیبا۔ فعیبا مفعول لم ار ولا یقتضی المفعول الثانی لان الرؤیۃ ہہنا بمعنی المعرفۃ کما عرف فی موضعہ ہکذا فی الشرح کنقص القادرین الخ الکاف ہہنا فی محل النصب علی انہا صفۃ عیبا ای عیبا مماثلا لنقص الرجال الذین قدروا علی اتمام شئ فلا یتمونہ بل یبقونہ ناقصا مثلا یقدرون علی اتمام علم من العلوم لو ارادوا اتمامہ لکن لا یریدونہ فہذا عیب من العیوب ما رأیت مثلہ فی الحاشیۃ ای ان اعظم عیوب القادرین ہو تقصیرہم عن بلوغ الغایۃ فیما یقدرون علیہ بسبب الاہمال والتغافل والکسل (متعلقہ صفحہ ہذا) بقدر الکد ای بقدر کدک ومشقتک فاللام عوض عن المضاف الیہ السادۃ تغنی عن الاضافۃ والجار والمجرور متعلق بقولہ تکتسب المعالی ای المقامات العالیۃ فمن طلب الخ یعنی لما کان اکتساب المعالی بقدر الکد لزم لمن طلب العلی سہر اللیالی ای التیقظ والانتباہ فی اللیالی لان السہر من المشاق التی تحمل فی طلب العلم

حل لغات:- [عہ] مقدار و اندازہ ۱۲ [عہ] بلندیاں ۱۲ [سہ] بلندی ۱۲ [للعہ] راتیں ۱۲

تروم العز ثم تنام لیلاً	یغوص البحر من طلب اللآلی
علو الکعب بالھمم العوالی	وعز المرء فی سھر اللیالی
ترکت النوم ربی فی اللیالی	لاجل رضاك یا مولی الموالی
ومن رام العلی من غیر کدّ	اضاع العمر فی طلب المحال
فوفقنی الی تحصیل علم	وبلغنی الی اقصی المعالی
(قیل) اتخذ اللیل جملاً	تدرك به املاً

تحقیق الالفاظ حرفین ای کلمتین وقرین بکسر الواو وسکون القاف الحمل ای حفظ کلمتین خیر من سماع حملین من مضامین الکتب من غیر حفظ وقرین فعلم الفرق بین السماع والحفظ والفہم فرقا بینا ای ینبغی الفہم بعد الحفظ والحفظ بعد السماع تہاون ای تکاسل ولم یجتہد بیان للتکاسل ذالک ای عدم الفہم الکلام الیسیر فہما وادراکہ لاعتیاد الطبیعۃ بعدم الفہم فانہ ای اللہ تعالیٰ یجیب من دعاہ لانہ قال فی محکم کتابہ ادعونی استجب لکم ولا یخیب ای لایجعل مالیوس من رجاہ ای من رجاہ رحمتہ وعفوہ انشدنا ای قرأ علینا الصفار الانصاری رحمہ اللہ تعالیٰ املاء ای شعراً السجزری وفی بعض النسخ السرخسی ۱۲۔

اخدم العلم خدمة المستفيد | وادم درسه بفعل حميد
واذا ما حفظت شيئا اعده | ثم اكده غاية التاكيد
ثم علقه كي تعود اليه | والى درسه على التابيد
فاذا ما امنت منه فواتا | فانتدب بعده لشئ جديد

ترجمہ وتشریح علم کی خدمت کر یعنی حصول علم میں مداومت اور محنت کر مانند فائدہ حاصل کرنے والے کے اور اس کے مزہ چکھنے والے کے اور ہمیشگی کر اس کی درس میں فعل محمود کے ساتھ یعنی حفظ اور تکرار کر کے۔ اور جبکہ کچھ حفظ کر لیا تب اس کو اعادہ کر اور دُہرا کر پڑھ۔ پھر اس کو مؤکد اور مضبوط کر انتہا درجہ کی تاکید کے ساتھ پھر اس کو لکھ لے تو۔ تاکہ تو اس کی طرف دوبارہ لوٹ کر حاصل کر سکے اور اس کو پڑھ سکے ہمیشہ پس جب تو اس کی فوت ہونے سے مامون ہو جائے پس دوڑ اس کے بعد نئی چیز علم کی حاصل کرنے کیلئے۔ شعر

کرو خدمتِ علم جو ہو مفید[۱] ❊ کہ مانند ہو خدمت مستفید

دوامی کرو درس پر تم سعید[۲]! ❊ پڑھو تم ہمیشہ بفعلِ حمید[۳]

کیا حفظ جو اس کو دیکھو جدید ❊ مؤکد کرو تم بنوع عدید

لکھو اس کو پھر تم کہ دیکھو جدید ❊ سبق کہ دیکھا کرو تم ابید[۴]

جو مامون ہو تم گئے از فوات ❊ تو دوڑو کہ حاصل کرو شئ جدید[۵]

تحقیق الالفاظ اخدم العلم ای داوم وجاہد فی تحصیلہ کمجاہدۃ المستفید من العلم الذائق لذتہ وادم من الادامۃ بفعل حمید ای بفعل محمود وہو الحفظ والتکرار واذا ما حفظت الخ کلمۃ ما زائدۃ ای اذا حفظت شیئا من العلوم اعدہ وکررہ ثم اکدہ امر من التاکید ای اکد وقرر ما حفظتہ غایۃ التاکید کیلا یزول عن خاطرک ثم علقہ امر من التعلیق ای اکتبہ کی تعود الیہ ای کی ترجع انت الیہ والی درسہ ای والی قرأتہ علی التابید ای ابدا لان ما حفظتہ کثیرا ما یذہب عن الحفظ فاذا علقتہ تجدہ انت مہما رجعت الیہ وتدرسہ ای تقرأہ کلما اردت قرأتہ ودرسہ۔ فاذا ما امنت منہ فواتا کلمۃ ما زائدۃ وضمیر منہ یرجع الی الشئ وفواتا نصب علی التمیز ای اذا امنت من فوات ما حفظتہ فانتدب بعدہ ای سارع بعد ذلک الشئ المامون من فواتہ یقال انتدب اللہ لمن خرج فی سبیلہ ای سارع بثوابہ کذا فی القاموس لشئ جدید ای لتحصیل علم جدید

حل لغات [۱] مفید بمعنی فائدہ دینے والا اور مستفید فائدہ حاصل کرنے والا یعنی علم جو فائدہ ہو اسکی خدمت ایسی کر جس طرح اس سے فائدہ حاصل کرنیوالا خوب محنت وجانفشانی کے ساتھ کرتا ہے۔ [۲] سعید بمعنی نیک بخت اور بفعل حمید قابل تعریف اور لائق ستائش فعل کے ساتھ یعنی اے نیک بخت! ہمیشہ سبق پڑھتے رہو اور اس کو خوب قابل تعریف اور لائق ستائش فعل یعنی کوشش ومحنت سے پڑھتے رہو۔ [۳] جدید بمعنی نیا یعنی دوبارہ اور مؤکد بمعنی تاکید کی ہوئی یعنی بار بار۔ بنوع عدید بمعنی متعدد طریقے اور مختلف قسم کے ساتھ یعنی جب سبق کو حفظ اور یاد کر لیا تو دوبارہ دیکھو۔ (باقی بر صفحہ آئندہ)

مع تکرار ما تقدم منہ	واقتناء لشان ھذا المزید
ذاکر الناس بالعلوم لتحیا	لا تکن من اولی النھی ببعید
ان کتمت العلوم انسیت حتی	لا تری غیر جاھل و بلید

ترجمہ و تشریح ساتھ ہی اس کے مقدم علم کی تکرار کرکے اور اس مزید علم کے شان کی اہتمام اور اکتساب کے ساتھ لوگوں سے علوم کے ساتھ تذکرہ کر تاکہ وہ علوم زندہ اور تازہ رہیں اور تو بھی ان علوم کے ساتھ زندہ رہے۔ عقل والے بزرگوں سے دور دور نہ رہ کیونکہ ان کی صحبت تجھکو دنیا و آخرت میں فائدہ پہنچائے گی۔ اگر تو علوم کو لوگوں سے چھپائیگا تو ان کو نہ بتائیگا تو ان علوم کو بھول جائے گا یہانتک کہ تجھ کو لوگ نہ گمان کرینگا سوائے جاہل یا اور بلید یعنی بیوقوف کے کچھ۔

شعر

مقدم کا تکرار کرکے جدید ؛ کرو کوششیں تم بشان مزید
بیاں تم کرو مردموں سے علوم ؛ رہو نہ کبھی از لبیال بعید
چھپاؤ کبھی جو تو بھولو علوم ؛ گماں تم کو کرلیں کہ جاہل بلید

تحقیق الالفاظ مع تکرار الخ ای مع تکرار المسئلۃ التی تقدمت منہ ای من الشئ الجدید واقتناء ای اکتساب بالجد عطف علی تکرار ما تقدم لشان ہذا المزید ای الذی اسرعت الی تحصیلہ وفی نسخۃ اعتنا لشان ہذا المزید ای اہتماما وسعیا بشان ہذا المزید بالعلوم ای بتعلیمہم ایاہا تحیا ای لتکون انت حیا بالحیاۃ الابدیۃ لقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم من صار بالعلم حیا لم یمت ابدا وفی بعض النسخ لتحمی من الحمایۃ ای لتکون انت محمیا من العذاب والعقاب ببرکۃ تعلیمک لا تکن من اولی النہی ببعید النہی جمع نہیۃ وہی العقل ای لا تکن من ذوی العقول ببعید لان صحبتہم تفیدک منافع الدنیا والآخرۃ ان کتمت الخ یعنی ان کتمت العلوم ومنعت عن الطالبین جزیت بالنسیان حتی لا تری بصیغۃ المجہول غیر جاہل وبلید ای لا تظن انت غیر جاہل وبلید یعنی نسیانک بالعلم یصل الی مرتبۃ لا یظن الرائی ایاک الا انک جاہل او بلید لا غیرہ وبہذا القدر لا یکتفی بل تعذب انت بالعذاب الشدید فی الآخرۃ کما یشیر الیہ قولہ ثم الجمت۔

حل لغات (بقیہ گذشتہ صفحہ) تاکید کے ساتھ بار بار دیکھتے رہو۔ مختلف طریقے سے دیکھا کرو ۱۲ للعہ ابدیمعنی ہمیشہ یعنی یاد کرلینے کے بعد پھر اس کو لکھ لو تاکہ اس کو دوبارہ دیکھ سکو۔ اور تاکہ سبق کو ہمیشہ دیکھا کرو ۱۲ صہ فوات یعنی فوت ہونا۔ شئی جدید یعنی نئی چیز یعنی جب سبق کو خوب یاد کرلینے کی وجہ سے اس کے فوت ہونے سے تم مامون اور مطمئن ہو گئے تو نئی چیز یعنی نیا سبق حاصل کرنے کیلئے دوڑو اور کوشش کرو ۱۲ (متعلقہ صفحہ ھذا) عہ یعنی لگلے سبق کا جدید اور دوبارہ تکرار کرتا ہوا نئے سبق حاصل اور کسب کرتے رہیں یعنی بشان مزید خوب زیادتی کے ساتھ کوشش اور محنت کرو ۱۲ عسہ یعنی آدمیوں سے علوم کو بیان کرتے رہو اور ان کو تعلیم کرتے رہو، بتلاتے رہو۔ اور عقلمندوں سے کبھی دور مت رہو ۱۲ حتہ۔ بسہ بلید بمعنی بیوقوف یعنی لوگوں سے اگر کبھی علوم چھپاؤگے تو تم علوم بھول جاؤگے اس وقت تم کو لوگ جاہل اور بیوقوف سمجھنے لگیں گے ۱۲

ثم الجمت یوم القیامۃ نارا ﴿ وتلھبت فی العذاب الشدید

ترجمہ وتشریح پھر لگام دیا جائے گا تیرے منہ میں قیامت کے دن آگ کا (اس پرس نہیں) اور جلے گا تو سخت عذاب میں۔ شعر

لگام اک لگے تم کو یوم القیام ﴿ جہنم میں ہو در عذاب شدید ؏

تحقیق الالفاظ ثم الجمت علی صیغۃ الخطاب المبنیۃ للمفعول نارا ای بلجام من نار جہنم وتلہبت ای تلھب ایضا سائر جسدک بالعذاب الشدید کما تدل علیہ الاحادیث التی ذکرتہا فی حاشیۃ شرح الہندی فلینظر ولیطلع ثمتا

حل لغات ؏ یعنی اس پر تم کو قیامت کے دن آگ کی لگام منہ میں لگادی جائے گی اور جہنم میں تم سخت عذاب میں مبتلا ہوگے۔ جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا من علم علما فکتمہ الجم یوم القیامۃ بلجام من نار یعنی جس نے کسی علم کو سیکھا پھر اس کو لوگوں سے چھپا رکھا اور اس کو بیان نہ کیا تو قیامت کے دن اس کو جہنم کی آگ کی لگام منہ میں ڈالی جائے گی۔ ہکذا فی الشرح۔ اور حاشیہ میں ہے قال صلے اللہ علیہ وسلم ما آتی اللہ احدا علما الا اخذ علیہ المیثاق الا یکتمہ احدا۔ یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کسی کو بھی اللہ تعالیٰ علم عطا کرتے ہیں تو اس سے ضرور ایک عہد لیتے ہیں کہ وہ کسی سے علم کو نہ چھپائے گا۔ مجمع البحار ص۲۳۲ میں ہے من سئل عن علم فکتمہ الجمہ اللہ ای یلزم تعلیمہ ویتعین علیہ کمن یرید الاسلام او تعلیم الصلوٰۃ او فتویٰ فی الحل والحرمۃ فالممتنع منہ یستحق جزاء وفاقا لانہ امسک نفسہ بالسکوت عن العلم فیعاقب بالالجام بالنار واما نوافل العلم فھو مخیر فی تعلیمھا۔ یعنی جو شخص کسی علم کے متعلق سوال کیا گیا تو اس نے جان کر اس کو چھپایا اور اس کو یہ علم نہ بتایا تو اللہ تعالیٰ اس کے منہ میں آگ کی لگام ڈالیگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس قسم کا علم بتانا اس پر فرض اور لازمی ہو اور اس کام کے لئے صرف وہی شخص متعین اور مقرر ہو دوسرا کوئی وہاں نہ ہو جیسا کہ کوئی شخص مسلمان ہونا چاہتا ہے یا کہ نماز کے احکام کی تعلیم یا حلال وحرام کے متعلق کوئی فتویٰ معلوم کرنا چاہتا ہے تو اس کو بتانے سے رُک جانے والا یعنی نہ بتلانے والا نہایت موافق بدلہ کا مستحق ہوگا۔ کیونکہ اس نے علم بتلانے سے چپ رہنے اور منہ بند رکھنے کے ساتھ اپنے نفس کو روکے رکھا اس لئے آگ کی لگام منہ میں ڈالی جائے گی۔ لیکن نوافل اور زائد چیز کی تعلیم دینے اور بتلانے میں اس شخص کو اختیار ہے چاہے بتلائے چاہے نہ بتلائے (البتہ بتلانے پر ثواب ضرور ملیگا بشرطیکہ کوئی امر شرعی مانع نہ ہو) نیز شرح میں ہے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خلفائی رحمھم اللہ تعالی قیل ومن خلفائک یا رسول قال الذین یحبون سنتی ویعلمونھا عباد اللہ تعالی یعنی میرے خلیفوں پر اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے پوچھا اے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کے خلیفے کون ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ جو لوگ میری سنت کو زندہ کرتے ہیں اور اسکو اللہ تعالیٰ کے بندوں کو سکھلا دیتے ہیں۔ ہکذا فی الاحیاء)۔

ولابد لطالب العلم من المذاكرة والمناظرة والمطارحة فينبغي ان يكون بالانصاف والتأني والتأمل ويتحرز عن الشغب والغضب فان المناظرة والمذاكرة مشاورة والمشاورة انما تكون لاستخراج الصواب وذلك انما يحصل بالتأمل والتأني والانصاف ولا يحصل ذلك بالغضب والشغب فان كانت نيته من المباحثة الزام الخصم وقهره لا يحل ذلك وانما يحل ذلك لاظهار الحق والتموية والحيلة لا تجوز فيها الا اذا كان الخصم متعنتا لا طالبا للحق وكان محمد بن يحيى اذا توجه عليه الاشكال ولم يحضره الجواب يقول لها الزمته لازم وانا فيه ناظر وفوق كل ذي علم عليم

ترجمہ وتشریح **مناظرہ ومباحثہ علمی**: اور طالب علم کیلئے مذاکرہ ومناظرہ اور مباحثہ ومقابلہ علمی ضروری ہے۔ بس چاہئے کہ انصاف ودیرنگی اور غور وفکر کے ساتھ اس کو انجام دے۔ اور غصہ وشور وشغب سے پرہیز کرے کیونکہ مذاکرہ ومناظرہ علمی مشاورت ہے۔ اور مشاورت صواب درستی حاصل کرنے کیلئے ہوتی ہے۔ اور وہ فکر وتامل اور دیرنگی وانصاف سے حاصل ہوتی ہے۔ غصہ اور شور وشغب کرنے سے حاصل نہیں ہو سکتی ہے۔ اور اگر مباحثہ سے اس کو الزام خصم اور مقابل کو مغلوب کرنے کی نیت ہے تو مباحثہ حلال نہ ہوگا۔ مباحثہ تو صرف اظہار حق کے لئے حلال ہوتا ہے اس لئے مناظرہ میں فریب دہی اور حیلہ وبہانہ جائز نہ ہوگا۔ ہاں! اگر مقابل ہٹ دھرم ومتعنت ہو اور طالب حق نہ ہو اس وقت وہ سب جائز ہوں گے۔ حضرت محمد بن یحییٰؒ کی عادت تھی کہ آپ اپنے مقابل پر جب کبھی کوئی اشکال وارد کرتے اور مقابل شخص کو اس کا جواب حاضر نہ ہوتا تو اس وقت آپ مقابل کیلئے فرماتے تھے کہ اس کو میں نے جو الزام دیا ہے وہ لازم اور وارد ہے۔ اور میں (بھی) اس اشکال والزام میں غور وفکر کروں گا۔ حق بات یہ ہے کہ ہر جاننے والے کے اوپر ایک بڑا جاننے والا ہے (یعنی آپ خواہ مخواہ ہٹ دھرمی وضد کرکے اپنی بات پر اڑے نہ رہتے بلکہ انصاف سے کام لیتے تھے اور حق بات کو ظاہر کردیتے تھے کہ ہو سکتا ہے تمہاری سمجھ میں وہ بات آئے جو میری سمجھ میں نہ آئے۔)

تحقیق الالفاظ والمناظرة اى المباحثة والمطارحة من طرح احدهما كلام الآخر ان يكون اى كل منهما يعني من الخصمين بالانصاف الخ لان اضداد هذه الاشياء مذمومة مستهجنة الشغب بفتح الشين المعجمة وسكون الغين المعجمة وتحريكها اى تهييج الشر وتحريكه وذلك اى استخراج الصواب لاجل ذلك اى ما ذكر من المباحثة والمطارحة لاظهار الحق اى الصواب والتموية اى التلبيس فيها اى في المناظرة متعنتا اى طالبا لزلة صاحبه لا طالبا للحق فحينئذ تجوز للرخصة اى من السوال لازم اى وارد وانا فيه اى في الاشكال الذي اورد ته ناظر اى متأمل عليم اى رفيع درجة منه ۔ ۱۲

وفائدۃ المطارحۃ والمناظرۃ اقویٰ من فائدۃ مجرد التکرار لان فیہ تکرارًا وزیادۃً وقیل مطارحۃ ساعۃ خیر من تکرار شہر لکن اذا کان مع منصف سلیم الطبع وایاک والمذاکرۃ مع متعنت غیر مستقیم الطبع فان الطبیعۃ مسرقۃ والاخلاق متعدیۃ والمجاورۃ مؤثرۃ وفی الشعر الذی ذکرہ خلیل بن احمد فوائد کثیرۃ۔

(قیل) العلم من شرطہ لمن خدمہ ان یجعل الناس کلھم خدمہ

ترجمہ وتشریح | **مقابلہ ومناظرہ کا فائدہ** :- اور مقابلہ ومناظرہ کا فائدہ محض تکرار کے فائدہ سے زیادہ قوی ہے، کیونکہ مقابلہ ومناظرہ میں تکرار بھی ہے اور علم کی زیادتی بھی (کیونکہ مناظرہ ومباحثہ کے سبب سے وہ معانی دقیقہ وغامضہ منکشف ہوتے ہیں۔ جو بغیر اس کے منکشف نہیں ہوتے) کسی کا مقولہ ہے کہ ایک لمحہ کا مقابلہ ومباحثہ ایک ماہ کے تکرار سے بہتر ہے لیکن یہ جبکہ انصاف والا مزاج اور سالم طبیعت والا مناظر کے ساتھ ہو۔ ہٹ دھرم ومفسد اور نادرست طبیعت والے مناظر کے ساتھ آپس میں علم کا تذکرہ (مذاکرہ علمی) ومناظرہ کرنے سے بہت پرہیز کرو۔ کیونکہ طبیعت (مقابل کے اخلاق ذمیمہ یعنی بری خصلتوں کو تھوڑا تھوڑا) چوری کرنے والی ہے۔ اور خصلتیں (دوسرے کی طرف) متعدی اور متجاوز (تجاوز کرنیوالی) ہیں۔ اور مجاورت ومقارنت (ملنا جلنا) مؤثر (اثر کرنے والی) ہے۔ (پس مل جل کرنے سے مقابل کے اخلاق وآثار اس میں ظاہر ومتجاوز ہو کر آئینگے)۔ قاضی خلیل بن احمد کے مذکورہ (بالا) اشعار میں (جو ابھی تھوڑی دیر پہلے گزرے) بہت سے فوائد موجود ہیں۔ (اس لئے اس کو حرز جان بنانا چاہیے) اور بعضوں نے کہا ہے (جس کا ترجمہ یہ ہے) علم کی شرط اور فائدہ یہ ہے کہ جس نے اس کی خدمت کی یعنی اسکو حاصل کیا اور اس میں محنت کی کہ وہ تمام لوگوں کو اپنا خادم بنا لیگا

شعر۔ جو خادم بنے علم کا یہ نتیجہ ؛ کہ مردم بنے اس کا خادم ہمیشہ

(کہا گیا ہے سید القوم خادمھم یعنی قوم کا خادم سردار اور مخدوم ہوا کرتا ہے)۔

تحقیق الالفاظ | لان فیہ ای فی ان تطارح رجلا تکرار لما علمتہ وزیادۃ ای وزیادۃ مالم تعلمہ لانتسبب المناظرۃ ینکشف من المعانی الدقیقۃ الغامضۃ مالا ینکشف بدونہا لکن اذا کانت المناظرۃ مع منصف ای ذی انصاف سلیم الطبع عن الاعوجاج وایاک نصب علی التحذیر والمذاکرۃ ای اتق المذاکرۃ مع متعنت ای طالب لزلۃ الخصم مسرقۃ من السرقۃ ای سارقۃ اخلاق صاحبہ شیئا فشیئا الاخلاق ای الاوصاف (باقی بر صفحہ آئندہ)

وينبغي لطالب العلم ان يكون متأملاً في جميع الاوقات في دقائق العلوم ويعتاد ذلك فانما يدرك الدقائق بالتأمل ولهذا قيل تأمل تدرك ولابد من التأمل قبل الكلام حتى يكون صواباً فان الكلام كالسهم فلابد من تقويمه بالتأمل قبل الكلام حتى يكون مصيباً وقال في اصول الفقه هذا اصل كبير وهو ان يكون كلام الفقيه المناظر بالتأمل قيل رأس العقل ان يكون الكلام بالتثبت والتأمل۔

ترجمہ وتشریح اور طالب علم کو چاہئے کہ تمام اوقات دقائق علوم میں فکر وتامل کرتا رہے۔ اور اسی کی عادت ڈالے کیونکہ تامل وغور سے دقائق (یعنی باریک باتیں) معلوم ہوجاتی ہیں۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے تامل کر علوم کو حاصل کریگا۔ اور بات کرنے سے پہلے سوچ لینا ضروری ہے (کہ مجھ کو کیا کہنا چاہئے؟ اور کس طرح کہنا چاہئے؟ اور وہ اس وقت مناسب بھی ہے یا نہیں؟) تاکہ کلام درست اور باموقع نکلے۔ کیونکہ کلام مانند تیر کے ہے (یعنی تیر جبتک قبضہ میں ہے درست کر لینے کا موقع ہے) پس اس کو بات کرنے سے پہلے تامل کرکے درست اور راست کر لینا چاہئے تاکہ بات میں درست گو اور مصیب ہوسکے۔ اصول فقہ میں (صاحب اصول فقہ نے) بیان کیا ہے کہ یہ ایک بڑا اصل ہے کہ فقیہ مناظر کا کلام تامل کے ساتھ ہو۔ کہا بعضوں نے کہ عقل کا اصل وجڑ یہ ہے کہ کلام دیرتگی اور تامل کے ساتھ ہو۔

تحقیق الالفاظ (بقیہ صفحہ گذشتہ) متعدیۃ ای متجاوزۃ الی الغیر المجاورۃ ای المقاربۃ والمقارنۃ موثرۃ فیتأثر الرجل بالمقارنۃ فیظہر فیہ من الآثار والاوصاف ما کان مخصوصاً بصاحبہ وفی الشعر الذی الخ وہو الشعر الذی مر ذکرہ آنفا وہو ما اولہ اخدم العلم خدمۃ المستفید الخ لمن خدمہ خدم فعل ماض من الخدمۃ والہاء ضمیر مفعول کلہم خدمہ خدمۃ۔ جمع خادم کفجرۃ جمع فاجر وکفرۃ جمع کافر وطلبۃ جمع طالب والمعنی من شرط العلم ان یجعل الناس کلہم خادمین لمن خدمہ کما یشیر الیہ الخبر المشہور من خدم خُدِمَ۔ وایضاً سید القوم خادمہم

(متعلقہ صفحہ ہذا) ویعتاد ذلک ای التامل فی دقائق العلوم تامل تدرک تامل امر وتدرک مجزوم علی انہ جواب یعنی ان تاملت فی شئ تدرکہ لا محالۃ تقویمہ ای جعلہ مستقیما وتسدیدہ وتصویبہ نحو۔۔ الہدف حتی یکون ای نفہم الکلام مصیبا ای الی المقصود کما ان سہم القوس اذا کان معوجا لم یصل الی المقصود کذلک سہم الکلام اذا کان فیہ اعوجاج بان کان غیر مقصود کی لم یصل الی المراد قال ای صاحب اصول الفقہ بالتثبت ای بالتأنی والوقار۔

قال قائل ۔ اوصیك فی نظم الکلام بخمسة ؛ ان کنت للموصی الشفیق مطیعا
لاتغفلن سبب الکلام ووقتہ ؛ والکیف والکم المکان جمیعا
ویکون مستفیدا فی جمیع الاوقات والاحوال من جمیع الاشخاص
قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الحکمة ضالة المؤمن
اینما وجدها اخذها وقیل خذ ما صفا ودع ما کدر ۔

ترجمہ وتشریح کسی شاعر نے کہا (جس کا ترجمہ یہ ہے) وصیت کرتا ہوں میں تجھ کو نظم کلام میں پانچ چیزوں کی اگر ہو تو مشفق موصی (وصیت کرنے والے کا) فرمانبردار اور حکم ماننے والا (تب سن لے) کہ (۱) سبب کلام سے غافل اور بے خبر نہ رہے تو یعنی کس لئے تو بات کرتا ہے؟ (۲) اور اس کے وقت سے ۔ (۳) اور اس کی کیفیت اور حالت سے ۔ (۴) اور اسکی کم یعنی مقدار سے ۔ (۵) اور اس کے مکان سے یعنی ان سب سے ۔ **شعر**

وصیت کروں میں تجھے پانچ چیز ؛ جو موصیؑ و مشفقؔ کا ہو تم مطیعؔ
نہ غافلؔ ہو وقتؔ و سببؔ سے مدامؔ ؛ سخن کے مکاںؔ، کیفؔ و کمؔ سے جمیعؔ

اور تمام اشخاص سے استفادہ کرنا چاہئے ۔ اور تمام اوقات واحوال میں تمام اشخاص سے استفادۂ علمی کرتے رہنا چاہئے ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حکمت یعنی دانائی کی باتیں مؤمن کی گم شدہ چیزیں ہیں ۔ جہاں کہیں اس کو پائے لے لینا چاہئے ۔ اور (حدیث میں) کہا گیا ہے کہ جو صاف وخالص ہو اس کو لے لے اور جو گدلا اور خراب ہو اس کو چھوڑ دے ۔

تحقیق الالفاظ قال قائل فی بیان ما ینامل فی الکلام شعرین بخمسة اشیاء ان کنت بصیغة الخطاب للموصی الشفیق ای للذی اوصاک بخیر واشفقک ... لاتغفلن بالنون الخفیفة المؤکدة ووقتہ ای لاتغفل عن سبب الکلام ومنشئہ ووقتہ الذی ناسب الکلام فیہ دون غیرہ والکیف ای وصف الکلام وطریقة القائہ من خفض الصوت ورفعہ ومن ہدؤ ولطف اوشدۃ اوعنف والکم ای مقدارہ من ایجاز واسہاب حسب مقتضی الحال المکان ای والمکان الذی ناسب الکلام فیہ جمیعا ای تغفلن کلاً من ہذہ الخمسة من جمیع الاشخاص من غیر نظر الی کونہ وضیعا وشریفا صغیرا وکبیرا ذکرا وانثی الا ان یکون فاسقا (باقی بر صفحہ آئندہ)

حل لغات عہ وصیت کرنیوالا ۱۲ عہ مہربان ۱۲ سہ فرمانبردار اور اطاعت کرنیوالا ۱۲ للعہ مدام بمعنی ہمیشہ کیف بمعنی حالت وکیفیت اور طریقۂ ادائے کلام یعنی پست آواز وبلند آواز وغیرہ کم بمعنی مقدار یعنی مختصر وطویل وغیرہ یعنی ہمیشہ کلام کا وقت، سبب، مکان، کیفیت اور مقدار سے غافل اور بے خبر نہ رہنا چاہئے جمیع بمعنی سب ۱۲ منہ

وسمعت الشيخ الامام الاجل الاستاذ فخر الدين الكاشاني يقول كانت جارية ابي يوسف رحمه الله تعالى امانة عند محمد فقال لها هل تحفظين في هذا الوقت من ابي يوسف في الفقه شيئا قالت لا الا انه كان يكرر ويقول "سهم الدور ساقط" فحفظ ذلك منها وكانت مشكلة على محمد فارتفع اشكاله بهذه الكلمة فعلم ان الاستفادة ممكنة من كل احد۔

ترجمہ وتشریح | **مسئلہ سہم دور ساقط ہے**: ما اور شیخ امام اجل استاد فخر الدین کاشانی رحمہ اللہ تعالیٰ سے کہتے سنا ہوں کہ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کی ایک باندی امانت میں تھی۔ پس ایک دن امام محمدؒ نے باندی سے دریافت فرمایا کہ تم کو فقہ کے مسائل میں اس وقت امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے کچھ بھی یاد پڑتا ہے یا نہیں؟ اس نے کہا اس ایک بات کے علاوہ اور کچھ بھی یاد نہیں ہے کہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ تکرار علمی کرتے تھے اور کہتے تھے "سہم دور ساقط ہے" پس امام محمدؒ نے اس کو باندی کے کلام سے یاد کرلیا حالانکہ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ پر وہ مسئلہ بہت مشکل معلوم ہوتا تھا۔ پس باندی کی اس بات سے وہ اشکال رفع ہوگیا۔ (اس قسم کی ایک حکایت حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے بھی نقل کیجاتی ہے۔ کہ آپ ہر سال حج خانۂ کعبہ کرتے تھے۔ یہانتک کہ آپ نے پچپن حج کیا اور آپ کے اصحاب وتلامذہ ہر سال آپ کا استقبال کرتے تھے۔ پس ایک سال آپ حج کرنے گئے، اسی زمانہ میں کوفہ کے اندر بھی دَوْر کے مسئلہ کا ایک اشکال پیش آیا اور سائل تمام لوگوں پر اس دَوْر کے مسئلہ کو لیکر (باقی برصفحہ آئندہ)

تحقیق الالفاظ | (بقیہ صفحہ گذشتہ) ومبتدءً ما فلا يستفاد منه لما فصلته في شرح الهدى فليطالع ثمة فنالة الموسن اى القطعة ما صفا صا استفدته دع اى اترك ما كدر اى ما كان مكدرا اى مشوبا بالضعف والفسا

(متعلقہ صفحہ هذا) هل تحفظين اى انت من ابي يوسف اى من كلامه في الفقه شيئا اى مسئلة من مسائل الفقه قالت لا اى لا احفظ الا انه اى ابا يوسف كان يكرر اى عادته المستمرة ان يكرر العلم فحفظ اى محمد ذلك منها اى من الجارية وكانت اى والحال ان تلك المسئلة كانت بهذه الكلمة اى المستفادة من الجارية اى سهم الدور ساقط يعني ان سهم الدائر يسقط ولا يحتسب وهو قاصر بمسالة فقهية مشهورة صعبة في الميراث قد فصلتها وشرحتها تشريحا تاما في شرح الهدى مع الفوائد والزوائد فليطالع ثمه۔

(متعلقہ صفحہ گذشتہ) دَوْرَہ کیا اور مختلف اشخاص نے مختلف جواب دیا لیکن سب نے اس مسئلہ میں خطا کیا پس امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے اصحاب وتلامذہ نے استقبال کے وقت آپ سے اس مسئلہ کا تذکرہ کیا۔ اسی وقت امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی فکر وتردد کے فوراً جواب دیا کہ اسقطوا السہم الدائر تصح المسئلۃ یعنی سہم دَوْر کو ساقط کردو تو مسئلہ کی تصحیح ہوجائے گی۔ (ف) جاننا چاہئے کہ یہ علم فرائض کا ایک مشہور ادق اور مشکل مسئلہ ہے اس کی صورت یہ ہے کہ ایک مریض اپنا غلام دوسرے ایک مریض کو ہبہ کردیا۔ پھر موہوب لہٗ مریض نے واہبِ اول مریض کو وہ غلام دوبارہ ہبہ کردیا۔ اس کے بعد دونوں مریض اسی مرض سے مرگئے اور ان دونوں کے پاس اس غلام کے علاوہ اور کوئی مال نہیں ہے۔ تو اس وقت ورثہ میں تقسیم کیلئے اس میں اشکال پیدا ہوگیا۔ اب دیکھو کہ ۲ وصیت کی صورت ہوئی اور اس میں دَوْر واقع ہے۔ اس وجہ سے کہ وصیت ثلث مال میں نافذ ہوتی ہے اور جب دو دفعہ وصیت ہوئی تو اس میں دو دفعہ ثلث پایا گیا اور ثلثِ ثلث کا مسئلہ کم سے کم نوسے ہوسکتا ہے۔ پھر فرض کرو کہ نو ۹ میں سے تین ۳ میں واہب اوّل کا ہبہ نافذ ہوا تو گویا موہوب لہٗ یعنی واہب ثانی کو نو ۹ میں سے صرف تین ۳ ملا۔ پھر اس نے جب اپنا حصہ واہب اول کو ہبہ کردیا تو اس تین ۳ میں سے ثلث یعنی ایک میں بذریعہ وصیت ہبہ نافذ ہوا۔ اور وہ واہبِ اوّل کو بذریعہ اس ہبہ ثانیہ کے دوبارہ مل گیا۔ تو یہ ایک سہم دَوْر ہے۔ کیونکہ یہ حصہ واہب اوّل سے واہب ثانی کو ملا تھا۔ پھر واہبِ ثانی سے واہبِ اوّل کو دوبارہ واپس مل گیا ہے۔ اس لئے ہبہ اولیٰ کے ذریعہ جب نو ۹ میں سے صرف تین ۳ واہبِ ثانی کو ملا۔ باقی چھ ۶ واہبِ اوّل کے پاس رہ گیا اور ہبہ ثانیہ کے ذریعہ تین ۳ میں سے ایک واہبِ ثانی سے واہب اول کے پاس چلا گیا۔ تو واہب ثانی کے پاس صرف دو ۲ رہا۔ اور واہب اول کے پاس پہلے کا چھ ۶ حصہ رہا اور یہ ایک حصہ سہم دَوْر کا ہوا۔ اب یہ ایک حصہ دو دفعہ تکرار اور لوٹ پھیر کی وجہ سے ورثہ کے درمیان تقسیم مشکل نظر آئی۔ اس وجہ سے سوال کرنے پر امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اصل مسئلہ نو ۹ میں سے سہم دَوْر یعنی ایک کو ساقط کردو۔ سو باقی آٹھ بچا تا ہے۔ اسی سے تصحیح مسئلہ ہوگی۔ پس یوں سمجھو کہ اسی آٹھ میں بعد ہبہ اولیٰ واہبِ اول کے پاس چھ ۶ رہ گیا تھا اور واہب ثانی کو جو تین ۳ ملا تھا اس میں سے ایک واہبِ اول کو ہبہ کردینے کی وجہ سے اس کے پاس صرف دو ۲ باقی رہ گیا تھا۔ اور یہ سہم دور ہونے کی وجہ سے ساقط ہوگیا تھا۔ تو اب چھ ۶ حصہ واہب اوّل کو ملے گا۔ اور صرف دو حصہ واہب ثانی کو ملے گا۔ اور اسی آٹھ سے تصحیح مسئلہ ہے۔

اس تصحیح اور اسقاط کے بارے میں بعض علماء اشکال پیش کرتے ہیں کہ ثابت شدہ سہم کو ساقط کرنے کی وجہ کیا ہے؟ تو اولاً بطور سہولت فہم جواب دیا گیا کہ تصحیح کیلئے امام اعظمؒ یہی حکم فرماتے ہیں۔ اور شرح میں اسی طرح موجود ہے۔ لیکن اس جواب سے ان کی تشفی خاطر نہ ہوئی تب کہتا ہوں کہ رد کے مسئلہ میں تصحیح کی ایک صورت اس کی نظیر ہے کہ اصل مسئلہ سہام سے تصحیح کرتے وقت ایک سہم کو ساقط کر دیا جاتا ہے جیسے اس نقشہ سے ثابت ہوتا ہے۔

مسئلہ ۶ تصحیح ۵ (رد کی صورت میں) — ام، بنتین — فافہم ولا تک من الغافلین ۱۲ منہ

(فی الشرح فثبت بہذا الطریق۔ ان طریق التصحیح اسقاط سہم الدور الذی واحد من التسعۃ۔ انتہی۔ فافہم فانہ عسیر جدًّا)

صورت مسئلہ یہ ہے۔ مسئلہ ۹ تصحیح ۸ (سہم دور ساقط ہے) — واہب اول، واہب ثانی — (ہکذا فی الشرح)

پس اس سے معلوم ہوا کہ ہر ایک سے استفادہ اور طلب علم ممکن ہے۔ (جیسا کہ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کی باندی سے استفادۂ علمی کیا۔ اسی وجہ سے کہا جاتا ہے۔ اُنظر الی ما قال ولا تنظر الی مَنْ قال۔ یعنی یہ دیکھو کہ کیا کہا؟ لیکن یہ نہ دیکھو کہ کس نے کہا؟ ہاں! البتہ اگر کسی طالب علوم کو حق اور باطل کی تمیز اور نفع و ضرر کے امتیاز کرنے کی استعداد اور طاقت نہ ہو تو اس کیلئے مبتدع و فاسق اور بدچلن و بدباطن و مختل العقائد اشخاص سے طلب علم و استفادہ بہت مضر ہے اور یہی مطلب ہے جو حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان ہذا العلم دین فانظروا عمن تأخذون دینکم (مشکوٰۃ) ای علم الکتاب والسنۃ ای خذوہ من العدول والثقات مجمع البحار ص ۴۲ یعنی یہ علم دین ہے پس دیکھو تم کس سے تمہارے دین کو حاصل کرتے ہو؟ مطلب یہ کہ قرآن وحدیث اور شریعت کا علم عادل اور ثقہ شخص سے حاصل کرو نہ کہ فاسق و فاجر اور بددین و مبتدع سے بلکہ اس قسم کے لوگوں سے کسی کو استفادہ بالکل نہ کرنا چاہیے کیونکہ الطبیعۃ مسرقۃ والاخلاق متعدیۃ والمجاورۃ موثرۃ۔ پہلے بیان کیا گیا ہے یعنی طبعیت اخلاق ذمیمہ کو چوری کرنے والی ہے اور خصلتیں متعدی و متجاوز ہیں اور مجاورت و مقارنت موثر ہے۔ اور اوپر جو بیان کیا گیا ہے یعنی انظر الی ما قال ولا تنظر الی من قال۔ تو اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ نیک اور صحیح العقائد ہونے کے باوجود محض ذات با عبدیت (باقی بر صفحۂ آئندہ)

ولہٰذا قال ابو یوسف حین قیل لہ بم ادرکت العلم؟ قال ما استنکفت من الاستفادۃ وما بخلت من الافادۃ وقیل ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بم ادرکت العلم قال ابن عباس بلسان سؤول وقلب عقول وانما سمی طالب العلم "ماتقول" لکثرۃ مایقولون فی الزمان الاول "ماتقول فی ھٰذہ المسئلۃ"۔[1]

ترجمہ وتشریح (بقیہ صفحہ گذشتہ) یا افلاس وغیرہ کی وجہ سے کسی کو حقیر سمجھ کر استفادہ سے محروم نہ رہے۔ اسی طرح کا ایک مبہم جملہ حضرت شیخ سعدی مصلح الدین شیرازیؒ کی طرف منسوب اور لوگوں میں مشہور ہے کہ "در عمل کوش ہرچہ خواہی پوش" اور اس سے بہت لوگ غلط معنی استنباط کرتے ہیں حالانکہ اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ عمل میں شرع شریف کے مطابق کوشش کرو خواہ تم خرقہ، گدڑی یا ٹاٹ اور بوسیدہ کپڑا پہنو خواہ خوش پوش اور عمدہ لباس زیب تن کرنیوالا بنو نہ یہ کہ خلاف شرع اور مخالف سنت و ناموافق طریقہ صحابہ واسلاف جو چاہا خواہ فساق، فجار اور کفار کا لباس پہنو کیونکہ یہ خود لفظ در عمل کوش کے مخالف ہے علاوہ اس کے تشبہ بالکفار والفساق ناجائز ہے اس لئے شیخ سعدی کے مقولہ کا یہ مطلب کسی طرح نہیں ہو سکتا ہے۔ (متعلقہ صفحہ ھٰذا) اور اسی وجہ سے امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے جب پوچھا گیا کہ آپ نے کس طرح علم کو حاصل کیا؟ تو آپ نے فرمایا کہ میں استفادہ سے استنکاف (یعنی اعراض وانکار) وتکبر واستحقار نہیں محسوس کیا اور دوسروں کو فائدہ پہنچانے سے بخیلی نہیں کی۔ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جب پوچھا گیا کہ آپ نے کس طرح علم کو حاصل کیا! تو آپ نے فرمایا کہ بہت زیادہ پوچھنے والی زبان اور بہت زیادہ عقلمند دل کے ذریعہ حاصل کیا ہے (یعنی کبھی دریافت کرنے، پوچھنے اور بات کو سمجھنے کی کوشش سے باز نہیں رہا)۔ طالب علم کا نام "ماتقول" ہونیکی وجہ؟ اور (اگلے زمانہ میں) طالب علم کا نام "ماتقول" اس وجہ سے رکھا گیا تھا کہ وہ اس زمانہ میں ماتقول فی ھٰذہ المسئلۃ؟ (یعنی آپ اس مسئلہ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟) کہکر لوگوں سے بہت زیادہ پوچھ پاچھ کیا کرتے تھے۔

تحقیق الالفاظ ولہٰذا ای ولاجل ان الاستفادۃ ممکنۃ من کل احد بم ای باذا ادرکت العلم ای وصلت العلم ما استنکفت ای ما استحقرت وما انکرت من الاستفادۃ ای من کل احد من الافادۃ ای لکل آخذ وطالب وہٰذہ الجملۃ مقول لقال سؤول علی وزن فعول ای مبالغ فی السوال عقول ای مبالغ فی العقل انما سمی الخ ای فی الزمان الاول......

[1] اتقول ابن عبد البر فی جامع بیان العلم ج ۲ ص ۱۰۵ ... ۱۲۰

وانما تفقه ابو حنيفة بكثرة المطارحة والمذاكرة فى دكانه حين كان بزازا فبهذا يعلم ان تحصيل العلم والفقه يجتمع مع الكسب وكان ابو حفص الكبير يكتسب ويكرر العلوم فان كان لا بد لطالب العلم من الكسب لنفقة عياله وغيرهٖ فليكتسب وليكرر ولا يكسل وليس لصحيح البدن والعقل عذر فى ترك التعلم والتفقه فانه لا يكون افقر من ابى يوسف ولم يمنعه ذلك من التفقه

ترجمہ وتشریح اور امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ بھی جس وقت آپ بزاز (یعنی کپڑے کا سوداگر) تھے اس وقت اپنی دکان میں بہت مناظرہ ومباحثہ کرنے کی وجہ سے فقیہ بنے ہیں۔ پس اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تحصیل علم وفقہ کسب حلال کے ساتھ جمع ہو سکتی ہے (جیسا کہ امام اعظمؒ نے جمع کر لیا تھا۔ ہاں! یہ ہو سکتا ہے بشرطیکہ طلب علم حرص ہو۔ اور تحصیل کی لگاتار دھن ہو) اور شیخ (امام) ابو حفص کبیرؒ کسب بھی کرتے تھے اور ساتھ ہی علوم کی تکرار بھی فرماتے تھے۔ پس اگر طالب علم کو اپنے اہل و عیال وغیرہ کے نان ونفقہ اور اخراجات کیلئے کسب کرنے کی ضرورت ہو تو چاہئے کہ کسب بھی کرے اور تکرار علمی بھی کرتا رہے اور (اس میں) سستی وکاہلی نہ کرے۔ اس وجہ سے کہ صحیح البدن والعقل (یعنی تندرست وعقلمند) کیلئے علم وفقہ کو طلب کرنے میں (فقر ومحتاجی وغیرہ کے) کسی قسم کا عذر مقبول نہیں ہے۔ کیونکہ وہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ فقیر اور محتاج نہ ہوگا۔ حالیکہ آپ کو یہ محتاجی علم اور فقہ طلب کرنے سے نہ روک سکی۔

تحقیق الالفاظ وانما تفقہ ابو حنیفہؒ ای ما صار ابو حنیفہؒ فقیہا الا بکثرۃ المطارحۃ والمناظرۃ فی دکانہ حین کان بزازا ای یبیع البز فی دکانہ یجتمع مع الکسب ای کما جمعہ ابو حنیفہؒ یکتسب ما کفاہ من الرزق ویکرر العلوم وہذا ایضا شاہد فی جواز اجتماع تحصیل العلم مع الکسب عیالہ بکسر العین جمع عیل کجیاد جمع جید وغیرہ مما لزم نفقتہ ولیس لصحیح البدن الخ فانہ ما دام بدن الرجل صحیحا وسالما من الامراض وعقلہ کاملا لا یکون لہ عذر فی ترک التعلم لشئی من الاعذار من فقر وغیرہ فانہ ای ذلک الرجل ولم یمنعہ ای ابا یوسف ذلک ای الفقر۔

فمن کان لہ مال کثیر فنعم المال الصالح للرجل الصالح وقیل لعالم بم ادرکت العلم قال باب غنی لانہ کان یصطنع بہ اہل العلم والفضل فانہ سبب زیادۃ العلم لانہ شکر علیٰ نعمۃ العقل والعلم وانہ سبب الزیادۃ قیل قال ابوحنیفۃ انما ادرکت العلم بالحمد للہ تعالیٰ والشکر فکلما فہمت ووفقت علیٰ فقہ وحکمۃ فقلت الحمد للہ تعالیٰ فازداد علمی۔

ترجمہ وتشریح پس جس کو مال کثیر حاصل ہے تو وہ اچھا مال صالح ہے مرد صالح کیلئے (یعنی اس کو اچھے کاموں میں صرف کرنا چاہئے۔ اور طلب علم وفقہ اور اشاعت علم ودین سے زیادہ اچھا کام اور کیا ہو سکتا ہے؟ اس لئے اس کام میں اس کو صرف کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے مال میں ترقی و زیادتی عطا فرمائیں۔ اور یہ مضمون حدیث شریف کے ایک ٹکڑے سے اقتباس کیا گیا ہے۔ یعنی نعم مال صالح للرجل الصالح۔ اور اسی کو مولانا رومی قدس سرہ السامی اس طریقہ پر ادا فرماتے ہیں!

شعر:۔ مال را گر بہر دیں باشی حمول ٭ نعم مالٌ صالحٌ گفتش رسول

(جس کا ترجمہ یہ ہے) جو مال کہ انجام کے اعتبار سے تو جامل محض دین کے لئے ہے یعنی دینی کاموں میں خرچ کرنے کیلئے ہے تو وہ مال صالح ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق کیونکہ آپ نے اس کو نعم مال صالح کہا۔ شعر

مال جو کہ دین کے لئے ہوئے حمول ٭ مال ہے وہ صالح بفرمان رسول

کسی عالم سے پوچھا گیا کہ آپ کیسے عالم ہوئے؟ انہوں نے کہا کہ توانگر باپ کے وسیلہ سے کیونکہ وہ اس توانگری کے سبب سے اہل علم وفضل کے ساتھ احسان کرتے تھے۔ (باقی برصفحۂ آئندہ)

تحقیق الالفاظ فنعم المال الخ قولہ فنعم المال الصالح خبر مبتدأ بتقدیر المقول ای فمن کان لہ مال کثیر مقول فی حقہ نعم المال الصالح الغیر الفاسد بمخالطۃ الحرام للرجل الصالح یستعین بہ علیٰ تحصیل العلوم بم ای بای شیٔ لانہ ای الاب الغنی کان یصطنع ای یفعل الصنیع یعنی الفعل الحسن مرادہ یحسن بہ ای بسبب الغنی فانہ ای الاحسان وانہ ای الشکر علیہا سبب الزیادۃ ای زیادۃ النعمۃ کما ینبئ عنہ قولہ تعالیٰ لئن شکرتم لازیدنکم قال ابوحنیفۃ ہذہ الجملۃ مقول القول لقیل انما ادرکت العلم الخ ای ما وصلت الیٰ ہذہ المرتبۃ من العلم الا بالحمد للہ وثنائہ وشکرہ فی مقابلۃ نعمہ فکلما فہمت ای شیئا من العلوم ووقفت علیٰ صیغۃ المبنی للمفعول ای جعلت موفقا من عند اللہ تعالیٰ وحکمۃ ای معرفۃ من المعارف فقلت ہذہ الجملۃ معطوفۃ علیٰ جملۃ فہمت ازداد علمی جواب کلما

وهكذا ينبغي لطالب العلم ان يشتغل بالشكر باللسان والجنان والاركان والمال ويرى الفهم والعلم والتوفيق من الله تعالى ويطلب الهداية من الله تعالى بالدعاء له والتضرع اليه فان الله هادٍ من استهداه فاهل الحق وهم اهل السنة والجماعة طلبوا الحق من الله تعالى الحق الهادي المبين العاصم فهداهم الله تعالى وعصمهم عن الضلالة۔

ترجمہ وتشریح (بقیہ صفحہ گذشتہ) پس یہ احسان سبب زیادتی علم کا ہوا۔ کیونکہ یہ احسان (نعمتِ مال نیز) نعمتِ عقل وعلم پر شکریہ ادا کرنا ہے۔ اور شکر نعمت سبب زیادتی نعمت کا ہے۔ (جیسا کہ خود قرآن مجید میں خداوند تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں لئن شکرتم لازیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید۔ یعنی اگر میری نعمت کا شکر کروگے تو میں تم کو نعمت بڑھادونگا۔ اور اگر کفرانِ نعمت کروگے تو میرا عذاب بہت سخت ہے مطلب یہ ہے کہ تم کو عذاب میں مبتلا کیا جائے گا) کسی نے کہا کہ امام صاحبؒ نے فرمایا کہ میں نے الحمد للہ اور شکر کے ذریعہ سے علم پایا جب میں کوئی بات سمجھ لیتا اور اللہ کی طرف سے مجھ کو فقہ اور حکمت سمجھنے کی توفیق حاصل ہوتی تو الحمد للہ کہتا اس طریقہ سے میرا علم بڑھتا رہا۔ (متعلقہ صفحہ ھذا) اور اسی طرح طالب علم کو چاہئے کہ لسان (یعنی زبان) اور جنان (یعنی دل) وارکان (یعنی اعضاء) اور مال کے ساتھ شکر ادا کرنے میں مشغول ہوں اور فہم وعلم اور توفیق کو اللہ پاک وبرتر سے جانے اور اللہ تعالیٰ سے دعا وگریہ وزاری کرکے ہدایت طلب کرے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ سے جو شخص ہدایت طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت کرتے ہیں۔ پس اہل حق جو کہ اہل السنت والجماعۃ ہیں انہوں نے اللہ تعالیٰ سے جو حق اور ہادی (ہدایت کرنے والا) ومبین (ظاہر کرنے والا) وعاصم (پناہ دینے والا) ہے (ان سے) حق کو طلب کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو ہدایت فرمائی اور انکو گمراہی سے محفوظ کردیا

تحقیق الالفاظ والارکان ای والجوارح والمال ای یتصدق بالاموال الطیبۃ الی الفقراء ویری ای ویعتقد ویطلب بالنصب عطف علیٰ ویری بالدعاء متعلق بیطلب لہ ای للہ تعالیٰ من استہداہ ای من طلب الہدایۃ منہ تعالیٰ ای دال ایاہ علیٰ مایوصل الیٰ مقصودہ من العلم وغیرہ الحق ای القول الصادق والفعل الصائب من ثابتہ الحق مجرور علیٰ انہ صفۃ اللہ تعالیٰ الہادی المبین العاصم صفات مترادفۃ ومعنی العاصم الذی عصمہم عن الضلالۃ فی الدین فہداہم الخ یعنی اعطاہم ماسألوا۔

واهل الضلالة اعجبوا برأيهم وعقلهم وطلبوا الحق من المخلوق العاجز وهو العقل لان العقل لايدرك جميع الاشياء كالبصر لايبصر جميع الاشياء فحجبوا وعجزوا وضلوا واضلوا. قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من عرف نفسه فقد عرف ربّهٗ فاذا عرف عجز نفسه عرف قدرة الله تعالىٰ ولايعتمد على نفسه وعقله بل يتوكل على الله ويطلب منه الحق ومن يتوكل على الله فهو حسبه ويهديه الىٰ صراط مستقيم۔

ترجمہ وتشریح اور اہل ضلالت (گمراہ فرقے) وفرق باطلہ اپنی رائے وعقل کی گھمنڈ میں مبتلا ہو گئے۔ اور حق کی طلب مخلوق عاجز (یعنی) عقل (وغیرہ) سے کی (تو وہ گمراہ ہو گئے) اور عقل مخلوق عاجز اس وجہ سے ہے کہ عقل تمام اشیاء کو ادراک نہیں کر سکتی جیسا کہ بصر تمام اشیاء کو نہیں دیکھ پاتا۔ پس عقل سے حق کو طلب کرنے کی وجہ سے وہ لوگ پردہ میں ڈال دیئے گئے اور معرفتِ حق سے عاجز رہ گئے۔ اس لئے خود گمراہ ہو گئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کر ڈالے۔ اور فرمایا رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ جس نے اپنے نفس کو پہچانا تو اس نے اپنے پروردگار کو پہچانا (یعنی جبکہ وہ اپنے مخلوق، عاجز، مملوک وبندہ ہونے کی حقیقت کو پہچان لیا تو ضرور اپنے پروردگار کو خالق، قادر، مالک اور معبود ہونے کو معلوم کر لیا) پس جبکہ اپنے نفس کے عجز کو پہچان جائے گا۔ تو ضرور اللہ تعالیٰ کی قدرت کو پہچان لیگا اور اپنے نفس وعقل پر اعتماد نہیں کریگا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریگا۔ اور ان سے حق کو طلب کریگا اور جس نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا تو خداوند تعالیٰ اس کیلئے کافی ہو گیا اور اس کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت کرے گا

تحقیق الالفاظ لان العقل علة کونہ عاجزا فحجبوا علیٰ صیغة المبنی للمفعول ای صاروا محجوبین من معرفة الحق وعجزوا عن معرفتہ وضلوا ای کانوا ضالین واضلوا غیرہم من عرف نفسہ ای من عرف نفسہ بصفات المخلوقین من العجز والفناء والضعف والفقر فقد عرف ربہ بصفات الخالق من القدرۃ للہ تعالیٰ والبقاء والقوۃ والغنیٰ علیٰ نفسہ الناطقة وہی الجوہر المجرد المتعلق بالبدن تعلق التدبیر والتصرف عند الحکماء وعند المتکلمین نفس الشئ ذاتہ وحقیقتہ وعقلہ وہو قوۃ للنفس تستعد بہا للعلوم والادراکات فہو حسبہ وکافیہ وہذا القول ومابعدہ اقتباس من القرآن صراط مستقیم وہو الدین الحق۔

ومن کان له مال فلا یبخل وینبغی ان یتعوذ بالله تعالیٰ من البخل قال النبی علیه الصلوٰة والسلام ای داء ادوأ من البخل وکان ابو الشیخ الامام الاجل شمس الائمة الحلوانی فقیرا یبیع الحلواء وکان یعطی الفقهاء من الحلواء ویقول ادعوا لابنی فببرکة جوده واعتقاده وشفقته وتضرعه نال ابنه ما نال ویشتری بالمال الکتب ویستکتب فیکون عونا علی التعلم والتفقه ولقد کان لمحمد بن الحسن مال کثیر حتی کان له ثلثمائة من الوکلاء علی ماله فانفقه کله فی العلم ولم یبق له ثوب نفیس فراٰه ابو یوسف فی ثوب خلق فارسل الیه ثیابا نفیسة فلم یقبلها

ترجمہ وتشریح اور جس کو مال ہو چاہئے کہ بخیلی نہ کرے بلکہ مناسب یہ ہے کہ بخیلی سے خداوند تعالیٰ کی پناہ مانگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بخل سے بڑھ کر اور کونسا مرض بڑا ہوگا؟ (یعنی کوئی نہیں) اور شیخ امام اجل شمس الائمہ حلوانی رحؒ کے والد ماجد فقیر تھے حلوا بیچتے تھے۔ اور فقیہوں کو حلوا دیتے تھے اور کہتے تھے کہ میرے بیٹے کے لئے (علم وفقہ حاصل ہونے کی) دعا کرو پس ان کی سخاوت وحسن اعتقاد اور شفقت پدری اور گریہ وزاری کے وسیلہ سے ان کے بیٹے نے پایا جو کچھ کہ پایا (یعنی اتنا بڑا مرتبہ حاصل کیا) اور اپنے مال سے کتابیں خریدے اور (اجرت دیکر) کتابیں لکھوائے۔ تو اس سے اس کے علم وفقہ حاصل کرنے میں مدد پہنچے گی۔ اور امام محمد بن الحسن رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس بہت مال تھے۔ یہانتک کہ آپ کے مال پر تین سو ایجنٹ (ملازم) مقرر تھے پس آپ نے تمام مالوں کو علم وفقہ کے مصارف میں خرچ کر ڈالے یہانتک کہ آپ کے پاس ایک عمدہ کپڑا باقی نہ رہا پس ایک دفعہ جبکہ آپ کو امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک پھٹے پرانے کپڑے میں دیکھ پایا تو آپ کے پاس چند عمدہ کپڑے بھیجدیا۔ تب آپ نے ان کو قبول نہیں کیا۔

تحقیق الالفاظ ومن کان له مال معطوف علی قوله فیما سبق فمن کان له مال کثیر فلا یبخل بالجزم نہی غائب لان البخل من الزکاۃ حرام والبخل من الصدقات النوافل مذموم ادوأ من البخل یعنی ای مرض یکون اشد من البخل وشفقته بفتح الفاء نال ابنه ای وصل ما نال ایراد الموصول للتعظیم ای المرتبة العالیة من العلم ویشتری الخ بالنصب عطف علی یتعوذ ای ینبغی ان یشتری الطالب المتمول بماله الکتب ویستکتب ای یطلب الکتابة من الغیر باعطاء المال فیکون عونا الخ ای باشتراء آلات العلم واسبابه فی العلم والفقه ای فی تحصیلها باشتراء الکتب واعطاء اجرة للمعلم وغیرہ نفیس ای شریف خلق بفتح الخاء وکسر اللام صفة مشبهة وهو ما بلی من الثیاب ۔

فقال عجل لکم واجل لنا ولعله انما لم یقبله وان کان قبول الهدیة سنة لما رأی فی ذلك مذلة لنفسه قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لیس للمؤمن ان یذل نفسه وحکی ان فخر الاسلام الارسابندی جمع قشور البطیخ الملقاة فی مکان خال فاکلها فرأته جاریة فاخبرت بذلك مولاها فاتخذ له دعوة فدعاه الیها فلم یقبل لهذا وهکذا ینبغی لطالب العلم ان یکون ذا همة عالیة لا یطمع فی اموال الناس قال علیه الصلوٰة والسلام ایاك والطمع فانه فقر حاضر۔

ترجمہ وتشریح پس کہا (امام محمدؒ نے) تم لوگوں کو مال دنیا میں نقد ملگیا ہے اور ہم لوگوں کیلئے آخرت پر (ذخیرہ کر کے) موخر کر دیا گیا ہے باوجودیکہ ہدیہ قبول کرنا سنت ہے۔ پھر بھی آپ نے شاید اس وجہ قبول نہیں کیا۔ کیونکہ اسمیں آپ اپنے نفس کی ذلت اور بے عزتی دیکھتے تھے۔ اور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کیلئے لائق نہیں ہے کہ اپنے نفس کو ذلت میں ڈالے۔ بیان کیا گیا ہے کہ فخر الاسلام ارسابندیؒ نے ایک دفعہ خالی مکان میں پھینکے ہوئے تربوز کے چھلکے کو جمع کر کے کھالیا۔ تو اس کو ایک باندی دیکھ پائی۔ تب اپنے مولیٰ کو اس کی خبر کر دی۔ اس وقت اس کے مولیٰ نے کھانے کی دعوت تیار کر کے ان کو دعوت دی۔ لیکن انہوں نے ذلت نفس کے اندیشہ سے اس کو قبول نہیں کیا۔ اسی طرح طالب علم کو بلند ہمت ہونا چاہئے کہ لوگوں کے مالوں پر لالچ نہ کرے۔ فرمایا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ طمع سے بچتے رہو۔ کیونکہ وہ فقر حاضر ہے۔ (یعنی موجود محتاجی ہے، ایسی محتاجی نہیں جس کا زمانہ آئندہ میں آنے کا اندیشہ کیا جائے۔ اس وجہ سے کہ جو مال کے موجود ہوتے ہوئے زیادتی کی طمع کرتا ہے وہ فی الحال اور جلد فقیر بنجاتا ہے کیونکہ بقدر ضرورت مال اور دولت کا موجود ہوتے ہوئے زیادتی کا لالچ کرنا اور اس کے لئے محنت وغیرہ کرنا محتاجی ہی تو ہے)۔

تحقیق الالفاظ فقال ای محمد عجل لکم ای اعطی لکم المال فی الدنیا واجل لنا ای اخر المال واوخر لنا فی الآخرة ولعله هذا الکلام للمصنف ای اظنه انما لم یقبله ای ما ارسل مذلة لنفسه وتذلیل النفس غیر جائز واشار الیٰ دلیله بقوله قال رسول الله الخ ان یذل نفسه ای یجعل نفسه ذلیلة بایقاعها فی موقع المذلة والاستدلال قشور جمع قشر فرأته ای رأت هذا المذکور فاتخذ ای المولیٰ له ای لفخر الاسلام لهذا ای لذل نفسه لا یطمع فی اموال الناس ای حال کونه غیر طامع فی اموالهم والطمع مذموم لطالب العلم وغیره خصوصًا للطالبین ایاك ای اتق ایاك فانه فقر حاضر لا فقر یتوقع اتیانه لان الرجل اذا طمع الزیادة مع وجود ماله کان فقیرا عاجلا۔

ولا یبخل بما عندہ من المال بل ینفق علیٰ نفسہ وعلیٰ غیرہ وقال النبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم الناس کلھم فی الفقر مخافۃ الفقر وکانوا فی الزمان الاول یتعلمون الحرفۃ ثم یتعلمون العلم حتےٰ لایطمعوا فی اموال الناس وفی الحکمۃ من استغنیٰ بمال الناس افتقر والعالم اذا کان طماعا لا یبقی لہ حرمۃ العلم ولا یقول بالحق ولہٰذا کان یتعوذ صاحب الشرع علیہ السلام ویقول اعوذ باللہ من طمع یدنی الیٰ طبع۔

ترجمہ وتشریح اور جو کچھ اپنے پاس مال ہے اس کے ساتھ بخیلی نہ کرے۔ بلکہ اس کو اپنے نفس اور دوسروں پر خرچ کرتا رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام لوگ بسبب اندیشۂ فقر خود بخود فقیر و محتاج بنے ہیں (کہ خود نہ خرچ کرتے ہیں نہ کسی کو دیتے ہیں) اگلے زمانہ میں لوگ پہلے حرفہ سیکھتے تھے پھر علم حاصل کرتے تھے تاکہ لوگوں کے مالوں میں طمع نہ کرے۔ اور حکمت کی باتوں میں یہ ہے کہ جس کسی نے لوگوں کے مال کیساتھ توانگر بننا چاہا وہ خود فقیر بنے گا۔ اور عالم جب لالچی ہوگا تو اس کے لئے علم کی عزت اور حرمت کچھ بھی باقی نہ رہے گی۔ اور حق بات (بوجہ لالچ کے) نہ کہہ سکیگا۔ اور اسی سبب سے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس سے پناہ مانگتے تھے اور کہتے کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں ایسی طمع (لالچ) سے جو طبع (یعنی عیب دار و ذلیل کرنے والے لالچ) کے نزدیک کر دے۔

تحقیق الالفاظ بل ینفق الخ طالبا لرضا اللہ تعالیٰ کائنا من کان لان الناس کلھم فقراء واشار الیٰ ہذا بقولہ وقال النبی الخ مخافۃ الفقر ای لاجل مخافۃ الفقر وکانوا ای الناس الحرفۃ ای الصناعۃ حتی لایطمعوا فی اموال الناس بقناعتھم بالمال الحاصل من الحرفۃ وفی الحکمۃ ای ورد فی الکلمات الدالۃ علی الحکمۃ وتنسب ہذہ الحکمۃ الی امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ من استغنیٰ ای طلب الغنی افتقر ای یکون فقیرا طماعا ای کثیر الطمع لایبقی لہ من الابقاء حرمۃ العلم بسبب الابتذال وعرض الاحتیاج الی الادنیٰ ولا یقول ای لا یحکم ولہٰذا ای لاجل ان الطمع یؤدی الیٰ ما ذکر یدنی ای یقرب الیٰ طبع بکسر الطاء وفتح الباء ما یشین اوالعیب۔

وینبغی ان لا یرجو الا من اللہ تعالیٰ ولا یخاف الا منہ ویظہر ذلک بمجاوزۃ حد الشرع وعدمہا فمن عصی اللہ تعالیٰ لخوفاً من المخلوق فقد خاف غیر اللہ تعالیٰ فاذا لم یعص اللہ تعالیٰ لخوف المخلوق وراقب حدود الشرع فلم یخف غیر اللہ تعالیٰ بل خاف اللہ تعالیٰ وکذا فی جانب الرجاء۔ وینبغی لطالب العلم ان یعد ویقدر لنفسہ تقدیراً فی التکرار فانہ لا یستقر قلبہ حتی یبلغ ذلک المبلغ۔

ترجمہ وتشریح اور چاہئے کہ خداوند تعالیٰ کے بغیر اور کسی سے امید نہ باندھے۔ اور نہ اس کے بغیر اور کسی سے ڈرے اور اس خوف ورجا کا فرق اور پتہ حدود شرع سے تجاوز کرنے نہ کرنے میں ظاہر ہوگا۔ پس جس نے مخلوق سے خوف کھاکر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی تو اس نے غیر اللہ کو ڈرا۔ اور اگر مخلوق کے خوف کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی بلکہ خداوند تعالیٰ کو ڈرا اور حدود شرع کی پابندی کی تو اس نے غیر اللہ کو نہیں ڈرا بلکہ اللہ تعالیٰ کو ڈرا اور ایسا ہی جانب رجا میں ہے (یعنی اگر مخلوق سے امید باندھکر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی تو غیر اللہ سے امید باندھی اور اگر مخلوق سے امید کرکے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی بلکہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی اور حدود شرع کی پابندی کی تو اللہ تعالیٰ کے بغیر دوسرے کسی سے امید نہیں باندھی بلکہ اللہ تعالیٰ سے امید باندھی) اور طالب علم کو چاہئے کہ اپنے لئے تکرار کی گنتی وتعداد اور مقدار مقرر کر رکھے (کہ اس حد تک سبق کو دُھرایا کرے) اس لئے کہ جب تک اس مقدار مقررہ تکرار کو نہ پہنچے گا اس کا دل قرار نہ پکڑے گا۔ (اور اس کے ذہن میں بجز تکرار کے صورت حاصلہ منتقش نہیں ہوگی)

تحقیق الالفاظ ویظہر ذلک ای عدم الرجاء الا من اللہ تعالیٰ وعدم الخوف الا من اللہ تعالیٰ عدمہا ای عدم المجاوزۃ وہذا الکلام من مجمل فصلہ بقولہ فمن عصی اللہ تعالیٰ الخ غیر اللہ تعالیٰ ای من غیر اللہ تعالیٰ حذف من کما فی قولہ تعالیٰ واختار موسیٰ قومہ سبعین رجلا ای من قومہ وراقب حدود الشرع ای حافظ علیہا والمراد بحدود الشرع اوامر اللہ ونواہیہ فلم یخف الخ جواب اذا۔ وکذا فی جانب الرجاء یعنی ان من عصی اللہ تعالیٰ رجاء من المخلوق فقد رجا من غیر اللہ تعالیٰ واذا لم یعص اللہ برجاء المخلوق بل اطاع اللہ تعالیٰ وراقب حدود الشرع لم یکن راجیا الا من اللہ تعالیٰ ان یعد من العد فی التکرار ای فی تکرار سبقہ ودرسہ یعنی عین مقداراً من العدد ذکرر واعد درسہ بمقدارہ فانہ لا یستقر قلبہ ولا تنتقش الصور

الا ما یحصل بعد ذلک المبلغ ای الذی عینہ من مقدار التکرار للدرس

وینبغی ان یکرر سبق الامس خمس مرات و سبق الیوم الذی قبل الامس اربع مرات والسبق الذی قبله ثلثا والذی قبله اثنین والذی قبله واحدا فهذا ادعی الی الحفظ۔ وینبغی ان لا یعتاد المخافتة فی التکرار لان الدرس ینبغی ان یکون بقوة ونشاط ولا یجهر جہرا ولا یجهد نفسه کیلا ینقطع عن التکرار فخیر الامور اوسطها حکی ان ابا یوسف کان یذاکر الفقه مع الفقهاء بقوة ونشاط وکان صهره یتعجب فی امره ویقول انا اعلم انه جائع مذ خمسة ایام ومع ذلک انه یناظر مع القوة والنشاط۔ وینبغی ان لا یکون لطالب العلم فترة وتحیر فانها آفة۔

ترجمہ وتشریح اور چاہئے کہ گذشتہ کل کے سبق کا پانچ دفعہ تکرار کرے۔ اور گذشتہ پرسوں کا چار مرتبہ اور اترسوں کا تین بار اور اس سے پہلے دن کا دو دفعہ اور اس سے پہلے دن کا ایک مرتبہ تکرار کرے اور یہ زیادہ حفظ ہونے کا باعث ہے۔ اور مناسب ہے کہ چپکے تکرار کرنے کی عادت نہ کرے کیونکہ سبق کو قوت ونشاط اور خوش دلی کے ساتھ یاد کرنا چاہئے۔ اور زیادہ چیخ وپکار کی بھی عادت نکرے اور نہ طبیعت کو اتنی زیادہ مشقت میں ڈالے کہ طبیعت پر گراں گزرے اور تھک کر تکرار ہی کو بند کردے۔ پس ہر امر میں درمیانی چال سب سے زیادہ بہتر ہے۔ روایت بیان کیگئی ہے کہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ فقہاء کے ساتھ خوب قوت ونشاط سے مذاکرہ علمی کرتے تھے۔ (جیسا کہ طالب علم کیلئے لائق اور مناسب ہے) اور ان کا داماد (یا بہنوی ہ ش) ان کی حالت سے تعجب کرتے اور کہتے کہ میں جانتا ہوں کہ آپ آج پانچ دنوں سے برابر فاقہ سے ہیں اور باوجود اس کے قوت ونشاط کے ساتھ علمی مباحثہ کرتے ہیں۔ اور طالب علم کیلئے اضطراب وحیرانی بالکل مناسب نہیں ہے کیونکہ یہ آفت (حصول علم سے روکنے والی) ہے۔

تحقیق الالفاظ فهذا ای عدد التکرار علی هذا الترتیب ادعی ای اشد دعوة وتادیا الی الحفظ المخافتة بضم المیم مصدر من الاخفاء لامن الخوف فی التکرار ای تکرار الدرس بقوة ونشاط ای سرور وطیب نفس والمخافتة تنافی التکرار علی وجه القوة والنشاط ولا یجهد نفسه ای لا یشق بها کیلا ینقطع ای النفس اوسطها ای ما کان بین الجهر والاخفاء کان یذاکر الخ ای بقوة ونشاط کما هو اللائق لطالب العلم وکان صهره ای زوج بنته او زوج اخته فی امره ای فی شان ابی یوسف رح ومع ذلک ای مع الجوع مقدار هذا الزمان فترة ای اضطراب و انقطاع فهم المراد تحیر ای حیرة فلا یدری ما یحصل فهم المراد فانها آفة ای مانعة للتحصیل۔

وكان استاذنا شيخ الاسلام برهان الدين يقول انما غلبت على شركائي باني لم يقع لي الفترة والاضطراب في التحصيل. وكان يحكي عن شيخ الاسلام الاسبيجابي انه وقع في تحصيله وتعلمه فترة اثنتي عشرة سنة بانقلاب الملك وخرج مع شريكه في المناظرة ولم يترك المناظرة وكان يجلسان في المناظرة كل يوم ولم يترك الجلوس للمناظرة اثنتي عشرة سنة فصار شريكه شيخ الاسلام للشافعين وهو كان شافعيا وكان استاذنا الشيخ القاضي الامام فخر الاسلام قاضي خان يقول ينبغي للمتفقه ان يحفظ نسخة واحدة من نسخ الفقه دائما فيتيسر له بعد ذلك حفظ ما سمع من الفقه۔

ترجمہ وتشریح اور ہمارے استاد شیخ الاسلام برہان الدین (مرغینانی رحمہ اللہ تعالیٰ) فرماتے تھے کہ میں اپنے ہم سبقوں پر محض اس بنا پر غلبہ و فوقیت حاصل کر لیا تھا کہ مجھ کو علم حاصل کرنے میں کبھی بے قراری اور پریشانی پیدا نہیں ہوئی۔ اور شیخ الاسلام علامہ اسبیجابی رحمہ اللہ تعالیٰ کا واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ ان کو تحصیل اور طلب علم میں بسبب حکومت کے انقلاب کے بارہ۱۲ سال تک اضطراب اور پریشانی رہی تاہم اپنے ساتھی (ہم سبق) کے ساتھ مناظرہ علمی کیلئے نکل کر (دار المناظرہ میں) جاتے رہے (اور اضطراب و پریشانی کے باوجود) ان دونوں نے مناظرہ و مباحثہ علمی کو نہ چھوڑا۔ بلکہ ہر دن مناظرہ کیلئے بیٹھ جاتے اور اس بارہ۱۲ سال تک کبھی بھی مناظرہ کے واسطے بیٹھنے کو ترک نہیں کئے (بس یہی دونوں کی حالت تھی یہانتک کہ) ان کا ساتھی (ہم سبق) شافعی مذہب کا شیخ الاسلام (یعنی مفتی و مقتدا) بنگیا کیونکہ وہ شافعی تھے۔ (اور یہ حنفی مذہب کے بڑے اماموں سے ایک ہوگئے) اور ہمارے استاد شیخ قاضی فخر الاسلام قاضیخان فرماتے تھے کہ جس کو فقیہ بننے کا ارادہ ہو اس کو چاہئے کہ فقہ کا ایک نسخہ (یعنی ایک رسالہ) فقہ کے نسخوں (کتابوں اور رسالوں) میں سے ہمیشہ حفظ و ازبر رکھے تاکہ بعد میں فقہ کا جو مسئلہ سنے اس کو حفظ کر لینے میں اسکی وجہ سے آسانی پیدا ہو جائے (اسی طرح ہر ایک علم و فن میں قاعدہ ہے)۔

تحقیق الالفاظ فی التحصیل ای فی زمانہ بانقلاب الملک ای بسبب انعزال سلطان زمانہ وجلوس آخر مکانہ فی المناظرۃ ای فی محل المناظرۃ شیخ الاسلام ای صار مفتیا ومقتدیٰ لہم وہو ای شریکہ للمتفقہ ای لمن اراد ان یحصل علم الفقہ بعد ذلک ای بعد حفظ نسخۃ من نسخ الفقہ۔ ع ف معتبر ذریعہ سے سننے میں آیا کہ حضرت مولانا ضمیر الدین احمد شوابلی قدس سرہ خلیفہ ارشد قطب عالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ کتاب کنز الدقائق کو بتمامہ ازبر کر لئے تھے اس لئے فقہی مسائل میں بھی آپ کو بہت کافی مہارت حاصل تھی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

فصل (٧) في التوكّل

ثم لا بد لطالب العلم من التوكل في طلب العلم ولا يهتم لامر الرزق ولا يشغل قلبه بذالك روى ابوحنيفة رحمة الله عليه عن عبد الله بن الحسن الزبيدي صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم من تفقه في دين الله كفاه الله همه ورزقه من حيث لا يحتسب۔

ترجمہ وتشریح فصل (۷) توکل وبھروسہ کے بیان میں (یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف کام کو سپرد کرنے کے بیان میں) طالب علم کو طلب علم میں (بلکہ ہر وقت خدائے تعالیٰ پر) توکل کرنا ضروری ہے۔ اور رزق کے لئے فکر وغم نہ کرے اور نہ اپنے دل کو اس کی فکر میں مشغول اور متوجہ رکھے۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ حضرت عبداللہ بن الحسن الزبیدیؓ (مناقب امام ابوحنیفہ للموفق بن احمد المکی خطیب خوارزمؒ ص۲۹/۱۷ میں ہے عبداللہ بن جزء الزبیدیؓ۔ اور ایک روایت میں ہے عبداللہ بن الحارث بن جزء الزبیدیؓ ص۳۵/۱۷ اور اسی مناقب کے حصہ زیرین ص۱۲/۱۷ میں مناقب الامام الاعظم للبزازی الکردریؒ کی روایت میں ہے عبداللہ بن الحارث بن جزء بن عبداللہ بن معدیکرب بن عمرو بن زبید الزبیدیؓ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص اللہ کے دین میں احکام شرع کا عالم اور فقیہ بنتا ہے (بشرطیکہ اس پر عامل بھی ہو) اللہ تعالیٰ اس کے ضروری کام اور رزق کو اس صورت سے پورا کر دیتا ہے کہ جس کی طرف اس کا وہم اور گمان بھی نہیں چلیگا (اسی سے معلوم ہوگیا کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تابعی اور راوی تھے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے۔ فللہ الحمد)

تحقیق الالفاظ التوکل ای تفویض الامر الی اللہ تعالیٰ لا یہتم ای لا یغتم ولا یشغل من الاشغال بذلک ای بتحصیل الرزق الزبیدی ای المنسوب الی زبید اسم قبیلۃ وفی مناقب الامام ابی حنیفۃ للموفق بن احمد المکی خطیب خوارزمؒ عبداللہ بن جزء الزبیدیؓ وفی نسخۃ اخری بواسطۃ الحارث بین عبداللہ وجزء وفی نسخۃ اخری بواسطۃ عبداللہ بن معدیکرب بن عمرو بن زبید بین جزء الزبیدی کما فصّلتہ فی شرح الہندی فلیراجع ہناک صاحب رسول اللہ ای ہو من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیستفاد منہ ان الامام الاعظمؒ کان تابعیًا وراویًا عن اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم فللہ الحمد والمنۃ ولا ینبئک مثل خبیر کذلک یفہم من کتاب مناقب الامام الاعظم للموفق بن احمد ۱۲ من تفقہ وہذہ الجملۃ مع آخرہا مفعولا للروی فی دین اللہ ای من صار عالمًا باحکام الشرع فی دین الاسلام ہمہ ای مقصودہ من حیث لا یحتسب ای من مکان لا یظن الرزق منہ ۱۲

فان من شغل قلبه بالرزق من القوت والكسوة قلّما يتفرغ لتحصيل مكارم الاخلاق ومعالي الامور۔ قيل :-

دع المكارم لا ترحل لبغيتها ؛ واقعد فانك انت الطاعم الكاسي

قال رجل لمنصور الحلاج اوصني فقال "هي نفسك ان لم تشغلها شغلتك" فينبغي لكل احد ان يشغل نفسه باعمال الخير حتى لا تشتغل نفسه بهواها۔

ترجمہ وتشریح (اور رزق کی فکر میں نہ پڑنے کی وجہ یہ ہے) کہ جس نے اپنے دل کو کھانے، کپڑے کی فکر میں مشغول کر رکھا وہ اخلاق حسنہ اور معالی امور (یعنی اہم کاموں) کو حاصل کرنے کیلئے بہت ہی کم خالی الذہن اور نہایت کم فرصت والا ہو سکتا ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا (یعنی بطور طنز اور استہزا کے) جس کا ترجمہ یہ ہے :۔ مکارم اور بزرگیوں کو حاصل کرنا چھوڑ دے اس کی طلب کے سفر مت کر اور بیٹھا رہ کیونکہ تو فقط کھانے والا اور پہننے والا رہنے کی فکر میں ہے۔ شعر

مکارم کرو تم بس کہ متروک ؛ انہی کے قصد میں رحلت کو متروک

رہو تم بیٹھ کے بس ہو کے مجبور ؛ جو طاعم ہو و کاسی تم کو منظور

حضرت منصور حلاج سے ایک مرد نے عرض کیا کہ مجھ کو کچھ وصیت کیجئے، تب آپ نے فرمایا کہ تمھارا یہ نفس ایسا ہے کہ تم اگر اس کو (مکارم اخلاق وغیرہ بڑے کاموں میں) مشغول نہ رکھو گے تو یہ تم کو (اپنی خواہشات میں) مشغول کر رکھے گا۔ پس ہر شخص کو چاہئے کہ اپنے نفس کو اعمال خیر میں مشغول کر رکھے تاکہ وہ اپنی خواہشات کی طرف متوجہ نہ کرے۔

تحقیق الالفاظ قلبہ بالرفع فاعل شغل فلما یتفرغ ای لا یتفرغ ویجوز ان تکون القلۃ کنایۃ عن العدم معالی الامور ای اشراف الامور وجلائلہا دع المکارم ای اترکہا لا ترحل لبغیتہا ای لا تسافر انت لطلبہا واقعد عن دعوی المکارم و تحصیلہا انت الطاعم الکاسی ای انت ذو طعام وکسوۃ ومشغول لتحصیلہا فانّی یتیسر لک تحصیل المکارم؟ یسخر الشاعر ممن یخاطبہ بہذا البیت ویحقرہ لانہ یقال لہ انک لا تستطیع الجری فی مجال المکارم والمحامد لانّ ہمک محصور فی السعی وراء الطعام والکسوۃ ویستشہد المصنف بہذا علیٰ ما قال اولا فان من شغل الخ ان لم تشغلہا وتستعملہا فی طلب المکارم شغلتک ای شغلت نفسک ایاک باتباع مرادہا تہلہا ان تشغل من الاشغال نفسہ منصوب علی انہ مفعول یشغل حتی لا تشتغل الخ لما ان اعمال الخیر تمنع لاتباع لہوی لانہما متضادان متی وجد احدہما امتنع الآخر۔

حل لغات مکارم بمعنی بزرگیاں متروک بمعنی ترک رحلت بمعنی کوچ اور سفر طاعم بمعنی کھانے والا کاسی بمعنی پہننے والا۔ اس شعر کا مطلب یہ ہے جبکہ تم کو کھانے، کپڑے کی فکر لگی ہے تو تم مکارم اخلاق کی تحصیل اور اس کے لئے سفر کو ترک کر دو کیونکہ دونوں کی تحصیل ایک ساتھ تمہاری طاقت سے باہر ہے اور کھانے کپڑے کی فکر کے وقت تحصیل مکارم ممکن نہیں ہے ۱۲ منہ

ولا یهتم العاقل لامر الدنیا لان الهم والحزن لا یرد مصیبة ولا ینفع بل یضر القلب والعقل والبدن ویخل باعمال الخیر ویهتم لامر الآخرة لانه ینفع واما قوله علیه الصلوٰة والسلام ان من الذنوب ذنوبا لایکفرها الا الهم المعیشة فالمراد منه قدر هم لایخل باعمال الخیر ولایشغل القلب شغلا یخل باحضار القلب فی الصلوٰة فان ذلک القدر من الهم والقصد من اعمال الآخرة۔

ترجمہ و تشریح اور عاقل کو امور دنیا کے لئے غم وفکر نہ کرنا چاہئے کیونکہ غم وفکر سے نہ مصیبت دور ہوتی ہے اور نہ کوئی نفع حاصل ہوتا ہے۔ بلکہ دل و دماغ اور بدن کو ضرر ہوتا ہے اور اعمال خیر میں خلل پڑتا ہے۔ ہاں! امور آخرت کیلئے اہتمام اور غم وفکر کرے۔ کیونکہ وہ نفع بخش ہے۔ (**سوال**: تم جو کہتے ہو کہ عقلمند کو امور دنیا کی فکر اور غم نہ کرنا چاہئے۔ تو اس حدیث کا کیا جواب ہے؟) جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ گناہوں میں سے بعض گناہ ایسے بھی ہیں جو صرف فکر معاش ہی سے اس کا کفارہ ہو سکتا ہے (اس کا جواب یہ ہے کہ) اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ فکر معاش اتنی مقدار کی ہونی چاہئے جس سے اعمال خیر (اور امور آخرت) میں خلل نہ پڑے۔ اور نہ اتنا اس میں دل کو مشغول کرے جس سے (مثلاً) نماز کے حضور قلب میں فتور آجائے (جیسا کہ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔ شعر:-

شب چوں عقد نماز بر بندم ؛ چہ خورد بامداد فرزندم!۔

(ترجمہ) رات میں جب عقد نماز باندھ لیا ؛ فکر۔ صبح فرزند کیا کھائے گا؟ یعنی رات کو جب نماز کا عقد یعنی تحریمہ باندھا تب دل میں فکر ہوئی کہ صبح کے وقت میرا فرزند کیا کھائے گا؟) کیونکہ اتنی فکر معاش اور قصد تو اعمال آخرت میں شامل ہے۔ (اسی لئے مولانا رومی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں)

شعر: چیست دنیا؟ از خدا غافل بدن ؛ نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

(ترجمہ) دنیا تو ہے بس غافلی از یک خدا ؛ فرزند و زن، نقرہ، متاع نکر جدا (باقی بر صفحہ آئندہ)

تحقیق الالفاظ ولاینفع بل یقع ماقدره الله تعالیٰ ویخل باعمال الخیر لاشتغال فراغ القلب ویهتم عطف علی لایهتم العاقل لامر الدنیا ای بل یهتم لامر الآخرة لانه ای امر الآخرة ینفع ای ایاه فی الآخرة واما قوله علیه الصلوٰة والسلام جواب عن سوال مقدر کانه قیل انت قلت ان العاقل لاینبغی له ان یهتم لاجل الدنیا فکیف قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الخ الا الهم المعیشة ای الا فضلا سببا لاجل معیشة العیال قدر هم ای مقدار هم فان ذلک القدر ای ذلک القدر الیسیر من الهم من اعمال الآخرة خبر ان لتوقف اعمال الآخرة علیه اذلا تحصل الاعمال الا بالمعیشة۔

ولابد لطالب العلم من تقليل العلائق الدنيوية بقدر الوسع ولهذا اختاروا الغربة ولابد لطالب العلم من تحمل المشقة والنصب في سفر التعلم كما قال موسى عليه الصلوٰة والسلام في سفر التعلم ولم ينقل عنه ذلك في غيره من الاسفار لقد لقينا من سفرنا هذا نصبًا ليعلم ان سفر العلم لا يخلو عن التعب لان طلب العلم امر عظيم وهو افضل من الغزوات عند اكثر العلماء۔

ترجمہ وتشریح

(بقیہ صفحہ گذشتہ) یعنی دنیا کیا ہے؟ جواب یہ کہ خدا سے غافل ہوجانے کا نام ہے۔ نہ کہ متاع واسباب اور چاندی اور فرزند بیوی) ایک بزرگ دوسرے ایک بزرگ کے یہاں بطور استفادہ مہمان ہونے کے بعد وہاں دنیوی ساز وسامان کو دیکھکر کہا تھا کہ۔ ”نہ مرد ست آنکہ دنیا دوست دارد“۔ تب میزبان بزرگ نے جواب دیا تھا کہ ”اگر دارد برائے دوست دارد“ (ترجمہ) نہ وہ کامل جو دنیا دوست رکھے؛ ہاں! جو رکھے برائے دوست رکھے بعضے لوگ ایک شعر بیان کرکے غلط معنی نکالتے ہیں یعنی اہل دنیا کافران مطلقند؛ روز وشب در زق زق ودر بق بق اند۔ بلکہ اس کا صحیح معنی یہ ہوسکتا ہے یعنی کافران مطلق ہیں دنیادار سب؛ روز وشب وہ زق زق وبق بق میں ہیں سب۔ مراد یہ کہ مصرع اوّل میں کافران مطلق مبتدا مؤخر اور اہل دنیا خبر مقدم ہے یعنی کافران مطلق حقیقت میں دنیادار ہیں۔ نہ مؤمن۔ کذا قال التھانوی قدس سرہٗ)۔ (متعلقہ صفحہ ھٰذا) اور طالب علم کو چاہئے علائق دنیوی کو جہاں تک ہوسکے کم کردے۔ اسی وجہ سے علمائے کرام سفر کو پسند فرماتے ہیں۔ (کیونکہ سفر میں تمام تعلقات کم ہوجاتے ہیں) اور طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ سفر طلب علم میں محنت ومشقت پر تحمل اور برداشت کرے۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے اپنے سفر طلب علم ہی میں فرمایا کہ ”ہمارے اس سفر (علمی) میں ہم نے بہت محنت اٹھائی“ حالانکہ ان کے بہت سے سفروں میں سے اور کسی سفر میں آپ کا ایسا کہنا منقول نہیں ہوا ہے۔ اس سے معلوم کرلینا چاہئے کہ سفر علمی تعب ومشقت سے خالی نہیں رہتا ہے۔ کیوں نہ ہو؟ جب طلب علم بہت بڑا اور حد درجہ مشکل کام ہے (پس اس کا سفر بھی زیادہ مشکل ہوگا) یہانتک کہ اکثر علماء کے نزدیک طلب علم (ثواب میں) غزوات سے افضل وبرتر ہے

تحقیق الالفاظ | بقدر الوسع ای بقدر الطاقة البشرية ولهذا ای ولاجل تقليل العلائق۔ اختاروا ای العلماء الغربة ای السفر لان الغريب تقل علائقه بانقطاعه واعتزاله عن الخلق والنصب عطف تفسير للمشقة في سفر التعلم ای في السفر الكائن لاجل التعلم في غيره ای غير سفر التعلم لقد لقينا الخ مقول القول لقال ليعلم متعلق لقال ان سفر التعلم لا يخلو عن التعب لان طلب العلم امر عظيم فجزاؤه ايضا عظيم۔

والاجر علیٰ قدر التعب والنصب فمن صبر علیٰ ذٰلك وجد لذة العلم تفوق سائر لذات الدنیا ولهٰذا کان محمد بن الحسن اذا سهر اللیالی انحل له المشکلات یقول این ابناء الملوك من هٰذه اللذات؟ وینبغی لطالب العلم ان لا یشتغل بشئ آخر غیر العلم ولا یعرض عن الفقه قال محمد رحمه الله تعالیٰ ان صناعتنا هٰذه من المهد الی اللحد فمن اراد ان یترك علمنا هٰذا ساعةً فلیترکه الساعة۔

ترجمہ وتشریح اور (قاعدہ ہے کہ) ثواب بقدر تعب ومشقت ہی ہوتا ہے (پس جس کام کے سفر میں تعب ومشقت کی زیادتی ہوگی اس میں ثواب بھی زیادہ ہوگا۔ اس قاعدہ سے طلب علم میں جبکہ ثواب بہت زیادہ ہے تو اس کے سفر میں تعب ومشقت بھی بحید ہوگی) پس جو شخص ان مشقت اور تکلیفوں پر صبر وتحمل کریگا وہ علم میں ایسی لذت حاصل کریگا جو دنیا کی تمام لذتوں سے بڑھ جائیگی اسی وجہ سے امام محمد بن الحسن رحؒ کو (کسی مسئلہ میں اشکال پیدا ہونیکی وجہ سے) جبکہ راتوں بھر جاگتے تو ان کا اشکال حل ہوجاتا ہے (اس وقت آپ خوشی میں) فرماتے کہ شاہزادوں کو یہ لذات کہاں نصیب ہوسکتی ہیں؟ (کیونکہ یہ تو علمی لذت ہے۔ علماء ہی اس سے لطف اٹھاسکتے ہیں۔ جاہل لوگ کیسے اس سے لذت حاصل کرسکتے ہیں؟ اگرچہ وہ شاہزادہ ہی ہوں) اس واسطے طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ علم کے علاوہ اور کسی چیز کیساتھ مشغول نہوا ور چاہئے کہ فقہ حاصل کرنے سے کسی وقت اعراض نہ کرے۔ امام محمدؒ نے فرمایا ہمارا یہ کام (یعنی طلب علم) گہوارہ میں جھولنے کیوقت (یعنی بچپن) سے لیکر قبر میں پہنچنے تک ہے (حدیث شریف میں ہے۔ اطلبوا العلم من المهد الی اللحد یعنی علم کو بچپن سے موت تک حاصل کرتے رہو ۱۲ ش) پس جس نے ہمارے اس علم (یعنی فقہ) کو ایک ساعت چھوڑ دینے کا ارادہ کیا تو وہ ساعت ہی اس کو (یعنی اسکے ساتھ موافقت کرنے اور اس کے ساتھ چلنے کو) چھوڑ دے (یعنی اس کا مرجانا بہتر ہے۔ یہ امام محمدؒ کی اس کیلئے بددعا ہے۔ نعوذ باللہ تعالیٰ من ذٰلک ۱۲ ش)۔

تحقیق الالفاظ والاجر علیٰ قدر الخ فانّ سفر یکون التعب والنصب فیه اشد فثوابه یکون اکثر علیٰ ذلک ای التعب والنصب تفوق ای تعلو اذا سهر اللیالی بالنصب علیٰ انه مفعول سهر اذا سهر ولم ینم فی اللیالی انحل الخ جواب اذا این ابناء الملوک یعنی ان ابناء الملوک بمنزل بعید من هذه اللذات لانها لذات علمیة لا یعرفها الا اهلها ولو کان ابناء الملوک علمنا هٰذا ای علم الفقه واضافة هذا العلم الی نفسه لکثرة الاشتغال به کانه اختص به فلیترکه الساعة ای فلیترکه الزمان بان لا یجری علیه بموته وهذا دعاء علیه نعوذ باللہ تعالیٰ من ذٰلک۔

ودخل فقيه وهو ابراهيم بن الجرّاح على ابي يوسف يعوده في مرض موته وهو يجود بنفسه فقال ابو يوسف له رمي الجمار راكبا افضل ام راجلا فلم يعرف الجواب فاجاب بنفسه وهو ان الرمي ماشيا احب في الاولين وهكذا ينبغي للفقيه ان يشتغل به في جميع اوقاته فحينئذ يجد لذة عظيمة وقيل رؤي محمد في المنام بعد وفاته فقيل له كيف كنت في حال النزع فقال كنت متاملا في مسئلة من مسائل المكاتب فلم اشعر بخروج روحي

ترجمہ و تشریح | ایک فقیہ (یعنی) ابراہیم بن الجرّاح حضرت امام ابو یوسفؒ کے پاس ان کے مرض وفات میں جس وقت آپ اپنی جان نکلنے کیلئے تیار تھے یعنی جانکنی کے قریب وقت میں) ان کی بیمار پرسی کیلئے حاضر ہوئے جس وقت امام ابو یوسفؒ نے ان کو فرمایا کہ (حج کے وقت) رمی جمار سواری کی حالت میں افضل ہے یا پیدل؟ اس وقت ابراہیم بن الجرّاح کی سمجھ میں کوئی جواب نہ آیا (یا حالتِ نزع کا نازک وقت دیکھ کر انہوں نے جواب دینا مناسب نہ سمجھا۔ اس لئے چپ رہے) اس پر حضرت امام ابو یوسفؒ خود جواب دینے لگے کہ اوّل (یعنی مسجد خیف کے قریب) اور اس کے متصل دونوں مقام میں پیدل رمی جمار محبوب زیادہ ہے (نہ کہ ثالث یعنی جمرۂ عقبی میں ۱۲ ش)۔ اسی طرح فقیہ کو چاہئے کہ تمام اوقات فقہ کے ساتھ مشغولیت میں صرف کر دے۔ تب ہی بڑی لذت حاصل کر سکے گا۔ بعض لوگوں نے کہا کہ امام محمدؒ کو ان کی وفات کے بعد کسی نے خواب میں دیکھا تب اُن سے پوچھا گیا کہ آپ حالتِ نزع میں (جانکنی کے وقت) کس کیفیت میں تھے؟ اس وقت آپ نے فرمایا کہ میں جانکنی کے وقت مکاتب (غلام) کے متعلق ایک مسئلہ میں غور و تامل کر رہا تھا۔ پس مجھ کو میری رُوح نکلنے کا احساس ہی نہ ہوا۔

تحقیق الالفاظ | يعوده اي حال كونه عائدا وهو يجود من جاد بنفسه اذا قارب ان يقبض الروح اي والحال ان ابا يوسفؒ حينئذ يقرب ان يقبض روحه رمي الجمار مبتدا بحذف حرف الاستفهام بقرينة ام الواقعة بعده اي ارمي الجمار في مواقعها ايام الحج راكبا اي حال كونه راكبا افضل ام راجلا اي ماشيا فلم يعرف الجواب اي ابراهيم بن الجرّاح او لم يظن الجواب مناسبا حينئذ لنزاكة حال النزع في الاولين اعني مايلي لمسجد الخيف ثم مايليه لا في الثالث وهو العقبة فان الرمي فيها راكبا افضل ان يشتغل به اي بعلم الفقه في ذلك اي في اشتغاله بعلم الفقه كيف كنت بصيغة الخطاب في حال النزع اي في حال خروج الروح فلم اشعر الشعور ادنى العلم اي لم اعلم بالكلية بخروج روحي لفرط اشتغالي بها۔

وقیل انہ قال فی آخر عمرہ شغلتی مسائل المکاتب عن الاستعداد لهذا الیوم وانما قال ذلک تواضعاً۔

فصل ۸ فی وقت التحصیل

قیل وقت التعلم من المھد الی اللحد۔ دخل حسن بن زیاد فی التفقہ وھو ابن ثمانین سنۃ ولم یبت علی الفراش اربعین سنۃ فافتی بعد ذلک اربعین سنۃ۔

ترجمہ وتشریح کہا گیا ہے کہ آپ (امام محمدؒ) نے اپنی آخری عمر میں فرمایا تھا کہ مجھکو مسئلہ مکاتب نے ایسا مشغول کرکے دوسرے کاموں سے روکدیا کہ آج (یوم موت) کیلئے میں نے کچھ بھی تیاری نہ کرسکا۔ (مصنفؒ فرماتے ہیں) یہ انہوں نے تواضع اور انکسار نفسی کرکے فرمایا تھا (اور اللہ کی فضل ورحمت کی طرف کمال احتیاج ظاہر کرنے کیلئے یہ کہا تھا ورنہ ان کی تیاری سے بڑھ کر اور کیا تیاری ہوسکتی ہے؟ حالیکہ آپ امام امت اور فقیہ ملت تھے۔ ۱۲ ش)۔

فصل (۸) تحصیل علم کے وقت کے بیان میں۔ بعض لوگوں نے بیان کیا ہے کہ تحصیل علم کا وقت بچپن سے لیکر موت تک ہے۔ (یعنی کوئی وقت اس کے لئے خاص نہیں ہے بوجہ قول نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اطلبوا العلم من المھد الی اللحد ۱۲ ش)

حضرت حسن بن زیادؒ (جو حضرت امام اعظمؒ کے شاگردوں میں سے تھے) جس وقت ان کی عمر اسی سال کی تھی۔ اس وقت آپ فقہ حاصل کرنے کے لئے (مدرسہ میں) داخل ہوئے اور تو یہاں تک محنت کی کہ) چالیس سال تک بستر پر نہیں سوئے۔ اس کے بعد چالیس سال فتویٰ دیتے رہے (یعنی ان کی کل عمر ایکسو ساٹھ سال کی ہوئی اس سے معلوم ہوا کہ اگر عمر اسی سال تک بھی پہنچے تب بھی طلب علم ضروری ہے ۱۲ ش)۔

تحقیق الالفاظ وقیل انہ ای محمد بن الحسن شغلتی ای منعنی مسائل المکاتب ای الاشتغال بہا عن الاستعداد لهذا الیوم ای عن احضار العدۃ لیوم الموت وانما قال ذلک تواضعا وہضما واحضارا لکمال افتقارہ الی فضل اللہ ورحمتہ والا فای استعداد فوق استعدادہ وہو امام الامۃ وہمام الملۃ؟ فی وقت التحصیل ای فی بیان تحصیل العلم من المھد الی اللحد ای من وقت الصغر الی الموت لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم اطلبوا العلم من المھد الی اللحد حسن بن زیاد وہو تلمیذ ابی حنیفۃ رحمۃ اللہ علیہ فی التفقہ ای فی تحصیل علم الفقہ وہو ابن ثمانین سنۃ ای فی حال بلوغ عمرہ ثمانین سنۃ ولم یبت ای ولم ینم فافتی بعد ذلک اربعین سنۃ فصار کل عمرہ مائۃ وستین سنۃ فظہر من ہذا ان طلب العلم لازم وان کان عمرہ بلغ الی ثمانین سنۃ

وافضل الاوقات شرخ الشباب ووقت السحر وبين العشائين وينبغي ان يستغرق جميع اوقاته فاذا ملّ عن علم يشتغل بعلم آخر وكان ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما اذا ملّ من الکلام یقول هاتوا دیوان الشعراء وکان محمد بن الحسن لاینام اللیل وکان یضع عنده دفاتر وکان اذا ملّ من نوع ینظر فی نوع آخر وکان یضع عنده الماء و یزیل نومه بالماء وکان یقول النوم من الحرارة فلابد من دفعه بالماء البارد۔

ترجمہ وتشریح (لیکن) شروع جوانی کا زمانہ (طلب علم کے لئے) افضل زمانہ ہے۔ اور (افضل وقت) سحری اور مغرب وعشا کا درمیانی وقت ہے۔ اور مناسب ہے کہ طالب علم تمام اوقات طلب علم میں مشغول رہے پس اگر ایک قسم کا علم پڑھتے پڑھتے اُکتا جائے تو دوسرے علم کے ساتھ مشغول ہوجائے (کیونکہ ایک علم کی لذت دوسرے علم کی لذت سے جُدا گانہ ہے۔ تو اس سے ذائقہ بدلتا رہے گا اور ماندگی پیدا نہ ہوگی۔) اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب علم کلام سے اُکتا جاتے تو کہتے کہ شاعروں کا دیوان لاؤ (یعنی اُس کو دیکھتے) اور امام محمد بن الحسنؒ رات بھر نہیں سوتے تھے اور آپ کے پاس کتابوں کے متعدد دفتر موجود رہتے اور جب ایک قسم سے اکتا جاتے تو دوسری قسم کو دیکھ کر ملالت اور پریشانی دور فرماتے تھے اور آپ اپنے پاس پانی رکھ دیتے تھے۔ اور پانی سے نیند کو دور کر دیتے تھے اور آپ فرماتے تھے کہ نیند گرمی سے پیدا ہوتی ہے۔ پس اس کو ٹھنڈے پانی سے (منہ دھو کر مثلاً) دفع کر دینا ضروری ہے۔

تحقیق الالفاظ وافضل الاوقات ای اوقات الطلب شرخ الشباب ای اوله وبین العشائین ای المغرب والعشاء ولکن غلب العشاء علی المغرب یستغرق ای طالب العلم فاذا ملّ ای صار ملولاً وکسلانا یشتغل بعلم آخر فان لکل علم لذة تغایر لذة العلم الاخر هاتوا ای ائتوا ینظر فی نوع آخر لیزیل ملالته بالماء ای باستعمال الماء کالوضوء وغسل الوجه وغیره۔

فصل ۹ فی الشفقة والنصیحة

وینبغی ان یکون صاحب العلم مشفقا ناصحا غیر حاسد فالحسد یضر ولا ینفع وکان استاذنا شیخ الاسلام برهان الدین رحمة الله تعالیٰ علیه یقول قالوا ان ابن المعلم یکون عالما لان المعلم یرید ان یکون تلامیذه فی القران علماء فببرکة اعتقاده وشفقته یکون ابنه عالما وکان یحکی ان الصدر الاجل برهان الائمة جعل وقت السبق لابنیه الصدر الشهید حسام الدین والصدر السعید تاج الدین وقت الضحوة الکبریٰ بعد جمیع الاسباق فکانا یقولان ان طبیعتنا تکل وتمل فی ذلک الوقت

ترجمہ وتشریح فصل (۹) شفقت ونصیحت کے بیان میں۔ اور صاحب علم (یعنی عالم) کو شفقت کرنے والا۔ اور خیر خواہ ہونا چاہئے حسد کرنیوالا نہ بننا چاہئے۔ کیونکہ حسد صرف نقصان ہی کرتا ہے۔ اور نفع نہیں کرتا۔ ہمارے استاد شیخ الاسلام برہان الدین رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے کہ علماء نے بیان کیا ہے کہ بیشک معلّم کا بیٹا عالم ہوا کرتا ہے۔ اس وجہ سے کہ معلّم چاہتا ہے کہ اس کے سارے شاگرد قرآن کا عالم اور ماہر بنجائیں (اور اسی کیلئے شفقت کے ساتھ کوشش کرتے رہتے ہیں) پس اس اعتقاد کی برکت اور شفقت ہی کیوجہ سے اس کا بیٹا عالم ہوجاتا ہے۔ اور واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ صدر اجل برہان الائمہؒ اپنے دونوں بیٹے صدر شہید حسام الدین اور صدر سعید تاج الدین کیلئے سارے شاگردوں کے تمام اسباق ختم ہوجانے کے بعد دوپہر سے قبل سبق کا وقت مقرر کررکھے تھے تب وہ دونوں بیٹے کہا کرتے تھے کہ اس (دوپہر) کے وقت میں ہماری طبیعت سست اور پریشان ہوجاتی ہے۔ (یعنی ہم کو اس سے پہلے سبق پڑھاویں)۔

تحقیق الالفاظ مشفقا ای ذاشفقة ورحمة ناصحا ای مرید الخیر غیر حاسد ای غیر مرید لزوال نعمة الغیر قالوا ای العلماء وجملة قالوا مع قولها مقول القول لیقول فی القرآن متعلق بقوله علماء وشفقته لتلامیذه وکان یحکی بصیغة المبنی للمفعول وقت السبق ای وقت تعلم السبق الصدر الشهید بدل من ابنیه حسام الدین عطف بیان للصدر الشهید وقت الضحوة الکبریٰ مفعول ثان لجعل ای قبل استواء الشمس بساعة او ساعتین بعد جمیع الاسباق جمع سبق ای بعد جمیع اسباق المتعلمین وهو بدل من وقت الضحوة فکانا ای ابناه تکل بکسر الکاف وتشدید اللام من الکلال ای تنفر وتمل ای تصیر ذات ملال۔

فقال ابوهما ان الغرباء واولاد الکبراء یاتوننی من اقطار الارض
فلابد من ان اقدم اسباقهم فببرکة شفقته فاق ابناه علی اکثر
فقهاء اهل الارض فی ذلك العصر فی الفقه وینبغی ان لاینازع احدا
ولایخاصمه لانه یضیع اوقاته قیل المحسن سیجزیٰ بلحسانه
والمسئ سیکفیه مساویه انشدنی الشیخ الامام الاجل الزاهد
العارف رکن الدین محمد بن ابی بکر المعروف بامام خواهر زاده المفتی
رحمة الله علیه قال انشدنی سلطان الشریعة یوسف الهمدانی
هذا الشعر۔ دع المرء لاتجزه علی سوء فعله ❊ سیکفیه مافیه وماهو فاعله

ترجمہ وتشریح اس وقت آپ فرماتے تھے کہ غریب لوگ اور رؤسار کی اولاد بہت دور دور سے ہمارے پاس (پڑھنے کیلئے) آتے ہیں۔ پس اُن سب کو پہلے پڑھا دینا میرے لئے ضروری ہے (تاکہ وہ سبق لیکر سویرے چلے جایا کریں) پس اس شفقت کی برکت سے اُن کے دونوں بیٹے (عالم کامل ہوکر) اس زمانہ کے اکثر وبیشتر فقہار پر فقہ میں فوقیت لے گئے۔ اور طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ وہ کسی سے جھگڑا فساد نہ کریں کیونکہ وہ (جھگڑا فساد غیر مفید کام میں وقت صرف کرنیکی وجہ سے) اوقات کو ضائع کر دیتا ہے۔ کہا بعض لوگوں نے کہ مُحسِن (یعنی نیکی کرنے والا دنیا میں) اس کے احسان کے بدلہ کو پالیتا ہے (اور آخرت میں تو ثواب ہے ہی) اور بُرائی کرنے والے کو اس کی بُرائیاں ہی دنیا وآخرت میں نقصان کرنے اور وبال بننے کیلئے کافی ہیں (دوسرا کوئی اس کے نقصان کرنے یا بدلہ لینے کیلئے کیوں درپے ہو؟)۔ اور شیخ امام اجل زاہد عارف رکن الدین محمد بن ابوبکر (باقی برصفحہ ۱۳۱)

تحقیق الالفاظ من اقطار الارض ای من اطرافها جمع قطر بضم القاف وهو الطرف فاق ابناه ای صار عالمین غالبین علی اکثر فقهاء اهل الارض الکائنین فی ذلك العصر فی الفقه قوله فی الفقه متعلق بفاق لانه ای التنازع والتخاصم یضیع من التضییع اوقاته بان یصرفها الی امر غیر مفید سیجزیٰ علی صیغة المبنی للمفعول باحسانه ای سیعطی جزاء ه فی مقابلة احسانه فی الدنیا سیکفیه مساویه ای سیکفیه قبائحها التی عملها یعنی تستقر نفسه بضرر تلك القبائح التی قصد بها ضرر الغیر ویرجع وبالها الیه ورد فی الاخبار والحکایات مایدل علی صدق هذا الکلام انشدنی ای قرأ علی دع المرء ای اترکه لاتجزه من الجزاء ای لاتجازه علی سوء فعله وهذه الجملة استیناف کانه قیل مامعنی ترک الرجل فاجاب بانه لاتجزه علی سوء فعله بل خل سبیله سیکفیه مافیه من القبائح وماهو فاعله یعنی یکفیه فعل القبیح ویرجع وباله الیه۔

قیل ومن اراد ان یرغم انف عدوہ فلیکرر ھذا الشعر

وانشدت :۔ اذا شئت ان تلقی عدوک راغما ؎ وتقتلہ غما وتحرقہ ھما

فرم للعلی وازدد من العلم انہ ؎ من ازداد علما زاد حاسدہ غما

قیل علیک ان تشتغل بمصالح نفسک لا بقہر عدوک فاذا اقمت مصالح نفسک تضمن ذلک قہر عدوک۔

ترجمہ وتشریح (بقیہ صفحہ گذشتہ) معروف بامام خواہر زادہ مفتی عہ رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ کو یہ شعر سنایا۔ اور انہوں نے کہا کہ مجھ کو سلطان شریعت حضرت یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ شعر سنایا (جس کا ترجمہ یہ ہے) چھوڑ دے مرد کو بت بدلہ دے اس کو اس کے بُرے فعل بُر ے سو عہ فعلی کا تو بدلہ چھوڑ دے اُس مردے ؎ مل ہی جائیگی سزا اُس کو اُسی کے فعل سے۔

(متعلقہ صفحہ ھٰذا) بعض لوگوں نے کہا کہ اگر کوئی شخص اپنے دشمن کو مغلوب اور مقہور کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس شعر کو بار بار تکرار کے ساتھ پڑھا کرے۔ اور میں نے شعر سُنا ہے (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی جبکہ تو چاہے کہ تیرے دشمن کو ذلیل وحقیر پائے تو اور اس حالت میں اُس سے ملے تو اور پریشانی میں اُس کو ہلاک کر دے اور ہموم میں اُس کو جلا ڈالے پس تو بلندی کو طلب کر اور علم میں ازدیاد حاصل کر۔ کیونکہ جو شخص علم میں زیادتی حاصل کرے تب اُس کے حاسد غم وغصہ اور پریشانی میں بڑھ جاتا ہے۔ سے

اگر چاہو ملے دشمن کو ذلت ؎ ہموم وغم میں ہو جائے ہلاکت

بلندی کو طلب کر، علم سے بڑھ ؎ زیادہ عہ علم سے زائد حسودت

کسی نے کہا کہ تم اپنے نفس کی اصلاح کے امور میں مشغول ہونے کو اپنے اوپر لازم کر لو (باقی بر صفحہ ۱۳۲)

تحقیق الالفاظ من ازداد ان یرغم الخ وہذا کنایۃ عن قہر العدو وتحیرہ ہذا الشعر ای الشعر المذکور الآن وانشدت علی صیغۃ المجہول راغما حال کونک راغما محزا ایاہ غما ای لاجل الغم وتحرقہ من الاحراق ہما ای حزنا فرم رم امر حاضر من الردم والطلب ای فالطلب للعلی ای فی العلم وہذہ الجملۃ جواب اذا (باقی بر صفحہ آئندہ)

حل لغات بعض مبتدعین غالی ومعاندین اہل حق کہا کرتے ہیں کہ سلف میں مفتی کوئی نہ تھے۔ ان کی ترمیم وتردید کیلئے یہ لفظ مفتی نیز ازیں قبیل جو متعدد جگہ منقول ہوا ہے کافی ہے ۱۲ عہ یعنی برائی وشرارت ۱۲۔

سہ یعنی علم کی زیادتی سے تیرے حاسدین کو غم زائد ہوتے رہتے ہیں اور وہ تمہارے علم وبلندی کو دیکھ دیکھ کر جلتے رہتے ہیں۔ حسودت بمعنی تیرے حاسد ہلاکت بمعنی ہلاکی ۱۲ منہ

عہ ۱۲ منہ عنقریب کافی ہو جائے گا اس کو جس حال میں وہ ہے اللہ جو وہ کرنے والا ہے (اس کے بدلہ کیلئے)

وایاك والمعاداة فانها تفضحك وتضیّع اوقاتك وعلیك بالتحمل لاسیما من السفهاء قال عیسیٰ بن مریم علیه الصّلوٰة والسلام احتملوا من السفیه واحدة کی تربحوا عشرًا۔ شعر

ترجمہ وتشریح (متعلقہ صفحۂ گذشتہ) دشمن کو مغلوب اور مقہور کرنے کی طرف خود متوجہ نہ ہوں۔ کیونکہ جب تم نے اصلاح نفس کے امور کو حاصل کرلیا تو اسی سے تم دشمن کو مقہور اور مغلوب کرلو گے۔ (کیونکہ جب دشمن دیکھیگا کہ تمہاری اصلاح نفس کے سارے امور حاصل ہوگئے۔ [اور تمہارے دوسرے امور منتظم ہوگئے۔ اس وقت وہ پریشانی اور اضطراب میں مبتلا ہوگا۔ اور اسی سے وہ مغلوب ہوجائے گا) (متعلقۂ صفحۂ ھٰذا) خبردار! تم کسی سے کبھی خود دشمنی نہ کرنا۔ (اور بدلہ لینے کا ارادہ بھی نہ کرنا) کیونکہ یہ تمہاری فضیحت (یعنی بے عزتی وشرم کی) بات ہے۔ اور (عداوت اور اس کے اسباب میں مشغول ہونے کی وجہ سے تم عبادت سے محروم ہوجاؤ گے اور تمہاری) دل جمعی باقی نہ رہے گی۔ پس تم تحصیل علم پر قدرت نہ پاؤ گے۔ اور اسی وجہ سے) تمہارے اوقات ضائع اور برباد ہوجائیں گے۔ اور تم کو (ظلم وتکالیف پر) تحمل وبردباری اختیار کرنا چاہئے خصوصًا جاہلوں (کے ظلم وتکلیف) پر زیادہ بردبار ہونا چاہئے۔ حضرت عیسیٰ بن مریم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام نے فرمایا کہ تم جاہل بیوقوف کی ایک (اذیت) پر برداشت اور صبر کروگے تو دس گنا نفع (یا اذیتوں سے خلاصی) حاصل کروگے۔ شعر۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے)۔

تحقیق الالفاظ (متعلقۂ صفحۂ گذشتہ) انہ ای لانہ والضمیر للشان علمًا تمیز ای من جہۃ العلم علیک ای الزم فاذا اتممت ای ادیت وحصلت تغمن ذلک قہر عدوک لان العدو اذا رأی مصالحک حاصلۃ وامورک منتظمۃ اغتم واضطرب اشد اضطراب فکان ذلک قہرًا لہ (متعلقۂ صفحۂ ھٰذا) وایاک ای اتق والمعاداۃ ای العداوۃ بالغیر فانہا ای المعاداۃ وتضیع اوقاتک لانک اذا اشتغلت بالعداوۃ وباسبابہا تشغلک عن العبادۃ وتفرق فی خواطرک فلا تقدر علیٰ تحصیل العلم فتضیع اوقاتک وعلیک بالتحمل ای تحمل الجور والاذیٰ واحدۃ ای اذیۃ واحدۃ کی تربحوا عشرًا ای کی تخلصوا من عشرہا۔

بلوت الناس قرناً بعد قرن ۔۔۔ فلم ار غیر ختّال وقال
ولم ار فی الخطوب اشد وقعا ۔۔۔ واصعب من معاداۃ الرجال
وذقتُ مرارۃ الاشیاء طرًّا ۔۔۔ وما ذقت امرّ من السوال

وایاک وان تظن بالمؤمن سوء فانہ منشأ العداوۃ ولا یحل ذلک لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم ظنوا بالمؤمنین خیرا وانما ینشأ ذلک من خبث النیۃ وسوء السریرۃ کما قال ابو الطیب شعرًا۔

ترجمہ وتشریح لوگوں کو میں نے آزمایا ہے ہر زمانہ میں پس نہیں دیکھا میں نے سوائے فریبی اور عداوت رکھنے والے دشمنی کرنے والے کے کسی کو۔ اور نہیں دیکھا میں نے بڑے امور میں زیادہ تاثیر کرنیوالا اور زیادہ مشکل کوئی چیز باہم آدمیوں کی عداوت اور دشمنی سے بڑھ کر۔ اور چکھا میں نے تمام چیزوں کی کڑواہٹ اور تلخی کو۔ اور نہیں پایا میں نے لوگوں سے سوال کرنے اور بھیک مانگنے سے زیادہ تلخ اور کڑوا کسی چیز کو۔ شعر

زمانہ بھر ٹٹولا ہوں میں مردم ۔۔۔ فریبی اور عداوت کن ہیں مردم
نہیں دیکھا کسی میں بس زیادہ ۔۔۔ اشدّی از عداوتہائے مردم
عداوت سے اشد کوئی بمردم

بہت کچھ پا چکا ہوں میں تو تلخی ۔۔۔ کہ جبکہ چک چکا ہوں کھانا باہم
ولیکن تلخ تر کوئی نہ پایا ۔۔۔ زیادہ از سوالی کرنا باہم
سوالوں سے زیادہ کرنا باہم

(بقیہ بر صفحہ آئندہ)

تحقیق الالفاظ بلوت ای اختبرت قرنا بعد قرن ای زمانا بعد زمان فلم ار من الرؤیۃ غیر ختال وقال ای غیر غدار ومبغض ولم ار فی الخطوب جمع خطب بفتح الخاء وسکون الطاء وہو الامر العظیم ای ولم ار فی الامور العظام اشد وقعا ای شیئا اشد تاثیرا واصعب بالنصب عطفا علی اشد من معاداۃ الرجال ای من عداوۃ بعضہم لبعض وذقت علی صیغۃ المتکلم من الذوق طرا ای جمیعا وما ذقت ای شیئا امر من السوال ای لیس شئ اشد مرارۃ من السوال وعرض الاحتیاج فانہ ای ذلک الظن السوء منشأ العداوۃ ای محل نشئہا و حصولہا ولا یحل ذلک ای سوء الظن انما ینشأ ذلک ای سوء الظن السریرۃ ای السر وہو اسم لما یکتم

حل لغات: عہ دشمنی کرنے والا ۱۲ عہ یعنی باہم دشمنی کرنے سے زیادہ سخت اور کچھ نہیں نہیں دیکھا ۱۲ سہ زیادہ کڑوا ۱۲ للعہ یعنی باہم سوال کرنے اور بھیک مانگنے سے زیادہ اور کچھ کڑوا پن میں نہ پایا ۱۲ منہ

اذا ساء فعل المرء ساءت ظنونه	وصدق ما یعتاده من توهم
وعادیٰ محبیه بقول عداته	واصبح فی لیل من الشك مظلم

وانشدت لبعضهم :-

تنحَّ عن القبیح ولا ترده	ومن اولیته حسنا فزده
ستکفی من عدوك كل كید	اذا كاد العدو فلا تكده

ترجمہ وتشریح (متعلقہ صفحہ گذشتہ) خبردار! مؤمن کے ساتھ بدگمانی کرنے سے بچو۔ کیونکہ اس سے عداوت پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ بدگمانی جائز بھی نہیں ہے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ مؤمن کے ساتھ نیک گمان رکھا کرو۔ اور بدگمانی بدنیتی اور فاسد خیالی سے پیدا ہوتی ہے جیسا کہ ابوالطیب متنبی نے شعر میں کہا ہے (جس کا ترجمہ یہ ہے)۔ (متعلقہ صفحہ ھذا) یعنی جبکہ آدمی کا فعل بُرا ہو جاتا ہے تب اس کا گمان بھی بُرے ہو جاتے ہیں تب اس کے دل میں جو وہم اور خطرہ آتا رہتا ہے اس کو سچا گمان کر لیتا ہے اور دشمنوں کی باتوں سے اپنے دوستوں کے ساتھ دشمنی کرنے لگتا ہے اور شک اور وہم سے اندھیری رات میں پڑا رہتا ہے دوستوں کی دوستی پر شک وشبہ کی دلدل میں پھنسا رہتا ہے۔

عمل بد ہوں، خیالوں کو تو بد جان	کرے تصدیق بد وہمی کی وہ مان
عدوؔ کی بات سے بدظن ہوا دوست	اندھیرے میں شبہ کے وہ تو یہ مان

اور بعض کا شعر سنا میں نے (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی بُری بات سے (باقی برصفحہ آئندہ)

تحقیق الالفاظ اذا ساء الخ یعنی اذا قبح فعل الانسان قبحت ظنونه فینبغی حسن ظنه باصدقائه وصدق الخ ای صدق ما یعتاده ای یرد من توہم وخاطر یخطر علیٰ قلبه وعادی محبیه ای اظہر المعاداۃ علیٰ محبیه بقول عداته فی حق الاحبة قولاً فاسداً واصبح الخ ای صار فی حق الاحبا فی شک مظلم کاللیل یعنی یشک فی صداقة احبائه وکمال مودتہم لیقول العُداۃ بضم العین جمع العادی وہو العدو ای بقول الاعداء بناءً علیٰ ما قیل من لیسمع یخل تنحَّ ای کن فی ناحیة وطرفٍ ولا ترده بل اترکه بالکلیة اولیته ای اعطیته حسنا ای شیئاً حسناً من الانعام فزده ای ما اعطیته ستکفی بصیغة المخاطب المبنیة للمفعول ای سیکفیک اللہ تعالیٰ کل کید ای جمیع مکره وحیله فرجع الیه ضرره اذا کاد من الکید فلا تکده ای فلا تکده انت بل فوضه للہ تعالیٰ فیجازیه۔

حل لغات :- عدو یعنی دشمن کی بات پر وہ دوست سے بدگمان ہو جاتا ہے وہ دوستوں کی دوستی کے بارے میں ایسے شک وشبہ میں ہے جو رات کے مانند بالکل اندھیرا ہے ۱۲ منہ۔

وانشدت للشیخ العمید ابی الفتح البستی رحمہ اللہ تعالیٰ ؎

ذوالعقل لایسلم من جاھل ؏ یسومہ ظلما واعناتا
فلیختر السلم علیٰ حربہ ؏ ولیلزم الانصات ان صاتا

ترجمہ وتشریح (بقیہ صفحہ گذشتہ) تم ہٹ جاؤ اور اس کا ارادہ ہی نہ کرو بلکہ اس کو بالکل ترک کر دو۔ اور جس سے تم نے اچھا معاملہ کیا یا کچھ عطا کیا اس کو اور بھی بڑھا دو۔ اس سے تم تمھارے دشمن کے ہر مکر و فریب سے بچ جاؤ گے۔ اور جب دشمن تم سے فریب کا معاملہ کرے تب تم اس کو دھوکہ مت دو۔ ؎

بدوں عہ سے بچو تم، نہ جاؤ وہاں بس ؏ بڑھاتے رہو تم عطا پر عطا بس
بچو گے عدو کے فریبوں سے تم بس ؏ فریبی اگر کی تو دھوکہ نہ دو بس

(متعلقۂ صفحۂ ھٰذا)
اور شیخ عمید ابوالفتح بستی رحمہ اللہ تعالیٰ کا شعر سنا (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی عقلمند جاہل سے سلامت نہیں پا سکتا ہے۔ اس کو تکلیف دیتا رہتا ہے جاہل ظلم اور سرکشی کرکے۔ پس چاہیئے کہ اس کے لڑنے پر اس سے صلح و آشتی کو اختیار کرلے اور چاہیئے کہ سکوت کو لازم کرلے اگر وہ آواز کرے (جیسے کہا جاتا ہے ع جواب جاہلاں باشد خموشی۔ یعنی جاہلوں کی باتوں کا جواب خاموش رہنا ہے۔ کیونکہ دستور ہے لوگ جس سے جاہل ہوتا ہے اس کا دشمن ہوتا ہے)

بچے کیسے خرد مند ظالموں عہ سے ؟ ؏ جو ایذا دے اُسے کوئی جہل سے
کنارہ کش ہی ہو جائے وہ جنگ سے ؏ خموشی للعہ چاہیئے اُس کے سخن صہ سے

تحقیق الالفاظ لایسلم من جاہل ای لایخلص من کید جاہل ومکرہ للمعاداۃ الواقعۃ بینہما علی ما یبتلی عنہ المرء عدد لما جہل یسومہ ای یکلف علیہ العمل المشاق ظلما مفعول لہ ای لاجل الظلم واعناتا یقال اعنتہ ای اخرجہ واوقعہ فیما لا یستطیع الخروج منہ فلیختر السلم بکسر السین ای الصلح علیٰ حربہ ای فلیختر ذوالعقل الصلح علیٰ حرب الجاہل ولیلزم الانصات ای الاصغاء ویرید بہ السکوت ان صاتا ای ان احدث صوتا وصاح الالف للاشباع یعنی ان حمل وصاح الجاہل فلیلزم العاقل السکوت ولایقابلہ لان جواب الاحمق السکوت کما قیل ع جواب جاہلاں باشد خموشی۔ وفیہ من الجناس التام مالایخفیٰ

حل لغات:۔ عہ یعنی برائیوں سے بچتے رہو ان کے پاس مت جاؤ اور ان کو بالکل چھوڑ دو۔ اور بڑے لوگوں پر بار بار احسان اور بخشش کرتے رہو۔ اس سے وہ تمہارے مطیع اور فرمانبردار بنجائینگے۔ اور دشمن کے فریب کے بدلے میں تم فریب مت کرو اسی سے تم اس کے فریبوں سے بچ سکوگے ۱۲ عہ ظلم کرنے والے جاہل آدمیوں سے ۱۲ سہ لڑائی ۱۲ للعہ سکوت کرنا اور چپ رہنا ۱۲ صہ یعنی بکواس اور بیجا حملہ اور چیخ و پکار ۱۲ منہ ۱۲۔

فصل ⑩ فی الاستفادۃ

وینبغی ان یکون طالب العلم مستفیدا فی کل وقت حتی یحصل له الفضل۔ وطریق الاستفادۃ ان یکون معه فی کل وقت محبرۃ حتی یکتب ما یسمع من الفوائد العلمیة قیل من حفظ فر ومن کتب شیئا قر وقیل العلم ما یوخذ من افواہ الرجال لانهم یحفظون احسن ما یسمعون ویقولون احسن ما یحفظون وسمعت الشیخ الاستاذ زین الاسلام المعروف بالادیب المختار یقول قال هلال بن یسار رأیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول لاصحابه شیئا من العلم والحکمة

ترجمہ وتشریح فصل (۱۰) استفادۂ علمی کے بیان میں:۔ طالب علم کو چاہیے کہ ہر وقت علمی فوائد کو حاصل کرتا رہے۔ یہاں تک کہ (علم میں) فضل وکمال حاصل ہوجائے۔ **استفادہ کا طریقہ**:۔ اور استفادہ (یعنی علمی فائدے حاصل کرنے) کا طریقہ یہ ہے کہ ہر وقت دوات (یعنی سامان کتابت روشنائی دان نیز قلم وکاغذ وغیرہ) اپنے ساتھ رکھے تاکہ جو کچھ فوائد علمیہ سُن پائے اس کو فوراً لکھ لیا کرے۔ کسی نے (کیا ہی عمدہ) کہا کہ جس نے کچھ یاد اور ازبر کرلیا وہ حافظہ سے بھاگ گیا (یعنی بھول گیا) اور جو کچھ لکھ لیا وہ ثابت اور محفوظ رہا اور بعضوں نے کہا کامل اور عمدہ علم تو وہی ہے جو کامل ماہرین فن مردوں کی زبانوں سے حاصل کیا جائے۔ کیونکہ وہ حضرات جو کچھ سنتے ہیں اس میں سے عمدہ اور بہتر کو یاد کرلیتے ہیں۔ اور جو کچھ یاد کرتے ہیں اس میں سے عمدہ کو بیان کرتے ہیں۔ اور سنا میں نے شیخ ادیب استاذ زین الاسلام معروف بادیب مختارؒ سے آپ فرماتے ہیں۔ کہ ہلال بن یسارؓ نے فرمایا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ اپنے اصحاب رضی اللہ عنہم کو کچھ علم وحکمت کی باتیں بیان فرماتے تھے۔

تحقیق الالفاظ مستفیدا ای طالبا لفائدۃ العلم حتی یحصل له الفضل ای والکمال فی العلم ان یکون معه ای مع الطالب محبرۃ ای دعاء المداد من حفظ فر ای من حفظ شیئا فر ذلک الشیٔ من حفظه نحذف المفعول لظهوره قر ای استقر ذلک الشیٔ العلم ای العلم الکامل الحسن الرجال ای المهرۃ الکاملین یقول مفعول سمعت یقول لاصحابه شیئا الخ ای یبین لهم شیئا منها۔

فقلت یا رسول اللہ اعدلی ما قلت لھم فقال لی ھل معک محبرۃ؟
فقلت ما معی محبرۃ فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
یا ھلال لا تفارق المحبرۃ فان الخیر فیھا وفی اھلھا الی یوم القیامۃ
ووصی الصدر الشہید حسام الدین لابنہ شمس الدین
ان یحفظ کل یوم یسیرا من العلم والحکمۃ فانہ یسیر وعن
قریب یکون کثیرا۔ واشتری عصام بن یوسف قلما بدینار
لیکتب ما سمع فی الحال۔

ترجمہ وتشریح تو میں نے کہا اے رسول اللہ آپ نے اُن کو جو کچھ بیان فرمایا وہ مجھ کو دوبارہ بیان فرمائیے۔ پس آپ نے فرمایا کیا تمہارے پاس دوات (یعنی سامانِ کتابت روشنائی دان وقلم وکاغذ وغیرہ) ہے؟ میں نے کہا میرے ساتھ دوات (وغیرہ سامانِ کتابت) نہیں ہے۔ اس وقت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے ہلال! دوات (وغیرہ سامانِ کتابت) کو اپنے پاس سے کبھی جُدا نہ کرو۔ کیونکہ خیریت وبھلائی قیامت کے دن تک کے لئے اس میں اور اس کے اہل (اہلِ علم) میں (رکھی گئی) ہے۔ اور صدر شہید حسام الدینؒ نے اپنے بیٹے شمس الدین کو وصیت کی کہ وہ علم وحکمت کی باتوں سے روزانہ کچھ تھوڑی سی یاد کر لیا کریں۔ پس وہ اگرچہ تھوڑی ہی ہے لیکن عنقریب کچھ دنوں کے بعد بہت ہو جائیں گی۔ حضرت عصام بن یوسفؒ نے ایک قلم ایک دینار سے خرید کر لیا تھا۔ تاکہ جو کچھ سنے اس کو (سنتے ہی) فی الفور لکھ لیا کریں۔ (دینار سونے کے سکّہ کو کہتے ہیں۔ جیسے گنی۔ لیکن دینار ساڑھے چار ماشہ یعنی چھ آنے وزن کا ہوتا ہے۔ مطلب یہ کہ اگرچہ اُس وقت قلم معمولی قیمت پر فروخت ہوتا تھا۔ مگر کتابت کے کام کو زیادہ اہم اور ضروری جان کر انہوں نے ایک بیش قیمت قلم خرید کر لیا تھا۔ جیسا کہ ہمارے زمانہ میں اگرچہ قلم مفت میں بھی تیار ہو سکتا ہے مگر لوگ زیادہ قیمت دیکر فونٹین پین یعنی بھرا قلم خریدا کرتے ہیں۔ اور وہ بھی مختلف قیمت کا اور متعدد قسم کا ہوا کرتا ہے۔ بعضے تو ڈیڑھ دو روپیہ کا ہے اور بعضے سَو ڈیڑھ سَو روپیہ کا ہے۔ لیکن فونٹین پین منتہی اور درست خط والے کو مفید ہے۔ ابتدائی لکھنے والے کا اس سے خط درست نہیں ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے اس کے واسطے وہ بیکار ہے۔)

تحقیق الالفاظ اعد ای کرّر من الاعادۃ ما قلت بصیغۃ الخطاب ما معی محبرۃ ای لیس معی محبرۃ فانہ ای ذلک الشئ یسیر ای قلیل وعن قریب ای بعد قریب یکون کثیرا یعنی بکثرۃ مرور الایام یکون ما حفظہ کل یوم کثیرا۔ یقال فی الفارسیۃ۔ اندک اندک خیلے شود و قطرہ قطرہ سیلے گردد۔ بدینار ای بمقابلۃ دینار لیکتب ما سمع فی الحال ظرف لیکتب ای لیکتب ما سمع فی حال سماعہ۔

فالعمر قصیر والعلم کثیر فینبغی ان لا یضیع الاوقات والساعات ویغتنم اللیالی والخلوات۔ عن یحیی بن معاذ الرازی اللیل طویل ولا تقصرہ بمنامك والنهار مضئ فلا تکدرہ بآثامك۔ وینبغی ان یغتنم الشیوخ ویستفید منهم ولیس کل ما فات یدرك کما قال استاذنا شیخ الاسلام فی مشیختہ کم من شیخ کبیر فی العلم والفضل ادرکتہ وما استخبرتہ۔

ترجمہ وتشریح کیونکہ عمر بہت چھوٹی ہے اور علم بہت زیادہ۔ اس لئے اوقات اور ساعات کو ضائع نہ کرنا چاہئے (بلکہ حفظ وکتابت میں صرف کر دینا چاہئے) اور لیالی وخلوات یعنی راتوں اور تنہائی کے وقتوں کو غنیمت جان کر کچھ نہ کچھ حاصل کر لینا چاہئے۔ یحیٰ بن معاذ فرماتے ہیں کہ رات بہت لمبی ہے۔ اس کو نیند میں صرف کر کے نہ گھٹاؤ اور دن چمکدار اور روشن ہے۔ پس اُس کو تمہارے گناہوں کے ساتھ میلا اور گدلا نہ کر دو اور شیوخ واکابر کو غنیمت جانیں (یعنی ان کی صحبت سے فائدہ اُٹھاتے رہیں۔ کیونکہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے البرکۃ مع اکابرکم یعنی تمہارے اکابر اور شیوخ کی صحبت ومعیّت میں برکت ہے۔ کیونکہ انہوں نے ہر چیز کا بہت زیادہ تجربہ کر چکا ہے۔ پس وہ لوگ جانتے ہیں کہ کس قول اور کس فعل میں فائدہ اور نفع زیادہ ہے۔ ۱۲ش) اور ان شیوخ واکابر (کے قول اور فعل) سے فائدہ حاصل کرتے رہنا مناسب اور ضروری ہے۔ کیونکہ علم کی ہر فوت شدہ چیز حاصل نہیں ہوا کرتی ہے۔ جیسا کہ ہمارے استاذ شیخ الاسلام (برہان الدین صاحب ہدایہ) نے اپنی کتاب) "مشیخت" میں فرمایا کہ میں بہت سے صاحب علم وفضل (کاملین) کا زمانہ تو پایا مگر (افسوس کہ) ان سے کسی قسم کا خیر طلب نہ کر سکا۔

تحقیق الالفاظ فینبغی ان لا یضیع الخ ای بتعطیل تلک الاوقات وصرفها الی ما لا ینبغی والخلوات ای المقامات التی یخلو فیها المؤمن عن الموانع والاغیار ولا تقصرہ من التقصیر بمنامك یعنی بالصرف الی منامك مضئ ای ذو ضیاء فلا تکدرہ بآثامك ای لا تجعلہ ذا کدورۃ وظلمۃ بتلوثات آثامك ان یغتنم الشیوخ لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم البرکۃ مع اکابرکم ای البرکۃ مع صحبۃ اکابرکم واقدمکم زمانا لانهم جربوا الاشیاء کثیرا فیعلمون ان الفائدۃ فی ای فعل وفی ای قول ویستفید منهم ای ان یستفید منهم فی ای قول وفی ای فعل الفائدۃ منهم کل ما فات من العلوم یدرك علی صیغۃ المبنی للمفعول ای لا یقدر احد ان یصل فی مشیختہ اسم کتاب لصاحب الهدایۃ وما استخبرتہ ای ما طلبت منہ الخبر ۱۲

واقول على هذا الفوت منشا هذا البيت ـ شعر

لهفا على فوت التلاقى لهفا ؎ ما كل ما فات و يفنى يلفى

قال على رضى الله تعالى عنه اذا كنت فى امر فكن فيه وكفى بالاعراض عن علم الله تعالى خزيا وخسارا واستعذ بالله منه ليلا ونهارا ـ ولا بد لطالب العلم من تحمل المشقة والمذلة فى طلب العلم

ترجمہ وتشریح اور (استفادہ کے) اس فوت پر یہ شعر پڑھتا ہوں ۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی افسوس ہے کہ میں نے بہت فضلاء سے ملاقات کرنے کے باوجود ان سے استفادے کو فوت کردیا ہے ہر وہ شئی جو فوت ہوجائے اور فنا ہوجائے نہیں پایا جاسکتا ہے

(شعر) حیف ہے جو استفادہ فوت ہو ؎ ہر وہ شئی کب مل سکے جو فوت ہو؟

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ جب تم کسی امر کو حاصل کرنے کی فکر میں ہو تو اس میں ہمیشگی کرتے رہو۔ اور رسوائی اور خسارت (دنیا وآخرت) کیلئے بس یہی کافی ہے کہ علم خداوند تعالیٰ سے (یعنی انکے حسب مرضی اور حسب حکم علم سیکھنے سے) اعراض کرتا رہے۔ دن ورات اس قسم کے اعراض سے خداوند تعالیٰ کی پناہ مانگتے رہو۔ طالب علم کو تحصیل علم میں مشقت اور ذلت کو برداشت کرتے رہنا ضروری ہے۔

تحقیق الالفاظ لہفا کلمۃ لہفا کلمۃ تحسر یتحسر بہا علی شئی فائت وہو منادیٰ والفہا منقلبۃ عن یاء المتکلم والمعنی یا حسرتا ویا ندامتا علی فوت التلاقی مع اکابر العلماء واعاظم الفضلاء احضری فہذا اوانک ولہفا الثانی تاکید للاول ما کل ما فات ما الاولیٰ نافیۃ والثانیۃ موصولۃ یلفی علی صیغۃ المبنی للمفعول ای یوجد والمعنی لا یوجد کل ما فات ویفنی ولا یمکن تحصیلہ فہذا تحسر وتاسف محض والتاسف لا ینفع بعد مضی الحال ہکذا فی الشرح اذا کنت فی امر ای اذا کنت فی تحصیل شئی من الاشیاء فکن فیہ ای فتفرغ لہ واجتہد فی تحصیلہ وداوم فیہ ولا تہملہ وکفی بالاعراض الباء مزیدۃ کما فی قولہ تعالیٰ وکفی باللہ شہیدا ای کفی الاعراض خزیا وخسارا نصب علی التمییز ای الاعراض عن علم اللہ تعالیٰ خزی ونظاعۃ وخسارۃ فی الدنیا والآخرۃ یجب ان یحترز عنہا منہ ای من الاعراض عن علم اللہ تعالیٰ وفواتہ لیلا ونہارا نصب علی الظرفیۃ ای فی اللیل والنہار المشقۃ والمذلۃ الکائنتین فی طلب العلم ـ ۱۲

والتملق مذموم الا فی طلب العلم لانہ لابد لہ من التملق للاستاذ والشرکاء وغیرھم للاستفادۃ منھم قیل العلم عز لا ذُلَّ فیہ لایدرك الا بذل لا عز فیہ وقال القائل :-

اری لك نفسا تشتھی ان تعزھا ؛ فلست تنال العز حتی تذلھا

فصل (١١) فی الورع فی حال التعلم

روی بعضھم حدیثا فی الباب عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم انہ قال من لم یتورع فی تعلمہ ابتلاہ اللّٰہ تعالیٰ باحد ثلثۃ اشیاء

ترجمہ وتشریح اور تملّق اور چاپلوسی بُری صفت ہے مگر طلب علم میں مذموم نہیں ہے۔ کیونکہ استاد اور ہمسبقوں وغیرہم سے استفادہ کرنیکیلئے تملّق اور خوشامدی بہت ضروری ہے۔ کہا بعضوں نے کہکہ علم عزت ہی عزت ہے اس میں کسی قسم کی ذلّت نہیں ہے۔ مگر وہ علم حاصل ہوتا ہے ایسی ذلّت سے کہ جس میں عزت بالکل نہیں ہے کسی شخص نے کہا ہے۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی دیکھتا ہوں میں تجھکو کہ تو اپنے نفس کی عزت حاصل کرنے کی خواہش کرتا ہے۔ پس تو عزت کو نہیں پاسکتا ہے جب تک خوشامد اور چاپلوسی کے ساتھ اس کو ذلیل نہ کردے تو (یعنی بہت خوشامد اور چاپلوسی کے ساتھ کام کرکے ایک دن تو عزت کو حاصل کرسکتا ہے)۔ شعر

خواہش کرے عزت کی جو ؛ لیکن وجود اپنے کو تو
جب تک تہیّس کردے نہ تو ؛ پاوے نہیں عزت کو تو

فصل (١١) طالبعلمی کے زمانہ میں پرہیزگاری کے بیان میں۔ اس بارے میں بعض علماء نے حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک حدیث روایت کی کہ آپ فرماتے ہیں جو شخص تحصیل علم کے زمانہ میں پرہیزگاری اختیار نہ کریگا اللہ تعالیٰ اس کو تین چیزوں میں سے کسی ایک کے ساتھ (ضرور) مبتلا کردینگے۔

تحقیق الالفاظ مذموم فی شئی من الاشیاء الا فی طلب العلم فالاستثناء مفرغ لانہ لابد لہ ای لطالب العلم وغیرہم ای من الفضلاء والعلماء للاستفادۃ منھم قیل فی تائید ہذا المعنی عز ای عزۃ لا ذل بضم الذال ای لا مذلۃ ولاحقارۃ فیہ لایدرک ای لایتوصل الیہ الا بذل لا عز فیہ المراد بہذا التملق الطالبین للاستاذ والشرکاء وغیرہم عرض الاحتیاج الیہم فی التعلم وہذا ذُلٌّ یؤدّی الی عز ابدی وفی ہذا القول من العکس المستوی مالا یخفی وقال القائل ولعلہ لم یذکر اسم الشاعر لعدم علمہ بہ تشتہی ای تطلب بلذۃ ان تعزہا ای ان تجعلہا عزیزۃ فلست بصیغۃ الخطاب حتی تذلہا انت بذل التملق فی الورع ای التحرز عن الحرام فی ہذا الباب ای باب الورع۔

اما ان یمیتہ فی شبابہ او یوقعہ فی الرساتیق او یبتلیہ بخدمۃ السلطان فمہما کان طالب العلم اورع کان علمہ انفع والتعلم لہ ایسر وفوائدہ اکثر ومن الورع ان یتحرز عن الشبع وکثرۃ النوم وکثرۃ الکلام فیما لاینفع وان یحترز عن اکل طعام السوق ان امکن لان طعام السوق اقرب الی النجاسۃ والخباثۃ وابعد عن ذکر اللہ تعالیٰ واقرب الی الغفلۃ:۔

ترجمہ وتشریح (۱) جوانی کی حالت میں اُس کو موت دیگے (یعنی علم ازلی میں مقدر ہوگا کہ اگر یہ شخص زمانۂ تعلیم میں پرہیز گاری اختیار نہ کریگا تو جوانی میں مرجائیگا۔ اور یہ قضاء معلق ہے)۔ (۲) یا اس کو دیہات میں (جاہلوں کے ساتھ بسر اوقات کرنے کے لئے) ڈالدینگے۔ (۳) یا اس کو خدمتِ سلطان کے ساتھ مبتلا کر دینگے (پس سمجھ لینا چاہئے کہ بادشاہ کی خدمت و ملازمت اور شاہی نوکری کتنی ذلت کی بات ہے؟ جس کو لوگ فخر اور بڑائی کی بات سمجھتے ہیں۔ نعوذ باللہ من ذلک ۱۲۔ پس جو کچھ علم حاصل کیا اس کو ضائع اور برباد کر دیگا۔ حاشیہ میں ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے۔ واللہ اعلم بالصواب) لاجرم طالب علم جتنا زیادہ پرہیز گار ہوگا اتنا زیادہ اس کا علم نفع کرنے والا ہوگا۔ اور اس کے طلب علم کا کام زیادہ آسان ہوجائیگا اور فوائدِ علم اُس کو بہت زیادہ ملتے رہیں گے۔

پرہیز گاری کے اصول وطریقے:۔ اور کامل پرہیز گاری کی بات یہ ہے کہ (۱) زیادہ آسودہ ہوکر نہ کھائے۔ (۲) بہت زیادہ نہ سوئے۔ (۳) بے فائدہ زیادہ بات چیت نہ کرے۔ (۴) اور جہاں تک ممکن ہوسکے بازار کا کھانا (یا بازار میں بیٹھکر) کھانے سے پرہیز کرے۔ کیونکہ بازار کا کھانا (اکثر دُکانداروں کی بے پروائی سے پاک اور صاف نہیں ہوتاہے اس لئے) ناپاکی اور خباثت کے زیادہ قریب اور ذکر اللہ سے زیادہ دور کرنیوالا اور غفلت اور بے پروائی کی طرف زیادہ قریب کرنیوالا ہے۔ (کیونکہ غفلت یعنی بازاری لوگوں کی جگہ میں واقع ہوتاہے)۔

تحقیق الالفاظ ان یمیتہ فی شبابہ بان قدر فی العلم الازلی ان ذلک الرجل ان لم یتورع فی تعلمہ یموت فی زمان شبابہ وہذا قضاء معلق او یوقعہ بالنصب معطوف علیٰ ان یمیتہ فی الرساتیق ای فی القری بین قوم جاہلین جمع الرستاق او یبتلیہ بخدمۃ السلطان فیضیع ما حصل من العلوم فی الحاشیۃ الظاہر ان ہذا الحدیث موضوع۔ واللہ اعلم بالصواب والتعلم لہ ای لمثل ہذا الطالب اکثر ببرکۃ الورع عن الشبع بکسر الشین وفتح الباء ضد الجوع فیما لاینفع ای کثرۃ البحث فیما لاینفع من العلوم لانہا لغو محض وتضییع عمر ان امکن ای الاحتراز عنہ اقرب الی النجاسۃ والخباثۃ لعدم مبالاۃ اہلہا من وقوع النجاسۃ فیہ ومن الشرارۃ والخباثۃ اقرب الی الغفلۃ لوقوعہ فی مقام اہل الغفلۃ۔

ولان ابصار الفقراء تقع علیہ ولا یقدرون علی الشراء منہ فیتأذون بذالک فتذھب برکتہ وحکی ان الامام الشیخ الجلیل محمد بن الفضل کان فی حال تعلمہ لا یأکل من طعام السوق وکان ابوہ یسکن فی الرستاق ویھیئ طعامہ ویدخل الیہ یوم الجمعۃ فرای فی بیت ابنہ خبز السوق یوما فلم یکلمہ ساخطا علیہ فاعتذر ابنہ فقال ما اشتریتہ انا ولم ارض بہ ولکن احضرہ شریکی فقال ابوہ لو کنت تحتاط وتتورع لم یجتری شریکک بذلک وھکذا کانوا یتورعون فلذلک وُفقوا العلم والنشر حتی بقی اسمھم الی یوم القیامۃ۔

ترجمہ وتشریح اور چونکہ اُس کھانے پر فقیر محتاجوں کی نظر پڑتی ہے اور وہ لوگ (اس کے دیکھنے کے بعد) خریدنے کی طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے دل میں تکلیف اٹھاتے ہیں اس وجہ سے اُس کھانے کی برکت ختم ہو جاتی ہے (جو زیادتیٔ علم کا باعث تھا) بیان کیا گیا ہے کہ شیخ جلیل محمد بن فضلؒ اُن کی تحصیل علمی کے زمانہ میں بازار کا کھانا نہیں کھاتے تھے۔ اور ان کا والد محترم گاؤں میں رہتے تھے۔ اور اُن کی خوراک کا انتظام کر دیتے تھے۔ اور جمعہ کے دن (ان سے ملنے) ان کے پاس آتے تھے پس ایک دن (جو ان کے پاس تشریف لائے تو) ان کے بیٹے کے حجرہ میں بازار کی روٹی دیکھ پایا تو ان سے غصہ کر کے بات کرنی چھوڑ دی۔ اس وقت ان کے بیٹے (شیخ محمد بن فضلؒ) نے عذر خواہی کی کہ یہ روٹی نہ میں نے خریدی اور نہ میں اس سے راضی ہوا۔ لیکن اس کو میرے ہم سبق نے لائی۔ تب ان کے والد نے کہا کہ اگر تم احتیاط برتتے اور پرہیز گاری اختیار کرتے تو تمہارا ہم سبق اس قسم کے فعل پر کبھی جرأت نہ کر سکتا۔ علماء سلفؒ اس قسم کی پرہیز گاری اختیار فرماتے تھے۔ اسی وجہ سے ان حضرات کو علم اور نشر و اشاعت علم کی اتنی توفیق اور مدد شامل حال رہی کہ ان کا نام قیامت تک (ذکر جمیل اور ثناء جزیل کے ساتھ صفحۂ دنیا پر) باقی و جاری رہیگا۔

تحقیق الالفاظ تقع علیہ ای علی ذلک الطعام بذلک ای بوقوع نظرھم علیہ مع عدم القدرۃ علی اشترائہ فتذھب برکتہ فلا ینفع من اکلہ کل النفع ولا یحصل لہ النور بذلک الطعام فلا یستمد بہ علی تحصیل العلم لا یأکل ای کان ھو غیر آکل فی محل النصب علی انہ خبر کان الرستاق ای القریۃ فرای ای فدخل فرای ساخطا علیہ ای غاضبا علی ابنہ فاعتذر ابنہ ای بیّن العذر ولم ارض بہ ای بشراء ذلک الخبز من السوق وتتورع ای عن مثلہ لم یجتری ای لم یقدر بذلک ای باحضار طعام السوق عندک وھکذا ای بمثل ذلک التورع کانوا ای العلماء الماضون وفقوا علی صیغۃ المبنی للمفعول ای جعلوا موفقین والنشر ای نشر العلم الی طالبیہ حتی بقی اسمھم ای بالذکر الجمیل والثناء الجزیل۔

ووصی فقیہ من زھاد الفقہاء طالب العلم علیك ان تتحرز عن الغیبۃ وعن مجالسۃ المکثار وقال ان من یکثر الکلام یسرق عمرك ویضیع اوقاتك. ومن الورع ان یتجنب من اهل الفساد والمعاصی والتعطیل فان المجاورۃ موثرۃ لامحالۃ وان یجلس مستقبل القبلۃ ویکون مستنا بسنۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویغتنم دعوۃ اهل الخیر ویتحرز عن دعوۃ المظلومین

ترجمہ وتشریح (پرہیزگاری کا طریقہ یہ بھی ہے کہ (۵) غیبت نہ کرے۔(۶) اور زیادہ بات کرنے والے کے پاس نہ جائے۔ جیسا کہ) زاہد فقیہوں میں سے ایک نے ایک طالب علم کو یہ وصیت کی کہ اپنے اوپر غیبت کرنے اور بہت زیادہ بات کرنے والے کے پاس بیٹھنے سے بالکل پرہیز کرنیکو لازم کرلے۔ اور کہا کہ جو زیادہ بات کرتا ہے وہ تمہاری عمر کو چوری کرتا ہے اور تمہارے اوقات کو ضائع کرتا ہے (یعنی بے فائدہ کام میں مشغول کرکے بیخبری میں تمہاری اوقات کو ضائع کرتا ہے جو تمہاری عمر کی چوری ہے) اور پرہیزگاری کی بات یہ بھی ہے کہ (۷) اہل فساد اور گنہگار اور بیکار لوگوں سے بہت زیادہ بچتا رہے کیونکہ صحبت اور ہمنشینی ضرور اثر کرنیوالی ہے۔(۸) اور (طلب علم وغیرہ میں) قبلہ رُخ ہوکر بیٹھے۔(۹) اور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کی پیروی کرتا رہے اہل خیر (یعنی علماء وصلحاء) کی دعاء خیر کو غنیمت جانے۔(۱۱) اور مظلوموں کی بد دعاء سے پرہیز کرتا رہے (کیونکہ ان کی بد دعا کا مستجاب ہونا حدیث صحیح سے ثابت ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے ؎

؎ بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن ؛ اجابت از درِ حق بہر استقبال می آید

(جس کا ترجمہ یہ ہے)

؎ ڈرو ہر آہِ مظلوماں سے وہ وقت دعا کرنے ؛ اجابت آہی جاتی ہے درِ حق سے دعا لینے

تحقیق الالفاظ طالب العلم منصوب علیٰ انہ مفعول وصی علیک ان تتحرز ای الزم علیک التحرز المکثار ای کثیر الکلام قال ای ذلک الفقیہ من یکثر من الاکثار یسرق من باب یضرب ویضیع اوقاتک لانہ لیس فی اکثار الکلام کثیر نفع فیا ستماعہ ینقص العمر وتضیع الاوقات ان یجتنب ای طالب العلم من اهل الفساد والمعاصی والتعطیل ای المفسدین العاصیین الباطلین المضیعین اعمارہم فیما لا یہم فان المجاورۃ ای المقارنۃ لامحالۃ والمحالۃ مصدر التحول ای لاتحول ولا انقلاب بل التاثیر بسبب المجاورۃ ثابت بلاشک فلا بد من التحرز عن امثالہم تحرزا عن التخلق باخلاقہم مستنا ای آخذا دعاء اہل الخیر من العلماء والصالحین ویتحرز عن دعوۃ المظلومین لان دعوہم مستجابۃ بالحدیث الصحیح۔

وحكى ان رجلين خرجا فى طلب العلم للغربة وكانا شريكين فى العلم فرجعا بعد سنين الى بلدهما وقد فقه احدهما ولم يفقه الآخر فتأمل فقهاء البلدة وسألوا عن حالهما وتكرارهما وجلوسهما فاخبروا ان جلوس الذى تفقه فى حال التكرار كان مستقبل القبلة والمصر الذى حصل العلم فيه والآخر كان مستدبر القبلة ووجهه الى غير المصر فاتفق العلماء والفقهاء ان الفقيه فقه ببركة استقبال القبلة اذ هو السنة فى الجلوس الا عند الضرورة وببركة دعاء المسلمين فان المصر لا يخلو عن العُبّاد واهل الخير فالظاهر ان عابداً من العباد دعا له فى الليل

ترجمہ وتشریح اور حکایت بیان کی گئی ہے کہ دو شخص طلب علم کیلئے مغرب کی طرف سفر میں نکلے۔ دونوں ہم سبق تھے۔ چند سال کے بعد دونوں اپنے شہر میں واپس آئے۔ ایک تو فقیہ بنکر دوسرا فقیہ نہو سکا۔ اس پر فقہاء شہر نے غور وفکر کیا اور ان دونوں کے احوال تکرار اور جلوس کے متعلق دریافت کیا تو (ان کے ساتھ رہنے والوں کی طرف سے) بتادیا گیا کہ فقیہ شخص کا جلوس تکرار کی حالت میں قبلہ رُخ اور اُس شہر کی طرف منھ کرکے ہوتا تھا جس شہر میں وہ دونوں علم حاصل کرتا تھا۔ اور دوسرا شخص قبلہ کو پیٹھ دیکر شہر کے مخالف رُخ کی طرف منھ کرکے بیٹھتا تھا۔ پس علماء وفقہاء اس بات پر متفق ہوگئے کہ وہ فقیہ (۱) استقبال قبلہ کی برکت سے فقیہ ہوا ہے۔ کیونکہ (تمام احوال واعمال خیر میں باستثناء پائخانہ، پیشاب واستنجاء اور جماع وغیرہ کے) قبلہ رُخ ہوکر بیٹھنا ہی سنت ہے۔ مگر بضرورت (غیر قبلہ کی طرف ہوکر بیٹھنے میں حرج نہیں ہے) (۲) اور مسلمانوں کی دُعا کی برکت سے (فقیہ ہوا ہے) کیونکہ شہر عابدوں اور اہل علم سے خالی نہیں رہتا ہے۔ پس ظاہر بات یہ ہے کہ عابدوں میں سے کوئی عابد رات کے وقت دُعا کردی تھی۔ (جس کی برکت سے یہ فقیہ ہوا ہے۔ اور رات کے وقت دُعا زیادہ مقبول ہونے کی اُمید ہے)۔

تحقیق الالفاظ للغربة قال فى الشرح اى الديار الغربية فرجعا اى الى بلدهم وقد فقه الخ اى والحال انه صار احدهما فقيها فاخبروا اى اخبر الرجال الذين يقارنونهم فى زمان تحصيلهم فى حال التكرار كان اى وجد وثبت حال كونه مستقبل القبلة والآخر اى جلوس الآخر ووجهه الخ جملة اسمية فى موقع الحال ان الفقيه المعهود فقه من باب حسن اى صار فقيها فى الجلوس اى فى جميع الاحوال لاسيما اعمال الخير الا عند الضرورة المستدعية للجلوس الى غير القبلة العُبّاد جمع عابد دعا له فى الليل وتقييد الدعاء بالليل لكونه من مظان الاجابة غالباً۔

فینبغی لطالب العلم ان لا یتھاون بالآداب والسنن فان من تھاون بالآداب حرم السنن ومن تھاون بالسنن* بالفرائض حرم الاٰخرۃ وبعضھم قال ھٰذا حدیث عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ وینبغی ان یکثر الصلوٰۃ ویصلی صلوٰۃ الخاشعین فان ذٰلک عون لہ علی التحصیل والتعلم۔ وانشدت للشیخ الجلیل الزاھد الحجاج نجم الدین عمر بن محمد النسفی۔ شعر۔

کن للاوامر والنواھی حافظا ؎ وعلی الصلوٰۃ مواظبا ومحافظا۔

*حرم الفرائض ومن تھاون -

ترجمہ وتشریح پس طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ آداب وسنن کو ادا کرنے میں غفلت اور سستی نہ کرے۔ کیونکہ جس نے آداب ادا کرنے میں سستی کی (اس کی نحوست سے) وہ سنتوں سے بھی محروم ہو جائے گا۔ اور جس نے سنتوں کے ادا کرنے میں غفلت برتی تو وہ (اس کی شامت سے) فرضوں سے بھی محروم ہو جائے گا۔ اور جس نے فرضوں کے ادا کرنے میں سستی کی اور جان چرائی تو وہ ثواب اور نجات آخرت سے بھی محروم ہو جائے گا۔ (اس سے بڑھکر اور کیا خسارت دنیا وآخرت کی ہوگی؟ ذٰلک ھو الخسران المبین) بعض علماء نے بیان کیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حدیث ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب) اور چاہئے کہ (نوافل وتطوعات کی) نماز بکثرت (خالی اوقات میں) پڑھا کرے۔ (۱۳) اور نماز نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرے کیونکہ اس سے تحصیل علم میں بہت مدد ملتی ہے۔ اس بارے میں شیخ جلیل زاہد الحاج نجم الدین عمر بن محمد النسفیؒ کے یہ اشعار میں نے سنا (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی تو اوامر ونواہی خداوندی کا حافظ اور پابندی کرنے والا ہو جا۔ اور نماز پر مداومت اور پابندی کرنے والا ہو جا۔ شعر

اوامر، نواہی کا ہو جا تو حافظ[۱] ؎ نمازوں پہ[۲] دائم وہو جا محافظ[۳]

تحقیق الالفاظ ان لا یتھاون ای ان لا یتکاسل حرم ای لشامۃ السنن ای من السنن جمع سنۃ حرم الفرائض ای حرم من اداء الفرائض حرم الاٰخرۃ ای من ثواب الاٰخرۃ الموعود لاھل الفرائض ومن نجاۃ فی الاٰخرۃ۔ ان یکثر من الاکثار الصلوٰۃ ای النوافل والتطوعات فان ذٰلک ای اداء الصلوٰۃ علی وجہ الخشوع عون لہ ای لطالب العلم وانشدت علی صیغۃ المبنی للمفعول عمر النسفی شاعر کن للاوامر والنواھی حافظا ومعنی حفظھا۔ الامتثال بالاوامر والاجتناب عن النواھی وکانہ بالامتثال والاجتناب حفظھا عن ان لا یطاع بھا (باقی برصفحۂ آئندہ)

حل لغات:۔ [۱] حفاظت اور رعایت کرنیوالا [۲] ہمیشگی کرنے والا ۱۲ [۳] محافظت اور دوقت کی پابندی کرنے والا ۱۲

واطلب علوم الشرع واجہد واستعن ؏ بالطیبات تصر فقیہا حافظا
واسأل الٰہک حفظ حفظک راغبا ؏ فی فضلہ فاللہ خیر حافظا
(وقال) اطیعوا وجدوا ولا تکسلوا ؏ وانتم الیٰ ربکم ترجعون
ولا تہجعوا اخیار الوریٰ ؏ قلیلا من اللیل ما یہجعون

ترجمہ وتشریح اور علوم شرع کو طلب کر اور کوشش کر اور مدد طلب کر اعمالِ صالحہ اور اخلاقِ مرضیہ کے ساتھ ہوجائیگا تو فقیہ اور علوم کا حافظ اور تیرے معبود سے تیری قوتِ حافظہ کی حفاظت کی درخواست کر اُن کی مہربانی اور فضل میں رغبت کرتا ہوا۔ پس اللہ تعالیٰ بہتر حفاظت کرنے والے ہیں ؎

شریعت کے علموں کو کر تو طلب بس ؏ سعی کر، مدد لے عمل سے اے حافظ
جو پاکیزہ اعمال ہیں اُن کو کر تو ؏ بنے گا تو اس سے فقیہ اور حافظ
خدا کے منن سے تو لے حفظ کو بس ؏ بہ رغبت کہ اللہ ہوئے خیر حافظ

اور یہ اشعار بھی ان کے کہے ہوئے ہیں (جس کا ترجمہ یہ ہے) اور اللہ پاک کے حکم کی اطاعت اور فرمانبرداری اور کوشش کرو اور سستی مت کرو۔ حالانکہ تم تمہارے پروردگار کی طرف پھر کر جانیوالے ہو۔ اور مت سوتے رہو (رات کو) کیونکہ بہتر مخلوق تو رات کو بہت کم سوتے ہیں۔ **شعر**

اطاعت وکوشش کرو تم نہ سستی ؏ چلوگے خدا کی طرف تم بجستی
سوؤ نہ زیادہ۔ خیارُ الوریٰ تو ؏ بہت کم ہیں سوتے کہ راتوں کو بستی

تحقیق الالفاظ (بقیہ صفحۂ گذشتہ) ویجوز ان یکون بمعنے المامورات والمنہیات والمعنی حافظا لہا ای الرعایۃ بحقوقہا وادائہا کما ہما مواظبا ومحافظا ای کن علی الصلوٰۃ مداوما محافظا وہی وان کانت داخلۃ تحت الاوامر انہا افردت بالذکر تعظیما لشانہا وایذانا بانہا ام العبادات ومستتبعۃ لسائر الطاعات والاجتناب عن الفواحش والمنکرات لشہادۃ القرآن وہو قولہ تعالیٰ "اِنَّ الصَّلوٰۃَ تَنْہٰی عَنِ الفحشاء والمنکر (متعلقہ صفحہ ہٰذا) واستعن ای اطلب المعونۃ بالطیبات ای بالاعمال الصالحات والاخلاق المرضیۃ تصر مجزوم علیٰ انہ جواب الامر الٰہک ای من الٰہک حفظ حفظک ای اسأل من اللہ حفظ الحفظ الذی اعطاک ایاہ بان یحفظ القوۃ الحافظۃ عن الآفات المخلۃ لہا راغباً ای مظہر الرغبۃ وقال ای عمر النسفی اطیعوا ای اللہ ورسولہ وجدوا بکسر الجیم ای اجتہدوا ولا تکسلوا ای فی الطاعات وانتم الخ ای والحال انکم الیٰ حکم ربکم ترجعون فترون ما اُعِدّ للمطیعین من الدرجات وللعاصین من الدرکات ولا تہجعوا من الہجوع وہو النوم ای لا تناموا اخیار الوریٰ الفاء للتعلیل والخیار جمع خیر بالتشدید والوریٰ المخلوق ای اشرف المخلوقین وابرارہم قلیلاً الخ انتصاب قلیلا علی الظرفیۃ وما تاکید معنی القلۃ ای زمانا قلیلا من اللیل ینامون۔

ع یعنی علوم کا حفظ اور یاد کرنیوالا ۱۲ ع احسانوں سے ۱۲ ع بہتر حفاظت کرنیوالا اور عمدہ یاد کرانیوالا ۱۲ ع للعصر بی کے ساتھ ۱۲ ع بہترین مخلوقین ۱۲ منہ

وينبغي ان يستصحب دفترا على كل حال ليطالعه وقيل من لم يكن الدفتر في كمه لم تثبت الحكمة في قلبه وينبغي ان يكون في الدفتر بياض ويستصحب المحبرة ليكتب ما سمع وقد ذكرنا حديث هلال بن يسار۔

فصل (۱۲) فيما يورث الحفظ وفيما يورث النسيان

واقوى اسباب الحفظ الجد والمواظبة وتقليل الغذاء وصلوة الليل وقراءة القرآن من اسباب الحفظ قيل ليس شئ ازيد للحفظ من قراءة القرآن نظرا۔

ترجمہ وتشریح اور طالب علم کو چاہئے کہ ہر حالت میں (کتابوں کا) ایک دفتر (یعنی تھیلا وغیرہ) اپنے ساتھ رکھے تاکہ مطالعہ کر سکے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ جس کے آستین (کے نیچے یعنی ہاتھ یا بغل) میں (کتابوں کا) دفتر نہیں ہوتا حکمت اور دانائی کی باتیں اس کے دل میں جمتی نہیں۔ اور دفتر (یعنی تھیلا وغیرہ) کے اندر کاغذوں کی سادہ کاپی ضرور رہنی چاہئے۔ اور دوات (یعنی سامان کتابت دوات وقلم وغیرہ) کو بھی ساتھ رکھنا ضروری ہے۔ تاکہ جو کچھ (ماہرین کی زبان سے) سُنے لکھ لیا کرے۔ (اس سے پہلے اس بارے میں) ہم نے ہلال بن یسارؓ کی حدیث کو بیان کیا ہے۔ (جس میں دوات ساتھ رکھنے کے متعلق تاکید ہے۔)

فصل (۱۲) حافظہ بڑھانے والی اور نسیان پیدا کرنے والی چیزوں کے بیان میں۔ اسباب حفظ میں سب سے زیادہ قوی سبب (۱) کوشش کرتے رہنا۔ (۲) اور ہمیشگی اور مداومت کرنا (۳) کھانا کم کردینا (۴) اور رات کی (نفل) نمازیں (یعنی تہجد وغیرہ) پڑھتے رہنا۔ (۵) اور تلاوت قرآن بھی اسباب حفظ میں سے ہے (بلکہ) کہا گیا ہے کہ قرآن شریف دیکھ کر پڑھنے سے زیادہ بڑھکر اور کوئی شئی حفظ کا سبب نہیں ہو سکتا۔

تحقیق الالفاظ ان یستصحب دفترا ان یتخذہ مصاحبا لیطالعہ ای لان یطالعہ وقیل فی تایید ہذا المعنی کمہ بضم الکاف وتشدید المیم بالفارسیۃ آستین بیاض لیکتب فیہ ماسمعہ من افواہ الرجال المحبرۃ دعاء المداد ماسمع ای من العلماء المہرۃ حدیث ہلال بن یسارؓ وہو قولہ رأیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول لاصحابہ شیئا من العلم والحکمۃ الخ فقد علم منہ ان استصحاب المحبرۃ خیر کما مر فیما یورث ای فیما یعطی الجد ای الاجتہاد الغذاء بالغین والذال المعجمتین اسم لما یتغذی بہ وصلوۃ اللیل ای الصلوۃ فی اللیل تطوعا کالتہجد وقراءۃ القرآن مبتدأ من اسباب الحفظ خبرہ ازید بالنصب خبر لیس نظرا ای بالنظر الی وجہ المصحف۔

وقراءة القرآن نظرًا افضل لقوله عليه الصلوٰة والسلام افضل اعمال امتی قراءة القرآن نظرًا. رأى شداد بن حكيم بعض اخوانه بعد وفاته فی المنام فقال لاخيه ای شئ وجدته انفع قال قراءة القرآن نظرًا ويقول عند رفع الكتاب بسم الله وسبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظيم العزيز العليم عدد كل حرف كتب ويكتب ابد الآبدين ودهر الداهرين و يقول بعد كل مكتوبة آمنت بالله الواحد الاحد وحده لا شريك له وكفرت بما سواه ويكثر الصلوٰة على النبی عليه الصلوٰة والسلام فانه ذكر للعلمين۔

ترجمہ وتشریح اور قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میری امت کے افضل اعمال میں سے قرآن شریف دیکھکر پڑھنا ہے۔ شدّاد بن حکیم اپنے بعض بھائی کو اس کی وفات کے بعد خواب میں دیکھکر دریافت کیا کہ تم نے کون سی چیز زیادہ فائدہ مند پائی؟ انہوں نے کہا کہ قرآن شریف دیکھکر پڑھنے کو زیادہ فائدہ مند پایا۔ (۶) کتاب کو (مطالعہ کرنے اور پڑھنے کے بعد) اٹھا رکھتے وقت (طالب علم) یہ دعا پڑھے: بسم اللہ وسبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم العزیز العلیم عدد کل حرف کُتِبَ ویُکتَبُ ابد الآبدین ودھر الدّاھرین۔ (۷) اور ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرے: اٰمنت باللہ الواحد الاحد وحدہ لا شریک لہ وکفرتُ بما سواہُ (۸) اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر درود بکثرت پڑھا کرے کیونکہ آپ رحمۃ للعالمین ہیں۔ (پس برکت درود شریف کے نزولِ رحمت وزیادتِ حفظ اور زوالِ نسیان کی امید ہے۔)

تحقیق الالفاظ: قراءة القرآن نظرًا لا من ظهر القلب ای من الحفظ افضل فقال ای شداد بن حكيم لاخيه ای شئ وجدته انفع ای شئ مبتدأ ووجدته على صيغة الخطاب خبره ای ای شئ من الاشياء علمته انفع لك فی الآخرة رفع الكتاب ای الكتاب الذی قرأه وطالعه عدد كل حرف منصوب بنزع الخافض ای اقول هذه الكلمات بعدد كل حرف كتب فی الماضی ويكتب ای فی الحال والمستقبل ابد الابدين ودهر الداهرين منصوبان على الظرفية ليكتب بعد كل مكتوبة ای بعد كل صلوٰة مفروضة فانه ای النبی عليه الصلوٰة والسلام۔ ذكر للعلمين ای رحمة لهم فببركة الصلوٰة عليه نرجو نزول الرحمة وشدة الحفظ وزوال النسيان۔

اللهم اغفر لكاتبه ولوالديه ولمن سعى فيه

قیل شعر) شکوت الی وکیع سوء حفظی ٭ فارشدنی الی ترک المعاصی
فان الحفظ فضل من اللہ ٭ وفضل اللہ لا یعطی للعاصی
والسواك وشرب العسل واکل الکندر مع السکر واکل احد وعشرین
زبیبۃ حمراء کل یوم علی الریق یورث الحفظ ویشفی من کثیر من
الامراض والاسقام۔

ترجمہ وتشریح

(۹) (اور گناہوں سے بہت پرہیز کرے) کہا گیا ہے (یعنی جیسا کہ امام محمد بن ادریس شافعیؒ نے کیا خوب فرمایا)۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) شکایت پیش کی میں نے (میرے استاد) وکیع کی طرف میرے حافظ خراب ہونیکی (یعنی کما حقہٗ وہ درست اور پختہ نہ ہونے کی)۔ پس انہوں نے مجھ کو ہدایت کی گناہوں کو چھوڑ دینے کی طرف۔ پس کیونکہ قوت حافظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کی ہوئی ایک رحمت و مہربانی ہے۔ اور اللہ پاک کی رحمت گنہگار کو نہیں عطا کی جاتی ہے۔ شعر

شکایت کی ہے میں نے خود وکیع سے ٭ مجھے بد حافظہ ہے بس بہت سے
ہدایت کی ہیں مجھ کو میرے استاد ٭ کرو ترکِ معاصی تم رہے یاد
کہ حفظ وضبط ہے فضل اک خدا کا ٭ تو عاصی کب ہے پاتا فضل اُن کا؟

(۱۰) مسواک کرنا۔ (۱۱) شہد استعمال کرنا۔ (۱۲) شکر کے ساتھ کندر[ع] کھانا (یہ ایک گوند ہے جو مصطگی کے مشابہ ہوتا ہے۔ یونانی دواخانہ سے ملتا ہے)۔ (۱۳) روزانہ نہار منھ (یعنی علی الصباح خالی پیٹ میں بغیر کچھ کھائے) اکیس عدد سُرخ کشمش یعنی منقیٰ کھانا۔ یہ (سب حافظہ کو بڑھاتے ہیں اور بہت سی بیماریوں سے شفا دیتے ہیں۔)

تحقیق الالفاظ | قیل والقائل محمد بن ادریس الشافعیؒ کذا عرف واشتہر علی الالسنۃ واللہ اعلم بالصواب وکیع اسم رجل یقال ہو استاذ الشافعیؒ سوء حفظی ای من سوء حفظی وعدم تیسرہ الی ترک المعاصی ای عہد التوجہ الی ترک المعاصی نحذف مفعولہ بقرینۃ متعلقہ وفضل الخ ای والحال ان فضل اللہ لا یعطی للعاصی فوجب لمن یطلب الحفظ الذی ہو فضل اللہ الذی لا یعطی للعاصی ان یتحرز عن المعاصی والآثام ویتجنب عن الذنوب والاجرام والسواک ای استعمال الکندر بالترکی گون لک فی الحاشیۃ بضم الکاف والدال نوع من العلک اللبان الذکر فی بحر الجواہر بالضم ہو صمغ شجرۃ ابیض واحمر یمیل الی الخضرۃ حار یابس الخ وفی الہندی گوند السکر بالسین المہملۃ المضمومۃ والکاف المشددۃ المفتوحۃ عربی وبالشین المعجمۃ المفتوحۃ والکاف المخففۃ فارسی الریق ای الجوع یورث الحفظ خبر وقولہ السواک مبتدأ وما بعدہ عطف علیہ

ع ایک خاردار درخت کا گوند مصباح اللغات۔ درخت کا نچوڑا ہوا عرق سعیدی ذکر تنزی ۱۲

وکل مایقلل البلغم والرطوبات یزید فی الحفظ وکل مایزید فی البلغم یورث النسیان واما ما یورث النسیان فالمعاصی وکثرۃ الذنوب والھموم والاحزان فی امور الدنیا وکثرۃ الاشغال والعلائق وقد ذکرنا انہ لاینبغی للعاقل ان یھتم لامر الدنیا لانہ یضر ولاینفع وھموم الدنیا لاتخلو عن الظلمۃ فی القلب وھموم الآخرۃ لاتخلو عن النور فی القلب ویظھر اثرہ فی الصلوۃ فھمّ الدنیا یمنعہ عن الخیر وھمّ الآخرۃ یحملہ علیہ۔

ترجمہ وتشریح (۱۴) اور ہر وہ چیز جو بلغم اور رطوبات کو کم کردے حافظہ کو بڑھاتی ہے اور ہر وہ چیز جو بلغم کو بڑھائے نسیان پیدا کرتی ہے۔ نسیان پیدا کرنے والی چیزیں۔ اور جو چیزیں نسیان پیدا کرتی ہیں وہ یہ ہیں (۱) گناہوں کی زیادتی اور خدا اور رسول کی نافرمانیاں۔ (۲) دنیوی امور کے بارے مغموم ومتفکر رہنا۔ (۳) علائق واشغال کی کثرت۔ ہم پہلے بیان کرچکے ہیں کہ عقلمند کو دنیوی امور کیلئے غم نہ کھانا چاہئے۔ کیونکہ اس سے صرف ضرر ہی پیدا کرتا ہے۔ کچھ بھی نفع نہیں ہوتا۔ اور ہموم دنیا ظلمت قلبی سے خالی نہیں رہتے ہیں۔ اور ہموم آخرت سے قلب میں صرف نور ہی نور پیدا ہوتا ہے۔ اور اس کا اثر نماز میں بھی ظاہر ہوتا ہے۔ (کہ اس نور کے سبب انشراح قلب اور لذت اور حلاوت کے ساتھ نماز ادا ہوتی ہے)۔ پس دنیا کی فکر کار خیر (مثلاً نماز وغیرہ) سے باز رکھتی ہے (کیونکہ سبب ظلمت وسبب نور دونوں ایکجگہ جمع نہیں ہوسکتا ہے۔ کیونکہ دونوں آپس میں ایک دوسرے کے منافی ہیں)۔ اور آخرت کی فکر کار خیر پر اسکو برانگیختہ کرتی ہے (کیونکہ وہ دونوں آپسمیں ایک دوسرے کے مناسب ہیں اسلئے تائید اور مدد ملتی ہے)

تحقیق الالفاظ وکل مایقلل الخ کالاشیاء الیابسۃ المجففۃ وکل مایزید الخ کالاشیاء الرطبۃ وقد ذکرنا جملۃ حالیۃ ای والحال انا قد ذکرنا یعنی قال المصنف فی فصل التوکل ولایھتم العاقل لامر الدنیا لان الھمّ والحزن لایرد المصیبۃ ولا ینفع بل یضر بالقلب والعقل والبدن ویخل باعمال الخیر انتھی یھتمّ ای یحزن لانہ ای امر الدنیا اثرہ ای اثر ذلک النور فی الصلوۃ بان صلاہا منشرحاً قلبہ وواجد الذتہا فھمّ الدنیا ای اذا کان مھمّ الدنیا لایخلو عن الظلمۃ فی القلب وھمّ الآخرۃ لایخلو عن النور فی القلب فھمّ الدنیا یمنعہ ای العاقل عن الخیر لان سبب الظلمۃ وسبب النور لایجتمعان لانہما متنافیان یحملہ علیہ ای علی الخیر ویحرضہ علیہ لانہما متناسبان۔

حل لغت یہ معروف ومشہور بات ہے۔ حکماء کے نزدیک نمک زیادہ کھانے سے پانی زیادہ پینا پڑتا ہے اور پانی زیادہ پینے سے بلغم زیادہ بڑھ جاتا ہے ۱۲۔ منہ۔

والاشتغال بالصلوٰة على الخشوع وتحصيل العلوم ينفي الهمّ والحزن كما قال الشيخ الامام نصر بن حسن المرغيناني في قصيدة له :

استعن نصر بن الحسن ؛ في كل علم يختزن
ذلك الذي ينفي الحزن ؛ وغيره لا يؤتمن

ترجمہ وتشریح اور خشوع وخضوع کے ساتھ نماز میں مشغول رہنا اور تحصیل علوم میں منہمک رہنا دنیوی ہموم اور پریشانیوں کو زائل کر دیتا ہے جیسا کہ شیخ امام نصر بن حسن مرغینانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے نفس کو خطاب کرنیکے لئے بنائے ہوئے قصیدہ میں لکھا ہے۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی مدد لے تو اے نصر بن حسن ہر علم میں (علماء وشرکاء سے) جن علوم کی حفاظت کی جاتی ہے اور خزینہ کیا جاتا ہے۔ یہ حزن اور پریشانی کو دور کر دیگا۔ اور اس کے غیر کوئی بھی پریشانی دور کرنے میں معتمد علیہ اور مامون نہیں ہے۔

مدد لے نصر تو ہر فن کسی سے ؛ تو مشغول رہ لبس کسی میں اُسی سے
حُزن دور ہووے غلط غم اُسی سے ؛ نہیں ہے کہ مامون بڑھکر اُسی سے

(یعنی اس سے بڑھ کر دوسری کوئی چیز مامون اور اطمینان قلب کا باعث یا اعتبار کے لائق حُزن دور ہونے اور غم غلط کرنے (مٹانے) کے لیے نہیں ہے۔ اس لئے ہمیشہ کسی نہ کسی فن میں مشغول رہنا چاہیئے۔ اور اس میں دوسرے سے مدد حاصل کرنا چاہیئے۔)

تحقیق الالفاظ والاشتغال الخ مبتدأ وتحصيل العلوم بالجر عطف على قوله بالصلوٰة۔ ينفي الهمّ الخ خبره في قصيدة له اى في قصيدة ألّفها لنفسه استعن اى اطلب المعونة يا نصر بن الحسن حذف حرف النداء لان حذفه من العلم شائع يختزن اى يحفظ يعنى اطلب المعونة في تحصيل العلوم التي لابد من حفظها من الاستاذ والشركاء ذلك الخ اى ما يحفظ من العلوم الذي ينفي الحُزن والهمّ لانه لكمال لذته ينفي سائر الخواطر ويجعل صاحبه مشغولاً به فقط وغيره لا يؤتمن اى باطل لا يعتبر۔

والشیخ الامام الاجل نجم الدین عمر بن محمد النسفی فی ام ولد لہ۔ شعر

سلام علی من تیمتنی بظرفہا ؛ ولمعۃ خدیہا ولمحۃ طرفہا
سبتنی واصبتنی فتاۃ ملیحۃ ؛ تحیرت الاوہام فی کنہ وصفہا

ترجمہ وتشریح اور شیخ امام اجل نجم الدین عمر بن محمد النسفیؒ نے اپنی ایک ام ولد (باندی) کے بارے میں فرمایا۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے) میرا سلام ہے اس پر جس نے مجھ کو غلام بنا لیا ہے اپنی چالاکی اور ظرافت سے۔ اور اس کی رخسارے کی چمک اور آنکھوں کی ترچھی نظر نے وہ مجھکو مقید کر لیا اور مائل کر لیا، وہ ایک نوجوان باندی ہے جو خوبصورت ہے کہ لوگوں کی عقلیں اور اوہام اس کے وصف اور تعریف کی حقیقت بیان کرنے سے حیرانی میں واقع ہوگئی ہیں۔ شعر

سلام اس کو ہو جو بطرز ظرافت[عہ] ؛ غلامی میں لے لی مجھے باوجاہت[عہ]
چمکہائے رخسار و طرف عیون[سہ] سے ؛ مقید ہی کر لی و عاشق بتجربت[للعہ]
وہ ایسی ہی عورت جوان و ملیحہ[صہ] ؛ کہ اوہام[سہ] از وصفہا یش بحیرت

تحقیق الالفاظ والشیخ الامام بالرفع عطف علی الشیخ نصر بن الحسن ای قال الشیخ فی ام ولدلہ ای فی وصف جاریۃ مستولدۃ لہ سلام اصلہ سلّمتُ سلامًا فحذف الفعل وعدل الی الرفع لقصد الدوام والاستمرار فکانہ قال سلامی ای سلام من قبلی مخصص بالمتکلم تیمتنی بتشدید الیاء ای عبّدتنی وذلتنی وتانیث الفعل باعتبار معنی من لان من عبارۃ عن الجاریۃ المستولدۃ بظرفہا ای بظرافتہا ولطافتہا ولمعۃ خدیہا ای بلمعان خدیہا ولمحۃ طرفہا اللمحۃ بمعنی اللمعۃ والطرف العین سبتنی ای جعلتنی اسیرًا ومفتونًا بعشقہا من السبی العدو سبیا جعلہ اسیرًا واصبتنی ای امالتنی الیہا فتاۃ ملیحۃ ای شابۃ حسنۃ والفتاۃ تانیث فتی فاعل سبتنی واصبتنی علی سبیل التنازع الاوہام جمع الوہم ہو ہہنا بمعنی القوۃ الواہمۃ لا بمعنی الوہم الذی ہو الطرف المرجوح والجملۃ صفۃ لقولہ فتاۃ فی کنہ وصفہا ای فی حقیقۃ وصفہا یعنی تحیرت العقول وعجزت عن ادراک الصفات الکمالیۃ التی اتصفت بہا تلک الفتاۃ الملیحۃ

حل لغات عہ چالاکی کے طریقے سے ۱۲ عہ عزت کے ساتھ ۱۲ سہ یعنی رخسار کی چمک اور کنارہ چشم کی جھلک اور ترچھی نظر سے ۱۲ للعہ فتنہ اور امتحان میں مبتلا کرنے کے ساتھ ۱۲ صہ ملاحت والی خوبصورت ۱۲ سہ یعنی لوگوں کی عقلیں اس کے اوصاف بیان کرنے سے حیرانی میں ہیں ۱۲ منہ

فقلت ذريني واعذريني فانني ؛ شغفت بتحصيل العلوم وكشفها
ولي في طلاب الفضل والعلم والتقى ؛ غنى عن غناء الغانيات وعرفها
واما اسباب نسيان العلم فاكل الكزبرة الرطبة والتفاح الحامض
والنظر الى المصلوب وقراءة لوح القبور والمرور بين قطار الجمال
والقاء القمل الحي على الارض۔

ترجمہ وتشریح پس کہا میں نے چھوڑ مجھ کو اور مجھ کو معذور قرار دے۔ پس تحقیق میں تو تحصیل علوم اور اس کے انکشاف کی محبت میں پڑ گیا ہوں۔ اور میرے لئے فضل وعلم اور پرہیز گاری طلب کرنے میں بے نیازی ہے۔ گانے والیوں کے گانے اور ان کی خوشبو کی مہک سے۔ شعر

کہا میں مجھے چھوڑ دے تو عذر پر ؛ مجھے کشف عہ علمی کی ہے جو محبت
مجھے اہل علم وفضل اور تقویٰ ؛ کی دولت سے ہے بے نیازی زوجہت عسہ
غنا والیوں کی غنا وخوش الحال ؛ اور اس کی مہک سے مجھے تو ہے نفرت سے

اور نسیان علم کے اسباب یہ ہیں۔ (۱) کوتھمیر یعنی ہرا دھنیہ کھانا۔ (۲) ترش سیب کھانا (۳) مصلوب یعنی سولی پر چڑھا کر سزائے موت دیئے ہوئے شخص کی طرف دیکھنا۔ (۴) قبر پہ لکھی ہوئی تختیوں کو پڑھنا۔ (۵) اونٹوں کے قطار کے درمیان چلنا۔ (۶) زندہ جوں بغیر مارے زمین پر ڈال دینا۔

تحقیق الفاظ ذريني اي اتركيني ودعيني في حالي واعذريني اي اقبلي عذري في عدم اتباعي لك وعدم اشتغالي بهواك فانني تعليل لما قبله شغفت المتكلم المبني للمفعول يقال شغف به كفرح علق به تحصيل العلوم الخ فمن كان مجمل همته مصروفا الى تحصيل العلوم وكشف غوامضها لا يتيسر له الاشتغال بهوى المحبوبة ولي اي دنا لي وهو خبر مقدم في طلاب الخ اي في طلب حصولها الغنى بكسر الغين ضد الفقر وهو مبتدأ مؤخر عن غناء الغانيات الغناء بالكسر والمد بمعنى التغني والغانيات اي المغنيات وعرفها بفتح العين وسكون الرا بمعنى الرائحة طيبة كانت او منتنة واكثر استعماله في الطيبة والمراد هنا الطيبة يعني حصل لي غنى عن استعمال الملاهي واتباع الشهوات بطلب العلم والفضل والتقى تعلم من كلام الشيخين ان الاشتغال بتحصيل العلوم ينفي الهم والحزن واتباع الهوى والشهوات فاكل الكزبرة الخ مبتدأ خبره تورث النسيان الحامض اي المز الجامع بين الحلاوة والمرارة لوح القبور اي الخط المكتوب على احجار القبور الجمال بالكسر جمع جمل القمل بفتح الكاف وسكون الميم في الهندية۔ جوں۔

حل لغات عہ علوم کے انکشاف کرنے کی ۱۲ عسہ تیرے چہرے سے بے نیازی ہے ۱۲ سے یعنی اہل علم وفضل وغیرہ کی بدولت مجھے ان ساری چیزوں سے نفرت اور بے نیازی ہے ۱۲ منہ

والحجامة على نقرة القفا فتجنبوها كلها تورث النسيان

فصل (۱۳) فيما يجلب الرزق وما يمنع الرزق۔ وما يزيد في العمر وما ينقص

ثم لا بد لطالب العلم من القوت ومعرفة ما يزيد فيه وما يزيد في العمر والصحة ليتفرغ لطلب العلم وفي كل ذلك صنفوا كتبا

ترجمہ وتشریح (۷) گردن کے گڑھے میں سینگی لگانا۔
(حدیث میں ہے الحجامة في حفرة الرأس تورث النسيان یعنی گردن کے گڑھے میں سینگی لگانا نسیان پیدا کرتا ہے) پس ان تمام چیزوں سے بچو کیونکہ یہ ساری چیزیں نسیان پیدا کرتی ہیں۔

فصل (۱۳) ان چیزوں کے بیان میں جو رزق اور عمر کو بڑھائے یا گھٹائے۔
پھر طالب علم کے لئے خوراک کا فراہم ہونا ضروری ہے۔ (تاکہ اس سے طلب علم میں قوت حاصل کر سکے)۔ اور ایسی چیز کا علم حاصل کرنا جس سے خوراک میں زیادتی ہو۔ اور جس سے عمر اور صحت میں ازدیاد اور ترقی ہو۔ ضروری ہے تاکہ طلب علم کے لئے دل فارغ اور مطمئن ہو سکے۔ اور ہر ایک کے بارے میں اکابر نے مختلف کتابیں (دلائل سے مدلل کر کے) تصنیف کر دی۔

تحقیق الالفاظ نقرة القفا اى حفرتها ففي الحديث الحجامة في حفرة الرأس تورث النسيان كلها تاكيد تورث النسيان وردت الآثار في كلها كذا في الشرح والله اعلم بالصواب فيما يجلب الرزق اى في الاسباب التي تجلب الرزق وتجره لابد الخ كي يتقوى به في طلب العلم ومعرفة ما يزيد فيه اى ومعرفة شئ يزيد بسببه القوت وما يزيد في العمر والصحة اى لابد من معرفتها ليتفرغ علة لقوله لابد لطالب العلم الخ اى فيكون فارغا وفي كل ذلك اى المذكور صنفوا كتبا تبين دلائل الكل۔

فاوردت بعضها هنا على سبيل الاختصار، قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم لا يرد القدر الا الدعاء ولا يزيد في العمر الا البر۔

ترجمہ وتشریح پس میں نے اس میں سے یہاں تھوڑا کچھ مختصر کر کے بیان میں لایا (پس) **ہدایت**:۔ لیکن یہ تمام اسباب زیادتیٔ رزق وعمر نیز فصل سابق کے بیان کئے ہوئے اسباب زیادتیٔ حفظ ونسیان سب اسباب ظاہری اور علاج اور دواہی ہیں۔ نہ یہ کہ سب عبادت اور ثواب کی چیزیں ہیں۔ ان کو خواہ مخواہ عبادت اور ثواب کی چیزیں جاننا اور ان چیزوں کے متعلق اصرار اور لزوم کو عمل میں لانا غیر عبادت کو عبادت اور دین سمجھنا ہے۔ جو تعدّی حدودِ شرع اور خلافِ شرع اور ناجائز ہے۔ اور یہ چیز اگر بطور عبادت اور اصرار ولزوم کے ہو تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور قرون مشہود لہا بالخیر سے بذریعۂ ادلۂ شرعیہ اربعہ ثابت نہ ہونے کی وجہ سے بدعت سیئہ ضالہ ومردود بھی ہے۔ کما لا یخفی علی الماہر۔ اسباب ظاہری اور علاج اور دوا خیال کر کے عمل کرنے میں شرعی کوئی حرج ونقصان نہیں ہے۔ بعض روایات ضعیفہ یا صحیحہ ثابت ہو کر نہ اترانا چاہئے۔ کیونکہ وہ بطور ارشاد اور علاج وتدبیر ہے۔ نہ کہ بطور عبادت وتقرب۔ پھر اس پر مواظبت خیر القرون بھی نہیں ہے۔) **اسباب فقر ومحتاجی**:۔ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ تقدیر کو (یعنی ہر مخلوق کیلئے اس کے احوال واعمال مثل حُسن وقبح، نفع وضرر وغیرہ مکان وزمان وغیرہ کے ساتھ اور اس پر جو احکام مرتّب ہوں مثلاً ثواب وعقاب وغیرہ کی تحدید وتعیین کر دینے کو) دعا کے علاوہ اور کوئی چیز رد اور تبدیل نہیں کر سکتی۔ اور نیکی کے علاوہ اور کسی چیز کے ذریعہ عمر میں زیادتی نہیں ہو سکتی ہے (**سوال**:۔ اگر کہا جائے کہ عمریں اور رزق میں تقدیر کے ساتھ مقدر ہیں۔ اس میں زیادتی ونقصان نہیں ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ مختلف نصوص اس پر دال ہیں۔ پس حدیث کا جواب کیا ہوگا؟ **جواب**:۔ یہ ہے کہ اشیاء بھی (باقی بر صفحہ آئندہ)

تحقیق الالفاظ بعضها ای بعض الکتب المصنفة ای بعض ما فیها هنا ای فی هذا المختصر قال لما اراد ان یشرع فی بیانه قال علی سبیل الاستئناف قال رسول الخ القدر هو تحدید کل مخلوق بحده الذی یوجد من الحسن والقبح والنفع والضرر وما یحویه من زمان ومکان وما یترتب علیه من ثواب وعقاب الی غیر ذلک البر ای الاحسان فان قیل الآجال والارزاق مقدرة لا تزید ولا تنقص بالنصوص الدالة علیها فما وجه الحدیث؟ اجیب بان الاشیاء قد تکتب فی اللوح المحفوظ متوقفة علی الشروط کما یکتب ان احسن فلان فعمره ثلاثون سنة والا فخمس وعشرون وهو المعنی من قوله تعالی یمحو الله ما یشاء ویثبت وهذا هو..... التقدیر والقضاء المعلق لکن هذا بالنسبة الی ما یظهر للملائکة فی اللوح المحفوظ لا بالنسبة الی علم الله تعالی الازلی اذ لا محو فیه ولا زیادة وهذا هو القضاء والتقدیر المبرم۔

فان الرجل ليحرم الرزق بالذنب يصيبه۔ ثبت بهذا الحديث ان ارتكاب الذنب سبب حرمان الرزق خصوصًا الكذب يورث الفقر وقد ورد فيه حديث خاص وكذا نوم الصبحة يمنع الرزق و كثرة النوم تورث الفقر وفقر العلم ايضًا۔

ترجمہ وتشریح (بقیہ صفحہ گذشتہ) لوح محفوظ میں کچھ شرطوں پر موقوف کرکے لکھے جاتے ہیں۔ جیساکہ یہ لکھا جاتا ہے کہ اگر فلاں شخص نے نیکی کی تو اس کی عمر تیس سال کی ہے۔ ورنہ پچیس سال کی۔ اسی طرح رزق میں زیادتی ہوگی یا نہیں۔ اور یہی معنی ہے اللہ تعالیٰ کے اس کلام کا جو کہا گیا ہے۔ یمحوا اللّٰہ ما یشاء و یثبت یعنی لوح محفوظ سے اللہ تعالیٰ جو کچھ چاہتے ہیں مٹا دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں ثابت اور برقرار رکھتے ہیں۔ اور اسی کا نام تقدیر معلق ہے۔ لیکن باعتبار اس کے ہے جو فرشتوں کو لوح محفوظ میں ظاہر اور نمودار ہوتا ہے۔ نہ باعتبار اس کے جو اللہ تعالیٰ کے علم ازلی قدیم میں ہے۔ کیونکہ اس میں محو و اثبات کچھ بھی نہیں ہوتا۔ بلکہ آخر انجام جو کچھ ہونے والا ہے اس کا حقیقی اور ہو بہو علم وہاں ہوتا ہے۔ اور اسی کو تقدیر مبرم نام رکھتے ہیں جو لوح محفوظ میں محو و اثبات کے بعد ظاہر ہوتا ہے۔ ہکذا فی الشرح فافہم فانہ دقیق وعسیر علی من لیشکل علیہ التقدیر۔ اس کے بعد حدیث میں بیان کیا گیا ہے)۔ (متعلقہ صفحہ ھٰذا) کیونکہ انسان بسبب گناہ کے جو وہ کرتا ہے رزق سے محروم ہو جاتا ہے۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ (۱) گناہ کا مرتکب ہونا محرومیٔ رزق کا سبب ہے۔ (۲) بالخصوص جھوٹ سے (بہت جلد) محتاجی پیدا ہوتی ہے۔ اور اس بارے میں خاص حدیث بھی وارد ہوئی ہے۔ (۳) اور صبح کے وقت کا نیند[1] (بھی) رزق کو روک دیتی ہے (اس بارے میں بھی خاص حدیث وارد ہوئی ہے ۱۲ ش) (۴) اور کثرتِ نوم سے مال کی محتاجی اور (جہل یعنی) علم کی محتاجی دونوں پیدا ہوتی ہیں۔

تحقیق الالفاظ فان الرجل ہذا من تتمۃ الحدیث لیحرم الرزق ای لیحرم من الرزق بالذنب یصیبہ ای بسبب ذنب یرتکبہ وجملۃ یصیبہ فی محل النصب علی انہ حال او فی محل الجر علی انہ صفۃ للذنب باعتبار کون اللام للجنس فیصیر کالنکرۃ فی العموم کقولہ تعالیٰ کمثل الحمار یحمل اسفارا خصوصًا نصب علی انہ مفعول مطلق لفعل محذوف ای اخص خصوصًا الکذب رفع علی انہ مبتدأ یورث الفقر خبرہ وقد ورد الخ ای والحال انہ قد ورد حدیث دال علی کون الکذب بخصوصہ مورثا للفقر الصبحۃ بضم الصاد وسکون الباء ای النوم وقت الصبح یمنع الرزق وقد ورد الحدیث فی ہذا المعنی کذا فی الشرح تورث الفقر ای الاحتیاج من جہۃ المال وفقر العلم ای الجہل ایضا ای کالفقر من جہۃ المال۔

[1] یعنی طلوع صبح کے وقت بیدار نہ ہونا اور طلوع شمس کے وقت بھی سوتے ہوئے پڑے رہنا ۱۲ منہ۔

وقال القائل :۔ سرور الناس فی لبس اللباس ؎ وجمع العلم فی ترک النعاس
وقال :۔ الیس من الخسران ان لیالیا ؎ تمر بلا نفع وتحسب من العمر
وقال آخر :۔ قم اللیل یاھذا العلک ترشد ؎ الی کم تنام اللیل والعمر ینفد
والنوم عریانا والبول عریانا والاکل جنبا ومتکئا علی جنب التہاون بسقاط المائدۃ ۔

ترجمہ وتشریح بعض علماء نے فرمایا (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی لوگوں کی خوشی اور مسرت لبس پوشاک اور کپڑے میں مزین اور آراستہ ہوتے میں ہے ۔ اور لیکن علم کا دل میں جمع ہونا اور حاصل ہونا نیند کو ترک کرنے سے ہوتا ہے ۔ شعر

سرورِ ناس ہے بس زیب تن ہونا لباسوں سے ؎ ولیکن علم حاصل ہے بترک وکم نعاسوں سے

اور بعض علماء نے فرمایا (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی کیا یہ خسران گھاٹا اور نقصانی کی بات نہیں ہے کہ راتیں تو گذر جاتی ہیں بیفائدہ (نیند میں) اور وہ بھی تمہاری عمر میں شمار کیجاتی ہے (یعنی اتنی عمر ختم ہوگئی ہے)

خسرانِ للعنی یہ کیسے نہ ہو؟ کہ رات بھر چلتے رہے ؎ بیکار سا تو نیند میں ۔ یہ عمر تو جاتی رہی

نیز دوسروں نے کہا (جس کا ترجمہ یہ ہے) یعنی رات کو اٹھ کر (نماز اور عبادت میں مشغول ہوجا) اے طالب علم تاکہ تو ہدایت یافتہ ہوجائے ۔ کبتک تو رات کو سوتا رہیگا ؟ حالانکہ تیری عمر ختم ہورہی ہے

ہدایت کو اگر چاہے بس اٹھ جا تو کہ تو صوّم ؎ گذر تو جارہی ہے عمر کبتک ہو تو نوموں سے ؟

(۵) ننگا ہوکر سونا ۔ (۶) بالکل ننگا ہوکر پیشاب کرنا ۔ (۷) جنابت کی حالت میں کھانا ۔ (۸) ایک پہلو پر تکیہ لگاکر کھانا ۔ (۹) کھانے سے گری ہوئی چیز دسترخوان سے اٹھالینے میں سستی اور بے پروائی برتنا (پس اگر وہ کھانے کے قابل کوئی چیز گری ہو اور اگر میلا بھی اس کے ساتھ لگ گیا ہو تو میلا صاف کرکے اس کو کھالے اور اگر کھانے کی چیز نہ ہو تو ایسی جگہ رکھدے جہاں پیروں کے نیچے نہ پڑے ۔ بلکہ دوسرا کوئی جانور کھالے) ۔

تحقیق الالفاظ النعاس ای النوم الخفیف ہہنا المراد النوم مطلقا وقال ای القائل الیس الاستفہام للتقریر ان لیالیا جمع لیلۃ وتحسب علی صیغۃ المبنی للمفعول من الحساب قم اللیل ای قم فی اللیل للعبادۃ یاھذا ای یا ایہا الطالب لعلک ترشد ای ترجو منک الرشاد الی کم ای الی ایۃ مدۃ ینفد ای یمضی علی جنب بفتح الجیم وسکون النون والتہاون ای عدم الاعتبار والتضیع بسقاط بضم السین ما سقط من ما شئی المائدۃ ای من الخبز ونحوہ ۔

حل لغات ؏ لوگوں کی خوشی ومسرت ۱۲ منہ ؏ لباسوں سے مزین اور آراستہ ہونا ۱۲ منہ ؏ یعنی نیندوں کو کم اور ترک کرنے سے ۱۲ منہ للعنی گھاٹا اور نقصانی ۱۲ ؏ نوم جمع نیند یعنی نیندوں سے ۱۲ منہ

وحرق قشر البصل والثوم وكنس البيت بالمنديل وكنس البيت بالليل وترك القمامة فى البيت والمشى قدام المشائخ ونداء الابوين باسمهما والخلال بكل خشبة وغسل اليد بالطين والتراب والجلوس على العتبة والاتكاء على احد زوجى الباب والتوضوء فى المبرز وخياطة الثوب على بدنه وتجفيف الوجه بالثوب وترك بيت العنكبوت فى البيت والتهاون بالصلوٰة واسراع الخروج من المسجد بعد صلوٰة الفجر والابتكار فى الذهاب الى السوق والابطاء فى الرجوع منه وشراء كسيرات الخبز من الفقراء السؤال ودعاء الشر على الولد

ترجمہ وتشریح (۱۰) پیاز ولہسن کے چھلکے کو جلانا۔ (۱۱) گھر کو رومال (یا کپڑا) سے جھاڑ دینا۔ (۱۲) گھر کو رات کے وقت جھاڑ دینا۔ (۱۳) کوڑا کرکٹ (یعنی جھاڑ و دی ہوئی چیز) کو گھر میں رکھدینا۔ (۱۴) مشائخ اور بزرگوں کے آگے آگے چلنا۔ (۱۵) ماں باپ کو نام لیکر پکارنا۔ (۱۶) ہر ایک تنکے اور لکڑی سے (دانتوں) کا خلال کرنا۔ (۱۷) کیچڑ اور مٹی سے ہاتھ دھونا (صاف کرنا) (۱۸) گھر کی چوکھٹ اور سیڑھی پر بیٹھنا۔ (۱۹) دروازہ کی ایک جانب پر ٹیک لگا کر بیٹھنا۔ (۲۰) پائخانہ (یا کسی گندہ مقام) میں وضو کرنا۔ (۲۱) کپڑے کو بدن پر پہنے ہوئے سینا۔ (۲۲) کپڑے سے چہرے کو خشک کرنا (یعنی اس کی تری اور ترو تازگی کو باقی نہ رکھنا)۔ (۲۳) مکڑی کا جال مکان میں بغیر صاف کئے چھوڑے رکھنا (۲۴) نماز میں سستی اور غفلت کرتے رہنا۔ (۲۵) نماز فجر کے بعد مسجد سے جلدی نکل جانا۔ (۲۶) بازار میں سب سے پہلے اور سویرے چلے جانا۔ (۲۷) بازار سے واپس ہونے میں دیر کرنا۔ (۲۸) بھیک مانگنے والے فقیروں سے روٹی کے ٹکڑے (وغیرہ) کو خرید لینا۔ (۲۹) اپنی اولاد کو بد دعا دیتے رہنا۔

تحقیق الالفاظ القمامة ای الكناسة المشائخ جمع شيخ هو الكبير فى السن الابوين ای الاب والام التثنية بتغليب الاب باسمهما لانه ينافى تعظيمهما الخلال ای تخليل الاسنان على احد زوجى الباب ای على احد شقى الباب المبرز بفتح الميم وسكون الباء المستراح وتجفيف الوجه ای ازالة بلله والتهاون بالصلوٰة بان لا يصلى او يصلى ولكن بترك التعديل والخشوع والابتكار فى الذهاب الى السوق ای الذهاب اليه بكرة والابطاء الخ ای التاخر فى الرجوع من السوق كسيرات جمع كسيرة تصغير كسرة وهى القطعة من الخبز السؤال بضم السين وتشديد الهمزة جمع سائل ودعاء الشر ای الدعاء بالشر

وترك تخمير الاوانی واطفاء السراج بالنفس کل ذلك یورث الفقر عرف ذلك بالآثار وکذا الکتابة بقلم معقود والامتشاط بمشط منکسر وترك الدعاء بالخیر للوالدین والتعمم قاعدًا والتسرول قائمًا والبخل والتقتیر والاسراف والکسل والتوانی والتهاون فی الامور کل ذلك یورث الفقر قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم استنزلوا الرزق بالصدقة والبکور مبارك یزید فی جمیع النعم خصوصًا فی الرزق وحسن الخط من مفاتیح الرزق

ترجمہ وتشریح (۳۰) برتن اور ظروف کو بغیر ڈھکے چھوڑ دینا۔ (۳۱) اور سانس سے (یعنی پھونک مارکر) چراغ کو بجھانا۔ یہ تمام چیزیں فقر اور محتاجی کو پیدا کرتی ہیں۔ آثار (یعنی صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین وغیرہم کے اقوال) سے یہ سب معلوم ہوتی ہیں۔ اور ایسا ہی (۳۲) ٹوٹ جانیکی وجہ سے قلم کو باندھکر اس سے لکھتے رہنا۔ (۳۳) ٹوٹی ہوئی کنگھی سے (بالوں یا داڑھیوں کو) کنگھی کرنا۔ (یہ بھی قول صحابہؓ سے ثابت ہے ۱۲ش)۔ (۳۴) والدین کیلئے دعائے خیر ترک کرنا۔ (۳۵) بیٹھے ہوئے عمامہ باندھنا۔ (۳۶) کھڑے ہوئے پائجامہ پہننا۔ (۳۷) بخیلی کرنا۔ (۳۸) کنجوسی وکمینگی کرتے رہنا۔ (۳۹) فضول خرچی کرنا۔ (۴۰) کاموں میں ڈھیلا پن اور سستی اور بے پروائی کرتے رہنا۔ یہ تمام چیزیں فقر اور محتاجی کو پیدا کرنے والی ہیں

اسبابِ عیش وتوانگری:۔ (۱) رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرماتے ہیں کہ صدقہ کرنے کے وسیلے سے نزول رزق کو طلب کرو (یعنی صدقہ کرنے سے روزی خدا تعالیٰ کی طرف سے برستی ہے)۔ (۲) صبح کے وقت سویرے نیند سے اٹھنا برکت کی چیز ہے۔ اور وہ تمام نعمتوں کو بڑھا دیتا ہے۔ خاص کر اس سے رزق کی زیادتی بہت ہوتی ہے۔ (۳) خوشخطی رزق کی کنجیوں میں سے ایک (جیسا کہ اثر یعنی قول صحابی اسی معنی میں وارد ہوا ہے کہ علیکم بحسن الخط فانہ من مفاتیح الرزق یعنی تم پر خوشخطی کو لازم کرلو کیونکہ یہ رزق کی کنجیوں میں سے ایک ہے)۔

تحقیق الالفاظ وترک تخمیر الاوانی ای ترک سترہا بالنفس بفتح النون والفاء کل ذلک الخ خبر وقولہ والنوم عریانًا مبتدأ وقولہ کل ذلک تاکید عرف ذلک ای کونہ مورثًا للفقر بالآثار جمع اثر وہو خبر الصحابۃ وکذا ای مثل الاشیاء السابقۃ فی ایراث الفقر معقود ای منکسر منعقد لشیٔ بمشط بضم المیم منکسر ثبت ذلک بالاثر المروی۔ والتعمم ای لف العمامۃ علی الرأس والتسرول ای لبس السراویل والبخل ای المنع عن الفقراء والتقتیر ای الانفاق علی وجہ المضائقۃ والاسراف ضد التقتیر والتوانی ای الضعف قال رسول اللہ الخ لما فرغ من بیان الاسباب المورثۃ للفقر شرع فی بیان الاسباب الجالبۃ للغنی استنزلوا الرزق ای اطلبوا نزول الرزق والبکور ای القیام بکرۃ من مفاتیح الرزق ای من اسباب انفتاح الرزق لما ورد فی الاثر علیکم بحسن الخط فانہ من مفاتیح الرزق۔

وبسط الوجہ وطیب الکلام یزید فی الرزق وعن الحسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کنس الفناء وغسل الاناء مجلبۃ للغنیٰ واقوی الاسباب الجالبۃ المحصلۃ للرزق اقامۃ الصلوٰۃ بالتعظیم والخشوع وتعدیل الارکان وسائر واجباتھا وسننھا وآدابھا وصلوٰۃ الضحیٰ فی ذلک معروفۃ ومشہورۃ

ترجمہ وتشریح (۴) خندہ پیشانی (ہنس مکھ) ہونا۔ (۵) اور خوش کلامی رزق کو بڑھاتی ہے حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ (۶) صحنِ مکان کو جھاڑو دیکر صاف کرنا (۷) اور ظروف اور برتنوں کو دھوتے رہنا توانگری کو کھینچ لاتا ہے۔ (۸) سب سے زیادہ قوی سبب جس سے رزق حاصل ہوتا رہتا ہے اور جس سے رزق بہت بڑھتا رہتا ہے خوب تعظیم اور خضوع کے ساتھ تعدیل ارکان اور تمام واجبات وسُنن وآداب کو پورا کرتے ہوئے نماز پڑھتے رہنا ہے (۹) اور چاشت کی نماز پڑھتے رہنا تو اس میں (حصول اور زیادتیِ رزق میں) معروف ومشہور ہے (روی عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال ان اللہ تعالیٰ یقول یا ابن آدم اکفنی اول النہار باربع اکفک بہن آخر یومک یعنی اقضی حوائجک وادفع عنک ما تکرہ بعد صلوٰتک الیٰ آخر النہار کذا فی شرح الشرعۃ والمراد بالاربع صلوٰۃ الضحیٰ والاحادیث فی فضیلتہا کثیرۃ یعنی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے آدم کے بیٹے تم دن کے شروع میں چار کو ادا کرکے مجھکو بس کردو تو میں ان چار کے وسیلے سے تمہارے اس دن کے کام میں بس کردونگا یعنی تم شروع دن میں میرے لئے چار رکعت چاشت کی نماز پڑھوگے تو تمہاری نماز پڑھنے سے لیکر آخر دن تک تمہاری ساری حاجتوں کو پوری کردونگا اور تمہاری بلا ومصیبت اور آفتوں کو تم سے دور کردونگا اس چاشت کی فضیلت میں بہت سی

تحقیق الالفاظ وبسط الوجہ ای بشاشتہ وانبساطہ وطیب الکلام یعنی حسن الاداء بلین ورفق وکنس الفناء ای قدام الدار وغسل الاناء ای الذی یستعمل للطعام ونحوہ مجلبۃ بفتح المیم وسکون الجیم مصدر بمعنی الجلب الغنی بکسر الغین بالقصر ضد الفقر ای سبب جلب الغنیٰ بالتعظیم والخشوع ای الاحتیاج والتواضع والخضوع واللین والانقیاد ولذلک یقال الخشوع بالجوارح والخضوع بالقلب وتعدیل الارکان ای تسکین الجوارح فی الرکوع والسجود والقومۃ بینہما والقعدۃ بین السجدتین وسائر واجباتہا ای باقی واجباتہا وانما افرد التعدیل بالذکر مع کونہ واجبا ایضا اہتماما لشانہ لوقوع اہمال الخلق ایاہ کثیرا وقال ابراہیم النخعیؒ اذا رأیتم رجلا یخفف الرکوع والسجود فارحموا عیالہ من ضیق المعیشۃ ذکرہ فی الروضۃ فی ذلک ای فی جلب الغنیٰ معروفۃ ومشہورۃ روی عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال ان اللہ تعالیٰ یقول یا ابن آدم اکفنی اول النہار باربع اکفک بہن آخر یومک یعنی اقضی حوائجک وادفع عنک ما تکرہ بعد صلوتک الی آخر النہار کذا فی شرح الشرعۃ والمراد بالاربع صلوٰۃ الضحیٰ والاحادیث فی فضیلتہا کثیرۃ۔

وقراءة سورة الواقعة خصوصًا بالليل وقت النوم وقراءة سورة الملك والمزمل والليل اذا يغشى والم نشرح لك وحضور المسجد قبل الاذان والمداومة على الطهارة واداء سنة الفجر والوتر في البيت وان لا يتكلم بكلام الدنيا بعد الوتر ولا يكثر مجالسة النساء الا عند الحاجة وان لا يتكلم بكلام لغو غير مفيد لدينه ودنياه وقيل من اشتغل بما لا يعنيه يفوته ما يعنيه قال بزرجمهر اذا رأيت الرجل يكثر الكلام فاستيقن بجنونه قال علی رضی الله تعالیٰ عنه اذا تم العقل نقص الكلام قال المصنف رحمه الله تعالیٰ اتفق لی فی هٰذا المعنیٰ شعر:۔

ترجمہ وتشریح

(۱۰) سورہ واقعہ کا پڑھنا بالخصوص رات کو سوتے وقت (۱۱) سورہ ملک۔ (۱۲) ومزمل۔ (۱۳) والليل اذا يغشىٰ (۱۴) والم نشرح لک کا پڑھتے رہنا (۱۵) اذان سے پہلے مسجد میں چلے جانا۔ (۱۶) ہمیشہ پاک وصاف اور باوضو رہنا۔ (۱۷) سنت فجر اور وتر کو مکان میں ادا کرنا (لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من صلیٰ سنة الفجر فی بيته يوسع له رزقه ويقل المنازعة بينه وبين اهله ويختم له بالايمان كذا فی شرح التحفة یعنی جس نے سنت فجر کو اپنے گھر میں ادا کیا اس کے رزق میں وسعت اور کشادگی ہوتی ہے۔ اور اس کے اور اس کی اہلیہ کے درمیان جھگڑا وفساد کم ہوجاتا ہے اور اس کا خاتمہ ایمان کے ساتھ ہوتا ہے ۱۲ ش) (۱۸) وتر کے بعد دنیوی کلام نہ کرے۔ (۱۹) عورتوں کے ساتھ مجالست اور اختلاط زیادہ نہ کرے مگر حاجت کے وقت کوئی حرج نہیں)۔ (۲۰) ایسی لغو اور بیہودہ بات نہ کرے جو دین اور دنیا میں مفید نہ ہو۔ بعض حضرات نے بیان کیا کہ جو شخص غیر مقصود بات میں مشغول ہوجاتا ہے تو مقصود کو فوت کردیتا ہے۔ حکیم بزرجمہر نے کہا کہ جس شخص کو دیکھو کہ بہت زیادہ بات کرتا ہے پس تم یقین کرلو کہ وہ پاگل ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ عقل جب پوری ہوتی ہے تو بات کم ہوجاتی ہے۔ مصنف نے کہا کہ اس بارے میں مجھے شعر کہنے کا اتفاق ہوا ہے۔

تحقیق الالفاظ علی الطهارة ای علی الوضوء فی البيت لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وآله واصحابه وسلم من صلیٰ سنة الفجر فی بيته يوسع له رزقه ويقل المنازعة بينه وبين اهله ويختم له بالايمان كذا فی شرح التحفة الا عند الحاجة ای لمی الشهوة بما لا يعنيه ای بما لا يهمه يفوته ای يفوت ذلك الرجل ما يعنيه ای ما يهمه بزرجمهر وزير انوشيروان وكان عاقلا كاملا فاستيقن بجنونه ای احكم يقينا بجنونه لان العاقل لا يضيع انفاسه فيما لا يعنی نقص الكلام ای صار ذا النقصان علی ان لفظ نقص لازم من النقصان لا متعد ۔ ۱۲

اذا تم عقل المرء قل کلامہ ÷ وایقن بحمق المرء ان کان مکثرا
وقال آخر۔ النطق زین والسکوت سلامۃ ÷ فاذا نطقت فلا تکن مکثارا
ما ان ندمت علی سکوت مرۃ ÷ ولقد ندمت علی الکلام مرارا
ومما یزید فی الرزق ان یقول کل یوم بعد انشقاق الفجر الی وقت الصلوٰۃ
سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ مائۃ
مَرَّۃً وان یقول لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ کُلَّ یومٍ صَبَاحًا وَمَسَاءً مائۃ مَرَّۃً

ترجمہ وتشریح (شعر کا ترجمہ) یعنی جبکہ آدمی کی عقل تمام اور پختہ ہو جاتی ہے تب اُس کی گفتگو کم ہو جاتی ہے۔ اور یقین کرلے تو آدمی کی حماقت اور بے وقوفی کو اگر وہ زیادہ بات کرنے والا اور بکواس کرنیوالا ہو۔ ؎ جو عقل مرد کامل ہو سخن اس کا قلیلاً ہو ÷ حماقت کا یقین تو کر سخن جبکہ کثیراً ہو
اور دوسرے نے یہ اشعار کہا (جس کا ترجمہ یہ ہے) نطق یعنی بات چیت زینت ہے۔ تو سکوت یعنی چپ رہنا سلامت ہے۔ پس جب تم بات چیت کرو تب زیادہ بولنے والا مت ہو۔ تو شرمندہ نہیں ہوا ہے چپ رہنے سے ایک مرتبہ بھی اور البتہ تو شرمندہ ہوا ہے بات کرنے سے بہت مرتبہ۔ ؎
نطق زینت تو سکوتی ہے سلامت ÷ نطق جو ہو تو کثرت سے سلامت ÷ خاموشی سے تو ہوا کس وقت نادم ÷ لیک تو بس بات سے بحد کر نادم

وسعت رزق کیلئے دعائیں:۔ اور جس سے رزق میں کشائش وفراغت ہوتی ہے وہ یہ کہ ہر روز صبح صادق اور نماز فجر کے درمیانی وقت میں ایکسو مرتبہ پڑھا کرے سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور روزانہ صبح وشام ایکسو مرتبہ پڑھا کرے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

تحقیق الالفاظ وایقن من الایقان ای احکم بیقین کان مکثرا ای لکلامہ ویتکلم بالا بہم کیف لا وہو تضییع العمر النفیس فی تکلم کلام خسیس زین ای زینۃ المرء لانہ بہ یمتاز عن الدواب وبہ یعرف الجاہل ممتازا عن ذوی الالباب قیل فی الحکمۃ الفارسیۃ ؎
تا مرد سخن نگفتہ باشد ÷ عیب وہنرش نہفتہ باشد۔ (یعنی مرد جب تک کوئی بات نہ کہے عیب اور ہنر اُس کا چھپا ہوا رہتا ہے یعنی بات کرنے سے عیب اور ہنر بات کے اندر سے ظاہر ہو جاتا ہے)۔ والسکوت سلامۃ لان فی النطق خطرا فاذا سکت یکون سالما عن ذلک فاذا نطقت ای انت مکثارا مبالغۃ کاثرلانہ یورث الکلال فی العقل ما ان ندمت ما نافیۃ وان زائدۃ وندمت علی صیغۃ الخطاب ای ماندمت علی کونک ساکتا مرۃ ولقد الخ ای ولقد ندمت انت علی تکلم الکلام مرارا کثیرۃ بان تقول لو ما تکلمت ہذا الکلام القبیح لکان خیرا فثبت ان السلامۃ فی السکوت وقال علیہ الصلوٰۃ والسلام من صمت نجا ومما یزید الخ ای من الاسباب المزیدۃ للرزق سبحان اللّٰہ الخ لان فی ہذا الکلام تسبیحا وتحمیدا واستغفارا وتوبۃ وقد وعد للمستغفرین فی نص القرآن الزیادۃ بالاموال فقال اللّٰہ تعالیٰ استغفروا ربکم انہ کان غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا ویمددکم باموال وبنین الآیۃ صباحا ومساء ای فی وقت الصباح والمساء۔

وان يقول بعد الفجر كل يوم اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثلاثًا وثلثين مرة وبعد صلوٰة المغرب ايضًا ويستغفر الله تعالىٰ سبعين مرة بعد صلوٰة الفجر ويكثر من قول لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ والصلوٰة على النبي عليه الصلوٰة والسلام ويقول يوم الجمعة سبعين مرة اللّٰهم اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاكْفِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ويقول هذا الثناء كل يوم وليلة اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَنْتَ اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ

ترجمہ وتشریح اور بعد نماز فجر ہر روز تینتیس ۳۳ بار پڑھا کرے اسی طرح نماز مغرب کے بعد بھی روزانہ تینتیس ۳۳ بار یہی پڑھا کرے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور بعد نماز فجر ستر مرتبہ روزانہ اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود شریف بکثرت پڑھا کرے اور جمعہ کے دن ستر مرتبہ پڑھا کرے۔ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاكْفِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اور روزانہ دن ورات یہ دعا پڑھا کرے اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَنْتَ اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ۔

تحقیق الالفاظ ايضًا اى ثلاثا وثلثين مرة ويستغفر بالنصب عطف على ان يقول ويكثر بالنصب من الاكثار لا حول الخ اى لا انصراف ولا تحول عن معصية الله تعالىٰ ولا قوة ولا استطاعة على طاعة الله وعبادته تعالىٰ بشيء من الاشياء الا بتوفيق الله تعالىٰ والصلوٰة بالجر عطف على قول لا حول الخ اى يكثر من الصلوٰة الخ اغنني بفتح الهمزة امر من الاغناء عن حرامك الخ اى عن الاشياء التي جعلتها محرمة واكفني بهمزة الوصل من الكفاية بفضلك عمن سواك اى كن لي كافيا بفضلك عن الاحتياج الى من سواك العزيز اى الغالب من قولهم عزّ اذا غلب فيرجع الى القدرة وقيل عديم المثل فيكون من اسماء التنزيه الحكيم اى ذو حكمة وهي العلم بالاشياء على ما هي عليه والاتيان بالاعمال على ما ينبغي وقيل بمعنى المحكم من الاحكام وهو اتقان التقدير واحسان التدبير فعلى الاول مركب من وصفين احدهما من صفات الذات والآخر من صفات الافعال وعلى الثاني يرجع الى التقدير وقيل المبالغ المحاكم الذي لا مردّ لقضائه ولا معقب لحكمه فيرجع الى القوي الملك معناه ذو الملك والمراد به القدرة على الايجاد من قولهم فلان يملك الايقاع بكذا اذا تمكن فيكون مرجعه الى صفة القدرة القدوس اى المنزه عن المعائب وقيل هو الذي لا تدركه الاوهام والابصار وهو صفة سلبية على الوجهين الحليم اى الذي لا يحمله غيظ على استعمال العقوبة والمسارعة اى الانتقام ولكنه جعل لكل شيء مقدارا فهو منته اليه وهو راجع الى التنزيه الكريم اى المتفضل الذي يعطي من غير مسألة ولا وسيلة وقيل المتجاوز الذي لا يستقصي في العقاب وقيل المقدس عن النقائص والعيوب من قولهم كرائم الاموال لنفائسها ومنه يسمى شجر العنب كرما لانه اطيب الثمرة قريب المتناول وسهل القطاف عار عن الشكوك بخلاف النخل۔

أَنْتَ اللّٰهُ خَالِقُ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ أَنْتَ اللّٰهُ خَالِقُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ عَالِمُ السِّرِّ وَأَخْفٰى أَنْتَ اللّٰهُ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ أَنْتَ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ يَعُوْدُ كُلُّ شَيْءٍ أَنْتَ اللّٰهُ دَيَّانُ يَوْمِ الدِّيْنِ لَمْ تَزَلْ وَلَا تَزَالُ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْتَ اللّٰهُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا أَحَدٌ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

ترجمہ وتشریح أَنْتَ اللّٰهُ خَالِقُ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ أَنْتَ اللّٰهُ خَالِقُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ عَالِمُ السِّرِّ وَأَخْفٰى أَنْتَ اللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ أَنْتَ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ يَعُوْدُ كُلُّ شَيْءٍ أَنْتَ اللّٰهُ دَيَّانُ يَوْمِ الدِّيْنِ لَمْ تَزَلْ وَلَا تَزَالُ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْتَ اللّٰهُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا أَحَدٌ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔

تحقیق الالفاظ الغیب ای الغائب عن الحس والشہادۃ ای الحاضر له واخفی ای من السر وهو ضمیر النفس الکبیر وهو نقیض الصغیر وهو یستعملان للاجسام باعتبار مقادیرها ثم یستعملان لعالی المرتبة قال الله تعالی حکایة عن فرعون انه لکبیرکم الذی علمکم السحر والله تعالی کبیر بالمعنی الثانی اما باعتبار انه اکمل الموجودات واشرفها من حیث انه واجب الوجود بالذات من جمیع الجهات غنی علی الاطلاق وما سواه حادث بالذات نازل فی حضیض الحاجة والافتقار واما باعتبار انه کبیر عن مشاهدة الحواس وادراک العقول وعلی الوجهین فهو من اسماء التنزیه المتعال هو البالغ فی العلی والمرتفع من النقائص والیه ای والی حکمه دیان ای القهار والقاضی والمجازی الذی لا یضیع عملا بل یجزی بالخیر والشر لم تزل فی الماضی ولا تزال فی المستقبل الاحد فی الصفات لا یشارکه احد فیها کما لا یشارکه احد فی ذاته الصمد ای السید سمی بذلک لانه یصمد الیه فی الحوائج ویقصد الیه فی الرغبات وقیل هو العلی فی الدرجة الرحمن الرحیم اسمان بنیا للمبالغة من رحم کالغضبان من غضب والعلیم من علم والرحمة فی اللغة رقة القلب وانعطاف یقتضی التفضل والاحسان علی من رق له واسماء الله تعالی وصفاته انما تؤخذ بالغایات التی هی افعال دون المبادی التی هی انفعالات فرحمة الله تعالی اما ارادة الانعام علیهم فیکون من صفات الذات او نفس الانعام فیعود الی صفات الافعال والرحمن ابلغ من الرحیم لزیادة بنائه وذلک یؤخذ تارة باعتبار الکمیة ویقال یا رحمن الدنیا لانه یعم المؤمن والکافر رحیم الآخرة لانه یخص المؤمن وتارة اخری باعتبار الکیفیة ویقال یا رحمن الدنیا والآخرة ورحیم الدنیا لان النعمة الاخرویة باسرها تامة عظیمة والنعمة الدنیویة جلیل وحقیر وتام وغیر تام وکان معنی الرحمن المنعم الحقیقی تام الرحمة عمیم الاحسان ولذلک لا یطلق علی غیره تعالی وغیره انما یفعل ما یفعل لغرض نفسه فیرجو بانعامه اما من الله ثوابا واما من الخلق عوضا او ثناء۔

أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ
الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ
لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

ترجمہ وتشریح أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

تحقیق الالفاظ السّلام ای ذو السلامۃ من النقائص مطلقًا فی ذاتہ وصفاتہ وافعالہ وقیل
معناہ معطی السّلامۃ فی المبدأ والمعاد فعلی الاول صفۃ سلبیۃ وعلی الثانی صفۃ فعلیۃ المؤمن ای المصدق
بنفسہ فیما اخبر بہ کالو حدانیۃ مثلا فی قولہ تعالیٰ شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو ومصدق لرسلہ بالقول نحو محمد رسول اللہ
فہو صفۃ کلامیۃ او بخلق المعجزۃ لہم الدالۃ علی صدق الرسل فصفۃ فعلیۃ وقیل المؤمن لعبادہ من الفزع الاکبر
امابقولہ ان لاتخافوا ولاتحزنوا وابشروا بالجنۃ اوبخلق الامن والطمانینۃ فیہم فیرجع الی صفۃ کلامیۃ اوفعلیۃ المہیمن
ای الرقیب البالغ فی المراقبۃ والحفظ من قولہم ہیمن الطیر اذا نشر جناحیہ علی فرخہ صیانۃ لہ الجبار بناء مبالغۃ من الجبر وہو فی
الاصل اصلاح الشئ بضرب من القہر ومنہ جبر العظم ونحوہ قول علی رضی اللہ عنہ یاجابر کل کسیر ومسہل کل عسیر وقیل من الجبر بمعنی الاکراہ
یقال جبرہ السلطان علی کذا واجبرہ اذا اکرہہ فمرجعہ علی المعنیین الی صفۃ فعلیۃ المتکبر ای العظیم ذوالکبریاء
وہو المتعال عن صفۃ الخلق البارئ ای خالق الخلق بریئا من التفاوت ومممیزا بعضہا عن بعض بالہیأت
والصور المختلفۃ المصور قال الغزالی قد یظن ان ہذہ الثلثۃ مترادفۃ وانہا راجعۃ الی الخلق والاختراع والاولی
ان یقال ماخرج من العدم الی الوجود اوّلا الی التقدیر وثانیا الی الایجاد علی وفق ذلک التقدیر وثالثا
الی التصویر والتزیین کالبناء یقدرہ المہندس والرسام ثم یبنیہ البانی ثم یزینہ النقاش فاللہ سبحانہ
تعالیٰ خالق من حیث انہ مقدر وبارئ من حیث انہ موجد ومصور من حیث انہ یرتب صور المخترعات
احسن ترتیب ویزینہا اکمل تزئین لہ الاسماء الحسنٰی لانہ دالۃ علی محاسن المعانی
وفی الخبر ان للہ تعالیٰ تسعۃ وتسعون اسما حسنٰی قل ادعوا اللہ
او ادعوا الرحمٰن ایا ما تدعوا فلہ الاسماء الحسنٰی یسبح لہ
ای ینزہہ عن النقائص وہو العزیز الحکیم الجامع
للکمالات باسرہا فانہا راجعۃ الی الکمال
فی القدرۃ والعلم۔

وَمِمَّا يَزِيدُ فِي الْعُمْرِ الْبِرُّ وَتَرْكُ الْأَذَى وَتَوْقِيرُ الشُّيُوخِ وَصِلَةُ الرَّحِمِ وَأَنْ يَقُولَ حِينَ يُصْبِحُ وَيُمْسِي كُلَّ يَوْمٍ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ الْمِيزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِلْءَ الْمِيزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ مِلْءَ الْمِيزَانِ۔

ترجمہ وتشریح | **زیادتیٔ عمر وصحت کا بیان**: اور ان چیزوں میں سے جو عمر میں زیادتی لائے وہ یہ ہیں کہ (۱) احسان ونیکی کرنا۔ (۲) مسلمانوں کو ایذا نہ دینا۔ (۳) شیوخ واکابر کی تعظیم کرنا۔ (حدیثوں میں وعدہ کیا گیا ہے کہ جو شخص بڑی عمر والے شیوخ کی تعظیم کرے گا اس کو ان شیوخ کی عمر کے برابر حیاتِ عطا ہوگی)۔ (۴) صلہ رحمی کرنا۔ (یعنی رشتہ داروں کے حقوق کو ادا کرتے رہنا۔ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم سے مروی ہے آپ نے فرمایا کہ اللہ کے بندے صلہ رحمی کرتے ہیں اس حال میں کہ اس کی عمر سے صرف تین دن باقی رہتا ہے پس اللہ تعالیٰ صلہ رحمی کی برکت سے اس کی عمر میں تینتیس ۳۳ سال بڑھا دیتا ہے۔ اور کوئی مرد قطع رحمی کرتا ہے اس حال میں کہ اس کی عمر میں سے ابھی تینتیس سال باقی ہے مگر اللہ تعالیٰ اس قطع رحمی کی نحوست سے اس کی عمر کو تین دن کر دیتا ہے)۔ (۵) اور روزانہ صبح وشام تین مرتبہ پڑھا کرے:۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ الْمِيزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِلْءَ الْمِيزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ مِلْءَ الْمِيزَانِ۔

تحقیق الالفاظ | ومما یزید الخ لما فرغ من بیان الاسباب المزیدة للرزق شرع فی بیان الاسباب المزیدة للعمر البر ای الاحسان الاذیٰ ای اذی المسلمین وتوقیر الشیوخ ای تعظیمہم وقد وعد فی الاخبار لمن عظم الشیوخ الکبار المسن ان یعطی لہ مثل عمرہم وصلۃ الرحم روی عن النبی علیہ الصلوۃ والسلام ان العبد لیصل رحمہ وبقی من عمرہ ثلثۃ ایام فیزید اللہ اجلہ ثلثین سنۃ۔ وان الرجل لیقطع رحمہ وقد بقی من اجلہ ثلثون سنۃ فیرد اجلہ الی ثلثۃ ایام حین یصبح ای حین یدخل فی الصباح ویمسی ای حین یدخل فی المساء ملء الخ بکسر المیم وسکون اللام اسم لما یاخذہ الاناء اذا امتلأ المیزان ای میزان الاعمال یوم القیامۃ الذی عرف کرہ فی کتب الاحادیث (بقیہ حرج)

وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَاَنْ يحترز عن قطع الاشجار الرطبة إلا عند الضرورة واسباغ الوضوء والصّلوٰة بالتعظيم والقران بين الحجّ والعمرة وحفظ الصّحة ولابدّ ان يتعلم شيئا من الطّب ويتبرّك بالآثار الواردة في الطب الّذي جمعه الشيخ الامام ابو العبّاس المستغفري في كتابه المسمّٰى بطب النبي عليه الصّلوٰة والسّلام

ترجمہ وتشریح

وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ

(٦) اورسبز وتازہ درختوں کے کاٹنے سے پرہیز کرنا مگر بضرورت (حرج نہیں ہے)۔(٧) وضوکو (آداب وسنن کے ساتھ) کامل طریقے پر ادا کرنا۔(٨) اور نماز نہایت تعظیم کے ساتھ ادا کرنا۔(٩) حج وعمرہ کو ایک احرام سے ادا کرنا جس کو قران کہتے ہیں۔
(١٠) اور حفظانِ صحت کا خیال رکھنا اور ضروری ہے کہ کچھ تھوڑی سی طبّی واقفیت اور معلومات حاصل کرلے اور اُن احادیث وآثار کا مطالعہ کرکے برکت حاصل کرے جو طب کے بارے میں وارد ہوئے ہیں۔جس کو شیخ امام ابو العبّاس مستغفری اپنی ایک کتاب میں جمع فرمادئے ہیں۔جو کہ طب النبی علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے ساتھ موسوم ہے۔

تحقیق الالفاظ

ومنتهى العلم والمراد منه التكثير على وجه المبالغة بمعنى ان علم الله تعالىٰ لايتناهى فكذلك التسبيح يعني اسبح الله تعالىٰ بتسبيح غير محصور ومعدود كعلمه تعالىٰ ومبلغ الرضا اى مبلغا ومقدارًا يصيبه رضا الله تعالىٰ وزنة العرش الزنة مصدر بمعنى الوزن كالعدة بمعنى الوعد والمراد من هذه الفاظ الكثرة في التسبيح لا التحديد والتعيين ولا اله الا الله الخ والمراد ايضا كثرة التهليل والتكبير وان يحترز الخ لانه ما من شئ الا وهو يسبح بشهادة القرآن وان من شئ الا يسبح بحمده ولكن لاتفقهون تسبيحهم والقطع منع لها عن تسبيحها لانها تسبح اذا قامت على ساقها بشهادة الاثر المروى الا عند الضرورة المقتضية مثل الطبخ ونحوه واسباغ الوضوء اى اتمام سننه وآدابه والقران بكسر الكاف مصدر بمعنى المقارنة وحفظ الصحة بان لايلقى نفسه في المهالك ويتقى نفسه من الحر والبرد وبالجملة ملازمة اسباب الصحة مزيدة للعمر الطب اى من علم الطب المبين فيه احوال بدن الانسان من حيث الصحة والسقم۔

يجده من يطلبه۔
والحمد لله على التمام والصلوة والسلام
على سيدنا محمد افضل الرسل الكرام

ترجمہ وتشریح جو شخص تلاش کرے گا اس کو یہ کتاب مل جائے گی (اور اب کتاب طب نبوی کے نام سے اس کا اردو ترجمہ بھی چھپ کر بازار میں فروخت ہوتا ہے۔) (تمام ہوا محمود المتکلم شرح تعلیم المتعلم) ۔

الحمد لله تعالىٰ على التمام وصلى الله تعالىٰ على سيدنا خاتم النبيين افضل الرسل الكرام وعلىٰ اٰله واصحابه الائمة الاعلام وهداة الاسلام على ممر الدهور وتعاقب الايام ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم۔ واجعلها ذريعة لنجاتي يوم العقيم۔

حمد ہے اللہ کا اس پر تمام ؛ صد درود ورحمتیں ہیں اور سلام
بر رُوانِ افضل الرسل الکرام

کر قبول اس کو سمیع تو اور علیم ؛ ہو نجات میرے لئے یوم العقیم
تم الکتاب بعون الله الملك الوهاب ۔

یہ رسالہ ہوگیا یارب! تمام ؛ شکر تیرا اور پیمبر پر سلام

تحقیق الالفاظ يجده من يطلبه وكان قائلا قال فاين نجد ذلك الكتاب فاجابه بذلك القول وهو كتاب مشهور ومعتبر بين العلماء فلا بد للطالب من ان يجده ويتبرك بالآثار والاخبار المذكورة فيه۔ والحمد لله على التمام والصلوة والسلام على سيدنا محمد افضل الرسل الكرام وعلىٰ آله واصحابه ائمة الاعلام وهداة الاسلام اجمعين برحمتك يا ارحم الراحمين۔

نورمحمود المتکلم شرح تعلیم المتعلم

تمت بالخير